ابو خداش: آپ جناب معاویہ کے ساتھیوں میں سے ہیں اور جناب معاویہ کے پاس بہت آنا جانا تھا جیسا کہ ابن عساکر نے تاریخ میں ان کے واقعات نقل کیے ہیں۔[32]

عباس: آپ نبی ﷺ کی حیات میں جوان ہو گئے تھے، حضرت عثمان سے خائف ہو گئے تھے وجہ یہ بنی کہ ایک معاملہ میں جو کہ ان کے اور عمار بن یاسر کے درمیان تھا حضرت عثمان نے ان دونوں کو تادیباً مارا تو وہاں سے یہ حضرت عثمان کے خلاف ہو گئے۔ حضرت علی کے طرف داروں اور ساتھیوں میں سے ہیں ان کے ہمراہ صفین میں شامل تھے اور واقعہ حرۃ میں مقتول ہوئے۔ آپ عباس بن عبد المطلب کے داماد تھے، آپ کے نکاح میں آمنۃ بنت عباس تھی جن سے آپ کے بیٹے فضل پیدا ہوئے جو کہ مشہور شاعر ہیں۔ خود عباس بھی شاعر تھے ان کے اشعار اپنے چچا عباس بن عبد المطلب کی مدح میں مشہور ہیں۔[33]

حضرت معتب بن ابی لھب

فتح مکہ پر اپنے بھائی عتبہ کے ہمراہ ایمان لائے اور پھر حنین میں آپ ﷺ کے ہمراہ شامل ہوئے۔ نبی ﷺ کا دفاع کیا اور ان لوگوں میں شامل ہوئے جو آپ ﷺ کے ارد گرد حفاظت کر رہے تھے نیز اسی جنگ میں آپ کی آنکھ بھی شہید ہو گئی۔[34] آپ نے مکہ میں ہی سکونت فرمائی اور آپ کی اولاد بھی ہوئی۔ عاتکہ بنت ابی سفیان[35] بن حارث بن عبد المطلب سے آپ کی اولاد عبد اللہ، محمد، ابو سفیان، موسی، عبید اللہ، سعید اور خالدہ پیدا ہوئے، ابو مسلم، مسلم[36] اور عباس آپ کی مختلف امِ ولد سے ہوئے. حمیری خاتون سے عبد الرحمن پیدا ہوئے۔[37]

محدثین کرام

1۔ محمد بن عمرو بن عتبہ بن ابی لھب

آپ حجازیین اور اپنے والد سے روایت کرتے ہیں نیز حسین الاشقر سے بھی سماعت تھی، اور آپ سے معروف بن خربوذ اور ابو الحجاف نے روایت کیا۔ آپ کی تعدیل و جرح میں اگرچہ ائمہ فن کے اقوال مختلف ہیں لیکن آپ کی توثیق معتبر شخصیات نے فرمائی ہے۔ جن میں امام بخاریؒ، مسلمؒ ہیں اور ابن حبان نے انہیں طبقہ ثالث یعنی اتباع التابعین میں شمار کیا ہے۔[38]

2۔ علی بن ابی علی بن عتبہ بن ابی غلیظ بن عتبہ بن ابی لھب بن عبد المطلب

انکی والدہ امِ ولد تھی۔ الطبقات کے مطابق آپ تابعین کے طبقہ سادسہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کی مرویات کی تعداد 22 ہے۔ آپ کے شیوخ ابن منکدر، جعفر بن محمد اور زھری ہیں۔ آپ سے روایت کرنے والے محمد بن اسماعیل بن ابی فدیک اور محمد بن عمر، ابو مصعب، محمد بن عیاد المکی، علی بن بحر، عبد العزیز بن عبد اللہ الاویسی ہیں۔[39] لیکن امام احمدؒ، بخاریؒ، ابراہیم بن یعقوب، نسائیؒ، ابو زرعہ رازیؒ، یحیی بن معینؒ اور دار قطنیؒ نے آپ پر جرح کی اور آپ پر یہ دفعات لگائی ہیں: منکر

نہیں آرہے ہیں۔ تو میں نے عرض کی کہ قریشی مشرکین جیسے دور بھاگ گئے ہیں اسی طرح یہ دونوں بھی دور چلے گئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ ان دونوں کے پاس جائیں اور ان کو میرے پاس لے آئیں۔ حضرت عباس نے فرمایا کہ میں ایک اونٹنی کے ذریعے ان تک پہنچا اور ان کو کہا کہ آقا ﷺ آپ کو بلا رہے ہیں۔ چنانچہ یہ دونوں میرے ساتھ سوار ہو کر جلدی سے حاضرِ دربار ہو گئے۔ آپ ﷺ نے ان کو دعوت اسلام دی۔ تب یہ حضرات مسلمان ہو گئے اور نبی کریم ﷺ کے دست مبارک پر بیعت بھی کر لی۔ اور آپ کے ساتھ حنین کی جنگ میں شریک ہوئے، ثابت قدم رہے۔[25] نبی ﷺ کھڑے ہوئے اور ان کا ہاتھ پکڑا اور ان دونوں کے ہمراہ ملتزم پر تشریف لائے۔ دعا فرمائی، اور خوشی کے ساتھ واپس ہوئے۔ حضرت عباس فرماتے ہیں کہ میں نے آپ سے خوشی کی وجہ معلوم کی تو آپ نے فرمایا کہ میں نے اللہ سے اپنے یہ دو چچازاد مانگے تھے اللہ نے یہ مجھے عطا کر دیئے۔[26] خلافت کے سلسلہ میں حضرت علی کے اول خلیفہ بنائے جانے کے حامی تھے چنانچہ اس سلسلہ میں ان کے اشعار بھی ملتے ہیں۔[27] آپ کی وفات راجح قول کے مطابق حضرت ابو بکر کی خلافت میں ہوئی۔[28] آپ کی اولاد میں ابو علی، ابوالھیثم، ابوغلیظ، عمرو، یزید، ابو خداش، عباس، اور میمونۃ آپ کی زوجہ قبیلہ حمیر سے تعلق رکھنے والی ام العباس بنت شراحبیل بن اوس بن حبیب بن الوجیہ خاتون سے ہیں۔ عبید اللہ، محمد، شیبۃ اور ام عبد اللہ قبیلہ ازد سے خلیفہ بن قیس بن جدرۃ کی صاحبزادی ام عکرمۃ سے ہیں۔ عامر کی پیدائش ھالۃ احمری سے ہوئی اور ابو واثلہ بن عتبہ خولانی قبیلہ کی خاتون سے متولد ہوئے۔ عبید بن عتبہ، اسحاق، ام عبد اللہ یہ اولادیں مختلف امِ ولد سے ہوئیں۔[29] ان میں سے بعض حضرات کا تذکرہ ملتا ہے جو مختصراً مذکور ہے:

ابو الھیثم: عبد اللہ بن الغسیل سے روایت ہے کہ میں نبی ﷺ کے ہمراہ تھا آپ ﷺ جناب عباس کے پاس سے گزرے تو فرمایا کہ اے چچا اپنے بچوں کو میرے پاس لے آئیں۔ تو آپ کو ابوالھیثم بن عتبۃ بن ابی لھب نے کہا کہ اے چچا! میرے آنے تک میرا انتظار کریں۔ پس وہ نہیں آئے تو جناب عباس اپنے چھ بچوں (فضل، عبد اللہ، عبید اللہ، قثم، معبد، عبد الرحمن) کے ہمراہ چلے گئے تو آپ ﷺ نے انہیں اپنی سرخ چادر سے ڈھانپ لیا اور فرمایا کہ اے میرے اللہ یہ میرے گھر والے اور میری اولاد ہیں انکو آگ سے بچا کر ڈھانپ لے جیسے کہ میں نے انہیں چادر سے ڈھانپا ہے۔ اس روایت کو ابن عساکر نے بھی روایت کیا ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ ابوالھیثم صحابی ہیں۔[30]

ابوغلیظ: آپ کے بارے میں صحابیت کا احتمال موجود ہے آپ کی اولاد ہوئی۔ آپ مشہور محدث و تابعی علی بن ابی علی بن عتبہ بن ابی غلیظ کے دادا ہیں۔ تاریخ دمشق میں ان کا حضرت معاویہ سے مکالمہ مذکور ہے جس میں جناب معاویہ نے ان کے غصہ کی وجہ آل ابی لھب کا جنون بتایا تو آپ نے اپنے مجنون ہونے کی نفی کرتے ہوئے جنون کی اپنے خاندان میں آنے کی نسبت اپنے نانا اور جناب معاویہ کے دادا حرب بن امیہ کی طرف کی۔ کیونکہ مشہور تھا کہ حرب بن امیہ کو جن نے گلا دبا کر مار دیا تھا۔[31] آپ کی زوجہ عتبۃ بنت عوف بن الحارث بن منقذ بن عمرو بن معیص بن عامر بن لؤی سے ہیں۔

ابولھَب سے لَھَبی

عبد العزی (ابولھب) نبی کریم ﷺ کے چچا ہے اور اسکی بیوی ام جمیل بنت حرب بن امیہ ہیں، جو حضرت ابوسفیان کی بہن تھی۔[17] یہ دونوں دشمنان اسلام کی حیثیت سے مشہور ہوئے اور کفر پر ہی موت واقع ہوئی۔ نبی ﷺ نے اپنی دو صاحبزادیاں ام کلثوم اور رقیہ کا نکاح ان کے بیٹوں عتیبہ اور عتبہ کے ساتھ کیا تھا۔ سورۃ لھب کے نازل ہونے کے بعد باپ (ابولھب) کی قسم کی وجہ سے بیٹوں نے طلاق دے دی۔ بعد ازاں ابولھب کی تمام اولاد مسلمان ہوگئی سوائے اس کے بیٹے عتیبہ کے جو حالت کفر میں، نبی کریم ﷺ کو تکلیف دینے کی وجہ سے بدعا نبوی ﷺ اللھم سلط علیه کلبا من کلابك (اے اللہ۔ اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط کر دیں) کے سبب سے شام کے سفر کے دوران زرقاء نامی مقام پر ایک درندے کے حملے سے مرا۔[18]

مسلمان ہونے والی اولاد کے اسماء گرامی یہ ہیں۔ درۃ، خالدۃ، عزۃ، عتبہ، معتب۔

درۃ بنت ابی لھب

سن 5ھ میں احکام حجاب کے نزول سے قبل اسلام لائی اور بہترین مسلمان بنی۔ نبی ﷺ نے ان کو تکلیف نہ دینے کی تاکید فرمائی۔ ان سے تین روایات مروی ہیں۔ قبل از اسلام آپ حارث بن عامر بن نوفل کے نکاح میں تھی اور اس سے ولید، ابو الحسن، اور مسلم پیدا ہوئے۔ بعد از اسلام آپ کا نکاح (الطبقات کے مطابق) دحیۃ کلبی سے، بلاذری کے مطابق زید بن حارثہ سے اور صاحب المحبر ابن حبیب کے نزدیک اولاً عباد بن جابر اور پھر اسامۃ بن زید سے ہوا۔[19]

خالدۃ بنت ابی لھب

آپ صحابیہ ہیں اور عثمان بن ابی العاص الثقفی کی زوجہ ہیں۔ آپ سے کوئی روایت نہیں ہے۔[20]

عزۃ بنت ابی لھب

آپ صحابیہ ہیں اور اوفی بن حکیم بن امیہ بن حارثہ بن الاوقص السلمی کی زوجہ ہیں اور ان سے انکی اولاد عبیدہ، سعید اور ابراہیم ہیں۔ آپ سے کوئی روایت نہیں ہے۔[21]

حضرت عتبہ بن ابی لھب

عتیبہ کی موت کے واقعہ میں بعض علماء نے آپ کو بھی شریک کیا ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ آپ شامل بھی نہیں تھے اور مسلمان بھی ہوگئے۔[22] آپ کے نام کے بارے میں عتلہ اور عبتہ یہ دو اسماء اور بھی ملتے ہیں۔[23] ان کے نکاح میں رقیہ بنت محمد رسول اللہ آئی لیکن جب آپ کے والدین کی مذمت میں سورۃ لھب نازل ہوئی تو ابولھب کی قسم کی وجہ سے رخصتی سے پہلے ہی طلاق دے دی۔[24] آپ فتح مکہ کے موقع پر ایمان لائے اور ان کے ایمان کا واقعہ حضرت عباس رضی اللہ نقل کرتے ہیں کہ جب مکہ فتح ہوا تو نبی ﷺ نے مجھے فرمایا کہ چچا جان میرے چچازاد بھائی عتبہ اور معتب کہاں ہیں؟ مجھے نظر

جو کہ خمس وزکوۃ کے متعلق ہے۔ اس کو ابن اثیر نے روایت کیا ہے

"حدثت عن أبي حاتم الرازي، ثنا سليمان بن داود المكي، من أهل تبالة، قال: حدثنا محمد بن عثمان بن عبيد الله بن مقلاص الطائفي الثقفي، ثنا عبد الله بن محمد بن عقيل بن يزيد بن راشد، عن أبيه، قال: خرجنا إلى المسلم بن حذيفة العامري، فأخبرنا أن أبا رهيمة السمعي، وأبا نخيلة ألهبي، قالا: أتينا النبي صلى الله عليه وسلم بتبر، وكتب لنا كتابا، وقال فيه: «من وجد شيئا من المعادن، فليس فيه زكاة، حتى يبلغ أربعين دينارا۔ "[10]

اس روایت کے بارے میں ابن حجر راویوں کے غیر معروف ہونے کا قول کرتے ہیں، صرف ابن حاتم اور سلیمان معروف ہیں۔[11]

حارث بن عمیر الازدی اللھبی

آپ کو نبی ﷺ نے بصری کے بادشاہ کی طرف خط دے کر بھیجا لیکن سن 8ھ کو مؤتہ میں شرحبیل غسانی نے شہید کر دیا۔ آپ اسلام میں پہلے سفیر ہیں جو سفارت میں شہید کیے گئے اور آپ کی ہی شہادت غزوہ مؤتہ کی وجہ ہے۔[12] ان سے کوئی روایت منقول نہیں ہے۔

نعمان بن الرازیۃ اللھبی

آپ کو شرف صحابیت حاصل ہے، آپ قبیلہ ازد کے عریف یعنی کاہن تھے اور ان کے علم بردار تھے بعد میں آپ رسول اللہ ﷺ کے بھی صاحب علم بنے۔[13] ابن عبد البر اور ابن السکن کا بیان ہے کہ احادیث میں آپ سے فقط ایک روایت ہی ملتی ہے۔[14]

حدثنا محمد بن هارون بن حميد، نا أحمد بن سيار المروزي، نا أحمد بن سليمان الطويل، نا محمد بن حرب، حدثني الزبيدي، عن محمد بن صالح، أن أباه أخبره، أن النعمان بن الرازية الأزدي وكان عريف الأزد وصاحب رايتهم أخبره أنه قال للنبي صلى الله عليه وسلم: يا رسول الله إنا قوم كنا نعتاف في الجاهلية فقال النبي صلى الله عليه وسلم: «نفى الإسلام صدقها ولكن لا يمنعن أحدكم من سفره۔ [15]

لھیب بن مالک اللھبی

آپ کا نام کے بارے میں لھیب، لھب اور خطر بن مالک کا قول منقول ہے۔ آپ لمبی زندگی پانے والے صحابی ہیں۔ تقریباً 280 سال عمر شریف ہوئی، آپ سے ایک روایت کہانت کے حوالے سے منقول تو ہے جس کے رواۃ پر جرح ہوئی ہے لیکن اس کے معنی و مفہوم کو قبول کیا گیا ہے۔[16]

طرح روح جسم کے بغیر اپنی شناخت اور اثر میں ناقص ہو جاتی ہے اور جسم روح کے بغیر اپنی بقاء میں ناکام ہو جاتا ہے اسی طرح کا حال سند اور متن کا ہے۔ کیونکہ علم الحدیث ایسے قوانین کا علم ہے جن سے سند و متن کے احوال جانے جاتے ہیں۔[1] سند میں حدیث کے راویوں کے احوال سے بحث کی جاتی ہے اور ان کا تزکیہ و توثیق کر کے ان سے منقول متن کو مختلف جہات سے پرکھ کر حدیث کی حفاظت اور ثقاہت کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ اور اس علم کو خاص علم اسماء الرجال[2] کا نام دیا جاتا ہے۔ اس علم میں راوی کے نام و شخصی احوال نیز معاشرتی مقام اور بالخصوص احادیث کے حوالہ سے جانچ پرکھ کی جاتی ہے۔ راوی کے شخصی حالات میں راوی سے منسوب نام، القاب، کنیت، نسبت، تعلق اور راوی کا کسی خاص علاقہ، قبیلہ اور منصب وغیرہ سے منسوب ہونے کو زیر بحث لایا جاتا ہے۔ لہذا زیر بحث موضوع میں اسناد سے میں ذکر کردہ لقب "اللہبی" کے حوالہ سے ممکنہ جہات کا مطالعہ کیا گیا ہے اور اس لقب کے اصل اور اصالت نیز فن حدیث میں اس لقب سے ملقب حضرات کے مقام و مرتبہ کو بھی ائمہ فن کے اقوال کے تحت دیکھا گیا ہے اور چند ممکنہ سوالات کے جوابات تلاش کیے گئے ہیں۔

1. اللہبی کون ہیں اور کیا ہیں؟ (نسبت ولقب)
2. علم حدیث میں ان کا مقام و مرتبہ؟
3. اللہبیون کی مرویات؟

اللہبی کون ہیں؟

اللہبی کے بارے میں دونوں ہی باتیں درست ہیں۔ یہ نسبت علاقہ پر بھی دلالت کرتی ہے اور لقب کے طور پر بھی بولا جاتا ہے لیکن دونوں میں ذکر کرتے ہوئے اعراب کا فرق کیا جاتا ہے۔ اگر لفظ "لہبی" لام اور ھاء کے فتحہ کے ساتھ لَہَبی پڑھا جائے تو یہ ابولہب کی طرف نسبت ہے یہ بطور نسبت شخصی یا لقب کے استعمال ہو گا۔ ابن حجر نے لہبی کے ھاء پر فتح اور سکون دونوں کو جائز کہا ہے[3] اور اگر لام کے کسرہ اور ھاء کے سکون کے ساتھ پڑھا جائے "لِہبی" تو یہ قبیلہ ازد کی شاخ جو کہ لہب بن حجن بن کعب بن عبد اللہ بن مالک بن نصر بن ازد کی طرف منسوب ہے۔[4]

بنو لہب کے لِہبی

وہ اصحاب جو اس نسبت سے سب سے پہلے جانے گئے وہ قبیلہ ازد کی شاخ قبیلہ بنو لِہب سے تعلق رکھتے تھے اور ان حضرات کے لیے اس نسبت کا استعمال دور نبوی ﷺ میں ہو گیا تھا۔ یہ حضرات کہانت، عیافہ اور زجر میں بہت مشہور تھے۔ ان مشہور صحابہ یہ ہیں۔ ابو نخیلۃ اللہبی[5]، حارث بن عمیر الازدی اللہبی[6]، نعمان بن الرازیۃ اللہبی[7] اور لھیب بن مالک اللہبی[8] اور تابعین میں مشہور عاکف اللہبی جس نے حضرت عمر کے شہید ہونے کی پیشن گوئی کی تھی۔[9]

اللہبیون کی روایات حدیث

ابو نخیلۃ اللہبی: آپ کا نام ہے آپ کو شرف صحابیت حاصل ہے، احادیث میں آپ سے فقط ایک روایت ہی ملتی ہے۔

خاندان بنو لہب کے محدثین کا تذکرہ: سندِ حدیث میں موجود نسبت اللھبی کے حوالہ سے

A Study of the Muhadditheen of the Banu Lahab Family: Regarding the Al-Lahabi Chain in Sanad al-Hadith

*محمد شعیب شاہد

ABSTRACT

In the sciences of Hadith, "*Ilm Asma-ul-Rijal*" is not less than the rampart for a fort. There are different ways of identifying the narrators of Hadith (*Muhadditheen*) through this *Ilm Asma-ul-Rijal*, which include their names, surnames, titles, lineage, attributes, authorship, status and shortcomings.

In the topic under discussion, the possible aspects of the title "*Al-Lahabi*" mentioned in the *Isnaad* of the hadith have been studied. In this regard, an attempt has been made to know from the titles of the narrators, in the chain of narrators, and their relation with *Al-Lahabi* lineage whether they belong to the same family of *Abu Lahab* whose ancestor *Abu Lahab*'s enmity towards Islam was manifest and whether this family rendered its services to Islam? And among those who have been blessed with this service, only the authentic narrators have been mentioned with reference to the service of Hadith.

The main purpose of this research is to determine the place and position of the descendants of *Abu Lahab* in the Ilm-e-Hadith by mentioning their knowledge and services. These gentlemen are not mentioned in the sources due to their services not being compiled and described. o, they could not get the pride of place which they deserved like the members of any other tribe. Therefore, in this paper, their introduction and their traditions are described so that their narrations can be assessed in the light of the valid rules and regulations of the narration of Hadith instead of prejudice and blind replication.

I hope this study will subsequently open the doors for researchers on many aspects such as the social, religious, and political services of this family.

KEYWORDS

Ilm Asma-ul-Rijal, Narrators, Muhadditheen, Al-Lahabi, Abu Lahab, Lineage, Sanad-e-Hadith

علم الاحادیث میں اگر حدیث کا متن جسم میں روح کی مانند ہوتا ہے۔ تو حدیث کی سند جسم کی مانند ہوتی ہے چنانچہ جس

*ایم فل علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد؛ مدرس، جامعہ علوم الشرعیہ، جھنگ



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	خاندان بنو لہب کے محدثین کا تذکرہ: سندِ حدیث میں موجود نسبت اللہبی کے حوالہ سے A Study of the Muhadditheen of the Banu Lahab Family: Regarding the Al-Lahabi Chain in Sanad al-Hadith
Authors	Muhammad Shoaib Shahid
Affiliations	Jamia Uloom al-Shariah, Jhang, Punjab, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u18
QR Code	
Citation	Shoaib Shahid, Muhammad. *"A Study of the Muhadditheen of the Banu Lahab Family: Regarding the Al-Lahabi Chain in Sanad al-Hadith"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 299–313
Copyright Information:	خاندان بنو لہب کے محدثین کا تذکرہ: سندِ حدیث میں موجود نسبت اللہبی کے حوالہ سے
A Study of the Muhadditheen of the Banu Lahab Family: Regarding the Al-Lahabi Chain in Sanad al-Hadith © June 2022 by Muhammad Shoaib Shahid is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

7. Gour, Hari Singh. *"The Spirit of Budhism"*, Lal Chand and Sons, Calcutta, India, N.d. p. 287
8. Olson, Carl. *"Historical Dictionary of Buddhism*", The Scarecrow Press, Toronto, 2009, p. 179
9. Morioka, "*What Is Antinatalism?*", p. 5
10. Benatar, David, *"Better Never to Have Been: The Harm of Coming into Existence"*, Oxford University Press, 2005, p. 70-73
11. Benatar, *"Better Never to Have Been…*" p. 80
12. Ibid, p. 81
13. Ibid, p. 87
14. DeGrazia, *"Is it Wrong to Impose the Harms of Human Life? A Reply to Benatar*", Springer Science + Business Media, B.V., 2010, p. 325
15. Ibid.
16. Hedberg, Trevor Grant. *"Population, Consumption, and Procreation: Ethical Implications for Humanity 's Future*" A Doctoral Dissertation at University of Tennessee, Knoxville, 2017, p. 82. https://trace.tennessee.edu/cgi/viewcontent.cgi?article=5844&context=utk_graddiss

17۔ ولی الدین، میر، ڈاکٹر، قنوطیت یعنی فلسفہ یأس، حیدرآباد دکن، انڈیا، 1355ھ، ص62
https://www.rekhta.org/ebooks/qunutiyat-yani-falsafa-e-yas-meer-valiuddin-ebooks?lang=ur

18۔ محولہ بالا

19 Harman, Elizabeth. *"Critical Study: David Benatar. Better Never to Have Been",* NOUS, Vol. 43, No. 4, 2009, p. 783. https://www.princeton.edu/~eharman/Benatar.pdf

دینے کے لیے ضروری ہے کہ زندگی کے تمام تر فوائد و نقصانات شمار کیے جائیں اور پھر طے کیا جائے کہ فوائد و نقصانات میں سے کس کا وقوع زیادہ ہے جبکہ انسان کی دسترس میں کسی ایک انسان کی زندگی کے تمام تر فوائد و نقصانات شمار کرنے کا کوئی پیمانہ موجود نہیں چہ جائیکہ تمام انسانوں کی زندگیوں کے فوائد و نقصانات کا احاطہ کیا جا سکے۔

Desire Fulfillment Theory کے مطابق ایک زندگی کا معیار طے کرنے کے لیے یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ ایک انسان کی کل امیدیں کتنی تھیں اور ان میں سے بالآخر کس قدر پوری ہوئیں، David Benatar نے پوری کتاب میں ایسی کوئی کوشش نہیں کی گئی جس میں اس بات کا تجزیہ کیا گیا ہو کہ کوئی خاص شخص زندگی میں کس قدر امیدیں اپناتا ہے اور ان میں سے کس قدر امیدیں پوری ہوتی ہیں اور کتنی لاحاصل رہتی ہیں۔

نتائجِ بحث

David Benatar کے نظریات کا تنقیدی و تحقیقی مطالعہ کرنے سے ہماری تحقیق اس نتیجہ پر پہنچتی ہے کہ David Benatar کے دلائل ناقص و کمزور ہیں اور اپنا مدعا ثابت کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے۔

Hedonistic theory، Desire fulfilment Theory اور Objective List Theory کی روشنی میں وجودِ انسانی اور عدمِ انسانی میں سے ایک کو راجح اور دوسرے کو مرجوح قرار دینے کے لیے ایک انسان کی زندگی میں پائے جانے والے تمام غموم و ہموم، مصائب و آلام اور تمام خوشیاں، کامیابیاں، مسرتیں گننا ضروری ہے جبکہ مصائب و آلام، غموم و ہموم اور کامیابیاں، مسرتیں، خوشیاں شمار کرنے اور ماپنے و جانچنے کا کوئی ترازو انسان کے پاس موجود نہیں۔ لہٰذا عدم کو وجودِ انسانی پر راجح قرار دینا ممکن نہیں۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ شبلی نعمانی، مولانا، الکلام، المعارف، اعظم گڑھ، 1341ھ، ص 153

2. Shiffrin, Seana Valentine. "*Wrongful Life, Procreative, Responsibility, and the Significance of Harm, Legal Theory*", Vol. 5, No. 2, June 1999, pp. 117 - 148 DOI: https://doi.org/10.1017/S1352325299052015

3۔ Masahiro Morioka جاپان کے ایک اہم فلسفی ہیں اور جاپان کی Waseda University کے شعبہ اخلاقیات اور فلسفہ کے پروفیسر ہیں، علاوہ ازیں موصوف دو مجلات Journal of Philosophy of Life اور Eudios Journal of Asian and International Bioethics کے ایڈیٹر کے فرائض بھی سر انجام دے رہے ہیں۔
Retrieved from: https://en.wikipedia.org/wiki/Masahiro_Morioka Oct 1st 2021

4. Morioka, Masahiro. "*What Is Antinatalism? Definition, History, and Categories*", The Review of Life Studies, Vol. 12 (May 2021), p. 2

5. Morrish, Ivor. *"The Thoughtful Guide to Religion"*, Pentagon press, New Delhi, India, 2007, p. 140

6. More, Lewis. *"Encyclopedia of World Religion"*, Translation by Sadia Jawad and Yasir Jawad, Al-Matba al Arabia, Lahore, 2003, p. 225

کرے گا، یوں انسان اپنی زندگی کی بہتری کے لیے جو معیار مقرر کرتا ہے وہ پیمانہ و معیار زندگی کے اصل اور حقیقی بہتر معیار سے بہت کم درجہ کا ہوتا ہے۔

DeGrazia کا کہنا ہے کہ ان فہارس پر David Benatar کے اعتراضات مضبوط اعتراضات ہیں، اور یہ بات قطعی غلط ہے کہ ایک خاص چیز کو کسی انسان کی زندگی کے لیے محض اس وجہ سے اچھا یا برا قرار دیا جائے کہ بہت سارے لوگ اس چیز کو اچھا یا برا تصور کرتے ہیں، لیکن اچھے یا برے مقاصد کی فہرست مرتب کرتے وقت یہ غلطی وقوع پذیر ہونے کے باوجود ہم کلی طور پر ان فہارس کو رد نہیں کر سکتے اس لیے کہ ہر فہرست میں چند ایسے نقطہ ہائے نظر شامل ہوتے ہیں جن کی بنا پر یہ بات طے کی جاسکتی ہے کہ ایک انسان کی زندگی میں بہتر کیا ہے اور بُرا و بد کیا ہے۔

یہ فہارس لازمی طور پر اس نقطۂ نظر پر مرتب ہوتی ہیں کہ انسان کس قسم کی مخلوق ہے اور جو فہرست ایسی ہو جس میں آزادی و حریت، کامیابی و کامرانی، حسن و جمال کی فراوانی، گہرے ذاتی تعلقات، صحت و تعلیم اور تفریح وغیرہ شامل ہوں۔ ایسی فہرست انسان کو مناسب و بہتر انداز میں سمجھ کر مرتب کی جاتی ہے کہ انسان ایسی مخلوق ہے جو آزادی، کامیابی و کامرانی کو پسند کرنے والا، مقصد کا تعاقب کرنے والا، خوبصورتی کی تعریف پسند کرنے والا، اور تفریح کو پسند کرنے والا ہے۔ چونکہ یہ تمام فہرستیں انسان کو بہتر و مناسب انداز میں سمجھ کر مرتب کی جاتی ہیں لہٰذا David Benatar کی طرف سے ان فہارس پر یہ اعتراض کہ تمام انسانیت کو مدِ نظر رکھ کر جو فہرست مرتب کی جائے گی اُس کی بنا پر انسانی زندگی کی بہتری کا معیار بہت کم درجہ کا ہو گا ایک غیر معقول اعتراض ہے اور یہ اعتراض ہمیں اس بات پر قائل نہیں کرتا کہ ہم تمام انسانیت کو سامنے رکھ کر فہرست مرتب کرنے کے بجائے خاص انسان کو مدِ نظر رکھ کر فہرست مرتب کریں اور پھر اُس فہرست کو دیکھ کر انسانی زندگی کے متعلق اچھے یا بُرے ہونے کا فیصلہ کریں۔

خلاصہ بحث

حیاتِ دنیاوی کو برا قرار دینا اور اس کے نتیجہ میں وجودِ انسانی کے بجائے عدمِ انسانی کو راجح قرار دینا ایک قدیم تصور ہے، اس تصور کے ابتدائی خدوخال قدیم یونانی تہذیب اور بدھ ازم میں پائے جاتے ہیں۔ موجودہ دور میں اس نظریہ کے لیے "Antinatalism" کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ عصرِ حاضر میں اس نظریہ کے قائلین میں ایک اہم نام David Benatar کا ہے، جنہوں نے اس موضوع پر شہرہ آفاق کتاب "Better Never to Have Been: The Harm of Coming into Existence" لکھی ہے۔ موصوف نے حیاتِ دنیاوی کو بدترین قرار دینے کے لیے مختلف دلائل دیئے ہیں جن میں سے Hedonistic Theory, Desire Fulfillment Theory, اور Objective List Theory قابلِ ذکر ہیں۔ David Benatar کے دلائل کا تجزیہ کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مصنف کے دلائل اپنا مدعا ثابت کرنے سے قاصر ہیں۔ اس لیے کہ ان نظریات کی روشنی میں عدم کو وجود پر راجح قرار

زندگی کا معیار کس قدر بہتر ہے، اگر اُن فہارس کو سامنے رکھ کر کسی بھی انسانی زندگی کا مطالعہ ومشاہدہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ اکثر انسانوں کو Good Objectives میں شامل اشیاء کی کثیر تعداد و مقدار حاصل ہے اور اس وجہ سے انسانی زندگی کی معیار کی بہتری کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔

لیکن ان فہارس پر David Benatar کا اعتراض یہ ہے کہ جب یہ فہارس تمام انسانوں کو سامنے رکھ کر مرتب کی جاتی ہیں اور تمام انسانوں کے احوال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے چند اشیاء کو انسان کے Good Objectives میں شامل کر لیا جاتا ہے اور چند دیگر اشیاء کو انسان کے Bad Objective میں شامل کر لیا جاتا ہے حالانکہ اس بات کا امکان موجود ہوتا ہے کہ جس چیز کو Good Objectives میں شامل کیا ہے وہ کسی خاص انسان کے لیے کسی خاص حالت میں دُکھ اور درد فراہم کرنے کا سبب بن جائے اور اسی طرح اس بات کا بھی امکان ہوتا ہے کہ جس چیز کو Bad Objective میں شامل کیا ہے وہ کسی خاص انسان کی زندگی میں کسی خاص وقت میں خوشی کا سبب بن جائے۔ ان فہارس کی ترتیب میں ان امکانات کو یکسر نظر انداز کر لیا جاتا ہے اور جو اشیاء Good Objectives کی فہرست میں شامل کر دی جاتی ہیں وہ ہمیشہ اچھی، بہتر "Good" متصور کی جاتی ہیں اور جو اشیاء ایک مرتبہ Bad Objective میں شامل کر دی جاتی ہیں تو وہ ہمیشہ بد "Bad" متصور ہوتی ہیں۔ تمام انسانیت کو سامنے رکھ کر Good Objectives اور Bad Objective کی فہرست مرتب کرنے میں یہ مسئلہ در پیش ہوتا ہے کہ یہ فہارس انسانی زندگی کے معیار اور قدر و قیمت کا تعین تمام انسانیت کے لیے مرتب کردہ Good Objectives اور Bad Objective کی فہرست کی روشنی میں کرتی ہیں اور انسان کے ذاتی Good Objectives اور Bad Objective پیشِ نظر نہیں رکھے جاتے، یعنی اس بات کی طرف کوئی التفات نہیں کیا جاتا کہ جس چیز کو Good Objectives کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے یہ خاص انسان ذاتی طور پر اس چیز کو اچھا سمجھتا ہے یا نہیں۔ اسی طرح اس بات کو بھی نظر انداز کر دیا جاتا ہے کہ جس چیز کو Bad Objective کی فہرست میں داخل کیا گیا ہے یہ انسان ذاتی طور پر اس چیز کو بُرا سمجھتا ہے یا نہیں اور یہ چیز اس کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہے یا نہیں۔ ان تصورات سے قطع نظر عمومی حکم لگا کر کچھ اشیاء کو تمام انسانوں کے لیے بہتر اور اچھا جبکہ کچھ دیگر اشیاء کو تمام انسانوں کے لیے بد اور برا قرار دے دیا جاتا ہے۔

مختصر الفاظ میں تمام انسانیت کو سامنے رکھ کر مرتب کی جانے والی فہارس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان فہارس میں شامل کی جانے والی اشیاء انسان کی خود کو ماحول کے دیگر افراد کے ساتھ موازنہ کرنے کی فطرت و جبلت سے متاثر ہوں گی اور انسان اپنی زندگی کے اچھے و برے مقاصد کی فہرست میں وہی اشیاء شامل کرے گا جن کی کمیابی معاشرہ کے دیگر افراد کی زندگی میں محسوس کرے گا، بھوک و افلاس سے دوچار معاشرہ کا فرد اپنی زندگی کے اچھے مقاصد میں دو وقت کی روٹی جبکہ امیر معاشرہ کا فرد اپنی زندگی کے اچھے مقاصد کی فہرست میں دوسری یا تیسری فیکٹری و کارخانہ شامل

جائے گا۔ نیز بھوک، پیاس اور تھکاوٹ میں جس قدر شدت ہو گی اسی قدر پانی، کھانا اور آرام کی لذت کا احساس شدید تر ہوتا چلا جائے گا۔ ان کیفیات کے پیدا ہوئے بغیر پانی، کھانے اور آرام کی چنداں حیثیت باقی نہیں رہے گی بلکہ تھکاوٹ کے پیش آئے بغیر بستر پر دراز ہونا یا تھکاوٹ کے ازالہ کے بعد محض وقت گزاری کے لیے بستر پر دراز رہنا بذاتِ خود تکلیف دہ امر بن جائے گا، اسی طرح پیاس کی شدت کی کیفیت میں ہی مشروبات کی حیثیت و وقعت ہوتی ہے اگر پیاس نہیں ہے تو مشروبات کی چنداں حیثیت نہیں ہے اور پیاس کی تسکین ہو جانے کے بعد بھی مشروب کی ضرورت باقی نہیں رہتی بلکہ پیاس کی تسکین کے بعد پانی پینا پیٹ پھولنے اور بار بار پیشاب کی حاجت پیدا ہونے کی تکلیف کا باعث ہو سکتا ہے، گویا آرام و سکون، کھانے و پینے اور دیگر انواعِ نعم سے حقیقی استفادہ تب ہی ممکن ہے جب یہ چھوٹی چھوٹی تکالیف موجود ہوں جو انسان میں ان نعمتوں کی طلب پیدا کریں، حقیقت میں بھوک، پیاس اور تھکاوٹ اس لیے ہوتی ہے تا کہ اس کی وجہ سے ہمارے اندر ان نعمتوں کی طلب پیدا ہو جائے اور یہ تکلیف دہ کیفیات ان نعمتوں کے حصول کی طرف راہنمائی کرنے کا ذریعہ ہوتی ہیں۔[19]

حاصلِ کلام یہ کہ زندگی کی قدر و قیمت طے کرنے والے نظریہ کا جائزہ لیا جائے تو یہ ثابت نہیں ہوتا کہ لوگ اپنی زندگی کی قدر و قیمت طے کرنے میں اور اپنی زندگی کی بہتری کا اندازہ لگانے میں اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور غلط اندازے قائم کر رہے ہیں۔

Objective List Theory پر تبصرہ و تنقید

جیسا کہ بیان کیا گیا ہے کہ Objective list theory کے مطابق انسانی زندگی کی قدر و قیمت کا انحصار اُن اشیاء کے حصول پر ہے جو انسانی زندگی کے Good Objectives (بہتر مقاصد) کی فہرست میں شامل ہیں اور اگر ان اشیاء کا حصول نہیں پایا جا رہا بلکہ Bad Objectives (برے مقاصد) کی فہرست کی اشیاء انسانی زندگی میں پائی جا رہی ہیں تو انسانی زندگی بدتر ہو گی۔

Good Objectives اور Bad Objectives کی فہرست مرتب کرتے وقت تمام انسانیت کو سامنے رکھا جاتا ہے، یعنی جب کسی چیز کو انسانی زندگی کا Good Objective اور کسی دوسری چیز کو انسانی زندگی کا Bad Objective قرار دیا جاتا ہے تو کسی خاص شخص کے احوال کو سامنے رکھ کر یہ فیصلہ نہیں کیا جاتا بلکہ یہ فیصلہ کرنے میں تمام انسانیت کو سامنے رکھا جاتا ہے، ایک قابل اعتماد Good Objectives کی فہرست میں گہرے ذاتی تعلقات، آزاد زندگی گزارنا، سمجھ بوجھ اور فہم و فراست، تعلیم و صحت، خوشی و مالداری وغیرہ لازمی طور پر شامل ہوں گے۔ Objective List Theories کے پیشِ نظر انسانی زندگی کے Good Objectives کی جتنی فہارس حکماء و فلاسفہ کی طرف سے مرتب کی گئی ہیں اور ان فہارس میں جن جن اشیاء کو شامل کیا گیا ہے ان کو دیکھ کر ہر شخص با آسانی یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ اس کی

لیکن اُن کے مخالفین کی بھی یہ ذاتی رائے ہو سکتی ہے کہ بحیثیتِ مجموعی لطف و راحت کی مقدار زیادہ ہے اور معاملہ منطق و استدلال اور سائنٹیفک اعداد و شمار کے دائرہ سے نکل کر محض شخصی رائے اور ذہنی کیفیت پر جا ٹھہرے گا۔"[17]

ایک اور مقام پر وہ لکھتے ہیں:

"لذتی برہان کے دعویٰ کے تشفی بخش ثبوت کے لیے سائنٹیفک اعداد و شمار کے ذریعہ درد و الم کی زیادتی کا ثابت کیا جانا نہایت ضروری ہے۔ لیکن یہ کوشش ایک ناممکن سی چیز معلوم ہوتی ہے کیونکہ لذت و الم ذہنی حالات ہیں ان کا ذہنی تخمینہ ضروری طور پر غیر صحیح اور متغیر ہو گا، ذہنی تاثرات کی پیائش ایک ناممکن سی چیز ہے، ہم لذت و الم کو گوشت یا ترکاری کی طرح ناپ تول نہیں سکتے اور نہ ہی کہہ سکتے ایک چار سیر ہے اور دوسرا پانچ سیر۔ اکثر حالات میں تو ہم تخمینی طور پر بھی نہیں بتا سکتے کہ ایک خاص احساس دوسرے سے کم ہے یا زیادہ۔"[18]

ایک اور اہم مسئلہ David Benatar کے دلائل میں یہ ہے کہ خواہشات کی تشخیص کا کوئی خاص طریقہ ممکن ہی نہیں، مثال کے طور پر ایک ناول کو مکمل کرنے کی خواہش۔ اس کو یوں بھی تصور کیا جا سکتا ہے کہ یہ ایک خواہش ہے اور اسی معاملہ کو یوں سمجھنا بھی ممکن ہے کہ ایک ناول کو مکمل کرنا اور اول تا آخر پڑھنا چھوٹی چھوٹی خواہشات کا ایک مرقّع ہے، ہر باب کو پڑھنا ایک الگ خواہش متصور ہو۔ ان میں سے کون سا تصور ٹھیک ہے؟ اور حقیقت میں یہ کتنی امیدیں اور خواہشات ہیں؟ ہمارے پاس اس کا کوئی طریقہ موجود نہیں ہے جس کے ذریعہ کسی ایک بات کو ترجیح دی جائے، ان سوالات کا کوئی اطمینان بخش جواب ہمارے پاس نہیں ہے، اگر یہ بات ٹھیک ہے تو ہم تسکین یافتہ خواہشات اور عدمِ تسکین یافتہ خواہشات کی تعداد طے کر ہی نہیں سکتے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ David Benatar کا تسکین یافتہ خواہشات کا عدمِ تسکین یافتہ اور لاحاصل خواہشات کے ساتھ موازنہ کرنا کوئی قابلِ اعتماد نتیجہ نہیں دے سکتا اور پھر اس کے پیشِ نظر زندگی کی قدر و قیمت طے کرنے میں David Benatar کے طریقہ کار میں سقم اور کمزوری پیدا ہو جائے گی۔

Elizabeth Harman نے David Benatar کی طرف سے پیش کردہ تکالیف و مصائب پر یہ اعتراض کیا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر سامنا کی جانے والی معمولی تکالیف مثلاً بھوک، پیاس اور تھکاوٹ اور اس سے ملتی جلتی دیر معمولی اذیت دہ کیفیات برے تجربات Bad Experiences نہیں ہیں بلکہ کبھی تو یہ کیفیات بری اور اچھی صفت سے متصف ہی نہیں ہوتیں اور بعض اوقات یہ کیفیات بہتری کے وصف سے متصف ہوتی ہیں اس وجہ سے کہ عنقریب ان اذیت ناک کیفیات کا ازالہ ٹھنڈے اور تازہ مشروب، پر سکون نیند اور مرغن، عمدہ، لذیذ اور اشتہاء انگیز کھانے سے کر دیا

مند ہوتے ہیں اور یہ تمام خواہشات پوری ہو جاتی ہیں۔ یہ بات سچ ہے کہ بہت ساری خواہشات کی تسکین ہمیشہ جاری و ساری نہیں رہتی لیکن خواہش کی تسکین کا یہ خاتمہ ہی ایک دوسری خواہش کے پیدا ہونے کا ذریعہ و سبب ہوتا ہے اور نتیجتاً دوسری خواہش بھی پوری ہو جاتی ہے، اس دوسری خواہش کی تکمیل سے انسان کے نئے تعلقات قائم ہوتے ہیں، نئی جگہوں کی سیر کے مواقع میسر آتے ہیں۔ ہمیں یہ واضح نظر آرہا ہے کہ اکثر افراد کا عمومی طریقہ امیدیں قائم کرنے اور پھر ان امیدوں کی تسکین کا ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر ہم صرف یہ سوچنا شروع کر دیں ہماری امیدیں کیا کیا ہیں تو اس سوچ سے یہ نتیجہ اخذ ہو گا کہ روزانہ کی بنیاد پر ہماری لاکھوں امیدیں پوری ہوتی ہیں۔

یہ بات پہلے بیان کی جاچکی ہے کہ اس بات کا تعین کرنے میں کہ کسی شخص کی کس قدر خواہشات تسکین یافتہ ہیں اور کس قدر امیدیں لاحاصل رہیں اور تسکین کے مراحل سے نہ گزر سکیں کوئی خاص پیمانہ موجود نہیں ہے، اس بات کو طے کرنا ایک انتہائی مشکل امر ہے۔ یہ ایک عمیق مشاہدہ و تجربہ کا تقاضا کرتا ہے اور یہ بات بھی واضح ہے کہ David Benatar نے اس قسم کی کوئی تحقیق نہیں کی اور لوگوں کی خواہشات کا کوئی مشاہدہ و تجربہ نہیں کیا تاکہ اس تجربہ کو اپنے دعویٰ کے ثبوت کے لیے بطورِ دلیل پیش کرے۔ ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ David Benatar نے اپنے دعویٰ کے ثبوت کے لیے زندگی کی مثبت و منفی خصوصیات کی فہرست مرتب کرنے اور پھر ان کا باہم موازنہ کرنے میں ناکافی توجہ دی ہے۔

Trevor Grant Hedberg نے "Population, Consumption, and Procreation: Ethical Implications for Humanity's Future" کے عنوان سے ایک مقالہ لکھ کر "University of Tennessee, Knoxville" سے اپنی پی ایچ ڈی کے ڈگری حاصل کی ہے۔ Trevor Grant Hedberg نے David Benatar کی اسی بنیاد پر تردید کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> Since he is making an empirical argument, he needs to explain – in detail – all 69 of life's goods and how they compare to all of life's bads. Benatar has not undertaken this task: there is no serious effort to catalogue all the minor pleasures we routinely experience or grander pleasures and satisfactions [16]

ڈاکٹر میر ولی الدین (1355ھ) جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن میں فلسفہ کے استاد تھے وہ اپنی کتاب "قنوطیت یعنی فلسفۂ یأس" میں لکھتے ہیں:

> "ظاہر ہے اس برہان کی ساری منطق اس امر کے ثابت کرنے پر قائم رہ سکتی ہے کہ درد و الم، لذت و خوشی سے زیادہ ہیں۔ ہم پوچھتے ہیں کہ اس دعویٰ کو کس طرح ثابت کیا جاسکتا ہے؟ اگر یہ سائنٹیفک طور پر ناقابلِ ثبوت ہو تو پھر یہ ان کی ذاتی رائے ہو گی کہ دنیا میں درد و تکلیف زیادہ ہیں

پیش کیے ہیں ان میں سے چند باتیں اختلاف کیے جانے کے لائق ہیں۔

اول یہ کہ خواہشات کے سلسلہ میں یہ بات قابلِ غور ہے کہ تمام خواہشات ایسی نہیں ہوتیں جن کو ایک ہی درجہ میں رکھا جائے بلکہ انسان کی کچھ خواہشات ایسی ہوتی ہیں جو اس کی زندگی میں بہت گہرا اور عمیق مقام رکھتی ہیں، کچھ خواہشات ایسی ہوتی ہیں جو درمیانی درجہ کی ہوتی ہیں، پھر کچھ خواہشات ان دونوں کی بنسبت کم درجہ کی ہوتی ہیں۔ اگر خواہشات کی یہ درجہ بندی صحیح و تسلیم شدہ ہے تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ ایک شخص کی بہت ساری چھوٹی چھوٹی خواہشات ایسی ہوں جو لاحاصل ہوں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ بہت ساری خواہشات ایسی بھی ہوں جو اگرچہ خود اس انسان کی نظر میں زیادہ اہمیت کی حامل نہ ہوں لیکن دیگر انسانوں کی نظر میں اور تمام انسانوں کے خیالات و افکار کے مطابق وہ بہت اہمیت رکھتی ہوں، مثلاً خاندان بڑھانا، بڑھاپے میں صحت مندانہ زندگی گزارنا، عمدہ و شاندار مستقبل وغیرہ، اور اس شخص کی ایسی خواہشات حاصل شدہ ہوں۔

David Benatar نے Desire Fulfillment کے مطابق زندگی کا معیار اور قدر و قیمت طے کرنے کی کوشش کی ہے لیکن یہ کوشش بھی ان کے مطلوبہ نتائج فراہم کرنے سے قاصر ہے۔ Desire Fulfillment کے مطابق ایک زندگی کا معیار اور قدر و قیمت طے کرنے کے لیے یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ ایک انسان کی کُل امیدیں کتنی تھیں اور ان میں سے بالآخر کس قدر پوری ہوئی ہیں، David Benatar نے یہ کام معروف و مروج طریقہ کے مطابق سرانجام نہیں دیا، اور پوری کتاب میں ایسی کوئی کوشش نہیں کی گئی جس میں اس بات کا تجزیہ کیا گیا ہو کہ کوئی خاص شخص زندگی میں کس قدر امیدیں اپناتا ہے اور ان میں سے کس قدر امیدیں پوری ہوتی ہیں اور کتنی لاحاصل رہتی ہیں جو حسرت میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ اس کے بجائے David Benatar صرف یہ نتیجہ بیان کرتا ہے کہ بہت ساری امیدیں پوری نہیں ہوتیں۔

David Benatar کے بیان کردہ اس نتیجہ (ایک انسان کی زندگی میں امیدوں کی تسکین کے لمحات بہت کم ہوتے ہیں، اکثر لمحات عدمِ تسکین کے ہی ہوتے ہیں) میں اشکال یہ ہے کہ اس سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ لاحاصل امیدوں کے مقابلے میں کس قدر امیدیں پوری ہوئیں؟

اس سوال کا حقیقی جواب تلاش کرنے کے لیے ہمیں اپنی زندگی پر مثبت انداز میں نظر ڈالنی ہو گی۔ اور وہ یوں کہ چونکہ ہم وہ اشیاء حاصل کر لیتے ہیں جن کی ہم امید کرتے ہیں لہٰذا یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ ہماری اکثر خواہشات اور امیدیں تسکین پا جاتی ہیں، مثلاً لاکھوں لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اپنی فیملی کے ساتھ وقت گزاریں، اپنے دوستوں اور اعزہ و اقارب کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف ہوں، کہانیوں سے فرحت حاصل کریں، موسیقی سے محظوظ ہوں، عمدہ اور لذیذ غذا کھائیں، لوگ جنسی خواہشات کی تسکین کے آرزومند ہوتے ہیں، اچھی ملازمت کے حصول کے خواہش

یوں ہر انسان اپنی ہر منفی ذہنی کیفیت کو کسی نہ کسی طرح مثبت انداز سے دیکھ سکتا ہے، اب توجہ انسانی احساسات سے منحرف ہو کر انسان کے رویہ اور نقطۂ نظر "Attitudes" کی طرف منتقل ہو جائے گی یعنی اگر کوئی شخص منفی ذہنی کیفیات کی موجودگی کو نظر انداز کرتا ہے اور ان کو سرے سے خاطر میں ہی نہیں لاتا یا وہ ان منفی ذہنی کیفیات کو زیادہ اہمیت و توجہ نہیں دیتا تو ایک طرف منفی ذہنی کیفیات کا وجود بھی ہو گا اور دوسری طرف زندگی کی قدر و قیمت بھی اعلیٰ و بلند ہو گی۔

ایک اہم غلطی David Benatar کے نظریات میں یہ ہے کہ وہ چھوٹے چھوٹے درد و الم بھی ذکر کیے ہیں جن کا ازالہ مختلف قسم کی خوشیاں فراہم کر کے کر دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر مستقل طور پر بھوکا ہونا ایک بہت بری منفی ذہنی کیفیت ہے لیکن ایک عمدہ، لذیذ اور کافی مقدار میں کھانا میسر ہونے سے پہلے بھوکا ہونے کو برا کہنا ایک مشکل امر ہے، بھوک مٹانے کی امید اور پھر اس امید کے نتیجہ میں حقیقت میں بھوک مٹالینا بہت زیادہ خوشگوار ہو سکتا ہے بنسبت اس کے کہ بھرے ہوئے پیٹ کی حالت میں کھانا تناول کرنا۔ اس صورت میں بھوک کی حالت میں جو تکلیف برداشت کرنا پڑی اس تکلیف کا ازالہ عمدہ اور لذیذ کھانے سے کر دیا گیا اور خوشی کا احساس و ادراک اسی بھوک کی وجہ سے ممکن ہوا، اگر یہ بھوک نہ ہوتی تو شاید اس خوشی کا حصول ہی نہ ہوتا، یوں بھوک کی یہ تکلیف خوشی کے حصول کا سبب بن گئی، اب اس بھوک کو محض درد و الم اور تکلیف و مصیبت کے طور پر دیکھنا ایک غیر معقول طریقہ ہو گا۔

بعینہٖ اسی طرح معمولی مقدار کا درد و الم روزانہ کی بنیاد پر معمولی معمولی خوشیوں سے کالعدم کر دیا جاتا ہے اور ہم اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دیتے، مثال کے طور پر باہر کا موسم ہماری خواہش کے برعکس کچھ گرم ہو تو اسی وقت ہمارے ارد گرد کا سبزہ ہمارے لیے خوشگوار فرحت کا باعث بنتا ہے اور اس فرحت و تسکین کا احساس اسی ہلکی پھلکی سی گرمی کی شدت و حدت کی وجہ سے ہوتا ہے، اور یہ دونوں حالات اپنی صحیح جگہ اور وقت پر ہوتے ہیں۔

David Benatar کا دعویٰ کہ ہماری زندگیاں بری گزر رہی ہیں ایک مشاہداتی دعویٰ ہے اور اس دعویٰ کے ثبوت کے لیے تفصیل کے ساتھ زندگی کی تمام تر خوشیوں کو گننا چاہئے تھا اور پھر ان کا موازنہ و تقابل زندگی کے نقصانات کے ساتھ کرنا چاہئے تھا، لیکن یہ کام نہیں کیا گیا اور کوئی ایسی کوشش نہیں کی گئی جس میں زندگی کی خواہشات کی فہرست مرتب کی گئی ہو۔

Desire Fulfillment Theory پر تبصرہ و تنقید

David Benatar کی طرف سے بیان کردہ زندگی کی قدر و قیمت طے کرنے کا دوسرا طریقہ Desire Fulfillment نظریہ ہے۔ اس نظریہ کے مطابق ہماری زندگی کی بہتری کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہماری خواہشات کس حد تک پوری ہوتی ہیں۔ David Benatar نے اس نظریہ کی روشنی میں انسانی زندگی کے بارے میں جو خیالات

مصائب و آلام سہل و آسان ہو جاتے ہیں، کسی بھی انسانی زندگی کا حقیقی تجزیہ ہمیں یہ نتیجہ فراہم کرتا ہے اور ان تینوں نظریات کی روشنی میں ہم یہ فیصلہ کرنے کی بہتر پوزیشن میں ہیں کہ اس قسم کی مصائب، آلام، تکالیف اور دکھوں سے بھرپور زندگی کا آغاز کرنا کسی بھی طور پر بہتر نہیں ہو گا۔

Hedonism پر تنقید و تبصرہ

David Benatar کے اس استدلال کے جواب میں کہا جا سکتا ہے کہ اکثر اوقات انسان اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دیتا کہ وہ مثبت ذہنی کیفیت میں مبتلا ہے یا منفی ذہنی کیفیت کا شکار ہے، اور اگر اس طرف توجہ دی جائے تو زیادہ تر اوقات مثبت ذہنی کیفیت کے ہی ہوتے ہیں۔ ایسے اوقات کم ہی ہوتے ہیں جب انسان سردی یا گرمی کی اذیت برداشت کر رہا ہو، اکثر اوقات تو ایسے ہی ہوتے ہیں کہ نہ شدید سردی کا احساس ہوتا ہے نہ شدید گرمی کا۔ اسی طرح ایسے اوقات کم ہی ہوں گے جب انسان شدید بھوک یا شدید پیاس برداشت کر رہا ہو اکثر اوقات تو انسان اطمینان کی کیفیت ہی محسوس کرتا ہے۔

پروفیسر DeGrazia کہتے ہیں اگر میں اپنے بارے میں بات کروں تو میری کیفیت یہ ہوتی ہے کہ اکثر اوقات سردی یا گرمی محسوس کرنے کی طرف میں توجہ ہی نہیں دیتا۔ اور اگر اس معاملہ کی طرف باقاعدہ توجہ دی جائے تو یہی محسوس ہو گا کہ نہ زیادہ سردی ہوتی ہے نہ زیادہ گرمی۔[14]

اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ Hedonism ہی انسانی زندگی کی قدر و قیمت متعین کرنے کا اصل معیار ہے تو ہم یہ کہتے ہیں کہ احساسات اور ذہنی کیفیات کا مشاہدہ کرنا بہت زیادہ اہمیت نہیں رکھتا ہے۔ اس لیے کہ مثال کے طور پر جن لوگوں کی بنیادی ضروریاتِ زندگی بالعموم پوری ہوتی ہیں تو وہ خود کو عمدہ اور بہتر محسوس کرتے ہیں۔ ایک انسان اپنے آپ کو معمولی ذہنی منفی کیفیات کی موجودگی میں بھی بہتر اور عمدہ تصور کر سکتا ہے، اور ایسا اس وقت ممکن ہو گا جب یہ شخص اس منفی ذہنی کیفیت کو زیادہ اہمیت نہ دے بلکہ نظر انداز کر دے، ایسا بالخصوص اس وقت ہوتا ہے جب ایک شخص یہ سمجھتا ہے کہ اس کی زندگی مجموعی طور پر بہتر گزر رہی ہے اور اس کی زندگی کے زیادہ اہمیت کے حامل معاملات بہتر اور درست طور پر رواں دواں ہیں تو معمولی بے چینی و بے اطمینانی نظر انداز ہو جاتی ہے اور ان منفی ذہنی کیفیات کی موجودگی کے باوجود وہ شخص عمدہ اور بہتر محسوس کرتا ہے۔[15]

اور اگر کوئی شخص ذہنی کیفیات کو ہی اہمیت دیتا ہو تو وہ ان منفی ذہنی کیفیات کو بھی مثبت انداز میں دیکھ سکتا ہے۔ یعنی اگر ان منفی ذہنی کیفیات کو دیکھنے کا زاویہ تبدیل کر لیا جائے تو یہ منفی ذہنی کیفیات زندگی کی قدر و قیمت میں کوئی کمی ثابت نہیں کرتیں۔ مثلاً ایک شخص کچھ بھوک محسوس کرتا ہے جو منفی ذہنی کیفیت ہے لیکن وہ اس منفی کیفیت کو اس طرح مثبت تصور کر سکتا ہے کہ وہ یہ سوچ اپنا لے کہ یہ بھوک برداشت کرنا اس کے وزن میں کمی کا سبب بن رہا ہے۔

اور علاج معالجہ کی سہولیات وغیرہ بنیادی اشیاء شامل ہوتی ہیں جبکہ امیر و دولتمند معاشرے کے اچھے مقاصد میں سیر و تفریح کے بہترین مواقع، صنعت و حرفت کے مواقع، گاڑی کا حصول وغیرہ اشیاء شامل ہوتی ہیں۔

David Benatar اس نظریہ کی روشنی میں جب کسی انسان کی زندگی کی قدر و قیمت طے کرتا ہے تو اس کا طریقہ کار اس فرد کی زندگی کا اسی معاشرے کے افراد کے لیے مرتب کردہ اچھے مقاصد کی فہرست کی روشنی میں اندازہ لگانا نہیں ہوتا بلکہ تمام انسانیت کے لیے اچھے مقاصد کی مرتب کردہ فہرست کی روشنی میں خاص انسان کی زندگی کو پرکھتا ہے اور اس کے نتیجہ میں زندگی کو کم قیمت اور برا تصور کرتا ہے۔

David Benatar مثال دیتا ہے کہ ہمارے معاشرہ میں عام طور پر کوئی انسان 250 سال کی عمر نہیں پاتا۔ اس لیے اگر کوئی فرد 250 کی عمر کو نہیں پہنچتا اور اس سے پہلے مر جاتا ہے تو موت کے فطری غم والم سے قطع نظر اس موت کو اس تناظر میں نہیں دیکھا جاتا کہ 250 سال سے پہلے مر جانے کی وجہ سے اس کی زندگی بری ٹھہری، یعنی 250 سال زندگی پانا ہمارے معاشرے کے اچھے مقاصد کی فہرست میں شامل نہیں ہے، لیکن اس کے برعکس 40 سال کی عمر میں مر جانے کو اکثر افراد برا تصور کریں گے۔ 40 سال کی عمر میں موت کو برا تصور کیا جاتا ہے (اس لیے کہ ہماری اوسط عمر 70 برس ہے اور 70 برس تک زندگی پانا ہمارے اچھے مقاصد کی فہرست میں شامل ہے) تو 250 سال کی عمر میں موت کو برا تصور کیوں نہیں کیا جاتا؟ اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ ہم اپنے حالات اور گرد و پیش کو دیکھ کر فیصلہ کرتے ہیں اور ہماری قوتِ فیصلہ ماحول سے متاثر ہوتی ہے، جس چیز کا حصول ہمارے لیے ممکن نہیں ہوتا اور وہ ہماری پہنچ سے باہر ہوتی ہے ہم اس چیز کو اپنی زندگی کے لیے اہم اور اچھا تصور ہی نہیں کرتے۔[12]

نتیجہ

ان تینوں نظریات سے David Benatar یہ نتائج اخذ کرتا ہے کہ مندرجہ ذیل دو باتوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے:

a) How good a person's life actually is, and
b) how good it is thought to be.[13]

"اول: کسی انسان کی زندگی حقیقت میں کس قدر خوشگوار اور بہترین ہے، اور
دوم: انسان کی زندگی کو کس قدر خوشگوار سمجھا جاتا ہے۔"

یہ تینوں نظریات یہ بتاتے ہیں کہ انسان کی زندگی جس قدر بری سمجھی جاتی ہے اس سے بھی کہیں زیادہ بری ہے، زندگی کو اچھا، خوشگوار اور خوبصورت سمجھنے کی وجہ محض انسانی نفسیات ہیں، کیونکہ انسانی نفسیات بتاتی ہیں کہ انسان اپنی زندگی کا موازنہ اپنے ہی زمانہ کے دیگر افراد کے ساتھ کرتا ہے جبکہ دیگر افراد کی زندگیاں بھی پُر آفات ہیں تو اس کو اپنی زندگی اچھی محسوس ہوتی ہے، نیز انسان اپنے ماحول اور ارد گرد سے مطابقت اختیار کر لیتا ہے جس کی وجہ سے زندگی کے

کہ وہ اپنی صحت و جوانی کو برقرار رکھے لیکن بہت جلد ہی چہرے پر جھریاں پڑ جاتی ہیں، بال سفید ہو جاتے ہیں یا گر جاتے ہیں، کمر جھک جاتی ہے اور جوڑ درد کرنے لگ جاتے ہیں، بینائی ماند پڑ جاتی ہے۔ انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ مرے نہیں، اس کی زندگی فنا نہ ہو لیکن اس کہ یہ خواہش ناکام و خاکستر رہتی ہے اور ہر انسان اپنے آباء و اجداد، پیاروں اور والدین کی موت کو دیکھتا ہے۔

ڈیوڈ کے بقول خواہشات کی تکمیل دو طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ سے ہو سکتی ہے:

اول یہ کہ ایک شخص نے جس چیز کی بھی خواہش کی ہو وہ پوری ہو چکی ہو۔

دوم یہ کہ انسان صرف وہی خواہشات رکھے جو آئندہ پوری ہونے والی ہوں۔

پہلے طریقہ میں عموم ہے کہ ہر خواہش پوری ہو جبکہ دوسرے طریقہ میں خصوص ہے کہ انسان صرف وہی خواہش اپنائے جس کے بارے میں مستقبل میں پورا ہونے کا گمان ہو لہٰذا ایسی خواہشات اپنائی ہی نہیں جائیں گی جن کے پورے ہونے کا کوئی امکان نہ ہو گا۔ ڈیوڈ کے الفاظ ہیں:

(a) Having fulfilled whatever desires one has, or
(b) having only those desires that will be fulfilled.[11]

ڈیوڈ کہتا ہے (Desire Fulfilment Theory) خواہشات کی تکمیل کے نظریہ کے مطابق بہتر زندگی وہی ہے جس میں خواہشات کی تکمیل کے پہلے طریقہ کے مطابق ہماری خواہشات کی تکمیل ہو یعنی ہماری لامحدود و اَن گنت خواہشات کی تکمیل ہوئی ہو جبکہ درحقیقت ہماری خواہشات کی تکمیل، تکمیلِ خواہشات کے دوسرے طریقہ کے مطابق ہوتی ہے، ہم لامحدود خواہشات اپناتے ہی نہیں ہیں اور ہماری خواہشات محدود ہوتی ہیں۔

Objective List Theory

اس نظریہ کے مطابق زندگی کے معیار کا تعین کچھ اشیاء پر کیا جاتا ہے، کچھ اشیاء بہر حال ہمارے لیے بری ہیں اس سے قطع نظر کہ وہ کسی صورتِ حال میں حصولِ خوشی کا سبب بھی ہوں، اور اس سے بھی قطع نظر کہ ہم ان کی خواہش رکھتے ہیں یا نہیں۔ اور کچھ اشیاء بہر حال بری ہیں چاہے وہ تکلیف کا سبب بنیں یا نہ بنیں اور چاہے ہم ان کی خواہش کریں یا نہ کریں۔ اول الذکر اشیاء کو "Good Objectives" جبکہ مؤخر الذکر اشیاء کو "Bad Objectives" قرار دیا جاتا ہے۔ انسان کے لیے اچھی اور بری اشیاء کی قطعی و یقینی فہرست مرتب کر لینے کے بعد اس بات کا مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ کسی انسان کی زندگی میں اچھی اور بری فہرست میں سے کس نوع کی اشیاء کا حصول کس قدر ہے اور پھر اس مشاہدہ کے پیشِ نظر زندگی کی قدر و قیمت کا تعین کر لیا جاتا ہے۔

معاشرتی طبقاتی تقسیم کی وجہ سے ہر معاشرہ کے اچھے اور برے مقاصد کی فہارس باہم مختلف ہوتی ہیں مثلاً ایک غریب معاشرے کے افراد کے اچھے مقاصد میں دو وقت کا کھانا، سر ڈھانپنے کے لیے چھت اور ستر پوشی کے لیے کپڑا

ہوں۔

David Benatar کے مطابق ہماری زندگی کی امتیازی خصوصیت یہی منفی ذہنی کیفیات ہیں، مثلاً وہ منفی ذہنی کیفیات جو روزانہ کی بنیاد پر انسان کو پیش آتی ہیں ان میں بھوک پیاس اور پھر ان کی وجہ سے آنتوں اور مثانہ کی تکلیف پیدا ہونا، تھکاوٹ، تناؤ، سردی اور گرمی کا احساس وغیرہ۔ اربوں انسانوں کے لیے یہ تکالیف دائمی ہیں یا کم از کم ان میں سے کچھ تکالیف دائمی ہیں اور وہ بھوک دور نہیں کر پاتے، سردی سے بچاؤ اور حفاظت کا سامان نہیں کر پاتے۔ اور جو لوگ ان حالات اور ان ذہنی کیفیات سے بچنے کے لیے کچھ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں وہ بھی بروقت یا مکمل طور پر حفاظتی تدابیر اختیار نہیں کر پاتے اور ان ذہنی تکالیف کا کسی حد تک سامنا ان لوگوں کو بھی کرنا پڑتا ہے۔ یہ منفی کیفیات ہماری روزمرہ زندگی میں شامل ہیں، یہی منفی کیفیات جب دائمی صورتِ حال اختیار کر لیتی ہیں تو مزید تکلیف کا سبب بن جاتی ہیں۔

اس کے علاوہ انسانی زندگی میں وہ تکالیف بھی ہیں جن کا ادراک و احساس عمومی طور پر ہر فرد کو نہیں ہوتا بلکہ چند افراد ہی ان کا سامنا کرتے ہیں جن میں الرجی، سر درد، مایوسی، جلن، نزلہ زکام، ماہواری میں درد، جسمانی عدم اطمینان، ایڈز کی تباہ کاریاں، کینسر اور اس طرح کی دیگر جان لیوا بیماریاں شامل ہیں۔[10]

Desire Fulfilment Theory (خواہشات کی تکمیل کا نظریہ)

زندگی کے معیار کو جانچنے کا یہ طریقہ خواہشات کی تکمیل کے نظریہ (Desire Fulfilment Theory) کے مطابق زندگی کے معیار کو جانچتا ہے، اس نظریہ کے مطابق وہی زندگی بہتر ہو سکتی ہے جس میں لاتعداد اور اَن گنت خواہشات پوری ہوں۔

David Benatar کہتا ہے ہماری زندگی کی بہت کم خواہشات پوری ہوتی ہیں جبکہ ایسی خواہشات کی کثرت ہے جو پوری نہیں ہوتیں اور حسرتوں میں ڈھل جاتی ہیں۔ ہماری زندگی میں جس چیز کی کمی محسوس ہوتی ہے تو وہ چیز فوری طور پر نہیں ملتی بلکہ اس خواہش کی تکمیل سے پہلے مایوسی کا ایک لمبا عرصہ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ عقلی طور پر ایسا ممکن ہے کہ خواہش پیدا ہوتے ہی خواہش کی تکمیل ہو جائے لیکن دنیا جس عمل کا تجربہ و مشاہدہ کر رہی ہے وہ اس کے برعکس ہے۔ اور جب ایک خواہش کی تکمیل ہو جاتی ہے تو یہ تکمیل بھی عارضی اور سریع الزوال ہوتی ہے۔ بسا اوقات خواہشات پایۂ تکمیل تک پہنچتی ہی نہیں ہیں، مثلاً ایک شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ آزاد زندگی گزارے لیکن وہ قید کے دوران ہی ظلم و تشدد سے مر جاتا ہے۔ کوئی ذہانت کا طالب ہوتا ہے لیکن کبھی بھی حاصل نہیں کر پاتا۔ کوئی خوبصورتی کا خواہش مند ہوتا ہے لیکن پیدائشی طور پر ایسی بدصورتی کا حامل ہوتا ہے جس کا کوئی مداوا نہیں کیا جا سکتا۔ ڈیوڈ کہتا ہے انسان کی خواہشات میں حاصل شدہ اشیاء کے تحفظ اور بقاء کی خواہشات بھی ہوتی ہیں اور یہ ایسی خواہشات ہیں جن کی تکمیل جلد اور سریع ہونی چاہیے لیکن کڑوا سچ یہ ہے کہ ان خواہشات کی تکمیل بھی نہیں ہوتی ہے، مثلاً ایک انسان کی خواہش ہوتی ہے

ڈیوڈ بیناتار (David Benatar) کے دلائل

David Benatar نے اپنے نظریہ کے اثبات اور حیاتِ دنیاوی کو بدتر قرار دینے کے لیے متعدد دلائل دیئے ہیں۔ دنیاوی زندگی کے بارے میں ڈیوڈ نے تین مختلف نظریات پیش کیے ہیں اور ان نظریات کے تناظر میں انسانی زندگی کے متعلق یہ دعویٰ کیا کہ انسانی زندگی بری اور بدتر ہے۔ وہ تین نظریات مندرجہ ذیل ہیں:

Hedonistic Theory

اس نظریہ کے مطابق زندگی کے اچھا یا برا ہونے کا دارومدار ذہن کی مثبت یا منفی حالات پر ہے یعنی زندگی کی قدر و قیمت پرکھنے کا معیار اور پیمانہ ذہنی سکون اور درد ہے۔ بنیادی طور پر ذہن کی تین کیفیات ہو سکتی ہیں:

- Negative Status
- Positive Status
- Neutral Status

Negative Status (منفی ذہنی کیفیت) میں ذہنی تکلیف، درد، شرم، غضب، اضطراب، تناؤ، خوف، حزن، غم، مایوسی، تنہائی، احساسِ کمتری، احساسِ محرومی وغیرہ شامل ہیں۔

Positive Status (مثبت ذہنی کیفیت) دو طرح سے منقسم ہیں:

اول: کسی منفی ذہنی صورتِ حال سے راحت پانا، مثلاً سر درد سے آرام پانا، غضب میں کمی، تناؤ کا خاتمہ، پریشانی اور خوف کا ختم ہو جانا وغیرہ۔

دوم: مثبت ذہنی کیفیات کی دوسری صورت یہ ہے کہ انسان اپنے حواس سے خوشیاں حاصل کرتا ہے اور یہ خوشیاں انسانی ذہنی تسکین و فرحت کا باعث بنتی ہیں مثلاً حاسۂ بصارت سے خوش کن مناظر دیکھنا، خوش الحان آوازوں کی سماعت، مسحور کن خوشبو سونگھنا وغیرہ۔ اس دوسری صورت میں وہ کیفیات بھی شامل ہیں جو انسان حواس سے ہٹ کر غیر حسی اعضاء سے حاصل کرتا ہے مثلاً خوشی و محبت وغیرہ۔

کچھ خوشیاں ایسی ہوتی ہیں جو دونوں طرح کی خوشیوں کی آمیزش رکھتی ہیں مثلاً بھوک کی حالت میں مرغن و لذیذ کھانے کا حصول ذہنِ انسانی کو بھوک کی شدید تکلیف سے نجات و چھٹکارا فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انسان کی قوتِ ذوق (چکھنے کی حس) کے ذریعہ ایک مزید خوشی و راحت بھی فراہم کر رہی ہے، اور اگر بھوک کی شدت کی حالت میں کھانا میسر تو ہو لیکن وہ کھانا لذیذ نہ ہو تو صرف ایک راحت یعنی بھوک سے نجات و چھٹکارا تو ملے گا لیکن قوتِ ذوق کی تسکین و راحت کا سامان میسر نہیں ہو گا۔

Neutral Status (غیر جانبدارانہ ذہنی کیفیت) انسانی ذہن کی وہ کیفیات ہیں جو منفی و مثبت کیفیات سے خالی

would be no births, and no deaths and in a very short time man will cease to be.[7]

"اس قانون کے ذریعہ گوتم بدھ ایک سچائی کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں کہ خوشی کی خواہش ہی وہ اصل چیز ہے جو انسانی پیدائش اور نوعِ انسانی کی بقاء کی ذمہ دار ہے اگر اس انسانی خواہش کا خاتمہ کر دیا جائے تو کوئی پیدا ہو گا اور نہ ہی کسی کی موت ہو گی اور بہت مختصر وقت میں انسانیت کے وجود کا سلسلہ ختم ہو جائے گا"۔

بدھ ازم میں دکھ سے خلاصہ و نجات کا جو طریقہ متعارف کرایا گیا ہے اس کو "نروان" کہتے ہیں۔ "نروان" کے حصول کو بدھ مذہب کا نصب العین قرار دیا جائے تو بے جا نہ ہو گا۔Historical Dictionary of Buddhism میں اس تصور کی وضاحت ان الفاظ میں کی گئی ہے:

The term comes from a root that means to blow or to cover, suggesting the extinction of a flame by the use of breath or smothering it. The achievement of Nirvana in early Buddhism represents the end of suffering, Desire, Causation, and rebirth. [8]

"مادۂ اصلی کے اعتبار سے اس لفظ کے معنی، پردہ ڈالنا، ڈھانپنا، اڑانا اور سانس کو استعمال کر کے یا سانس کو روک کر تکلیف کے احساس کو ختم کرنا ہے، بدھ ازم کی اصطلاح کے مطابق اس لفظ کے معنی مصائب و تکالیف، خواہش اور دوبارہ پیدا ہونے سے آزادی حاصل کرنا ہے۔"

اسی طرح اس نظریہ کے ابتدائی خدوخال قدیم یونانی تہذیب میں بھی پائے جاتے تھے، قدیم یونانی لٹریچر میں ایسی تحریرات ملتی ہیں جن کا مدعا عدم کو وجود سے بہتر قرار دینا تھا مثلاً Masahiro Morioka نے ایک قدیم یونانی تحریر کو اس طرح نقل کیا ہے:

Never to be born is the best story. But when one has come to the light of day second-best is to leave and go back quick as you can back where you came from.[9]

"بہترین امر یہ ہے کہ انسان پیدا نہ ہو، اور اگر بالفرض کوئی انسان پیدا ہو ہی گیا تو دوسرے درجہ کی بہتری یہ ہے کہ جتنی جلدی ممکن ہو انسان اس جگہ لوٹ جائے جہاں سے انسان کی آمد ہوئی تھی۔"

مندرجہ بالا تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ حیاتِ دنیاوی کو بدتر سمجھنا ایک قدیم تصور ہے جو مختلف مذاہب میں مختلف عنوانات سے پایا جاتا رہا ہے۔ اب ہم اپنی بحث کا رُخ اس مقالہ کے اساسی موضوع کی طرف پھیرتے ہیں کہ موجودہ دور میں David Benatar نے کن دلائل کی بنیاد پر دنیاوی حیات کو بدترین قرار دیا؟

محققانہ جواب دیا۔

David Boonin نے جنم مخالف نظریہ کی تردید میں ایک مقالہ Batter to be کے نام سے لکھا۔ یہ تمام تر علمی ذخیرہ انگریزی اور فرانسیسی زبان میں ہے۔ اردو زبان اس حوالے سے تہی دامن ہے اور اب تک اس موضوع پر کوئی کتاب یا تحقیقی مقالہ سامنے نہیں آیا۔

David Benatar کے فلسفیانہ دلائل کا مطالعہ کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس نظریہ کی تعریف اور اس نظریہ کے آغاز وارتقاء کے بارے میں آگاہی حاصل کر لی جائے، لہٰذا آئندہ سطور میں اس نظریہ کا مختصر تعارف اور ابتدائی وارتقائی مراحل پر گفتگو کی جائے گی۔

جنم مخالف نظریہ "Antinatalism" کا تعارف اور تاریخی ارتقاء

Masahiro Morioka جاپان کی Waseda University میں ہیومن سائنس کے پروفیسر ہیں، انہوں نے ایک مقالہ اس نظریہ کی تعریف و توضیح، اس نظریہ کے ارتقاء اور اس کی اقسام کی وضاحت کے بارے میں لکھا ہے[3]۔ مقالہ کا عنوان "What Is Antinatalism? Definition, History, and Categories" ہے۔ Masahiro Morio کی رائے میں "Antinatalism" کی تعریف ان الفاظ میں کی جاسکتی ہے:

> "Antinatalism is the thought that all human beings or all sentient beings should not be born".[4]
>
> "جنم مخالف نظریہ یہ ہے کہ تمام انسان نیز حس وادراک کی صفت سے متصف کسی بھی مخلوق کی پیدائش نہیں ہونی چاہیے"۔

یہ ایک قدیم نظریہ ہے جس کے آغاز کے بارے میں کوئی حتمی رائے قائم کرنا مشکل ہے، گوتم بدھ کی تعلیمات میں اس نظریہ کے ابتدائی خدوخال کا ثبوت ملتا ہے، بدھ ازم کے مطابق دنیا ایک بدتر مقام ہے جہاں مصائب، تکالیف، آلام اور پریشانیوں کی کثرت ہے، یہاں کے ہر انسان کا مقصد ان مصائب سے چھٹکارا پانا ہے، بدھ ازم کی اساس جن چار عظیم سچائیوں پر مبنی ہے اُن میں دکھ اولین اور عظیم تر سچائی ہے، دیگر سچائیوں میں "خواہش، خواہش پر غلبہ پانے کی تدبیر اور خواہش پر حقیقت میں غلبہ پالینا" شامل ہے۔[5] دکھ کی تفصیلات میں بڑھاپا، بیماری اور موت وغیرہ شامل ہیں اور چونکہ ان تمام کا سبب پیدائش ہے، پیدائش سے ہی یہ دکھ انسان کے ساتھ پیوست ہو جاتے ہیں، لہٰذا پیدائش کو بھی دکھ گردانا جاتا ہے۔[6] ہری سنگھ گور اپنی کتاب "The Spirit of Buddhism" میں گوتم بدھ کے چند الفاظ کی وضاحت میں لکھتے ہیں:

> And in so stating the Law, Buddha was stating an elementary truth. It is desire or thirst for pleasure which is responsible births and perpetuation of the human species. If those desires can be effectively curbed, there

سابقہ تحقیقات

انگریزی زبان میں اس موضوع پر بہت تحقیق کی جارہی ہے اور اس کی تائید و تردید میں کافی علمی ذخیرہ منصۂ شہود پر آچکا ہے۔ موجودہ دور میں اس نظریہ کے قائلین میں ایک اہم نام "Théophile de Giraud" کا ہے، جو ایک بیلجین سکالر ہیں، موصوف نے 2006ء میں فرانسیسی زبان میں جنم مخالف نظریہ کے اثبات میں ایک کتاب "L'Art de guillotiner les procréateurs: Manifeste anti-nataliste" کے نام سے لکھی۔ مذکورہ کتاب کا شمار اس موضوع کی اہم کتابوں میں ہوتا ہے۔

عصرِ حاضر میں اس نظریہ کو ساؤتھ افریقہ کی کیپ ٹاؤن یونیورسٹی کے پروفیسر David Benatar نے پروان چڑھانے میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے جو شعبہ فلسفہ کے سربراہ بھی ہیں، انہوں نے اس موضوع پر ایک کتاب "Better Never to Have Been: The Harm of Coming into Existence" لکھی ہے جس کو Oxford University Press نے شائع کیا ہے۔

"Possible Preferences and The Harm of Existence" کے عنوان سے ایک مقالہ Marc Larock نے University of St. Andrews میں پیش کیا اور اس مقالہ کی بدولت اپنی ایم فل کی ڈگری حاصل کی۔ اپنے مقالہ میں مارک نے مختلف دلائل سے دنیاوی زندگی کو بدترین قرار دیا۔

"Seana Valentine Shiffrin" لاس اینجلس کی یونیورسٹی آف کیلیفورنیا میں فلسفہ کی پروفیسر ہیں اور جنم مخالف نظریہ کی قائل ہیں، موصوفہ نے "Wrongful life, Procreative Responsibility, and The Significance of Harm" کے نام سے ایک تحقیقی مقالہ لکھ کر اس نظریہ کی تائید کی۔[2]

دوسری طرف اس نظریہ کی تردید میں بھی متعدد کتابیں اور مقالہ جات لکھے جاچکے ہیں۔ ذیل میں ایسے تردیدی علمی ذخیرہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

David DeGrazia نے "Creation Ethics, Reproduction, Genetics and Quality of Life" کے نام سے ایک کتاب لکھی جس کو آکسفورڈ یونیورسٹی پریس نے 2012ء میں شائع کیا۔ مصنف نے David Benatar کے دلائل کا محققانہ جواب دیا ہے۔

"How Best to Prevent Future Persons From Suffering: A Reply to Benatar" کے نام سے ایک تحقیقی مقالہ "Brooke Alan Trisel" نے لکھا، جس میں David Benatar کا عمدہ جواب دیا گیا۔ اس مقالہ کو South African Journal of Philosophy نے 2012ء میں شائع کیا۔

Saul Smilansky نے "Life is Good" کے نام سے مقالہ لکھ کر David Benatar کے دلائل کا

ترجیح دینا ایک قدیم تصور ہے، جس کے ابتدائی خد وخال قدیم یونانی تہذیب میں پائے جاتے تھے، علامہ شبلی نعمانیؒ کے بقول قتلِ اولاد کی سنگدلانہ رسم کی بنیادی دلیل یہ تھی کہ انسان اپنی اور اپنی اولاد کی جان کا مالک ہے لہٰذا انسان کے لیے اپنی اولاد کو قتل کرنا جائز ہے۔ اسی تصور کے نتیجہ میں متعدد یونانی حکماء خودکشی کے جواز کے قائل بھی رہے ہیں[1]۔ اس تصور کی ایک جھلک عیسائیت میں بصورتِ رہبانیت اور بدھ مت میں نروان کے حصول کے طریقہ کار میں پائی جاتی ہے۔ موجودہ دور میں اس تصور کے لیے "Antinatalism" کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ اس نظریہ کی بنیادی سوچ اور فکر یہ ہے کہ پیدا ہونے کی بنسبت انسان کا پیدا نہ ہونا بہتر ہے، وجود سے بہتر عدم اور حیات سے بہتر موت ہے، کسی انسان کو پیدا کر کے اس کو فائدہ پہنچانے کے بجائے نقصان سے دوچار کیا جاتا ہے لہٰذا دنیا سے انسانیت کا خاتمہ ہو جانا چاہیے، اور موجود افراد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ عملِ پیدائش (Procreation) ترک کر دیں، موجودہ انسانوں کے پاس مزید انسان پیدا کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

عصرِ حاضر میں متعدد مغربی مفکرین نے اس قدیم تصور کو جدید انداز میں پیش کر کے اس نظریہ کے احیاء کی کوشش کی ہے۔ ان مفکرین میں سے ایک اہم نام David Benatar کا ہے جو ساؤتھ افریقہ کی یونیورسٹی آف کیپ ٹاؤن میں فلسفہ کے پروفیسر ہیں۔ موصوف نے اپنی کتاب "Better Never to Have Been: The Harm of Coming into Existence" میں حیاتِ دنیاوی کو بدتر قرار دینے کے لیے "Hedonistic Theory"، "Desire Fulfilment Theory"، "Objective List Theory" پیش کی ہیں نیز زندگی وعدم کے فوائد و نقصانات کے درمیان موازنہ کر کے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ہر انسان کو پیدا کر کے نقصان سے دوچار کیا جاتا ہے لہٰذا زندگی کی تمام صورتیں بدتر ہیں۔

تحقیق کے بنیادی سوالات اور تحدیدِ موضوع

David Benatar نے وجود پر عدم کو ترجیح دینے کے لیے جو فلسفیانہ دلائل پیش کیے ہیں ان کے مطالعہ سے مندرجہ ذیل سوال جنم لیتا ہے:

کیا "Hedonistic Theory"، "Desire Fulfilment Theory"، "Objective List Theory" کی روشنی میں حیاتِ دنیاوی بدترین حیات ہے؟

جنم مخالف نظریہ ایک بہت وسیع موضوع ہے اور اس پر کافی علمی ذخیرہ وجود میں آچکا ہے، اس نظریہ کے مؤیدین اس نظریہ کے اثبات میں متعدد دلائل دیتے ہیں لیکن ہمارا یہ تحقیقی مقالہ David Benatar کی کتاب "Better Never to Have Been: The Harm of Coming into Existence" میں پیش کیے گئے فلسفیانہ نظریات کا جائزہ اور محض فلسفیانہ تردید تک موقوف رہے گا۔

ڈیوڈ بیناتر کے دلائل کا فلسفیانہ جواب

A Philosophical Answer to the Arguments of David Benatar

*فرہاد علی

** ڈاکٹر احمد حسن

ABSTRACT

Declaring life to be the worst and consequently abandoning comforts and giving preference to non-existence over human existence is an ancient concept. The earliest traces of which were found in ancient Greek civilization. A glimpse of this concept is found in Christianity in the form of monasticism and in Buddhism in the method of attaining Nirvana. In modern times the term "Antinatalism" is used for this concept. The basic premise of this theory is that humanity must be eliminated from the world and that it is the responsibility of the people to abandon Procreation.

Many contemporary Western Thinkers have tried to revive this ideology by presenting it in a modern way. One of the leading thinkers is David Benatar, who in his book “Better Never to Have Been, The Harm of Coming into Existence” presented Hedonistic Theory, Desire Fulfillment Theory, and Objective List Theory to declare worldly life worse. Also, by comparing the advantages and disadvantages of existence and non-existence, it is claimed that every human being is harmed by being created and all forms of life are worse.

The purpose of this research paper is to provide a philosophical review and answer to these views. As a result of philosophical critique, this research leads to the conclusion that his arguments are flawed and weak, due to which non-existence has no superiority over human existence.

KEY WORDS:

Antinatalism, Existence, life, Non-Existence, Procreation, Harm.

تعارف اور ضرورت واہمیت

حیاتِ دنیاوی کو بدترین قرار دینا اور اس کے نتیجہ میں دنیاوی آسائشوں کو ترک کرنا نیز وجودِ انسانی پر عدمِ انسانی کو

*پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی ٹیکسلا



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	ڈیوڈ بینا تر کے دلائل کا فلسفیانہ جواب A Philosophical Answer to the Arguments of David Benatar
Authors	Farhad Ali[1] Dr. Ahmad Hassan[1]
Affiliations	[1]HITEC University, Texila, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u17
QR Code	
Citation	Farhad Ali, and Ahmad Hassan, Dr. *"A Philosophical Answer to the Arguments of David Benatar"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 279–298
Copyright Information:	ڈیوڈ بینا تر کے دلائل کا فلسفیانہ جواب A Philosophical Answer to the Arguments of David Benatar © June 2022 by Farhad Ali & Dr. Ahmad Hassan is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

20۔ سورۃ آل عمران:3/31

21 سورۃ آل عمران:3/31

22۔ أحمد بن حنبل، امام، المسند، تحقیق: شعیب الأرنؤوط وآخرون، مؤسسۃ الرسالۃ، 2001م، حدیث:15940

23۔ ایضاً

24۔ مالک بن انس، امام، موطأ، تحقیق: بشار عواد وغیرہ، مؤسسۃ الرسالۃ، 1412ھ، حدیث:1874

25۔ سورۃ البقرۃ:2/195

26۔ سورۃ الصف:61/2-3

27۔ "فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ" (سورۃ یونس:10/16)

ترجمہ: اس سے پہلے بھی ایک عمر (40 سال) تمہارے درمیان گزار چکا ہوں، تو کیا تم لوگ اتنا بھی نہیں سوچتے؟

28۔ سورۃ الحج:22/41

29۔ مسند امام أحمد بن حنبل، حدیث:16023

30۔ الاعراف:7/59

31۔ "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ" (سورۃ الاحزاب:33/40)

32۔ "الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا" (سورۃ المائدہ:5/3)

33۔ خطیب تبریزی، مشکوۃ المصابیح، مکتبہ العلمیہ، بیروت، س ن، حدیث نمبر 4998

34۔ متقی ہندی، علی، کنز العمال، مکتبہ العلمیہ، بیروت، س ن، حدیث نمبر 44154، 8/201،

35۔ مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، کتاب القدر، باب في الأمر بالقوة وترک العجز والاستعانة بالله، وتفويض المقادير لله، حدیث نمبر:2664، 4/2052

36۔ سورۃ القصص:28/26

37۔ سورۃ النساء:4/58

38۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہد نبوی میں نظام حکمرانی، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی، 1981ء، ص:295، محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، خطبات بہاولپور، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، 2007، ص199، 234

39۔ علاّمہ یوسف قرضاوی، في فقه الأولويات: دراسة جديدة في ضوء القرآن والسنة، مترجم: گل زادہ شیر پاؤ (دین میں ترجیحات)، منشورات، لاہور، 2012ء، ص73

40۔ راغب اصفہانی، الحسین بن محمد، المفردات فی غریب القرآن، تحقیق: صفوان عدنان داودی، دار العلم، دمشق، بیروت، 1412ھ، ص273

41۔ سورۃ ال عمران:3/120

42۔ ابن ماجہ، السنن، كِتَابُ الْجَنَائِزِ، بَابُ مَا جَاءَ فِي الصَّبْرِ عَلَى الْمُصِيبَةِ، حدیث نمبر:1597، ۱/۵۰۹

حواشی وحوالہ جات

1۔ اس تناظر میں سیرت النبی کے کتب سے ہر طرح کا استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

2۔ سلیم محمود (سیکڑی قومی اسمبلی پاکستان)، اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور، اسلام آباد، اشاعت سوم، 31 جولائی، 2004ء شق ۳۱(۱)

3۔ ایضاً، شق ۳۱(۲)

4۔ ایضاً، شق ۳۷

5۔ ایضاً، شق ۲(الف)

6۔ مشتاق الرحمان صدیقی، ڈاکٹر، تعلیم و تدریس، نیشنل بک فاونڈیشن، اسلام آباد، 1992ء، ص84، 83

7۔ دیکھیے: سید مناظر حسن گیلانی، مسلمانوں کا نظامِ تعلیم و تربیت، سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور، 2008، ص205، 206

8۔ محولہ بالا

9. Wasiullah Khan, M. *"Education and Society in the Muslim World"* Hodder, and Stoughton, 1981, p. 274

10۔«إِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ»(القضاعي، أبو عبد الله محمد بن سلامة، مسند الشهاب، تحقيق: حمدي بن عبد المجيد السلفي، مؤسسة الرسالة، بيروت، 1986م، حديث:1165)

11۔«إِنَّ الْعَالِمَ وَالْمُتَعَلِّمَ شَرِيكَانِ فِي الْأَجْرِ»(يوسف بن عبد البر، جامع بيان العلم وفضله، تحقيق: أبي الأشبال الزهيري، دار ابن الجوزي، المملكة العربية السعودية، 1994م، حديث:137)

12۔«مَوْتُ الْعَالِمِ ثُلْمَةٌ فِي الإِسْلاَمِ لاَ يَسُدُّهَا شَيْءٌ مَا اخْتَلَفَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ» (الدَّارِمِيّ، امام عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، سنن الدارمي، تحقيق: حسين سليم أسد، دار المُغني، س ن، حديث:333)

13۔« وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ، وَإِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، حَتَّى الْحِيتَانِ فِي الْمَاءِ، وَإِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلَى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ، إِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ، إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوا دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا، إِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ، فَمَنْ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ»(ابن ماجه، أبو عبد الله محمد بن يزيد القزويني، سنن، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، دار إحياء الكتب العربية، بيروت، حديث:223)

14۔ علامہ اقبال، بانگ درا، خطاب بہ جوانانِ اسلام، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز، لاہور، 1977، ص180

15۔ مسلم بن حجاج، أبو الحسين، صحيح مسلم، كتاب الامارہ، بَاب فَضِيلَةِ الْإِمَامِ الْعَادِلِ وَعُقُوبَةِ الْجَائِرِ وَالْحَثِّ عَلَى الرِّفْقِ بِالرَّعِيَّةِ، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، مطبعة عيسى البابي الحلبي وشركاه، القاهرة، 1955م، حديث:1829

16۔ سورۃ الشوریٰ:42/45

17۔ آپ کی پیدائش ۲۸ جون ۱۹۲۸ء میں اتر پردیش کے ضلع لکھیم پور کھیری میں ہوئی۔ آپ بچوں کے اسلامی شاعر کی حیثیت سے اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ کئی ایک غزلیں اور نظمیں لکھیں۔ مرکز جماعت اسلامی ہند، نئی دہلی کے شعبۂ تعلیمات سے وابستہ رہے ہیں۔

Read more at Afkarenau ابو المجاہد زاہد: بچوں کے اسلامی شاعر http://afkarenau.com/?p=1846

18. https://www.rekhta.org/couplets/ek-ho-jaaen-to-ban-sakte-hain-khurshiid-e-mubiin-abul-mujahid-zahid-couplets?lang=ur

19۔ اقبال، بانگ درا، طلوع اسلام، ص270

ابْنَ آدَمَ، إِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الأُولَى، لَمْ أَرْضَ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ[42]

"ابن آدم اگر تو نے صدمے کے شروع میں صبر کیا اور میری رضا اور ثواب کی نیت کی تو میں تیرے لیے جنت سے کم بدلے پر راضی نہیں ہوں گا"

نامساعد حالات میں اسلام نے ایثار و قربانی اور صبر کے ذریعے اپنے ماننے والوں کو قابو میں رکھا، جو ایک تاریخی کارنامہ ہے۔ گھر بار چھوڑ کر بے خوفی سے ہجرت کی، جہاد میں شریک ہوئے اور ایثار و قربانی کے بے شمار واقعات پیش آئے۔ انصار نے مہاجرین کو غریب الدیار اور اجنبیت کا احساس نہیں ہونے دیا اور یوں اسلام کو چار دانگ عالم میں پھیلنے کا موقع ملا اور اصول کی حکمرانی ممکن ہوئی۔ آج پھر سے اس چیز کی اشد ضرورت ہے کہ نوجوانوں میں ایثار و قربانی کا جذبہ کوٹ کوٹ بھرا جائے اور اس کو انفرادی سطح سے لے کر اجتماعی، ملکی اور بین الاقوامی سطح تک پھیلایا جائے تاکہ ایک منظم اور ہمہ گیر امت کو کھڑا کیا جاسکے جو شر و فساد اور بے چینی و بے قاعدگی اور دورِ جدید کے الحاد کا خاتمہ کریں۔

نتائج بحث

ہمارے اعلی تعلیمی ادارے مقاصدِ تعلیم سے ہم آہنگ نہیں ہیں اور ان میں قرارداد مقاصد، آئین پاکستان اور اعلی تعلیمی کمیشن (ایچ ای سی) کے طے شدہ مقاصد کو نظر انداز کیا جارہا ہے۔ تعلیم کا مقصد با اخلاق، باشعور اور بامقصد شہریوں کو پروان چڑھانا ہے، جو حاصل نہیں ہو رہا ہے۔ استاد اور طالب علم تعلیمی عمل کے بنیادی کردار ہیں، جو بے مقصدیت کے راستے پر گامزن ہیں۔ پائداری کی بجائے مقاصدِ تعلیم کو عارضی اور محض دنیاوی بہتری تک محدود کیا جارہا ہے۔ ان تمام امور میں بہتری لانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ مستقبل کے معماران ایک روشن مستقبل کی طرف گامزن ہوں اور اصول کی حکمرانی قائم ہو۔

تجاویز و سفارشات

- اعلی تعلیمی اداروں کے کام کو مقاصد تعلیم سے ہم آہنگ کیا جائے۔
- قرارداد مقاصد، آئین پاکستان اور اعلی تعلیمی کمیشن کے تناظر میں مقاصدِ تعلیم کے حصول کو یقینی بنایا جائے۔
- تعلیم کا مقاصد پاکیزہ، با اخلاق، باشعور اور بامقصد شہریوں کو پروان چڑھانا ہوتا ہے، اسے یقینی بنایا جائے۔
- استاد اور طالب علم کے بنیادی تعلیمی کردار کو پھر سے بامقصد اور فعال بنایا جائے۔
- تعلیم کو عارضی اور محض محدود دنیاوی فوائد کے حصول کی بجائے اعلی اور پائدار مقاصد سے جوڑا جائے۔

آپ ﷺ کی حدیث مبارکہ میں اس کی حوصلہ افزائی ملتی ہے۔ آپ ﷺ اپنے صحابہ کرامؓ کے درمیان تیر اندازی، گھوڑ و اونٹ دوڑ اور پہلوانی کے مقابلوں کی ترغیب دیا کرتے تھے اور اس پر آپ ﷺ مختلف انعامات بھی دیا کرتے تھے۔ یہ انعامات اول تا چہارم اور پنجم آنے والے مختلف افراد کو ملتے تھے۔[38] اور ایسی سرگرمیاں نہ صرف فارغ اوقات کا صحیح مصرف ہیں بلکہ اس سے تفریحِ طبع کے ساتھ جسم و عقل کی نشوونما بھی ہوتی ہے۔

لہذا طالب علم کو فارغ اوقات میں ایسے مشاغل اور سرگرمیاں ترتیب دینی چاہئے جو اس کے صلاحیتوں میں ہمہ جہد اضافے کا سبب ہو اور امت کو بہتر اور ماہر افراد کار بھی میسر آسکیں۔ اور غلط و ناجائز مشاغل میں مصروف ہونے اور تضیع اوقات سے نسلِ نو بچ بھی جائے۔

اگر ان با مقصد سرگرمیوں کے نتیجے میں کچھ باکمال افراد امت کو مل جائیں تو غنیمت سے کم نہیں ہے اور یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہوگا۔ اس کا اندازہ حضرت عمرؓ کے اس قول سے لگایا جاسکتا ہے جو آپؓ نے عمرو بن العاصؓ فاتح مصر کو (چار ہزار فوجی کمک کے ساتھ چار مخصوص افراد بھیجتے ہوئے) کہا تھا کہ ان چار افراد میں سے ہر فرد ایک ہزار کے برابر ہے۔ اسی طرح مجموعی فوج کو بارہ ہزار سمجھو (پہلے آپؓ کے پاس چار ہزار فوج تھی اور چار ہزار کمک جن میں یہ چار افراد تھے ، بھیجی تھی اور ساتھ کہا تھا کہ) بارہ ہزار افراد کو اس سے کم افراد سے شکست نہیں کھانا چاہیئے[39]۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ کے ہاں باصلاحیت افراد کی کتنی قدر و قیمت تھی۔ اسی طرح علمی اور با مقصد کوئزز، سوالات اور بیت بازی کے مقابلے طالب علموں کے ذہنی و فکری صلاحیتوں میں اضافے کا سبب ہوتا ہے۔

صبر و استقامت اور ایثار و قربانی

طلبہ کے اندر ایسی شجاعت پیدا کرنا کہ وہ نفس کو ایسے کاموں سے روکے رکھیں جو عقلاً یا شرعاً منع ہیں۔[40] اپنے نفس کو اضطراب و گھبراہٹ اور کم ہمتی سے روکنا اور اعلیٰ مقاصد کیلئے ثابت قدمی و استقلال اختیار کرنا، نفس کو حرام و ناجائز کاموں سے روکنا، اطاعتِ شریعت و عبادت پر نفس کا استقلال اور حق کے راستے میں آفات و مصائب پر صبر و استقامت اور نتائج کیلئے بے صبری دکھانے سے اپنے آپ کو روکنا قرآنی تعلیم اور پیغمبرانہ شیوہ ہے جیسے صبر و شجاعت بھی کہتے ہیں۔ دشمنوں کے مکر و فریب کے مقابلے میں صبر اور شجاعت ایک زبردست ہتھیار ہے، جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا [41]

عظیم مقاصد کے حصول کیلئے صبر و استقامت اجر و جنت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ اور پھر جب یہ جدوجہد اجتماعی مقاصد اور امت مسلمہ کی عزت و شوکت اور وقار کے قیام کے لیے کی جائے تو کس قدر اجر و ثواب اور بدلہ ملے گا؟ آپ ﷺ نے ایک حدیث قدسی میں فرمایا:

جائیں تو اس کے ساتھ اکثر دیگر اخلاقی اور سماجی برائیوں کا علاج ہو جائے گا اور یہ باہمت اور باصلاحیت جوان مضبوط کردار کے مالک بن جائیں گے جو اپنے معاشرے کی فلاح کے لیے ہر وقت کمربستہ رہ سکتے ہیں جیسا کہ نبی کریم ﷺ کے ساتھیوں نے دنیا کا رخ موڑ دیا تھا۔

آج ہمیں اس طرز پر کلیات و جامعات میں مستقبل کے جوان معمارانِ قوم کی تربیت و اصلاح کی ضرورت ہے، تاکہ ان جوانوں کی بہترین صلاحیتوں سے امت اسلامیہ اچھی طرح مستفید ہو۔

بامقصد سرگرمیاں

آج امت مسلمہ جن مخدوش اور ناگفتہ بہ حالات سے گزر رہی ہے اس سے نکلنے کے لیے اگر کوئی امید کی کرن باقی ہے تو وہ امت کے نوجوان ہی ہو سکتے ہیں لہذا ان کی سرگرمیوں اور مشاغل کو بامقصد بنایا جائے۔ اسلام بامقصد اور صحت مندانہ سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جس سے ذہنی تازگی اور جسمانی صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔ قرآن مجید کی کئی آیات اور آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ کی زندگیوں کی کئی واقعات سے اس کی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے۔ آپ اپنے صحابہ کرام کے درمیان دوڑ، نیزہ بازی اور کشتی جیسے مقابلے منعقد کراتے تھے۔ ان جیسی سرگرمیوں سے انسان کو فرحت و نشاط اور جسمانی تازگی ملتی ہے۔ قوتِ جسمانی ایک نعمت ہے جس کی حصول کے لیے اس قسم کی سرگرمیاں ضروری ہیں۔ آپ نے ایک توانا اور مضبوط مومن کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہے۔ جیسا کہ آپؐ نے فرمایا:

الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ، احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ [35]

ایک قوی الجسم اور صلاحیتوں سے مالا مال انسان دنیوی امور کے ساتھ ساتھ اخروی امور کو بھی بطریق احسن ادا کر سکتا ہے۔ حضرت سیدنا شعیبؑ کی صاحبزادی کا قول اس حوالے سے والدین کے لیے مشعل راہ ہے:

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ [36]

"ان دونوں عورتوں میں سے ایک نے اپنے باپ سے کہا" ابا جان، اس شخص کو نوکر رکھ لیجیے، بہترین آدمی جسے آپ ملازم رکھیں وہی ہو سکتا ہے جو مضبوط اور امانتدار ہو"

جب جسم مضبوط ہو اور اخلاق بھی مضبوط ملے تو امانتوں کا بوجھ بہتر طریقے سے اٹھایا جا سکتا ہے، جو اللہ کا حکم ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا [37]

"مسلمانو! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہلِ امانت کے سپرد کرو"

ایک قوی اور مضبوط جسم والا مومن اللہ کے دین کی بہتر خدمت کر سکتا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ اس نعمت کے حصول کے لیے فارغ اوقات میں اس قسم کی بامقصد سرگرمیاں جو جسم اور عقل و فکر کی مضبوطی کا سبب بنتے ہیں،

لہذا ضروری ہے کہ اساتذہ بچوں کی عقیدہ کی اصلاح کی طرف توجہ دیں کیونکہ جامعات میں کثیر تعداد میں بچے الحاد کی طرف جارہے ہیں، جس کی ذمہ داری استاد پر عائد ہوتی ہے۔

عقیدہ رسالت: دین اسلام میں تین عقائد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، جن پر ایمان رکھنا مسلمانوں کے لیے لازم ہے۔ اور وہ ہیں توحید، رسالت اور آخرت۔ ان میں عقیدہ رسالت کا مطلب ہے کہ اللہ تعالی نے انسانوں کی راہنمائی کے لیے کم و بیش ایک لاکھ اور چوبیس ہزار پیغمبر مبعوث فرمائے ہیں۔ ان پیغمبروں میں سب سے آخری رسول حضرت محمد ﷺ ہیں، جن پر رسالت کا سلسلہ ختم ہوا ہے۔ آپ ﷺ کے بعد کوئی اور رسول نہیں آئے گا، اس لیے اب تمام انسان کو آپ ﷺ پر ایمان لانا لازمی ہے۔ آپ ﷺ پر ایمان لائے بغیر کسی انسان کا نہ ایمان معتبر ہے اور نہ اس کے بغیر جنت میں داخل ہو سکتا ہے۔ اس لیے کہ آپ ﷺ کو اللہ تعالی نے آخری نبی اور خاتم المرسلین[31] بنایا ہے اور دین کو آپ ﷺ کے ذریعے مکمل فرمایا ہے۔[32] آج جامعات کی اساتذہ کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ائمہ اور اساتذہ کی ذمہ داری نبھاتے ہوئے بچوں کے عقیدہ رسالت کی اصلاح کی طرف توجہ دیں۔

عقیدہ آخرت: جب انسان کا یہ عقیدہ درست ہو جائے اور اسے یہ بات یقین تک تسلیم ہو جائے کہ مجھے لازماً اور حقیقتاً ایک دن مرنا ہے اور یہاں دنیا میں مخلصانہ کیے ہوئے ہر نیک کام کا بہت اچھا اجر ملے گا۔ اور پھر جب وہ اس عقیدہ کے مطابق اپنے اعمال کرتا ہے تو نہ وہ کسی پر ظلم کر سکتا ہے اور نہ کسی ظلم پر خاموش رہ سکتا ہے، اور نہ اس پر کمپرومائز کر سکتا ہے، اور وہ ہر مظلوم اور محتاج کی بے لوث خدمت اپنی دینی ذمہ داری سمجھ کر کرے گا۔ مختصر یہ کہ وہ جس بھی ملک کا باشندہ ہو گا، انسانوں کے لیے ایک بہترین اور فائدہ مند شہری ہو گا۔ جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الْخَلْقُ عَيَالُ الله فأحب الخلق إلى الله من أحسن إلى عياله[33]

"مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے اور پس اللہ تعالیٰ کو وہ شخص محبوب ہے جو اس کے مخلوق کے ساتھ بھلائی کرتا ہے"

جبکہ دوسری جگہ اس سے بھی واضح انداز میں یوں فرمایا ہے:

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ[34]

"لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کے لئے فائدہ مند ہے"

یہ تمام تر تبدیلی اور انسانی خیر خواہی کا عمل اصلاح عقیدہ کا کمال ہے۔ یہ اسلامی عقائد و تعلیمات کی خاصیت ہے کہ جو انسان کے اندر اس قسم کا عزم و حوصلہ پیدا کرتا ہے۔ کہ وہ مشکل سے مشکل کام کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔

اصلاح اخلاق و کردار:

بچوں کے بنیادی عقائد توحید، رسالت اور آخرت جو انسان کے اعمال کے درستگی کے محرک ہیں، اگر یہ درست ہو

الَّذِينَ إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ [28]

اصلاحِ معاشرہ کے اہم کردار: مسجد و مدرسہ یا کلیات اور جامعات

ایک زمانے تک مسجد و مدرسہ اہم مراکز اصلاح تھے اور امام (Leadership Skills) قائدانہ صلاحیتوں کا مالک اور اپنے علاقے کے اسلامی کمیونٹی سینٹر کا ذمے دار اور معاشرے کا اہم کردار ہوا کرتا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے کالونیل دور سے اور اس کے بعد مغربی جمہوریت کے زیر اثر سیاسی جوڑ توڑ کے نتیجہ میں حکومتی مناصب کے حصول کے لیے اس اہم کردار کو سکیڑ کر محض عبادت تک محدود کر دیا گیا۔ سماج کی اکثریت نے حصولِ معاش کے لیے کلیات اور جامعات میں مستقبل کے معمارانِ قوم کو داخل کرایا۔ اس کے نتیجہ میں معاشرے کا ذہین و فطین عنصر محض دنیا دار، مادہ پرستانہ ماحول میں چلا گیا۔ نتیجتاً مسجد و مدرسہ میں معاشرے کا وہ عنصر رہ گیا جس کے لیے وسائل یا حالات ناساز گار رہے۔ یوں مسجد و مدرسہ کا کردار محدود ہو کر رہ گیا۔ امام نے خود کو یا لوگوں نے محض مسجد کا امام تصور کر لیا ہے حالانکہ وہ معاشرے کا امام تھا، جس کو مناسب اوقات میں خصوصاً ہر جمعہ تمام معاشرتی رویوں اور برائیوں پر بات کرنے کی اجازت، ذمہ داری اور اہلیت ہونی چاہیئے تھی لیکن سماج اس کے لیے تیار نہیں۔ اس لیے معاشرے کا رخ بدلنے اور سماجی سرگرمیوں میں ان کا عمل دخل کم یا ختم ہو کر رہ گیا جس کا نعم البدل کلیات و جامعات قرار پائے۔

جامعات کے کرنے کے چند بنیادی کام

اصلاح عقائد اور فلاح دنیا

عقیدہ توحید: رسول اللہ ﷺ نے سب سے بنیادی کام اصلاح عقیدہ کا فرمایا تھا جس کے گرد زندگی کے دیگر کام گھومتے ہیں۔ اس لیے سب سے پہلے اس کی طرف دعوت دی اور فرمایا:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، تُفْلِحُوا [29]

"اے لوگو! اس بات کا اقرار کرو کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے، کامیاب ہو جاؤ گے"

اصلاحِ عقیدۂ توحید ایک بہت بڑا کارنامہ ہے کیونکہ سماج کا بہت بڑا حصہ اس سے بے خبر اور توہمات کے ساتھ بے اعتدالی کا شکار ہو جاتا ہے۔ تمام پیغمبروں کی تعلیم کا بنیادی نکتہ یہی عقیدہ کی اصلاح تھی، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کو سکھلایا کہ وہ اپنی قوموں سے یوں خطاب فرمائیں:

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَهٍ غَيْرُهُ [30]

"اے میری برادری کے لوگوں خدا کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں"

انسانوں کی خوش قسمتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ﷺ کی پوری زندگی کے طور طریقے اسلاف نے ہمارے لیے محفوظ کر لیے ہیں جو انسانوں کے لیے روشن مینار کی طرح ہے۔ آپ کی زندگی اس قدر سادہ اور آسان تھی کہ جس پر چل کر گمراہی کا کوئی خوف نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

تَرَكْتُ فِيكُمْ أَمْرَيْنِ، لَنْ تَضِلُّوا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا: كِتَابَ اللهِ، وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ ﷺ [24]

دنیا میں بڑے بڑے فلسفی اور دانشور پیدا ہوئے، لیکن خود ان کے پاس کوئی روشنی نہیں تھی۔ لہذا کسی ایسے شخص کی پیروی کرنا جو خود ہدایت سے محروم ہو اور اس کا ہاتھ روشنی سے خالی ہو، وہ ہلاکت سے خالی نہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ[25]

"اور اپنے آپ کو خود اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو"

یہی وجہ ہے کہ معاشرتی اصلاح اور اس کی فلاح کا راستہ عمل کی گزر گاہ سے گزرتا ہے۔ ہر وہ قول جو عمل سے مزین ہو اثر رکھتا۔ لہذا کسی بھی کام کو رائج کرنے کے لیے نبوی طریقہ کار یہ ہے کہ بیان کرنے والا اسے پہلے عمل میں لے آئیں، ورنہ محنتیں رائیگاں جائیں گی جس سے اسلام نے سختی سے بچنے کا حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ۔ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ[26]

"مومنو! تم ایسی باتیں کیوں کہا کرتے ہو جو کیا نہیں کرتے، خدا اس بات سے سخت بیزار ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں"

سنت نبوی کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ جو کام آپ ﷺ نے معاشرے میں رائج کرنا چاہا، سب سے پہلے اس پر عمل کیا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ آپ ﷺ نے جب دعوت کا آغاز کیا تو اپنی سچائی اور صداقت [27] کا حوالہ دیا تو لوگوں نے بسہولت کہا کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کیونکہ آپ ﷺ صادق اور امین ہیں اور ہمیں آپ ﷺ کے کردار پر کوئی شک وشبہ نہیں، تب آپ ﷺ نے فرمایا کہ کہو لا الہ الا اللہ تاکہ کامیاب ہو جاؤ۔

آج پاکستانی معاشرہ کئی قسم کی برائیوں میں مبتلا ہے، خواہ ذخیرہ اندوزی ہو، یا ملاوٹ، ناپ تول میں کمی ہو، یا دوسروں کو نقصان پہنچانے کی کوشش، لوٹ مار ہو، یا ڈاکہ زنی، اغوا برائے تاوان ہو، یا قتل وغارت، وعدہ خلافی ہو، یا خیانت، بد دیانتی ہو، چغل خوری، بہتان ہو یا غیبت، رشوت ستانی ہو یا جوا اور سود، ان سب کی عملی اصلاح سربراہان معاشرہ اپنے کردار کی درستگی سے کریں اور خود اس برائی کو ترک کر کے اصلاحِ احوال کی کوشش کریں، امید ہے معاشرہ بتدریج اصلاح کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔ قرآن مجید نے ان سربراہان کی سب سے بڑی ذمہ داری یہی بیان کی ہے:

ملت پر مستقبل کے جنریشن کی تباہی و تنزلی کی ذمہ داری عائد ہوگی۔ اور قیامت کے ہولناک منظر میں سلطانِ کائنات کے سامنے عدالتِ عالیہ میں اس جرمِ عظیم میں سرنگوں اور خوف زدہ کھڑی ہوگی، جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے:

يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُونَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ[16]

"اور تم دیکھو گے کہ یہ جہنم کے سامنے جب لائے جائیں گے تو ذلت کے مارے جھکے جارہے ہوں گے اور اس کو نظر بچابچا کر کن انکھیوں سے دیکھیں گے"

ایسے حالات میں ایک مثالی معاشرے قائم کرنے کے لیے دوسروں پر تنقید اور نکتہ چینی کے بجائے اصلاحِ احوال پر خود توجہ دینا ہوگی اور ہر ایک اپنے اور پرائے سے اچھے اخلاق سے پیش آنا پڑے گا اور اسلام کے زریں اصولوں کے پیش نظر معاشرے کی اصلاح پر توجہ دینا ہوگی تاکہ ہر فرد کو زندگی کا لطف ملے اور وہ سکون پائے۔ تب ہی ہم بنیان مرصوص بننے کے حقیقی مستحق بھی بن سکیں گے اور اتحاد و اتفاق کی عظیم الشان قوت سے ہم سرفراز و سرشار بھی ہو جائیں گے۔ جس کے بارے میں ابو المجاہد زاہد[17] لکھتے ہیں:

ایک ہو جائیں تو بن سکتے ہیں خورشید مبین ورنہ ان بکھرے ہوئے تاروں سے کیا کام بنے[18]

جبکہ اقبال ملتِ واحدہ کا احساس دلاتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم سب ایک دین کے ماننے والے ایک امت کے افراد ہیں، ہماری سب سے بڑا پہچان اسلام ہے لہذا سب اس میں گم ہو جائیں۔

بتان رنگ و خوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی نہ افغانی[19]

اخلاق و کردار سازی کی اہمیت اور تعلیمات نبوی

آقائے نامدار ﷺ سے بڑھ کر دنیا میں کوئی مفکر، مصلح، فلسفی اور رہبر نہیں آیا۔ آپ ﷺ نے تعلیم کا بنیادی مقصد انسانی معاشرے کی اصلاح اور خیر خواہی برائے رضائے الہی و محبت الہی قرار دیا ہے۔ اللہ تعالی نے آپ ﷺ کے اتباع کو کامیابی کے ساتھ اپنی محبت کا بھی ذریعہ بتایا ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ[20]

"کہہ دیجئے! اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری تابعداری کرو، خود اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف فرمادے گا اور اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا مہربان ہے"[21]

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اصلاح معاشرہ کے لیے ہمیں رسول اللہ ﷺ کا ہی اتباع کرنا ہوگا، جس نے دین اسلام کی پیروی کا حکم دیا ہے، جو انسان کے لیے سب سے بڑی خیر خواہی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: الدِّينَ النَّصِيحَةُ[22]

اس دین کی پیروی میں تمام انسانوں کی بھلائی ہے خواہ وہ حاکم ہو یا محکوم۔ کوئی بھی اس کی دنیوی و اخروی فلاح سے محروم نہیں ہوتا، جیسا کہ اسی حدیث کے آخر میں ہے: وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ[23]

معاشرہ یا سماج

انسانی افراد کا باہمی اختلاط و ارتباط ہی معاشرہ یا سماج کہلاتا ہے۔ یہ باہمی اختلاط آج کسی سے مخفی و پوشیدہ نہیں، اس کی حالت و کیفیت ہر کوئی اپنی آنکھوں سے اچھی طرح دیکھ رہا ہے۔ اس حالتِ زار پر دانشورانِ قوم اور قائدینِ ملت کس قدر ماتم کناں اور اشک بار ہیں، اس کا اندازہ معاشرے کے ہر درد مند اور اصلاح کے لئے بے چین اور فکر مند فرد خواہ وہ مرد ہو یا عورت، جوان ہو یا بوڑھا، سے لگایا جاسکتا ہے۔ اور ایسا ہونا بھی چاہیے کیونکہ ہم سبھی اسی معاشرے کا حصہ ہیں۔

اصلاح معاشرہ کے لیے فکر مندی

ہم میں سے ہر کوئی چاہتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں عدل و انصاف، اخوت و بھائی چارہ اور آپس میں محبت و مودت ہو، اتحاد و اتفاق کی فضا قائم ہو۔ لیکن چاہنے کے باوجود یہ خوبیاں اور اچھائیاں انسانیت سے رخصت ہو رہی ہیں اور ان کی جگہ شر و رو فتن بڑی سرعت کے ساتھ پھیل رہے ہیں۔ انہی حالات کے تناظر میں اکثر لوگ طرح طرح کے سماجی و اخلاقی بیماریوں کو دیکھ کر مایوس ہوتے نظر آتے ہیں۔ ہر طرف کشیدگی کا ماحول اور بے چینی کی کیفیت ہے، آخر ایسا کیوں ہے؟

مسئولیت کا احساس

غور و فکر کا مقام ہے اور ماضی پر نوحہ کناں ہونے کے بجائے اس سے سیکھنے اور مستقبل کے لئے ٹھوس لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ آخر کون سا مسئلہ ہے جس کا حل اسلام میں موجود نہیں ہے، اور یہ صرف اسلام کا کمال یا خاصیت اور اس کی حقانیت کی واضح دلیل بھی ہے۔ ہمارے سماج کی اصلاح کا واحد حل یہ ہے کہ ہم میں سے ہر کوئی اپنی ذمہ داریوں کو ڈیوٹی سمجھ کر نہیں بلکہ عبادت سمجھ کر نبھائے اور اپنی کردار و گفتار کو سیرت نبوی ﷺ کے سانچے میں ڈھالے تو یقیناً معاشرہ بدل جائے گا اور روح و قلب کے لیے باعث سکون و اطمینان بھی ثابت ہو گا۔ معلم انسانیت ﷺ نے ان ذمہ داریوں کا احساس اس طرح دلایا:

أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ[15]

"تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا"

باپ ہے تو اس پر اولاد کی تربیت کی ذمہ داری عائد ہے۔ اور اگر اولاد ہیں، تو ان پر والدین کی اطاعت اور خدمت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اسی طرح شوہر پر بیوی اور اولاد کی اصلاح اور نان و نفقہ کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اور بیوی پر شوہر کی اطاعت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اسی طرح سماج کے دیگر طبقات کے ایک دوسرے کے اوپر حقوق و فرائض عائد ہوتے ہیں، جس کی ادائیگی سے معاشرے میں خوشحالی اور سکون آسکتا ہے۔

اسی طرح معلم اور طلبہ، حاکم اور محکوم، سیاسی رہنما اور عوام کے ایک دوسرے کے اوپر حقوق و فرائض عائد ہوتے ہیں، جس کی ادائیگی سے سماج میں تہذیب و شائستگی آسکتی ہے اور مستقبل کی تاریکی دور ہو سکتی ہے، بصورت دیگر قوم و

بنایا جاسکتا اور نہ تربیت کے نام سے مخصوص ادارے چلا کر اساتذہ کو اپنی ذمہ داری سے سبکدوش قرار دیا جاسکتا ہے جب تک معاشرے کے تبدیلی میں اس کا مثبت کردار سامنے نہ آئے۔

اس سلسلے میں استاد اور شاگرد دونوں علم و عمل اور اجر میں شریک ہیں[11]، اور ان کا بڑا مقام بھی ہے، اگر عالم اور استاد کا ایک طرف بڑا رتبہ بیان ہوا ہے اور عالِم کی موت کو عالَم کا موت قرار دیا گیا ہے[12]، تو طالب علم کے مقام کو اتنا بلند بیان کیا گیا ہے کہ فرشتے ان کے راستہ میں پَر بچھاتے نظر آتے ہیں[13]، لیکن معاشرے کی موجودہ اخلاقی صورت حال نہایت افسوس ناک حد تک خراب نظر آتی ہے۔ علم و عرفان کے بڑے بڑے القابات، مسندوں، لوازماتِ زندگی کے نہایت اہتمامات کے باوجود اگر قتل و غارت، خون ریزی، تشدد، عدم برداشت وعدم رواداری، فساد وبگاڑ، جھوٹ، غیبت، بغض و حسد، بدگمانی، چغل خوری اور منشیات جیسی مہلک وتباہ کن برائیاں انجام پاتی رہیں، تو یہ غیر انسانی اور سماجی پستی کی بدترین صورت ہے۔ دوسری طرف غریب، نادار، مریضوں، یتیموں اور بے سہارا بچوں اور علاج معالجے کا خراب صورت حال، مالی اعتبار سے پریشان حال سماج، چوری وڈاکہ زنی، مالی غبن، بد دیانتی و بد عنوانی، جمہوری، سیاسی اور اجتماعی خراب صورت حال کو مسجد کے منبر سے چند افراد کے سامنے وعظ و نصیحت سے درست نہیں کیا جاسکتا۔ جب تک کلیات و جامعات اور اس سے وابستہ افراد یعنی استاد و شاگرد اس میں بنیادی اور مثبت کردار ادا نہ کریں۔

جدید تعلیم اور وسائل کی کثرت کے ساتھ فحاشی و عریانی کے بڑھتے ہوئے حالات میں احساسِ ذمہ داری کم ہوگئی ہے اور غیر ذمہ دارانہ رویے اپنائے گئے ہیں۔ دینی احکام و تعلیمات اور دینی امور میں عدم دلچسپی کی وجہ سے الحاد جیسے مسائل معاشرے اور جامعات میں بڑھ رہے ہیں۔ عقیدہ توحید و رسالت جیسے حساس امور بھی غیر اہم ہوگئے ہیں۔ جس پر اقبال نے یوں نوحہ کیا تھا:

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سر دارا

تمدن آفریں خلاقِ آئینِ جہاں داری
وہ صحرائے عرب یعنی شتربانوں کا گہوارا

غرض میں کیا کہوں تجھ سے کہ وہ صحرا نشیں کیا تھے
جہاں گیر و جہاں دار و جہاں بان و جہاں آرا

اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں
مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے وہ نظارا

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار، تو ثابت وہ سیارا

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

حکومت کا تو کیا رونا کہ وہ اک عارضی شے تھی
نہیں دنیا کے آئین مسلّم سے کوئی چارا[14]

اصلاح معاشرہ میں اسلامی اخلاق واقدار کا کردار

عصری تعلیم جس کا اس قدر اہتمام ہے کہ بچوں اور بچیوں کو دو، ڈھائی سال کے عمر میں اس میں داخل کر یا جاتا ہے، لیکن المیہ یہ ہے کہ یہی بچے، بچیاں بالغ ہونے کے باوجود اہم اور بنیادی امور دین بجالانے کو ضروری امر نہیں سمجھتے۔ مثلاً نماز، روزے کی ادائیگی اور قرآن کریم کی تلاوت کرنا اور اس کا معنی و مفہوم سمجھنا وغیرہ۔ عصری تعلیم اسکول جانے سے لے کر ہوم ورک، پروجیکٹ تیاری اور امتحان کی تیاری تک، ہر مرحلے کے لیے ہر طرح کی مال و وقت کی قربانی دینے کا ہمارے ہاں خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے، تاہم ان میں سے ایک بڑی تعداد کے لیے ضروریاتِ دین کے ضروری مسائل سے واقف ہونا ضروری ہے۔

نوجوان نسل کو ڈاکٹری، انجنیئرنگ اور دیگر علوم کا ماہر ضرور بنایا جائے اور اس کی ضرورت بھی ہے، تاہم سب سے پہلے ان کا اچھا مسلمان ہونا اس سے بھی ضروری امر ہے۔ بنیادی ارکانِ اسلام کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کی سیرت اور اسلامی تاریخ سے بھی ان کو ضرور آگاہی ہونی چاہیے، تاکہ ہمارے یہ بچے جو دنیاوی علوم کے ماہرین بننے کے ساتھ شریعت اسلامیہ کے بھی ماہر ہوں تاکہ کل بروز قیامت اللہ تعالیٰ کے سامنے ہمارے لیے باعث افتخار ہوں اور شرمندگی کا باعث نہ ہوں۔

اخلاقی تعلیم وتربیت

معاشرے کا رخ بدلنے اور سماج میں دیگر سرگرمیوں پیدا کرنے میں کلیات و جامعات کا عمل دخل کافی حد تک بڑھ گیا ہے، جس کا دیگر فوائد کے ساتھ ساتھ ایک بڑا نقصان یہ ہوا ہے کہ وہ مسجد و مدرسہ جن سے وابستہ افراد کی عبادات کے ساتھ ساتھ نظام معاشرت کے معاملات طے کرنے، تعلیم، امدادی و فلاحی سرگرمیوں، عام معاشرتی مسائل کے حل، انسانی خبر گیری، ایک دوسرے کے معاملات سے آگاہی، مریضوں کی عیادت، محلے اور علاقے سے برائیوں کا خاتمہ، نیکیوں کو فروغ دینے، عوام کی اخلاقی اور فلاحی تربیت کرنا اجتماعی ذمہ داری تھی، کلیات و جامعات کے زمام کاروں کے پاس چلی گئی۔ اس لحاظ سے آج کی سماجی ریفارم کی تمام تر ذمہ داریاں ان پر عائد ہوتی ہیں، جو ایک منصفانہ رائے ہے، کیونکہ اگر دیکھا جائے تو مسجد و مدرسہ میں سماج کا بہت کم فیصد افراد آتے ہیں اور اس کے مقابلے میں کلیات و جامعات میں کتنے زیادہ فیصد لوگ جاتے ہیں۔ اس تناسب کو مد نظر رکھتے ہوئے معاشرے کے بناؤ و بگاڑ کا احساس اور اس کی اصلاح کی ذمہ داریوں کو بھی قبول کر لینا چاہیئے۔

اسی طرح کسی بھی معاشرے کے بناؤ اور بگاڑ میں جس فرد کا مرکزی کردار ہے وہ استاد ہے، جن کا بنیادی کام علم کے ساتھ اخلاق کو پروان چڑھانا ہوتا ہے، جو آخری نبی کے وارث بھی ہیں، جن کی ذمہ داری علم و اخلاق[10] کی آبیاری تھی۔ لیکن افسوس! اس احساسِ ذمہ داری کو مغربی نظام تعلیم اور فکر و فلسفے نے معاشرے سے ختم یا محدود کر کے رکھ دیا ہے۔ محض سائن بورڈز پر امتحانات میں اول دوم اور سوم کے پوزیشنوں کے اشتہارات سے تعلیمی اداروں کو مستند اور کارآمد نہیں

سطحوں اور مختلف اقسام کے نصاب اور سلیبس میں اسلامی عقائد اور اسلامی احکامات کو مناسب طریق سے شامل کر سکیں۔ اس صدی کی اسلامی تحریکات نے اچھی اور قابل قدر ادب پیدا کیا ہے لیکن اس ادب کا زیادہ حصہ شہری مڈل کلاس کے لوگوں پر مبنی ہے جو اوسط یا زائد اوسط تعلیم کے حامل ہیں۔ چھوٹی عمر کے طبقات کے لیے، ان لوگوں کے لیے جو کہ عملی طور پر خواندہ ہیں اور اعلیٰ سطح کے فنی اور پیشہ ورانہ افرادی قوت کے لیے اس میں کوئی چیز نہیں ہے جو اسلامی عقائد اور احکامات کے علم کو کافی حد تک جذب کر سکیں اور متعلمین کے درمیان ایسے عقائد، رویے اور اقدار کو پروان چڑھا سکیں۔ لگتا یوں ہے کہ اس اشد ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کوئی باضابطہ منظم کوشش نہیں کی گئی ہے اور نہ ہی کوئی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔"

ان آراء کی روشنی میں اسلامی دنیا، خاص کر پاکستان جو اپنے کردار اور جغرافیائی حوالے سے اہمیت کا حامل ہے، ان میں ہر سطح اور ہر پیشہ و فن کے تعلیمی نصاب کو بنیادی اسلامی عقائد، اقدار اور تعلیمات سے ہم آہنگ نہیں کیا گیا۔ اس لحاظ سے ملک کی افرادی قوت اسلامی اقدار اور تعلیم و تربیت سے محروم ہیں جس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ تعلیم و تعلم میں دونوں (اساتذہ اور طلباء) بنیادی عناصر ہیں لہٰذا نظام تعلیم کا کوئی بھی شعبہ یا سطح ہو، ان سب کا تعلق تعلیم و تربیت سے ہی ہے۔ اور اسلام جو کہ جامع دین اور زندگی کے ہر شعبہ میں ایسی تعلیم و تربیت کا علم بردار ہے، جو اسلامی تعلیمات اور اقدار کے تابع ہو۔

تعلیمی ادارے اور اسلامی اخلاق واقدار کی صورت حال

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ آج کے دور میں تعلیم پر سب سے زیادہ زور دیا جاتا ہے۔ والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ بچوں کو اچھی سے اچھی تعلیم دلوائیں۔ اس مقصد کے لیے مقدور بھر سب سے مہنگے اداروں میں ان کو داخل کرایا جاتا ہے، تاکہ اچھی تعلیم پائیں اور ان کا مستقبل روشن ہو، لیکن دور جدید کے مسائل نے ان معمارانِ قوم کو اپنا مقصد بھلا دیا ہے۔ اور اچھی تعلیم کے نام سے وہ دھوکا دیئے جا رہے ہیں۔ اس تعلیم کی چند خامیاں درج ذیل ہیں:

تعلیم میں دینی تربیت کی کمی

اسلام میں عموماً علم کی پذیرائی کی گئی ہے جس کا اندازہ پہلی وحی کے پہلے لفظ "اقرا" سے لگایا جا سکتا ہے۔ مگر بدقسمتی یہ ہے کہ جدید دنیا میں عملی طور پر تعلیم کو محض دنیا آباد کرنے سے جوڑ دیا گیا ہے، جو رشد و ہدایت سے خالی ہے۔ حالانکہ اسلام میں جس علم کا ذکر ہے اس سے دونوں جہاں میں اعلیٰ مقام ملنے کا ذکر ہے۔ یہ خدا خوفی اور خدا شناسی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انسان شناسی اور انسانی خدمت کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ علم کے حصول میں اسلام کے سرچشمہ علوم قرآن و حدیث اور ان دونوں سے ماخوذ علم سے ہی راہنمائی ممکن ہے، جس کو سلیبس میں کم ہی توجہ دی جاتی ہے۔

رسی عدالت ہی کی ذمہ داری ہے۔ تاہم وطن عزیز پاکستان میں قانون کی اس ڈگری {ایل ایل بی-پانچ سالہ} میں اسلامی قانون کو متعارف کرنے والا اسلامیات کا ایک بھی مضمون شامل نہیں ہے۔ اگرچہ چند موضوعات جن میں اسلامی قانون وراثت، بیع و شرائع، اجتہاد، قیاس و اجماع، طلاق، خلع، نکاح کے حوالے سے بحث نصابِ تعلیم (برائے قانونی تعلیم) کی کتب میں مختصراً موجود ہیں، تاہم ان عنوانات کا تعلق ایک لحاظ سے قانون سے ہے، لیکن بحیثیت مجموعی وحی اور الہام کے بجائے عقلی علوم کی چھاپ زیادہ ہے۔ اس لحاظ سے اسلامیات کا لازمی قرار دینا ملک کے اندر سراسر زیادتی ہے، جس کا قصوروار نصابِ اسلامیات ٹھہرایا جاتا ہے۔[8]

اسی طرح زرعی تعلیمی جامعات اور کلیات میں نوجوان نسل کو اس فیلڈ میں ڈپلومے اور ڈگریاں دی جاتی ہیں، جو اندرون و بیرون ملک اپنے شعبہ میں خدمات سرانجام دے رہے ہوتے ہیں، تاہم نہ صرف یہ کہ ان کے کورسز میں کسی بھی سطح پر اسلامیات کی کوئی قابل ذکر کتاب شامل نہیں جو اسلامی نقطہ نظر سے زراعت کا تعارف کرا سکے، بلکہ ان اداروں میں اسلامی اقدار کی تعلیم و تربیت کی ترغیب بھی نہیں دی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ ان اداروں کے فارغ التحصیل اپنے مضمون میں اچھے زرعی ماہر تو بن سکتے ہیں، لیکن وہ قابل تقلید اسلامی ماہرین زراعت نہیں ہوتے۔ لہذا ان علوم کا اسلامی تعلیمات سے رشتہ استوار کرنے کے مواقع پیدا کیے جائیں تاکہ ایک طرف زراعی ترقی ہو تو دوسری طرف معاشرہ اخلاقی اور روحانی طور پر مضبوط ہو جائے، جو تعلیم کا اصل مقصد ہے۔ انسان نہ صرف پیٹ پالنے یعنی کھیتی باڑی کے لیے پیدا ہوا ہے، اور نہ محض روحانیات کے لیے، بلکہ ان دونوں کا مجموعہ انسان سے مطلوب ہے۔ ہر شعبہ زندگی میں اسلامی اقدار کا احیاء ضروری ہے۔ ان نصابات کو اسلامی تعلیمات کے تابع مرتب کرنا قومی تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ جس سے معاشرے میں سب ادارے روبہ عمل ہوں گے۔ جیسا کہ مسلم مفکرین کا خیال ہے:

> "Unfortunately, Muslim communities and nations are far from properly integrating Islamic belief and injunctions into the curricular and syllabi of various disciplines for different levels and types of education. The Islamic movements of this century have produced good and valuable literature. But most of it is oriented toward the urban middle-class people who possess an average or above average education. For the younger age groups for the mass of people who are fortunate to be functionally literate and for the high-level technical and professional manpower, there is next to nothing that can adequately disseminate the knowledge of Islamic belief and injections and cultivate it among the learners' such belief, attitude, and values. No systematic efforts seem yet to have been made or planned to meet this dire need".[9]

"بدقسمتی سے مسلمان معاشرے اور اقوام اس چیز سے کہیں زیادہ دور ہیں کہ وہ تعلیم کی مختلف

بھی متغیر رہتے ہیں۔ چونکہ نصابِ تعلیم قومی اہداف سے مشروط ہوتا ہے، اس لیے اس میں بھی وقتاً فوقتاً تبدیلیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک ترقی دوست ریاست وقت اور حالات کا ادراک کرتے ہوئے اپنی دیگر پالیسیوں کے ساتھ تعلیمی نظام کی فعالیت کو برقرار رکھنے کی خاطر اس میں بھی حسب ضرورت ترامیم واضافہ کرتی رہتی ہے۔ پاکستان کے نظام تعلیم میں مختلف ادوار میں تبدیلیاں لائی گئیں، لیکن وہ حقیقت پسندی کا مظہر نہ ہونے کی وجہ سے معاشرے پر مثبت اثرات مرتب کرنے میں ناکام رہیں، کیونکہ ان میں کوئی منطقی ربط اور تسلسل نہ تھا۔

مقاصد تعلیم کے حوالہ سے مسلم ماہرین تعلیم کے آراء کا خلاصہ یہ ہے کہ تعلیم وتربیت کا حقیقی مقصد یہی ہے کہ انسانی فطرت میں(علم الانسان مالم یعلم) کی جو قدرتی صلاحیت ہے، اس کو ممکن تک بروئے کار لانے کے لیے موزوں بنایا جائے، مانجھا اور صاف کیا جائے۔ تعلیم قدیم ہو یا جدید، سب کا حقیقی نصب العین یہی رہا ہے۔

جہاں تک بات ہے جدید تعلیم کی، کہ وہ انسان میں ریل وموٹر، گراموفون اور ریڈیو کے ایجاد کرنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے جس سے عام انسان یہ سمجھ جاتا ہے کہ واقعی دنیا کی عصری جامعات تعلیمی ادارے نہیں، بلکہ مصنوعات کے کارخانے ہیں۔ لیکن غور کرنے پر ان کو پھر تعجب ہوتا ہے کہ تاریخ، فلسفہ، معاشیات، نفسیات، اور لسانیات کے اساتذہ ہی نہیں، جو فنون کے معلم ہیں، بلکہ سائنس وحکمت کے ماہرین کی بھی کوئی موٹر جب خراب ہوتی ہے تو بنانا تو دور کی بات، وہ معمولی کَل پرزوں کی اصلاح بھی نہیں کرسکتے۔ عالم، ماہر اور پروفیسر کھڑا دیکھتا رہ جاتا ہے اور جاہل اپنی فنی مہارت کا ثبوت دکھاتا رہتا ہے۔

الغرض تعلیم گاہوں میں جو بھی تعلیم دی جاتی ہے، اس کا تعلق علمی نظریات اور کلیات سے ہوتا ہے۔ ایسے نظریات اور کلیات جن کی روشنی میں فطرت کے قوانین واضح ہوتے ہیں۔ اب یہ ہوسکتا ہے کہ ان ہی قوانین کے علم سے آدمی کسی ایسی چیز کو ایجاد کرلے جس کا علم پہلے سے اسے حاصل نہ تھا۔ مطلب یہ ہے کہ جامعاتی تعلیم ایجادات واختراعات کے لیے مقدمہ کا کام دے سکتی ہے، لیکن یہ باور کرنا کہ ان جامعات میں بھی چیزوں کے بنانے اور ڈھالنے کا کام طلبہ سے کرایا جاتا ہے۔ نہ یہ واقعتاً ہے اور نہ یہ مدارس وجامعات کے قیام کی غرض ہے۔ تعلیم کی غرض جو ہمیشہ سے تھی، وہی مقصد اب بھی ہے پہلے وہی ما لم یعلم (جسے نہیں جانتا) کے متعلق یعلم (انہیں جاننے) کی صلاحیتوں کی نشوونما میں کوشش کی جاتی تھی اور اب بھی جبلت بشری کی اسی عجیب وغریب قدرتی ودیعت کو ابھارنے اور اجاگر کرنے میں سارا زور صَرف کیا جاتا ہے، خواہ وہ فنون کا شعبہ ہو یا سائنس (حکمت) کا۔[7]

قانون پڑھانے والے تعلیمی اداروں کا کام نظامِ قضاء کے بارے میں تعلیم وتربیت دینا ہوتی ہے۔ عدل وانصاف، حلال حرام، صدق وکذب، عفوودرگزر، صبر واستقلال کا خاص طور پر اس نظام سے مضبوط رشتہ استوار ہے۔ اسلامی اقدار کے احیاء کا عملی ذمہ دار یہی نظامِ قضاء ہے۔ معاشرے میں تصفیہ طلب امور کے حل اور حق دار کو حق دلانا اور مظلوم کی داد

بنیادی اقدامات کئے جائیں گے، جن کی رو سے وہ بنیادی ماخذ دین یعنی قرآن و سنت کے مطابق زندگی کا مفہوم سمجھ سکیں۔[2]

آئین پاکستان میں مسلمانان پاکستان کے لیے درج ذیل کوشش بروئے کار لانے کی یقین دہانی کی گئی ہے:

- قرآن مجید اور اسلامیات کو لازمی قرار دینے، عربی زبان کی حوصلہ افزائی اور اس کے لیے سہولت مہیا کرنا اور قرآن مجید کی صحیح اور من و عن طباعت و اشاعت جیسے امور اس میں شامل ہیں۔
- اسلامی و اخلاقی معیاروں کی پابندی اور اتحاد کو فروغ دینا۔[3]
- مملکت کے پسماندہ طبقات اور علاقوں کی تعلیمی اور معاشی حالت کو خصوصی توجہ اور فروغ دینا۔
- ناخواندگی کے خاتمہ کے ساتھ مفت اور لازمی ثانوی تعلیم مہیا کرنا۔
- فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم کو عام اور ممکن الحصول بنانے کے ساتھ اعلیٰ تعلیم کو اہلیت کی بنیاد پر تمام شہریوں کے لیے مساویانہ بنیادوں پر قابل دسترس بنانا۔
- ہر علاقے کے افراد کو تعلیمی، تربیتی اور دیگر قومی سرگرمیوں کے ذریعے پاکستان کی خدمت میں شامل کرنا۔[4]
- پاکستان کا مملکتی مذہب اسلام ہو گا، اور قرارداد مقاصد مستقل احکام کا حصہ رہے گا۔[5]

قرارداد مقاصد

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی نمائندہ مجلس دستور ساز نے دیگر فیصلوں کے علاوہ تعلیم کو اسلام کے اصولوں کے مطابق ڈالنے کے لیے بھی نہایت قابل قدر کوششیں کیں ہیں، جس کا تذکرہ دستور کے اندر مختلف پیروں میں کیا گیا ہے جس کا تذکرہ مشتاق الرحمٰن ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> "ہمارے ملکی تعلیمی ادارے مغربی طرز پر اور اسلامی مدارس قدیم طرز پر ہیں، جو تعلیم میں تفریق اور دوئی کی نشان دہی کرتے ہیں۔ ایک طرف مادی ماحول کے تقاضوں کی پاسداری کا اہتمام تو دوسری طرف اپنے بنیادی نظریہ حیات کو محدود کرتے ہوئے ایسی نصابی قدغنیں لگا دی گئی ہیں، جو مدرسے کے نظامِ تعلیم کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہونے دیتیں۔ نتیجتاً دونوں طرح کے نظام ہائے تعلیم سے نکلنے والے افراد میں کسی قسم کی کوئی ذہنی و فکری ہم آہنگی پیدا نہیں ہو سکی بلکہ دونوں کے فکر و نظر میں تضاد پیدا ہوا اور ایک دوسرے کے حریف ٹھہرے"[6]

نئی نسل کو ذہنی، فکری، علمی اور عملی طور پر تیار کرنا تعلیمی اداروں کا کام ہے۔ ان کے نصاب تعلیم کا دار و مدار ریاست کی قومی تعلیمی پالیسی پر رہتا ہے، جو مستقبل کے اہداف کا تعین کیا کرتے ہیں، جسے مقاصد تعلیم سے جانا جاتا ہے، جو وقت اور حالات کے ساتھ ساتھ دیگر ریاستی امور و معاملات کی طرح تبدیلیوں اور تغیرات سے گزرتے ہیں، اور یوں تعلیمی اہداف

کے ساتھ ساتھ فلاحِ اخروی کے واضح راہنما اصول بھی اس میں موجود ہیں۔ آپ ﷺ نے اسلامی اخلاق واقدار کی ایسی تعلیم دی ہے جس کے بغیر صحیح انسانی تہذیب وتمدن کی بقاء اور معاشرے کی تعمیر وترقی ممکن نہیں۔[1]

موضوع ہذا کی اہمیت کا جائزہ لیا جائے تو دنیا میں اصولِ حکمرانی، انسانی فلاح وبہبود پر مبنی معاشرہ اور امن وسلامتی سے ہمکنار کرنے والے افراد ناپید ہوتے جارہے ہیں۔ ایسے حالات میں اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسلامیات کی تدریس کے ذریعے اعلیٰ اسلامی اخلاقیات واقدار کا احساس طلبہ کے اندر اجاگر کیا جاسکتا ہے۔ حسنِ اخلاق اور بہترین اقدار کے توسط سے رہنما اصولوں پر مبنی ایک شعوری انسانی معاشرہ کی تشکیل کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔

اسلامی اخلاق واقدار کے ذیل میں یہ بات نہایت ہی واضح ہے کہ ایک زمانہ تھا، جس میں انسان اپنی خود پسندی اور انا کا شکار تھا، جو کسی جگہ Adjust نہیں ہو پارہا تھا، لیکن اسلام نے اعلیٰ تعلیم، اخلاق اور اقدار کے ذریعے اسے بنیان مرصوص میں تبدیل کر دیا اور معاشرہ کے ہر فرد کو احساسِ ذمہ داری سے روشناس کیا، جس نے ہر ایک کو مناسب مقام اور حیثیت دی۔ ظلم وناانصافی کو مٹا کر ہر فرد کو دوسروں کے لیے خیر خواہ ومددگار بنایا۔ یہ سب کچھ محض زیورِ تعلیم ہی کے ذریعے سے ممکن ہوا، جو اسلام کی نظر میں ایک بہترین علاج ہے کہ جس نے انسانی انانیت وخود پسندی کو کم کر کے انسان کو مفید اور موزوں معاشرتی فرد بنا دیتا ہے۔

اسلام کی نظر میں ایسی افراد سازی، جو عظیم اخلاق واقدار اور کردار سے مزین ہو، ایک جہاد عظیم ہے۔ جن کا مطمع نظر انسانی فلاح وبہبود کے توسط سے محض رضائے الٰہی کا حصول ہو۔ انسانی خیر خواہی اور فلاح معاشرہ کے لیے ان کی گردنیں محض رضائی الٰہی کے حصول کے لیے کٹتی اور جھکتی ہیں۔ ایسے معاشرے اور ریاست کو اسلام نے بہترین اور مثالی قرار دیا ہے، جہاں تمام رعایا کی دنیوی واخروی خیر خواہی اور مفاد کو مدنظر رکھا جاتا ہو۔ اسی کو فلاحی ریاست کہا جاتا ہے جو حقوق کی ترسیل میں مسلم اور غیر مسلم کی تفریق کو بھی روا نہیں رکھتی ہے۔ ان تمام تر خوبیوں کو نکھارنے کا تعلق محض تعلیم سے نہیں، بلکہ اسلامی تعلیم واخلاقیات سے ہے۔ لہٰذا اگر یہ ضروری ہو کہ فرائض کی انجام دہی کے لیے احساس ذمہ داری پیدا ہو، تو دیگر نصابات ہائے تعلیم میں اسلامی اخلاق اور اقدار کے تعلیم وتربیت پر زیادہ توجہ دینا ہوگی، تاکہ اپنے دور کے چیلنجز سے عہدہ براں ہو کر موجودہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مقاصد تعلیم کو حاصل کیا جاسکے۔ اس تناظر میں مقالہ ہذا درج ذیل مباحث پر مشتمل ہے:

تعلیمی ادارے اور مقاصد تعلیم کا باہمی تعلق

مقاصد تعلیم سے مراد یہ ہے کہ ہم وطنِ عزیز کے شہریوں کو جس مقصد کے لیے تیار کرنا چاہتے ہیں، اس کے لیے آئین پاکستان کی کون کون سے دفعات ہماری راہنمائی کرتیں ہیں؟ اس سلسلے میں درج ذیل دفعات کو پیش کیا جاسکتا ہے:

- پاکستانی مسلم سماج کے انفرادی واجتماعی زندگی اسلام کے بنیادی اصول وتصورات کے مطابق ڈالنے کے لیے

اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسلامی اخلاق واقدار کی اہمیت:
مستقبل کے معمارانِ قوم کی تربیت اور عصری چیلنجز کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ

The Significance of Islamic Ethics in Higher Educational Institutions: An Analytical Study in backdrop of the Training of Future Architects of the Nation and Contemporary Challenges

*ڈاکٹر نور حیات خان

** ڈاکٹر شعیب عارف

ABSTRACT

High moral and spiritual values are the most superb differentia of Islam. Islam first emphasizes the cultivation of moral and spiritual values and most of the teachings of Islam contain material for the moral and spiritual training of man and their aim is to shape man in terms of character.

The main purpose of education is the moral and spiritual training of a person. In today's modern era, the importance of higher education institutions, especially colleges and universities, has become even more important to provide high moral and spiritual training to students. Because these students of higher educational institutions will be the architects of the future and role models for future generations, this work can be done well through the teaching of Islamic studies and Islamic subjects within institutions of higher education. It is also the primary responsibility of the teachers of the Islamic Departments to give high moral and spiritual training to the students in the light of the arguments of the Quran and Hadith and also to organize practical training for the students in their classes. Without developing high moral and spiritual values, they cannot prepare the students coming to colleges and universities for a better future. We can lay the foundation of modern and developed society only by having high moral and spiritual values.

KEYWORDS

Ethics, Moral Values, Educational Morals, Moral Values in Higher Educational Institutions.

آخری رسول حضرت محمد ﷺ کی مبارک زندگی انسانی خیر خواہی کے اعمال سے عبارت ہے اور دنیاوی فلاح و بہبود

*ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

** لیکچرر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code:

Article

اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسلامی اخلاق واقدار کی اہمیت: مستقبل کے معمارانِ قوم کی تربیت اور عصری چیلنجز کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ

The Significance of Islamic Ethics in Higher Educational Institutions: An Analytical Study in backdrop of the Training of Future Architects of the Nation and Contemporary Challenges

Authors: Dr. Noor Hayat Khan[1], Dr. Shoaib Arif[2]

Affiliations: [1]NUML, Islamabad, Pakistan. [2]University of Gujrat, Gujrat, Pakistan.

Published: 30 June 2022

Article DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u16

QR Code

Citation: Noor Hayat Khan, Dr. and Shoaib Arif, Dr. *"The Significance of Islamic Ethics in Higher Educational Institutions: (An Analytical Study in backdrop of the Training of Future Architects of the Nation and Contemporary Challenges)"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 259–277

Copyright Information:

اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسلامی اخلاق واقدار کی اہمیت: مستقبل کے معمارانِ قوم کی تربیت اور عصری چیلنجز کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ The Significance of Islamic Ethics in Higher Educational Institutions: An Analytical Study in backdrop of the Training of Future Architects of the Nation and Contemporary Challenges © June 2022 by Dr. Noor Hayat Khan & Dr. Shoaib Arif is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information:

Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

58۔ العاصم، محمد ادریس، تدریب المعلمین، ص66

59۔ زرنوجی، تعلیم المتعلم طریق التعلم، ص30

60۔ ابن جماعۃ، تذکرۃ السامع والمتکلم فی ادب العالم والمتعلم، ص131

61۔ زرنوجی، تعلیم المتعلم طریق التعلم، ص61

62۔ ایضاً، ص49

63۔ ایضاً، ص38

64۔ ایضاً، ص51

65۔ العاصم، محمد ادریس، تدریب المعلمین، ص58

66۔ ابن عبد البر، جامع بیان العلم وفضلہ، المکتبۃ التجاریۃ، مکہ مکرمہ، 1994، ص24

67۔ زرنوجی، تعلیم المتعلم طریق التعلم، ص53

68۔ ایضاً، ص55

69۔ العاصم، محمد ادریس، تدریب المعلمین، ص68

70۔ أبو داود، سنن أبي داود، رقم الحدیث:316، 1/85

71۔ ابن عبد البر، جامع بیان العلم وفضلہ، ص24

72۔ غزالی، احیاعلوم الدین، 1/77

73۔ ایضاً، ص61

74۔ زرنوجی، تعلیم المتعلم طریق التعلم، ص66

75۔ ایضاً، ص23، 24

نسخ کے دفاع یا ان کی روایتی تعبیر کی حامل تفاسیر

اس عنوان کے تحت برصغیر کی ان تفاسیر کا مطالعہ شامل ہے جن میں نسخ کو جائز قرار دیا گیا یا ان کی روایتی تعبیر کی گئی ہے۔ ان تفاسیر میں سے متعلقہ موضوع پر مطالعے کے لیے جن تفاسیر کا انتخاب کیا گیا ہے، ان میں علامہ غلام رسول سعیدی کی "تبیان الفرقان" اور "تبیان القرآن"، مولانا امین احسن اصلاحی کی "تدبر قرآن"، مفتی محمد شفیع کی "معارف القرآن" اور مولانا ابو الاعلیٰ مودودی کی "تفہیم القرآن" شامل ہیں۔

القدر صحابی بھی شامل ہیں، ان کے نسخ پر اقوال ملتے ہیں جن کو امام ابن جریر علیہ الرحمہ نے نقل کیا ہے۔ نسخ پر ان حضرات کی الگ تو کوئی تصنیف نہیں ملتی البتہ اس موضوع پر ان کی گفتگو نے اس کی اہمیت کو بڑھا دیا ہے۔ یہ اسلامی علوم کی ایک مستقل اصطلاح ہے جس کی اپنی مخصوص تعریف اور شرائط ہیں۔ نسخ کوئی چھری نہیں کہ جس عقیدے کو چاہے باطل کر دے، جس تاریخی بیان کو چاہے بدل دے، جس قانون کو چاہے کالعدم قرار دے دے، جس اخلاقی ضابطے کو چاہے ملیامیٹ کر دے، نہ اس کے لیے وقت کی پابندی ہو اور نہ اس قانون پر مسئلے کی نوعیت کا کوئی اثر ہو۔ بلکہ جس حکم کو جب مصلحت کے خلاف دیکھا کالعدم قرار دے دیا۔ اس قسم کا کوئی بھی تصور نسخ سے متعلق درست نہیں۔ یہ ایک اسلامی اصطلاح ہے جسے اپنے دائرے اور پابندیوں میں رکھتے ہوئے نافذ العمل کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو مختلف پیدا کیا ہے۔ پہلے لوگوں کو جس چیز کی ضرورت تھی لازم نہیں ہے کہ اُن سے بعد میں آنے والے لوگوں کو بھی اسی چیز کی ضرورت ہو۔ یہ چیز نسخ کے عمل کو برقرار رکھتی ہے۔ جدیدیت پسندوں کے مطابق قرآن میں جہاں نسخ کا ذکر آیا ہے اس سے مراد سابقہ شریعتوں کو منسوخ کرنا ہے، قرآن کریم کی آیات کے ذریعے دوسری آیات منسوخ کرنے کا کوئی ذکر نہیں۔ [1] جبکہ جمہور محققین کا موقف یہ ہے کہ سابقہ ادیان کی طرح اسلامی شریعت میں بھی نسخ واقع ہوا ہے۔ متقدمین و متاخرین مفسرین کرام کا یہ اسلوب رہا ہے کہ انہوں نے تفسیر کرتے وقت نہ صرف نسخ پر بحث کی ہے بلکہ علوم القرآن کی دیگر اصطلاحات کو بھی تفصیلاً یا اجمالاً ذکر کیا ہے۔ زیر نظر مضمون میں نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات سے متعلق معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ پیش کیا جائے گا۔

نسخ کے انکار یا ان کی تعبیر جدید کی حامل تفاسیر

اس عنوان کے تحت ان تفاسیر کا مطالعہ شامل ہے جن میں نسخ کی تردید اور اس سے متعلق زیر بحث آنے والی قرآنی آیات کی جدید تصور کی روشنی میں تعبیر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں دو تفاسیر کا انتخاب کیا گیا ہے۔ جن میں سے ایک سیر سید احمد خان کی "تفسیر القرآن" اور دوسری غلام احمد پرویز کی "لغات القرآن" ہے۔

تفسیر القرآن

سیر سید احمد خان برصغیر کے پہلے مفسر ہیں جنہوں نے مغربی فکر سے متاثر ہو کر تجدد پسندانہ تفسیری نقطہ نظر اختیار کیا۔ ان کا موقف یہ ہے کہ قرآن کریم میں کوئی بھی حکم ایسا نہیں ہے جس کو ہم ناسخ یا منسوخ کہہ سکیں۔ [2] یہ کہتے ہیں کہ ارشاد باری تعالیٰ "مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا [3]" میں لفظِ آیت سے قرآنی آیت مراد نہیں ہے بلکہ اس سے حضرت موسیٰ کی شریعت کے وہ احکام مراد ہیں جنہیں یہودیوں نے بھلا دیا تھا یا جنہیں شریعتِ محمدی ﷺ میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ ہمارے نزدیک قرآن کریم جو کچھ موجود ہے وہ وہی ہے جو نبی اکرم ﷺ کے زمانہ مبارکہ میں تحریر ہو چکا ہے۔ قرآن کریم کی کوئی بھی آیت ایسی نہیں ہے جسے منسوخ قرار دیا جائے۔ قرآن کریم میں جہاں جہاں نسخ کا

نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات: معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ

Different Interpretations of the Qur'an: A Study of Contemporary Commentary Trends

*محمد رفاقت علی

**ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ

ABSTRACT

From the very beginning, abrogation has been given special importance by Muslim scholars. There is a consensus among the Muslim Ummah on the fact of abrogation. Only a few people denied this fact. Everyone has agreed on the occurrence of abrogation in the Holy Qur'an; however, scholars and researchers have been differing in its nature. Qur'anic exegetical literature has great importance among Islamic scholars. While interpreting the Holy Qur'an, various commentators have discussed the abrogation in detail. The commentators of Urdu Qur'anic exegetical literature also seem to be in favour of abrogation in the Holy Qur'an. In these commentaries, not only the verses related to abrogation have been described, but in some commentaries, the causes and circumstances of revelation have been described in such detail that after reading these commentaries, there remains no need to search for related books.

Sir Syed Ahmad Khan and Ghulam Ahmad Pervez are among the commentators who have worked hard to harmonize the commentary with Western thought. As a result of this struggle, they denied the abrogation in the holy Quran.

Most of the commentators of the subcontinent agree that the Qur'anic Verses may have been abrogated. However, they split into two groups. Some have expanded the concept of abrogation, while others have accepted the abrogation of only a few verses of the Holy Qur'an. There was a need to highlight and compare the views of both classes. The article under review is an attempt to fill this gap.

KEYWORDS

Muslim Ummah, Abrogation in Holy Qur'an, Sir Syed Ahmad Khan, Ghulam Ahmad Pervez.

قرآن حکیم میں بیان کردہ علوم میں سے "نسخ" کو بڑی اہمیت اور شان حاصل ہے۔ اسی وجہ سے متقدمین محققین نے اس عنوان پر مستقل کتب تحریر کی ہیں اور اولین مفسرین جن میں سے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ایسے جلیل

*پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی

**اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات: معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ Different Interpretations of the Qur'an: A Study of Contemporary Commentary Trends
Authors	Muhammad Rifaqat Ali[1] Dr. Muhammad Atif Aslam Rao[1]
Affiliations	[1]University of Karachi, Karachi.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u14
QR Code	
Citation	Rifaqat Ali, Muhamamd, and Atif Aslam Rao, Muhammad, Dr. *"Different Interpretations of the Qur'an: A Study of Contemporary Commentary Trends"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 229–239
Copyright Information:	نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات: معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ Different Interpretations of the Qur'an: A Study of Contemporary Commentary Trends © June 2022 by Muhamamd Rifaqat Ali & Dr. Muhammad Atif Aslam Rao is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

15۔ واقدی، محمد بن عمر، کتاب المغازی، تحقیق: مارسدن، جونس، مطبع جامع آکسفورڈ، 1966ء، 1/395

16۔ قسطلانی، المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، 1/231

17۔ محمد بن یوسف صالحی شامی، سبل الھدی والرشاد فی سیرۃ خیر العباد، مترجم: ذوالفقار علی ساقی، زاویہ پبلشرز، لاہور، 2015ء، 1/34

18۔ ایضاً، 12/498

19۔ ایضاً، 1/370

20۔ ایضاً، 1/33

21۔ یہ گاؤں دمشق کے قریب قاسیون نامی بلند پہاڑ کے دامن میں واقع ہے۔ قدیم زمانے میں اسے "ربۃ النخل" اور "قریۃ الجبل" کے ناموں سے پکارا جاتا تھا۔ اس کے دامن میں انبیاء کرام علیہم السلام اور دیگر اولیاء کی قبریں موجود تھیں۔ اصحاب کہف کی قبریں بھی اسی جگہ موجود ہیں۔ (احمد بن علی المنینی (م:1172ھ)، الاعلام بفضائل الشام، دار الکتب العلمیہ، بیروت، 1987ء، ص73)

22۔ الشعرانی، عبدالوہاب بن احمد، الطبقات الصغریٰ، دار احیاء التراث العربی، بیروت، 1996ء، ص65

23۔ ایضاً، ص65

24۔ الکتانی، عبدالحی بن عبدالکبیر، فہرس الفہارس، دار ابن حزم، بیروت، 1408ھ، 2/1062

25۔ الہیثمی، احمد بن حجر، الخیرات الحسان فی مناقب ابی حنیفہ النعمان، النشر والتوزیع، بیروت، 1993ء، ص10

26۔ عبدالحی ابن العماد، شذرات الذھب فی اخبار من ذھب، دار الغرب الاسلامی، بیروت، 1987ء، 7/250

27۔ سید امیر علی، روح اسلام، مترجم: محمد ہادی حسین، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، 1986ء، ص3

28۔ الازہری، پیر محمد کرم شاہ، ضیاء النبی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 1/47، 79، 80، 348، 480

29۔ وشنوی، محمد قوام، حیاۃ النبی وسیرتہ، دارالاسوۃ، المنتظمۃ اوقاف، ایران، 1416ھ، ص:200، 33، 40، 56، 66، 303، 29

30۔ بغدادی، اسماعیل پاشا، ھدایۃ العارفین، مکتبہ الاسلامیہ والجعفری تبریزی، تہران، 1974ء، 1/90

31۔ مرادی، محمد خلیل آفندی، سلک الدرر فی اعیان القرن الثانی عشر، دار ابن حزم، بیروت، 1408ھ، 1/76

32۔ بغدادی، اسماعیل پاشا، ایضاح المکنون، مکتبہ الاسلامیہ والجعفری تبریزی، طہران، 1974ء، 1/16

33۔ محمد بن فضل اللہ محبی، خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر، دار صادر، بیروت، 3/124

34۔ شہاب الدین احمد خفاجی، نسیم الریاض فی شفاء القاضی عیاض، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 2001ء، 1/10

35۔ زرکلی، الاعلام، 1/74

36۔ عمر رضا کحالۃ، معجم المؤلفین، النشر والتوزیع، بیروت، 1993ء، 10/102

37۔ زرقانی، محمد بن عبدالباقی بن یوسف، شرح العلامۃ الزرقانی علی المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، دار الکتب العلمیہ، بیروت، 1996ء، 2/461

38۔ محمد عبدالحی کتانی، فہرس الفہارس، 2/1108

39۔ زرکلی، اعلام، 8/218

40۔ کحالۃ، معجم المؤلفین، 3/276

41۔ نبہانی، یوسف بن اسماعیل، الدلالات الوضحات، دار احیاء التراث العربی، بیروت، 1996ء، ص139

خلاصۂ بحث

پیش کردہ معروضات کا خلاصہ یہ ہے کہ پوری دنیا میں سب سے زیادہ پیغمبر اسلام ﷺ کی سیرت پر لکھا گیا ہے۔ عہد نبوی ﷺ سے لیے کر آج تک مختلف ادوار حکومت میں اس موضوع پر لکھا جاتا رہا ہے۔ خلافت عثمانیہ کے وسیع تر دور میں سیرت النبی ﷺ پر بڑے دلگداز اور عمدہ انداز میں کتب تالیف کی گئی ہیں۔ اس سے اس دور کے محدثین کی اس موضوع سے وابستگی کا اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے سیرت النبی ﷺ کے تمام پہلوؤں پر مستقل تحریرات مرتب کیں ہیں، انہوں نے سیرت نگاری کے ارتقا میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس دور کے سیرت نگاروں کی خصوصیت رہی ہے کہ انہوں نے فارسی، ترکی اور عربی تینوں زبانوں میں رسول اللہ ﷺ کے حالات زندگی کو تحریر کیا ہے۔ بعض سیرت نگاروں نے قدیم کتب سیرت کی تشریحات لکھی ہیں۔ سیرت النبی ﷺ سے استفادہ کو آسان بنانے کے لیے رسالہ جات تحریر کیے گئے، نثری سیرت نگاری کے ساتھ ساتھ عثمانی شعراء نے بھی نبی کریم ﷺ کی سیرت کو منظوم شکل میں بیان کیا ہے۔ سطور بالا میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے منتخب عربی کتب سیرت کا جائزہ پیش کیا گیا ہے تاکہ علمی دنیا میں ان سے استفادہ کیا جاسکے۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ مبارک پوری، قاضی اطہر، تدوین سیر ومغازی، شیخ الہند اکیڈمی، دارالعلوم دیوبند، 1410ھ، ص171

2۔ ملاحظہ ہوں: عروہ بن زبیر، مغازی رسول اللہ ﷺ، محقق: ڈاکٹر مصطفی اعظمی، مترجم: محمد سعید علوی، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور، 1987ء، ص24؛ حاجی خلیفہ، کشف الظنون، مطبع استنبول، ترکی، 1943ء، 2/1012

3۔ فقیر سید عبدالاحد شاہ ترمذی، السیرۃ المحقق ماخذ الموفق، الوثائق، لاہور، 2014ء، ص9

4۔ سورہ احزاب: 6/60

5۔ عائشہ باعونیہ، البدیعیہ وشرحھا الفتح المبین فی مدح الامین، تحقیق: عادل عزوی وعباس ثابت، دار کنان للنشر والتوزیع، دمشق، 2009ء، ص27

6۔ شیخ نجم الدین محمد غزی، الکواکب السائرۃ باعیان المائۃ العاشرۃ، دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1997ء ج:1، ص:288

7۔ خیر الدین زرکلی، الاعلام، دار العلم للملایین، بیروت، لبنان، ج:3، ص:241

8۔ ثروت صولت، ملت اسلامیہ کی مختصر تاریخ، مکتبہ جدید پریس، لاہور، 2014ء، ج:2، ص:95

9۔ غزی، نجم الدین بن محمد (1650ء)، الکواکب السائرۃ باعیان المائۃ العاشرۃ، دارالکتب العلمیہ، بیروت، 1997ء، ج:1، ص:127

10۔ عبد الحي بن أحمد بن محمد ابن العماد الحنبلي، شذرات الذهب في أخبار من ذهب، دار الشؤون الثقافية العامة، بغداد، 1988ء، 8/122

11۔ قسطلانی، احمد بن محمد شہاب الدین، المواھب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1996ء، 1/231

12۔ ابن ہشام، عبد الملک، السیرۃ النبویۃ، تحقیق: مصطفیٰ السقا، ابراہیم الابیاری، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، 1995ء، 3/226

13۔ ابن سعد، محمد بن سعد، الطبقات الکبریٰ، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، 1/280

14۔ ابن حبان، محمد بن حبان بن احمد التمیمی، کتاب الثقات، تحقیق: ابراہیم شمس الدین، دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، 1998ء، 1/96

اور قصائد کے ذریعے اسلام اور پیغمبرِ اسلام ﷺ کا دفاع کیا تھا۔ اور بعض مسیحی حضرات کی طرف سے اسلام کے خلاف چلائی جانے والی مہم کا علمی و عقلی دلائل سے رد کیا تھا۔ آپ نے سنت کا دفاع کیا اور بدعت کی تردید کی۔ آپ نے اجتہاد کے نام پر بدعات کے جواز کو تلاش کرنے کی کوششوں کو بھی ناکام کیا۔[41]

آپ کی تصنیفات کی فہرست کافی طویل ہے،، اُن میں "الشرف المؤبد لآل محمد ﷺ"، "وسائل الوصولی الی شمائل الرسول"، "افضل الصلوات علی سید السادات"، "الانوار المحمدیه مختصر المواهب اللدنیة"، "النظم البدیع فی مولد الشفیع"، "طیبة الغراء فی مدح سیّد الانبیاء مع حاشیتها"، " الاحادیث الاربعین فی فضائل سید المرسلین"، " الاحادیث الاربعین من امثال افصح العالمین"، "سعادة المعاد فی موازنة بانت سعاد"، "حجة الله علی العالمین فی معجزات سید المرسلین"، "خلاصة الکلام فی ترجیح دین الاسلام"، "سعادة الدارین فی الصلاة علی سید الکونین"، "رسالة فی مثال النعل الشریف"، "صلوات الثناء علیٰ سید الانبیاء"، "قصیده القول الحق فی مدح سید الخلق"، "هادی المرید الی طرق الاسانید"، "قصائد، السابقات الجیاد فی مدح سید العباد"، "جامع الصلوات و مجمع السعادات"، "الفضائل المحمدیة"، "الورد الشافی مختصر الحصن الحصین"، "المذدوجة الغراء فی الاستغاثةباسماءِ الله الحسنیٰ"، "الصلوات الالفیه فی الکمالات المحمدیه"، "ریاض الجنة فی اذکار الکتاب و السنة"، "الاستغاثة الکبری باسماء الله الحسنیٰ"، "المجوعة النبهانیة فی المدائح النویة مع حاشیتها"، "الخلاصة الوفیة فی رجال المجوعة النبهانیة"، "الفتح الکبیر فی ضم الزیادة الی الجامع "، "صلوات الاخیار علی النبی المختار"، "ارشاد الحیاری فی تحزیر المسلمین من مدارس النصاری"، "الاسالیب البدیعة فی فضل الصحابة و اقناع الشیعة"، "السهام الصائبة لاصحاب الدعادی الکاذیة"، "جامع کرامات الاولیاء"، "هدایة الرحمٰن فی الرد علی هدایة الشیطان "، "قصیده الرائیة الکبریٰ"، "قصیده الرائیة الصغریٰ "، "جواهر البحار فی فضائل النبی المختار"، "شواهدالحق فی الاستغاثة بسیدا لخلق"، "الاحادیث الاربعین فی وجوب طاعة امیر المومنین"، "نجوم المهتدین فی معجزاته و الرد علی اعداءه اخوان الشیاطین"، "احسن الوسائل فی نظم اسماء النبی الکامل "، "البرهان المسدد فی اثبات نبوة سیدنا محمد ﷺ"، " کتاب الاسماء فی ما لسیدنا محمد ﷺ من الاسماء"، " اتحاف المسلم"، "مختصر ریاض الصالحین للنووی"، "منتخب الصحیحین"، "تهذیب النفوس فی ترتیب الدروس"، "اربعین فی فضل عثمانؓ"، "اربعین فی فضل ابی بکرؓ و عمرؓ و غیرهما"، "اربعین فی فضل ابی بکرؓ"، "اربعین فی فضائل عمرؓ"، "اربعین فی فضائل علیؓ"، "قّرة العینین علی منتخب الصحیحین "، "قرة العینین من البیضاوی والجلالین"، "جامع الثناء علی الله وهو یشتمل علی جملة من احزاب اکابر الاولیاء"، " مفرح الکُروب"، "جزب الاستغاثات"، "حُسن الشرعة فی مشروعة صلواة الظهر بعد جمعة"، "الرحمة المهداة فی فضل الصلاة"، "دلیل التجار الی اخلاق الاخیار"، "سبیل النجاة"، "التحذیر من اتخاد الصور و التصویر"، "تنبیه الافکار محکمة اقبال الدنیا علی الکفار"، "سعادة الانام فی اتباع دین الاسلام"، "الاربعین من احادیث سیّد المرسلین"، "العقود اللولویة فی المدائح النبویة، دیوان المدائح"، "البشائر الایمانیة فی المبشرات المنامیة، الدلالات الواضحات "، "المبشرات"، "کتاب الاذکار" اور "کتاب البرزخ" شامل ہیں۔

درج بالا اقتباس سے شارح کے اسلوب سے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ بریکٹ میں امام قسطلانی کا متن ہے جبکہ بریکٹ کے باہر علامہ زرقانی کی شرح ہے۔ زیر تبصرہ نسخہ میں اوپر المواھب اللدنیہ کا متن ہے، جبکہ نیچے حاشیہ میں شرح الزرقانی ہے، شرح میں بھی شرح سے پہلے متن کے ہر ٹکڑے کو قوسین میں درج کیا گیا ہے۔

اس کے مصنف کا نام ابو عبد اللہ شہاب الدین عبد الباقی زرقانی ہے۔ وہ مصر کے ایک علاقہ منوف میں زرقان نامی گاؤں میں پیدا ہوئے، اس گاؤں کی نسبت سے زرقانی کہلائے جاتے ہیں، ابتدائی تعلیم اپنے باپ سے حاصل کی، مالکی فقہ کے پیروکار تھے، بہت سی کتب تالیف کی ہیں، زیادہ تر شرحیں لکھیں ہیں، اُن شروحات میں "شرح مؤطا امام مالک"، "شرح علی مختصر الخلیل"، اور "شرح المنظومة اليقونية" قابل ذکر ہیں۔

viii۔ الانوار المحمدیہ

یہ سیرت پر مشتمل ایک عظیم کتاب ہے۔ یہ شہرۂ آفاق تصنیف در حقیقت "المواھب اللدنیہ" کی تلخیص ہے۔ علامہ قسطلانی المواھب اللدنیہ میں بہت سے ایسے مسائل زیر بحث لائے ہیں، جن سے ایک عامی آدمی کوئی دلچسپی نہیں رکھتا تھا، اس لیے علامہ نبھانی نے اس کتاب کو مختصر کر کے عام لوگوں کے فہم کے مطابق آسان بنا دیا ہے، لیکن اس کے ساتھ یہ پہلو بھی ملحوظ خاطر رکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی سیرتِ مبارکہ کا کوئی پہلو لوگوں کی نظروں سے اوجھل نہ رہے، اس اعتبار سے یہ ایک جامع تلخیص ہے۔ یہ کتاب اردو ترجمہ کے ساتھ مکتبہ نبویہ لاہور کی جانب سے شائع ہو چکی ہے، اس کا ترجمہ پروفیسر غلام ربانی عزیز نے کیا ہے۔ مضامین سیرت کو دس مقاصد میں تقسیم کیا ہے، پہلا مقصد احترامِ رسول، آپ ﷺ کا نسب، دوران حمل علامات، ولادت، تربیت، رضاعت، ہجرت، سرایا، غزوات، لشکر کشی اور سیرت بیان کی ہے، یہ بالترتیب پیدائش سے وفات تک ہے۔ دسویں مقصد میں حضور ﷺ پر اللہ تعالی کی نعمتوں، آپ کے روضہ و مسجد کی زیارت، یوم آخرت میں آپ کے فضائل، شفاعت، مقام محمود اور جنت میں اعلیٰ درجات ایسے موضوعات کا ذکر کیا ہے۔

اس کتاب کے مصنف کا نام علامہ یوسف بن اسماعیل نبھانی ہے۔ وہ اپنے دور کے نامور سیرت نگار ہیں، 1266ھ میں شام کے ایک گاؤں اِجزم میں پیدا ہوئے، نبھان قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے[38]، اسی نسبت سے نبھانی کہلائے۔[39] اپنے والد سے ابتدائی تعلیم حاصل کی، جامعہ ازھر سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، تحصیلِ علم کے بعد نابلس میں قاضی مقرر ہوئے، بعد ازاں استنبول چلے گئے۔[40] وہاں جا کر ادارہ "الجوائب" میں شامل ہو گئے، 1294ء میں شام واپس آ گئے اور کوی منجق میں قاضی کا عہدہ سنبھال لیا۔ موصل، دیار بکر، بغداد، استنبول، حلب، سامرا، شہروز اور بیت المقدس کے سفر کیے۔ ایک طویل عرصہ مدینہ منورہ میں قیام کیا۔ سنت کی تعریف اور بدعت کے رد میں پانچ سو اشعار پر مشتمل ایک قصیدہ لکھا، اُس میں چند بااثر شخصیات کا تذکرہ کیا، اس کے نتیجہ میں آپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ آپ کے خلاف انتقامی کاروائی ایک سازش کا نتیجہ تھی۔ آپ پر الزام لگایا گیا کہ آپ نے عوام کو سیاسی و مذہبی طور پر غیر مستحکم کرنے کی کوشش کی۔ اس کے برعکس آپ نے کتب

ہے۔ شارح کا نام شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر خفاجی ہے، خفاج قبیلہ سے تعلق کی بنیاد پر آپ کو خفاجی کہا جاتا ہے۔ آپ کی مصر میں نشوونما ہوئی، تعلیم حاصل کرنے کے بعد بلادِ روم چلے گئے، وہاں سلطان مراد ثانی سے ملاقات ہوئی، انہوں نے آپ کو سلانیکا کا قاضی مقرر کیا، بعد ازاں مصر میں قاضی کے رتبے پر فائز ہوئے۔ کچھ عرصہ بعد شام چلے گئے، لیکن ان تمام مصروفیات کے باوجود تصنیف و تالیف میں مشغول رہے، مجموعی حوالے سے جو کتب تالیف کیں، اُن میں "امالی الشهاب الخفاجی"، "شراح الفرائض"، "حديقة السمر"، "خبايا الزوايا فيما فی الرجال من البقايا"، "ديوان الادب"، "ريحانة الالبا"، "شرح درة الغواص"، "شفا الغليل" اور "نسيم الرياض فی شرح شفاء القاضی عياض" شامل ہیں۔[34]

vi۔ نظم السیرۃ

عہد خلافت عثمانیہ میں منظوم صورت میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق کتاب "نظم السیرۃ" بڑی اہمیت کی حامل ہے، یہ 63 اشعار پر مشتمل ہے۔[35] بعد ازاں ترکی زبان میں اس کا ترجمہ کیا گیا، یہ کتاب تُرکوں میں "سیر حلبی" کے نام سے معروف ہے۔ اس کے مصنف کا نام ابراہیم بن مصطفی حلبی ہے، وہ اپنے زمانے میں محدث کی حیثیت سے جانے جاتے تھے، 1190ھ کو حلب میں پیدا ہوئے، حنفی المسلک تھے، حلب اور قاہرہ میں تعلیم حاصل کی، بعد ازاں قسطنطنیہ چلے گئے، یہاں ہی وفات پائی، تالیفات میں تحفة الاخيار، شرح جواهر الكلام، حاشية على الدر المختار فی فقه الحنفيه، الحلة الضافية فی علمی العروض و القافية اور اللمعة شامل ہیں۔

vii۔ اشراق مصابیح السیر المحمدیۃ بمزج سرار المواھب اللدنیۃ

یہ کتاب "المواهب اللدنية" کی ایک جامع اور محققانہ شرح ہے، اپنی اہمیت کے پیش نظر ایک شرح ہونے کے ساتھ مستقل سیرت کی کتاب کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ یہ کتاب دار الکتب العلمیہ کی جانب سے 1996ء میں بارہ جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔ اس شرح کا اصل نام "اشراق مصابيح السير المحمدية بمزج سرار المواهب اللدنية" ہے۔[36] یہ کتاب مصنف کے علم و فضل کا نچوڑ ہے، انہوں نے اس میں موجود خفیہ رموز کی توضیح کی ہے۔ متن کو سامنے رکھتے ہوئے کلامی، فقہی، لغوی، نحوی اور اصولی وضاحت کی ہے۔ انہوں نے مصادر و مراجع اور بعض مقامات پر اغلاط کی نشاندہی کی ہے، موضوع و من گھڑت روایات کی تشریح کی ہے، متن میں پیدا ہونے والے اشتباہ کو دور کیا ہے، اگرچہ یہ شرح سیرت سے متعلق ہے لیکن اس کے باوجود بہت سے مقامات پر فقہی مباحث نظر آتے ہیں۔ بطور نمونہ اقتباس ملاحظہ ہو:

> "(و) لذا قال المصنف: (هذا موافق لمذهبنا) ای: السافعية، ان سب الرسول ردة (لكن قال العلام) شيخ السلام (البساطی) قاضی القضاة الملكية شمس الدين محمد بن احمد بن عثمان، ولد سنة ستين وسبع مائة. برز فی الفنون ودرس بالشيوخونية وغيرها وصنف تصانيف ومات فی رمضان سنة اثنتين واربعين (منالملكيه) فی شرح المختصر"[37]

کلمات کا استعمال بھی کیا ہے، اسی طرح کے بہت سے شواہد سے سیرت حلبیہ کے بارے یہ رائے قائم کی جاسکتی ہے کہ کتبِ سیرت میں اُسے اہم مقام حاصل ہے، اس سے ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے فائدہ اُٹھانے کے لیے فکری اختلاف کو رکاوٹ نہیں بنایا۔ سیرت حلبیہ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ اس کا بہت سے لوگوں نے خلاصہ لکھا ہے، اُن میں احمد بن محمد المعروف عبد الغنی کا: "مختصر السيرة الحلبيه"[30]، احمد بن عبد الکریم الغزی کا "اختصار السيرة النبوية للشيخ على حلبي"[31]، احمد بن ابی بکر کا" خلاصة الاثر فی سيرة سيد البشر" اور تاج الدین قالبی کا" اتحاف البرية بمنتقى السيرة الحلبيه"[32] شامل ہیں۔

آپ کا اصل نام علی بن ابراہیم حلبی شافعی ہے، آپ کا آبائی گاؤں حلب ہے، اُسی نسبت سے حلبی کہلاتے تھے، 975ھ کو مصر میں پیدا ہوئے، آپ کا شمار دسویں اور گیارہویں صدی ہجری کے مایۂ ناز سیرت نگاروں میں ہوتا ہے۔ فقہی مسلک کے اعتبار سے شافعی تھے، اپنی ساری زندگی تحصیلِ علم اور فروغِ علم میں بسر کر دی، وُسعت مطالعہ کی وجہ سے اپنے ہم عصر علماء پر فضیلت و برتری رکھتے تھے، تذکرہ نگاروں نے آپ کے علم و مرتبہ کی بہت تعریف کی ہے، اپنے دور میں علم کا پہاڑ سمجھے جاتے تھے، تقویٰ و پرہیز گاری جیسی اعلیٰ صفات کے مالک تھے، طبعاً خوش مزاج انسان تھے، بہت سی کتب تصنیف کیں، اُن میں اکثر شروحات سے متعلق ہیں، اُن میں لیلة النصف من الشعبان، قصيده برده، مختصر الزهر لسيوطى، مطالع البدور فى الجمع بين القطر و الشذور، التحفة السنية شرح الاجردميه، غاية الاحسان بوصف من لقبه من ابناء الزمان، حسن اصول الى لطائف حكم الفصول، مهاسن السنيه عن الرسالة القشيريه، جامع الازهر لماتفرق من ملح الشيخ الاكبر، النفخة العويه من الاجوبة الحلبية، النصيحة العلويه فى بيان حسن الطريه الاحمديه، المختار من حسن الثناء فى العفو عن جناء اللطائف من عوارف المعارف، تحرير المقال فى بيان وحدة من نحو لا اله الا الله وحده من اى انواع الحال، الطرز المنقوش فى اوصاف الحيوش، صبابة الصبابة مختصر ديوان الصبابه، انقاد المنهج لمخصر الفرج، متن فى التصرف، حسنات الوجنات، النواضر من الوجوه والنظائر اور اعلام الناسک باحكام المناسک کی شرح شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سی کتب کے مصنف ہیں، اُن میں سب سے زیادہ مشہور کتاب "سیرت حلبیہ" ہے۔ یہی کتاب آپ کی وجہ شہرت ہے۔[33]

v۔ نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض

نسیم الریاض قاضی عیاض کی معروف کتاب "کتاب الشفاء" کی شرح ہے، سیرت النبی ﷺ کی کتب میں کتاب الشفاء کو بڑی اہمیت حاصل ہے، یہ کتاب فصیح اور مدلل انداز میں لکھی گئی ہے۔ علماء نے اس بات کی خوب وضاحت کی ہے کہ سیرت نبوی ﷺ کے موضوع پر اس کتاب کی نظیر موجود نہیں ہے۔ اس معتبر کتاب کی شرح لکھنے میں شہاب الدین خفاجی نے بڑی محنت اور لگن سے کام کیا ہے، یہ کتاب چار جلدوں میں دار الکتب العلمیہ بیروت کے زیر اہتمام شائع ہو چکی

"النکت المهمات من الکلامم علی الانباء و البنین و البنات"، "وجوب فتح همزة " اور "وکسرها و جواز الامرین" بڑی شہرت کی حامل ہیں۔ آپ معاشرے کے ایک فعال رکن تھے۔ انہوں نے خدمت خلق کو اپنا مشن بنالیا ہوا تھا۔ آپ کے حالاتِ زندگی لکھنے والوں نے آپ کے سن وفات 942ھ نقل کیا ہے۔[26]

iv۔ انسان العیون فی سیرۃ الامین المامون

سیرت النبی ﷺ سے متعلق لکھی جانے والی یہ معتبر کتاب خلافت عثمانیہ کے علمی و فکری دور کی یادگار ہے۔ یہ تین جلدوں پر مشتمل ہے، عربی زبان میں لکھی گئی ہے، اس کا اردو زبان میں ترجمہ مولانا محمد اسلم قاسمی نے کیا ہے، اردو ترجمہ شدہ کتاب شکیل پریس کراچی کی طرف سے 1999ء میں شائع ہوئی۔ زیرِ بحث کتاب کی وجہِ تالیف مصنف نے خود کتاب کے مقدمہ میں ذکر کی ہے، اس ضمن میں انہوں نے سیرت کے موضوع پر دو کتابوں کے اسلوبِ تحریر کو بیان کیا ہے، اُن میں ایک بہترین کتاب "عیون الاثر" ہے، اس کے مؤلف ابن سید الناس نے اسناد احادیث کے ذکر کو بہت طول دیا ہے، اس وجہ سے محدثین کے نزدیک قابلِ اعتماد ہے، لیکن پست ہمتی کے باعث اس کتاب کی طرف توجہ نہیں کی جاتی ہے۔ دوسری کتاب سیرت الشمس الشامی ہے، اس کتاب میں مصنف نے کچھ ایسی چیزیں شامل کر دی ہیں، جن کو اہل علم سب ہی جانتے ہیں، مثلاً معاد وغیرہ۔ حالانکہ سیرت کی کتابوں میں عموماً سوائے من گھڑت روایتوں کے تمام انواع کی روایات نقل کر دی جاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مضامین دقیق ہونے کے باعث لوگوں نے نظر انداز کیا ہے، علامہ حلبی کہتے ہیں کہ میں نے یہ جان کر ارادہ کیا کہ ان دونوں کتابوں کا خلاصہ لکھا جائے، وہ عُمدہ اور خوش اُسلوب ہو، مشائخ کے ہاں بڑے اہتمام کے ساتھ پڑھا جاسکے۔ اس خواہش کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ارادہ کیا تو ایسے میں مجھے ابو عبد اللہ محمد بکری نے اس کام کو مکمل کرنے کا حکم دیا، میں نے اس امر کو اُن کی جانب سے تکمیل کام کی بشارت تصور کیا، سبب تالیف ذکر کرنے کے بعد توضیح اصطلاحات وعلامات بیان فرمائی ہیں۔

اس کتاب کا شمار سیرت کی معتبرت کتب میں ہوتا ہے، اس کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بعد کے سیرت نگاروں نے اس سے بھرپور استفادہ کیا ہے، سید امیر علی نے اپنی سیرت کی کتاب کے مقدمہ میں اس بات کا اظہار کیا ہے کہ اس کے زیادہ تر استعمال ہونے والے ماخذ میں سیرت حلبیہ بھی شامل ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> "پیغمبرِ اسلام کے سوانح حیات اور رسالت کا جو خاکہ میں نے کھینچا ہے وہ کسی حد تک ابن ہشام کی سیرت رسول ﷺ پر مبنی ہے اور کسی حد تک ابن الاثیر کی ضخیم تاریخ الکامل، طبری کی تاریخ الامم والملوک اور حلبی کی انسان العیون اور دیگر کتابوں پر مبنی ہے"[27]

پیر محمد کرم شاہ الازہری نے ضیاء النبی ﷺ[28] اور محمد قوام وشنوی نے حیات النبی ﷺ و سیرتہ[29] میں بکثرت سیرت حلبیہ سے بہت استفادہ کیا ہے، پیر کرم شاہ نے نہ صرف اس کتاب سے استفادہ کیا ہے بلکہ مصنف کے لیے تعریفی

کتاب میں ایسا طریقہ اختیار کیا جو پہلے کہیں نظر نہیں آتا۔ انہوں نے شادی نہ کی تھی۔ اگر کوئی مہمان آجاتا تو وہ خود ہی اس کی خدمت پر کمربستہ ہو جاتے تھے۔ انتہائی شیریں گفتار تھے۔ بہت زیادہ روزے رکھتے تھے۔ رات بھر قیام فرماتے۔ میں نے ان کے ہاں کئی راتیں گزاریں۔ میں نے دیکھا کہ وہ رات کے وقت بہت کم سوتے تھے۔ ان کا معمول یہ تھا کہ جب کوئی عالم دین وصال کر جاتا۔ جس کے چھوٹے چھوٹے بچے ہوتے تو یہ قاضی کے پاس جاتے۔ اپنے وظائف میں سے اس کے یتیم بچوں کے لیے ماہانہ وظیفہ مقرر کرتے حتیٰ کہ وہ بچے جوان ہو جاتے۔ وہ حکومتی ملازمین سے کچھ بھی قبول نہ کرتے تھے اور نہ ہی ان کا کھانا کھاتے تھے۔"[20]

اس کتاب کے مصنف کا لقب شمس الدین، نام محمد بن یوسف، کنیت ابو عبد اللہ اور نسبت شامی ہے۔ شام کے دارالخلافہ دمشق کے نواحی گاؤں "صالحیہ"[21] میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے آبائی ملک شام کو چھوڑ کر مصر جیسے علمی شہر کو اپنا مسکن بنایا۔ اسی شہر میں اپنی ساری زندگی گزار دی۔ انہوں نے پوری زندگی شادی نہیں کی تھی[22]، تنہا زندگی بسر کرنے کو ترجیح دی۔ آپ ایک پُر وجاہت شخصیت کے مالک، خوش گفتار، باحیاء، عابد و زاہد، عالم باعلم، امراء و حکام سے بے نیاز اور یتیموں کے خیر خواہ تھے۔ اگر کوئی اُن کے پاس مہمان آجاتا تو خود کھانا بنا کر اس کی مہمان نوازی کیا کرتے تھے۔[23] اپنے زمانے کے جید علماء و مشائخ سے علوم و فنون حاصل کیے۔ اُن میں علامہ جلال الدین سیوطی، شہاب الدین قسطلانی، شیخ شاہین بن عبد اللہ خلوتی مصری، شجاع الدین عمر بن عبد اللہ خلوتی، ابو زکریا شرف الدین یحی المناوی اور برہان الدین بن یوسف قابل ذکر ہیں۔[24] آپ مختلف علوم میں مہارت رکھتے تھے۔ آپ کے علمی مقام و مرتبہ کی بہت سے علماء کرام نے تعریف کی ہے۔ چنانچہ ہیثمی نے یوں نقل کیا ہے:

"صاحبنا الشيخ العلامه الفهامة الثقة المطلع والحافظ المتبع"[25]

"ہمارے ساتھی شیخ علامہ، نیک، بہت سمجھنے والے، معتبر، معلومات رکھنے والے اور ایسے حافظِ حدیث تھے جن پیروی کی جاتی ہے۔"

انہوں نے علم سے فراغت کے بعد درس و تدریس میں مشغولیت اختیار کی۔ اپنی زندگی کا بڑا حصہ تصنیف و تالیف میں بسر کر دیا۔ انہوں نے بڑی مستند کتب تالیف کیں، اُن میں "الأيات الاباهرة فی معراج سيد اهل الدنيا و الآخرة"، "الاتحاف بتميز ماتبع فيه البيضاوی صاحب الكشاف"، "اتحاف الراغب الولی فی ترجمة الاوزاعی"، "اتحاف الاريب بخلاصة الاعاريب"، "تفضيل الاستفادة من بيان حكمتی الشهادة"، "الجامع الوجيز الاخادم للغات القرآن العزيز"، "الجواهر النفائس فی تجير كتاب العرائس"، "رفع القدر و مجمع الفتوة فی شرح الصدر و خاتم النبوة"، "شرح الاجر ومية"، " عقود الجمان فی مناقب ابی حنيفة النعمان"، "عين الاصابة فی معرفة الصحابة"، "الفتح الرحمانی فی شرح ابيات الجرجانی فی الكلام"، "كشف اللمس فی رد الشمس"، "مختصر المسمّٰی بالآيات البينات"، "مرشد السالک الی الفية ابن مالک"، "النكت علی الالفية"،

جبرائیل اور میکائیل اترتے تھے۔ جہاں سے ملائکہ اور روح اوپر چڑھتے تھے جس کے میدان تقدیس تسبیح کے نغمات سے گونج اُٹھے، جس کی خاکِ پاک پر سید البشر ﷺ کے قدم مبارک لگے۔ اسی مبارک مقام سے رب تعالیٰ کی کتاب زندہ، اس کا دین حق اور اس نبی پاک ﷺ کی سنت پاک پھیلی جن مدارس سے آیاتِ الٰہیہ پھیلیں وہ مساجد، نمازیں، فضائل و خیرات کے مقدس مقامات، نشانیوں اور معجزات کے ظہور کے مقامات ہیں، جہاں دین کے احکام اترے اور مسلمانوں کے مشاعر پھیلے، جہاں سید المرسلین ﷺ کے قدم مبارک لگے۔ جہاں خاتم النبیین ﷺ ٹھہرے۔ جہاں سے نبوت کا سرچشمہ پھوٹا اور اس کے دھارے نکلے۔ رسالت کے اترنے کے مقدس مقامات وہ ہی ہیں اسی مقام کو یہ شرف ملا کہ اس کی خاک پاک کو آپ کے جلد پاک کو مس کرنے کا شرف ملا۔ یہ سارے مقامات اس امر کے مستحق ہیں کہ اس کے میدانوں کی تعظیم کی جائے اور وہاں سے اُٹھنے والی خوشبوئیں سونگھی جائیں۔ اس کے ٹیلوں اور دیواروں کو چوم لیا جائے۔"[18]

مصنف غلط نظریات وعقائد کی تردید کرتے ہیں، بدعت کے حوالے سے علامہ تاج الدین کے مؤقف "ان الابتداع فی الدین لیس مباحا" کا بھرپور محاکمہ کرتے ہیں، اس حوالے سے انہوں نے بدعت کی اقسام تحریر کی ہیں:

"أن البدعة لم تنحصر في الحرام والمكروه، بل قد تكون أيضاً مباحة و مندوبة و واجبة. قال النووي رحمة الله عليه في تهذيب الأسماء واللُّغات: البدعة في الشرع: هي ما لم يكن في عهد رسول االله صلي الله عليه وآله وسلم وهي منقسمة إلي حسنة و قبيحة. وقال الشيخ عز الدين بن عبدالسلام رحمة االله تعالٰي في القواعد: البدعة منقسمة إلي واجبة و إلي محرمة و مندوبة و مكروهة و مباحة۔"[19]

"بدعت کا انحصار صرف حرام اور مکروہ پر نہیں ہے بلکہ بدعت اسی طرح مباح، مندوب اور واجب بھی ہوتی ہے۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "تہذیب الاسماء واللغات" میں فرماتے ہیں شریعت میں بدعت اس عمل کو کہتے ہیں جو عہد رسالت مآب ﷺ میں نہ ہوا ہو اور یہ بدعتِ حسنہ اور بدعت قبیحہ میں تقسیم کی جاتی ہے۔ شیخ عز الدین بن عبد السلام اپنی کتاب قواعد الاحکام میں فرماتے ہیں بدعت واجب، حرام، مندوب، مکروہ اور مباح میں تقسیم ہوتی ہے۔"

مذکورہ اقتباس سے پتہ چلتا ہے، امام یوسف شامی نے بڑی محنت اور دلجمعی کے ساتھ اس کتاب کو تالیف کیا ہے۔ اس کتاب کے بارے میں مترجم ذوالفقار علی ساقی نے امام شعرانی کے حوالے سے لکھا ہے:

"وہ ایک متقی اور پاکباز عالم دین تھے۔ وہ علوم کے بحر ذخار تھے۔ انہوں نے "السیرۃ النبویۃ" کتاب کو ایک ہزار کتب سے تالیف کیا۔ لوگوں نے اس کی کتابت کی طرف خصوصی توجہ کی۔ انہوں نے اس

ذات الرقاع کہا جاتا ہے۔"[16]

ایک سیرت نگار کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ آپ ﷺ کے تمام شعبہ ہائے زندگی کے پہلوؤں پر روشنی ڈالے۔ علامہ قسطلانی نے سیرت النبی ﷺ کے ہر پہلو کا احاطہ کیا ہے، ان کی سیرت نگاری کی ایک اہم خوبی یہ ہے کہ پڑھنے والا اکتاہٹ محسوس نہیں کرتا، وجہ یہ ہے کہ انہوں نے استفہامیہ انداز اپنایا ہے، سیرت کے واقعات بیان کرتے ہوئے اختصار کو مد نظر رکھا ہے، فقہی مسائل کے استنباط میں اشکالات کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ اُن کا حل بھی پیش کیا ہے۔ سیرت نگاری سے متعلق باطل نظریات کی تردید کی ہے، انہی خصوصیات نے علامہ قسطلانی کو عظیم سیرت نگاروں کی صف میں کھڑا کر دیا ہے۔

iii۔ سبل الھدی والرشاد فی سیرۃ خیر العباد

عہد خلافت عثمانیہ میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق تالیفات میں سے "سبل الھدی و الرشاد فی سیرۃ خیر العباد" کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ یہ کتاب علمی حلقوں میں بڑی مقبولیت کی حامل ہے۔ عصر حاضر کے سیرت نگاروں نے اس کتاب سے بڑی حد تک استفادہ کیا ہے۔ ایک سیرت نگار کے لیے جن موضوعات کو احاطۂ تحریر میں لانا ضروری ہوتا ہے، موصوف نے اپنی فن سیرت نگاری کی مظاہرہ کرتے ہوئے اُن تمام پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے، حضور ﷺ کی پیدائش سے وفات تک سیرت کا احاطہ کیا ہے، اس ضمن میں مصنف نے کتاب کے مقدمہ میں تصریح کی ہے، بیان ملاحظہ ہو:

> "یہ ایسی کتاب ہے جسے میں نے تین سو سے زائد کتابوں سے منتخب کر کے لکھا ہے۔ میں نے اس میں صحیح کے لیے جدوجہد کی ہے، میں نے آپ ﷺ کے فضائل کے بحر ناپید کنار سے چند قطرات کا تذکرہ کیا ہے۔ میں نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے قبل آپ ﷺ کی تخلیق، آپ کی نبوت کی نشانیاں، آپ کے شمائل، آپ کی سیرت طیبہ، احوال، افعال اور اسفار کا تذکرہ کیا ہے۔ حتیٰ کہ رب دوجہاں نے آپ کو حریم ناز میں بلالیا۔ وہاں آپ کو انعام و تعظیم سے نوازا۔"[17]

مقدمہ تحریر کرنے کے بعد ابواب بندی میں پہلی جلد کا پہلا باب تخلیق محمدی ﷺ کے بارے میں لکھا، اپنے مؤقف کی تائید میں مختلف احادیث مبارکہ، آثار صحابہ ذکر کرنے کے علاوہ دیگر سیرت نگاروں کی کتب کے حوالہ جات بھی تحریر کرتے ہیں، ایک موضوع پر تمام دلائل تحریر کر لینے کے بعد آخر میں تنبیہات لکھتے ہیں، ان کا ایک خلاصہ تحریر کرتے ہیں، جو مسائل اخذ ہوتے ہیں، اُن کو ترتیب کے ساتھ نقل کرتے ہیں، مدینہ منورہ کی عظمت کو بیان کرتے ہوئے احادیث اور آثار صحابہ ذکر کرنے کے بعد قاضی عیاض کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> "وہ مقامات مقدسہ تعظیم کے مستحق ہیں جو وحی اور نزولِ قرآن سے آباد ہوئے۔ جہاں حضرت

اسلحہ، کپڑے اور معجزات کا ذکر کیا گیا ہے، ابن عماد حنبلی اس کتاب کے بارے میں لکھتے ہیں:

"المواهب اللدنية بالمنح المحمدية كتاب جليل المقدار عظيم الوقع كثير النفع ليس له نظير فی بابه"[10]

"مواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ یہ ایک جلیل القدر کتاب ہے، ایسی عظیم کتاب ہے جس میں بہت زیادہ منفعت پائی جاتی ہے، اس کی مثال کہیں پر نہیں ملتی۔"

علامہ قسطلانی نے سیرت سے متعلق واقعات تحریر کرتے ہوئے اُس سے جو حکمتیں اور فوائد مستنبط ہو سکتے تھے اُن پر تفصیل سے بات کی ہے، اس طرزِ تحریر سے واقعات کی اہمیت اجاگر ہو جاتی ہے، جیسا کہ رسول اللہ کی ہجرت کا ذکر کرتے ہیں، بعد ازاں سوالات اٹھاتے ہیں کہ حضور ﷺ کی ہجرتِ مدینہ اور وفات تک وہاں قیام میں کیا حکمت تھی؟، پھر اس کا جواب لکھتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

"حکمت النبی ﷺ کا اقتضاء یہ تھا کہ آپ ﷺ کے ذریعے اشیاء کو شرف حاصل ہو نہ کہ اشیاء کے ذریعے آپ ﷺ کو شرف حاصل ہو۔ اگر آپ ﷺ اپنی وفات تک مکہ میں رہتے تو خیال کیا جا سکتا تھا کہ آپ ﷺ کو مکہ کی وجہ سے شرف حاصل ہوا ہے جبکہ مکہ کو اس سے قبل حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کے ذریعے شرف حاصل ہو چکا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ارادہ کیا کہ آپ ﷺ کے شرف کا اظہار کرے۔ اس بنا پر آپ کو مدینہ ہجرت کا حکم دیا۔ جب آپ ﷺ ہجرت کر کے مدینہ گئے تو مدینہ کو آپ ﷺ کی وجہ سے شرف حاصل ہوا۔"[11]

اس طرح کی مثالوں سے مؤلف کے فہم و بصیرت اور سیرت النبی ﷺ کے واقعات و احادیث پر گہری نظر کا اندازہ ہوتا ہے۔ علامہ قسطلانی نے سیرت نگاری کے دوران اس کا بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ اگر کسی مسئلے کے حوالے سے متعدد اقوال ہیں تو اُن تمام اقوال کو نقل کیا ہے، پھر اُن میں سے صحیح کو ترجیح دی ہے، جیسا کہ غزوہ ذات الرقاع کی وجہ تسمیہ واضح کرتے ہوئے انہوں نے متعدد اقوال نقل کیے ہیں کہ اس جگہ پر موجود درخت کے سبب اس کو ذات الرقاع کہتے ہیں[12]، اُس جگہ کی زمین کچھ سفید اور کچھ سیاہ ہونے کی وجہ سے ذات الرقاع کہتے ہیں[13]، سفید اور سیاہ گھوڑوں کی وجہ سے ذات الرقاع کہتے ہیں[14]، اُس جگہ موجود پہاڑ کی وجہ سے ذات الرقاع کہتے ہیں[15]، یہ تمام اقوال نقل کرنے کے بعد امام عبد الرحمٰن السہیلی کی رائے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ان سب اقوال میں سے صحیح قول وہ ہے جو امام بخاری کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔ ابو موسیٰ اشعری فرماتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلے۔ ہم چھ لوگ تھے اور ہمارے پاس ایک اونٹ تھا جس پر ہم باری باری سوار ہوتے تھے۔ ہمارے پاؤں زخمی ہو گئے اور ناخن گر پڑے پس ہم اپنے پاؤں پر خرق یعنی کپڑوں کے چیتھڑے لپیٹنے لگے۔ اس وجہ سے اسے

شام، عراق اور حجاز کو اپنے دامن میں لپیٹ چکی تھی، سلطان سلیم اول کا دورِ سلطنت تھا۔

ii۔ المواهب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ

خلافت عثمانیہ کی جغرافیائی حدود جنگوں کی باعث مسلسل تبدیل ہوتی رہی ہیں، بائیس جنوری 1517ء کو مصر خلافت عثمانیہ کا حصہ بنا۔[8] شہاب الدین قسطلانی نے ایک ماہ آٹھ دن خلافت عثمانیہ کا دور پایا ہے۔ ان کی وفات 30 فروری 1517ء کو ہوئی۔ خلافت عثمانیہ کا اخیر زمانہ پانے کی وجہ سے ان کو اس عہد میں شامل کر لیا گیا ہے۔ آپ کی بیوی کا نام عائشہ باعونیہ ہے، فقہ مالکی کے پیروکار تھے۔[9] آپ نے اپنے وقت کے بے بدل شیخ علامہ ابن حجر عسقلانی سے کسب فیض کے علاوہ دیگر جلیل القدر اساتذہ کرام اور مشائخ عظام سے استفادہ کیا۔ اُن میں سے بعض شیوخ کے اسماء گرامی یہ ہیں: امام عمر بن قاسم انصاری نشار، علامہ عبد الغنی ھیثمی، علامہ شہاب بن اسد، علامہ خالد الازہری نحوی، علامہ فخر مقسمی، امام سخاوی، شیخ برہان عجلونی، شیخ الاسلام شیخ زکریا انصاری، شیخ علوی نثاوی، شیخ النجم ابن فہد اور جلیل القدر محدثہ اور شیخۃ الحدیث زینب بنت امام شوبکی کے اسماء گرامی سر فہرست ہیں۔

اُن کی تصانیف میں "المواهب اللدنيه بالمنح المحمديه"، "ارشاد الساری شرح صحيح بخاری"، "الاسعاد فی تلخيص الارشاد"، " امتاع الاسماع والابصار"، " الأنوار المضية فی شرح البردة"، " تحفة السامع و القاری بختم صحيح البخاری"، " رسالة فی الربع المجيب"، " الروض الزہر فی مناقب الشيخ عبد القادر"، " زہر الرياض"، "العقو والسنية فی شرح المقدمة الجزريه"، "فتح الدانی فی شرح حرز الامانی"، "فتح المواہبی فی مناقب الشاطبی"، "الكنز فی حمزة وہشام علی الهمزه"، "اللآلائ السنية"، "لطائف الاشارات لفنون القرأت"، " لوامع الانوار فی الأوعية والأذكار"، " مدارک المرام فی مسالک الصيام"، "مراصد الصلات فی مقاصد الصلوٰة"، " مسالک الخفاء الی مشارع الصلوٰة علی النبی المصطفٰے"، " منهاج الابتهاج فی شرح الجامع الصحيح لمسلم بن الحجاج "، " مشارق الأنوار المضيئة فی شرح الكواكب الدرية "، " منهاج الہداية"، " نزهته الأبرار فی مناقب الشيخ أبی العباس أحمد الحرار"، " نفائس الأنفاس فی الصحبة واللباس" اور "النور الساطع فی مختصر الضوء اللامع فی أعيان القرن التاسع للسخاوی" شامل ہیں۔

علامہ قسطلانی کی "المواهب اللدنيه بالمنح المحمديه" سیرت نبوی ﷺ کے موضوع پر مشہور کتاب ہے، یہ کتاب قاہرہ سے دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ علامہ قسطلانی نے جامعیت اور اعتدال کے پہلو کو مد نظر رکھا ہے، سیرت النبی ﷺ کے تمام پہلوؤں پر تبصرہ کیا ہے، سیرت کے مضامین کو منظم و مرتب انداز میں تحریر کیا ہے، مضامین کو مقاصد میں تقسیم کیا ہے، ہر مقصد کے تحت متعدد فصلیں ترتیب دی ہیں، ہر فصل کو ذیلی عنوانات کے تحت ترتیب دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ کے پیدائش سے وفات تک زمانی ترتیب سے واقعات لکھے گئے ہیں۔ مغازی، سرایا، غزوات، وفود اور رسول اللہ ﷺ کی صفات سے متعلقہ احادیث نقل کی گئی ہیں۔ حضور ﷺ کے خصائص، جمال، اخلاق، غلام، ازواج، سواریاں،

i۔ الفتح المبین فی مدح الامین

سیرت کے وسیع تر مفہوم میں نعتیہ کلام اور قصائد کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اس ضمن میں عہد خلافت عثمانیہ کو شرف و امتیاز حاصل ہے کہ اس میں نثری اسلوب کے علاوہ منظوم صورت میں بھی پیغمبرِ اسلام ﷺ کی سیرت پر کتابیں تحریر کی گئی ہیں۔ اُن میں عائشہ باعونیہ کی منظوم کتاب "الفتح المبین فی مدح الامین" بڑی شہرت کی حامل ہے، یہ کتاب علمی و ادبی حلقوں میں بڑی مقبولیت رکھتی ہے۔ عادل غزوی اور عباس ثابت دونوں نے مل کر اس پر تحقیق کی ہے، انہوں نے تحقیق شدہ ایڈیشن کا نام " البديعية و شرحها الفتح المبين فی مدح الامين" رکھا ہے، یہ دار کنان للنشر والتوزیع دمشق کی جانب سے پہلی مرتبہ 2009ء میں شائع ہوئی ہے، صفحات کی تعداد 213 ہے، منظوم کتاب عربی زبان میں ہے، اس کا پہلا شعر یہ ہے:

فی حُسنِ مَطلَع اقمار بذی سَلَمِ	اصبحتُ فی زُمرةِ العُشَّاقِ کالعَلَمِ[5]

"(میرے اس قصیدے کا آغاز) بنو سلم میں موجود چاند جیسے میرے محبوب کے حُسن سے شروع ہوتا ہے۔ پیغمبرِ اسلام ﷺ سے محبت کرنے کی وجہ سے میرا شمار عاشقوں میں ہونے لگا ہے۔"

اس کتاب کی مصنفہ کا نام عائشہ باعونیہ دسویں صدی ہجری کی نامور محققہ ہیں، اردن کے مشرق میں عجلون شہر کے ساتھ ایک بستی باعون میں پیدا ہوئیں، اسی نسبت سے باعونیہ کہلاتی ہیں، آپ کے والد کا نام یوسف بن احمد ناصر الدین ہے، آپ کا لقب ام عبد الوہاب ہے، اپنے زمانے میں شاعرہ کی حیثیت سے معروف تھی۔ اُس نے دینی و علمی گھرانے میں آنکھ کھولی۔ پرہیز گار ماحول کے میسر آنے کے باعث اُس نے بچپن سے قرآن مجید حفظ کر لیا۔ ادبی اور لسانی علوم کے علاوہ تفسیر، حدیث، فقہ اور دیگر دینی علوم حاصل کیے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے دور دراز کے شہروں کے سفر کی صعوبتیں برداشت کیں۔ علم فقہ میں مہارت تامہ حاصل کرنے کے لیے قاہرہ کا سفر کیا، وہاں سے فتوی نویسی کی اجازت حاصل کی۔ اس کے اساتذہ میں جمال الدین الحوریانی، سید جلیل اسماعیل خوازمی اور محی الدین العرموی کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ادباء اور صوفیاء سے متاثر ہو کر شاعری کے راستے پر چل پڑی۔ اس فن میں کمال مہارت حاصل کر کے ابن عربی، ابن فرید اور البصیری ایسے عظیم صوفیاء کی فہرست میں بلند مقام حاصل کیا۔ مؤرخین نے اسے قبل از اسلام کی معروف شاعرہ "الخنساء" کے معیار کی شاعرہ قرار دیا ہے۔ درس و تدریس کے مقدس شُعبہ سے وابستہ رہیں۔ اس دوران تصنیف و تالیف میں گہری دلچسپی سے کام کیا۔ کثیر التصانیف مصنفہ ہیں، اُن کی تالیفات میں صوفیانہ طرز و فکر کی حامل دو کتب "الملامح الشريفة والآثار المنيفة" اور "الفتح الخفی" بڑی اہمیت کی حامل ہیں، حضور ﷺ کی شان میں ایک بہت ہی عمدہ قصیدہ "درالغائص فی بحر المعجزات والخصائص" تحریر کیا ہے، اس کے علاوہ ایک کتاب "الاشارات الخفية فی المنازل العلية" تالیف کی ہے۔[6] مصنفہ عائشہ نے 922ھ کو حلب میں وفات پائی[7]، یہ اُن دنوں کی بات ہے جب خلافتِ عثمانیہ مصر،

بھی ایسا گوشہ نہیں ہے جس پر مسلم علماء و محققین نے کچھ لکھا نہ ہو۔ اس عظیم الشان کام کا آغاز عہدِ نبوی ﷺ سے ہوا۔ صحابہ کرامؓ نے آپؐ کی زندگی کے حالات و واقعات اور معمولات کو بیان کیا۔ خلفائے راشدین، تابعین اور تبع تابعین کے درخشاں ادوار میں محدثین نے آپؐ کی حیاتِ مبارکہ کے مختلف پہلوؤں کو ضبط تحریر میں لا کر محفوظ کیا، اس سے سیرت نگاری کے مختلف رجحانات پیدا ہوئے۔[1] ابتدائی کتب سیرت میں عروہ بن زبیر اور محمد بن اسحاق کی تالیفات کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔[2] بعد ازاں مختلف ادوار حکومت میں دنیا کی متعدد زبانوں میں کثیر تعداد میں اس موضوع پر کتب تحریر کی گئیں۔[3] یاد رہے کہ سیرت نگاری مسلمانوں کا علمی مشغلہ ہی نہیں ہے بلکہ دین کی ضرورت بھی ہے۔[4]

تربیتی و تہذیبی مقاصد کی تکمیل اور حُبِ رسول ﷺ کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے عہد خلافت عثمانیہ میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق غیر معمولی علمی و تحقیقی کام ہوا۔ خلافت عثمانیہ تاریخ اسلام کا ایک ایسا روشن باب ہے جس میں سیرت نگاروں نے پیغمبرِ اسلام ﷺ کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کو بڑے عمدہ اور حسین پیرائے سے بیان کیا ہے۔ بہت سے محققین نے اس دور کے سیرت نگاروں کی کاوشوں اور اُن کے مناہج و اسالیب کی تعریف کی ہے۔ اُن کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے ترکی زبان کے علاوہ فارسی اور عربی زبان میں بھی سیرت نگاری کی ہے۔ عربی زبان کے سیرت نگاروں میں عائشہ باعونیہ(1460-1517ء)، شہاب الدین قسطلانی(1447ء-1517ء)، محمد بن یوسف صالحی(1536ء-1566ء)، علی بن ابراہیم حلبی شافعی(1567ء-1635ء)، شہاب الدین خفاجی(1569ء-1659ء)، ابراہیم بن مصطفی حلبی(1776ء)، شہاب الدین زرقانی(1645ء-1710ء) اور علامہ یوسف بن اسماعیل نبھانی(1849ء-1932ء) شہرت کے حامل ہیں۔ انہوں نے عربی زبان میں سیرت کے موضوع پر نہایت ضخیم کتب تحریر کیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس عہد میں عربی زبان میں لکھی گئیں کتب سیرت کا تعارف و جائزہ پیش کیا جائے تاکہ عصر حاضر کے سیرت نگاروں کو سیرت کے کثیر الجہات پہلوؤں کو واضح کرنے کے لیے ان سیرت نگاروں کے مناہج و اسالیب سے متعلق جانکاری حاصل ہو سکے اور علم و تحقیق کی مزید راہیں ہموار ہو سکیں۔ اسی علمی و تحقیقی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے موضوع کے طور پر "عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ "کا انتخاب کیا گیا ہے۔ مقالہ ہذا کو تین اجزاء میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے جزو میں موضوع تحقیق کا تعارف، اہمیت اور پس منظر بیان کیا گیا ہے۔ دوسرے جزو میں عہدِ خلافتِ عثمانیہ میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق منتخب عربی کتب کا جائزہ پیش کیا گیا ہے جبکہ تیسرے جزو میں خلاصۂ بحث تحریر کیا گیا ہے۔

عہدِ خلافتِ عثمانیہ میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق منتخب عربی کتب کا جائزہ

عہد خلافت عثمانیہ میں سیرت نگاری کے مختلف اسالیب اور رجحانات پائے جاتے تھے۔ محدثین نے اس عہد میں بہت سی زبانوں میں نبی کریم ﷺ کی سیرت پر لکھا ہے۔ ذیل میں چند عربی کتب سیرت کا اجمالی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ

An Analysis of Arabic Books on the Biography of Holy Prophet (PBUH) during the Ottoman Caliphate

*ڈاکٹر شگفتہ نوید

**ڈاکٹر ریاست علی

ABSTRACT

This research paper deals with the analysis of writing the Biography of the Holy Prophet (PBUH) in the Arabic language during the Ottoman Caliphate. In the history of Islam, the biography of the Holy Prophet (PBUH) has supreme importance in the context of the religious, cultural, political, economic and social system. This is the reason why Muslims have preserved all the life of the Prophet (PBUH) in writing according to their religious requirements.

In this regard, the Ottoman Caliphate has an outstanding significance in the evolution of the books on Sirah. In this glorious era, biographers have presented various aspects of the biography of the Holy Prophet of Islam in a very elegant and beautiful style. In addition to Turkish, they have written in Persian and Arabic. Among the Arabic language, biographers are Ayesha Ba'uniya, Shahabuddin Qastalani, Muhammad bin Yusuf Salehi, Ali bin Ibrahim Halabi Shafi'i, Shahabuddin Khafaji, Ibrahim bin Mustafa Halabi, Shahadab-ud-Din Zarqani and Allama Yusuf bin Ismail Nabhani. They had written very important books on the subject of the Sirah in Arabic. There is a need to analyze the books of Sira written in the Arabic language in this specific era so that the way to use them in modern times can be paved. This article has been presented to meet this intellectual and scholarly need.

KEYWORDS:

Arabic, Biography, Holy Prophet, History, Islam, Muslims, Ottoman Caliphate, Sirah

تاریخ اسلام میں مسلمانوں کے مذہبی، تہذیبی، سیاسی، معاشی اور سماجی نظام کے پس منظر میں سیرت نگاری کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ مسلمانوں کا ضابطۂ حیات پیغمبرِ اسلام ﷺ کے اسوۂ حسنہ سے وابستہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے آپ ﷺ کے شعبہ ہائے زندگی کے مختلف الجہات پہلوؤں کو ضبط تحریر میں محفوظ کر لیا ہے۔ سیرتِ طیبہ کا کوئی ایک

*شعبہ علوم اسلامیہ، گفٹ یونیورسٹی، گوجرانوالہ، پاکستان

**شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات، پاکستان



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ An Analysis of Arabic Books on the Biography of Holy Prophet (PBUH) during the Ottoman Caliphate
Authors	Dr. Shagufta Naveed[1] Dr. Riasat Ali[2]
Affiliations	[1]Gift University, Gujranwala, Pakistan. [2]University of Gujrat, Gujrat, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u13
QR Code	
Citation	Shagufta Naveed, Dr. and Riasat Ali, Dr. *"An Analysis of Arabic Books on the Biography of Holy Prophet (PBUH) during the Ottoman Caliphate"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 213–228
Copyright Information:	عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ An Analysis of Arabic Books on the Biography of Holy Prophet (PBUH) during the Ottoman Caliphate © June 2022 by Dr. Shagufta Naveed & Dr. Riasat Ali is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

6. مسلمان دنیا کی کل آبادی کا تقریباً پونے دو فیصد ہیں اور ہر جگہ پر امن رہتے ہیں۔ اسلام تمام مذاہب کے مذہبی مقامات کے احترام کی تعلیم دیتا ہے۔ مسلمانوں کے لیے ان کے مذہبی مقامات بہت محترم ہیں۔ چنانچہ دیگر مذاہب والوں کو بھی مسلمانوں کے ان مقامات کا احترام کرنا چاہیے تاکہ پوری دنیا میں امن و سلامتی قائم رہے۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ سورۃ البقرۃ:2/256

2۔ مسلم بن حجاج قشیری، الجامع الصحیح، دار العلم، بیروت، 1438ھ، کتاب الایمان، باب الامر بقتال الناس حتی یقولوا الا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، حدیث نمبر:129

3۔ سورۃ ھود:11/118-119

4۔ دہلوی، شاہ محمد مظہر اللہ، تفسیر مظہر القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 2015، 1/275

5۔ سورۃ البقرہ:2/256

6۔ الازہری، پیر محمد کرم شاہ، تفسیر ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 2015، 1/179

7۔ سورۃ آل عمران:3/64

8۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب بدء الوحی، مکتب اسلامی، بیروت، 1438ھ، حدیث نمبر:7

9۔ سورۃ الانعام:6/108

10۔ سعیدی، غلام رسول، تبیان القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، 2016، 3/625

11۔ سورۃ الحج:22/40

12۔ ابن ہشام، عبد الملک، السیرۃ النبویہ، دار العلم، بیروت، 1438ھ، 3/733

13۔ سورۃ الرعد:13/32

14۔ ہفت روزہ فیملی میگزین، 5 مارچ 2006ء

15۔ روزنامہ جنگ، 27 اکتوبر 2018

16۔ سورۃ المائدہ:5/6

17۔ ابو عبید، قاسم بن سلام، کتاب الاموال، دار الشروق، بیروت، 1407ھ، ص 613

18۔ شامی، ابن عابدین محمد امین، رد المحتار، دار احیاء التراث العربی، بیروت، 1438ھ، 2/342

19۔ ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیم، کتاب الخراج، دار الفکر، بیروت، 1438ھ، ص 136

20۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب الشراء بالنسیئۃ، حدیث نمبر:2068

21۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب البیوع، باب شراء الحوائج بنفسہ، حدیث نمبر:2095

22۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب الشرکہ، باب مشارکۃ الذمی والمشرکین فی المزارعۃ، حدیث نمبر:2499

23۔ سورۃ الممتحنۃ:60/8

"لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ"[23]

"اللہ تعالیٰ تمہیں ان لوگوں کے ساتھ حُسنِ سلوک اور انصاف کرنے سے نہیں روکتا جنھوں نے دین کے معاملہ میں نہ تم سے جنگ کی ہے اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ہے، اور اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

اس آیت سے بین المذاہب و الممالک خارجہ تعلقات کا یہ اصول سامنے آتا ہے کہ مسلمان غیر متحارب مذاہب و ممالک کے ساتھ نرمی، دوستانہ برتاؤ، امداد باہمی، تعاون، انصاف اور انفاق کر سکتے ہیں۔ مذہبی رواداری کے حوالے سے میثاق مدینہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ میثاق مدینہ اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ اگر مذہبی رواداری کا لحاظ رکھا جائے تو عقیدہ کا اختلاف باہمی تعلقات، معاہدات اور اشتراک کی بنیاد پر اتحاد کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔

خلاصہ بحث

اسلام میں غیر مسلموں کو ان کے مذہب پر برقرار رہنے کی پوری آزادی ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق ان کے ساتھ کلمۃ اللہ کی بنیاد پر اتحاد ہو گا اور ان کے ساتھ رواداری کو اختیار کیا جائے گا۔ اسلامی مملکت ان کے عقیدہ وعبادت سے تعرض نہ کرے گی۔ انبیائے سابقین کا احترام کیا جائے گا۔ لیکن بیسویں صدی کے آخر سے لے کر موجودہ صدی میں اب تک ایسے واقعات مسلسل رونما ہو رہے ہیں جن سے مسلمانوں کے جذبات بری طرح مجروح ہو رہے ہیں۔ اس پر پوری دنیا کے مسلمان سراپا احتجاج ہیں۔ اس صورت حال کے باوجود دنیا کا مسلمانوں کو دہشت گرد کہنا اور ان سے بین المذاہب رواداری کا مطالبہ کرنا نہایت مضحکہ خیز ہے۔ جس طرح مسلمان غیر مسلموں کے مذہبی مقامات و شعائر کا احترام کرتے ہیں اسی طرح غیر مسلموں کو بھی احترام کرنا چاہیے تاکہ دنیا کو پرامن و پرسکون بنایا جاسکے۔

نتائج وسفارشات

1. اسلام مذاہب عالم کے درمیان توحید کی بنیاد پر اتحاد اور رواداری کی دعوت دیتا ہے۔
2. مذہبی آزادی کی اسلامی تعلیمات قرآن وسنت میں موجود ہیں جن کو اختیار کر کے عالمی امن کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔
3. انبیائے کرام کی توہین سے اجتناب بہت ضروری ہے۔ اگر اس پر عمل نہ کیا گیا تو پوری دنیا میں انارکی پیدا ہو جائے گی۔
4. تمام مذاہب کے پیروکاروں کے ساتھ باہمی تعاون اور تجارت کی اسلامی تعلیمات نہایت روشن اور واضح ہیں جن کو مدنظر رکھ کر پرامن عالمی تجارت کو فروغ دیا سکتا ہے۔
5. تمام اہل مذاہب کو ایک دوسرے کے ساتھ بہتر خارجہ تعلقات اور نفع بخش معاہدات کر کے عالمی سطح پر امن و امان قائم کرنا چاہیے۔

کرو۔"

کتاب الاموال میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک یہودی گھرانے کو صدقہ دیا کرتے تھے اور مسلمانوں نے آپ ﷺ کے بعد اس گھرانے کے صدقہ کو برابر جاری رکھا[17]۔ مصیبت و آفت کے موقع پر غیر مسلم افراد کی اعانت کرنا اور ان کے ساتھ ہمدردی و تعاون کرنا آنحضرت ﷺ کا اسوہ حسنہ ہے۔ ایک مرتبہ مکہ مکرمہ کے لوگ قحط میں مبتلا ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے ابوسفیان بن حرب اور صفوان بن امیہ کو پانچ پانچ سو دینار بھیجے تاکہ وہ اہل مکہ کے ضرورت مندوں اور محتاجوں میں تقسیم کریں۔[18]

صحابہ کرام غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک اور رواداری میں اپنی مثال آپ تھے۔ خلفائے راشدین اور مسلم حکمرانوں نے غیر مسلموں کے لئے باہمی تعاون اور اجتماعی کفالت کا حق جس طرح ادا کیا تاریخ اس کی گواہ ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ نے جب ایک تنگ دست یہودی کو بھیک مانگتے دیکھا تو بیت المال سے ہمیشہ کے لئے اس کا اور اس کے اہل و عیال کا روزینہ مقرر کر دیا[19]۔

کاروبار، خرید و فروخت، لین دین انسانی زندگی کا لازمی جزو ہے۔ آج ترقی یافتہ دور میں تجارت کا حجم پوری دنیا میں بڑھ گیا ہے۔ پوری دنیا کی معاشی ترقی کا انحصار تجارت پر ہے۔ ہر ملک و قوم اس میں روز بروز اضافہ کر رہی ہے اور معاشی خوشحالی و استحکام کی طرف قدم بڑھا رہی ہے۔ موجودہ صورت حال یہ ہے کہ کوئی بھی ملک یا قوم تجارت کے بغیر مستحکم معیشت کا ہدف حاصل نہیں کر سکتی۔ چنانچہ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا مسلمان دیگر مذاہب کے پیروکاروں کے ساتھ تجارت کر سکتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مسلمان اپنے تجارتی معاملات جس طرح دیگر مسلمانوں کے ساتھ کرتے ہیں اسی طرح غیر مسلم افراد کے و ممالک کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔ البتہ غیر مسلموں کے ساتھ تجارتی معاملات شرعی حدود میں رہتے ہوئے کیے جانے چاہئیں۔ نبی اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ سے اس سلسلہ میں رہنمائی ملتی ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک یہودی سے ایک مدت کے لیے غلہ خرید اور اس کے پاس اپنے لوہے کی ذرہ رہن رکھی۔[20]

سیدنا عبد الرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مشرک سے بکری خریدی[21]۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے خیبر کی زمین یہودیوں کو اس شرط پر دی کہ وہ اس میں محنت کریں اور کھیتی باڑی کریں۔ انہیں حاصل ہونے والی پیداوار کا آدھا حصہ دیا جائے گا۔[22]

خارجہ تعلقات کی اسلامی تعلیمات

بین المذاہب ہم سائیگی سے ہی خارجہ تعلقات کی بنیاد پڑتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ رہنمائی سے خاتم الانبیاء ﷺ نے ریاست مدینہ قائم فرمائی تو اس میں غیر مسلم ہمسائیوں سے خارجہ تعلقات کی بنیاد بھی رکھی۔ فرمان ربی ہے:

انبیائے کرام کی توہین سے اجتناب کی تعلیمات

اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام انبیائے کرام محترم ہیں اور ان کی توہین ناقابل معافی جرم ہے۔ اسی لیے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کی اہانت کرنے والوں کا انجام بڑی وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ فرمان ربی ہے:

"وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ"[13]

"اور بیشک آپ سے پہلے رسولوں کا بھی مذاق اڑایا گیا، پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے ان کو پکڑ لیا سو کیسا تھا میرا عذاب۔"

رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی توہین کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین جرم ہے جس کی سزا دنیا و آخرت کا عذاب ہے۔ اس واضح دلیل سورۃ اللہب ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے گستاخ ابولہب کو رسول اللہ ﷺ کی گستاخی کی وعید سنائی اور یہ وعید غزوہ بدر کے ایک ہفتہ بعد حرف بہ حرف پوری ہوئی۔ پوری دنیا اس بات پر متفق ہے کہ انبیائے کرام کی توہین کرنا بہت بڑا جرم ہے۔ یورپی یونین کی اعلیٰ عدالت برائے ہیومن رائٹس نے 1996ء میں ایک مقدمے کا فیصلہ دیتے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کو ناقابل معافی جرم قرار دیا۔ چنانچہ برطانیہ میں یہ قانون نافذ کیا گیا کہ توہین مسیح کی سزا موت ہے۔ اس قانون کو عالمی عدالت انصاف نے بھی تسلیم کیا ہے[14]۔ یورپی یونین کی اعلیٰ عدالت برائے انسانی حقوق نے 2 اکتوبر 2018ء کو آسٹریا کی ایک عورت کی اپیل کو مسترد کرتے ہوئے اس کی سزا کو برقرار رکھا ہے اور کہا ہے کہ پیغمبر اسلام ﷺ کی توہین آزادی اظہار کی جائز حدود سے تجاوز کرتی ہے۔ اس سے تعصب کو ہوا مل سکتی ہے اور مذہبی امن و امان خطرے میں پڑ سکتا ہے۔[15]

یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ تمام انبیائے کرام کا احترام تمام انسانوں پر لازم ہے۔ تمام انبیائے کرام اور امام الانبیاء خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی توہین ناقابل معافی جرم ہے۔ دنیا کے کسی بھی مذہب کی عظیم ترین شخصیت کی توہین ناقابل معافی ہے۔ آزادئ اظہار رائے کی آڑ میں مذاہب کی مقدس ترین شخصیات کی توہین کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

تعاون اور تجارت کی اسلامی تعلیمات

اللہ تعالیٰ نے معاشرہ کے ضرورت مند افراد پر انفاق اور ان کے ساتھ تعاون کو بہت پسند کیا ہے۔ قرآن کریم نے انفاق اور اس کے تقاضوں کو بیان کرتے ہوئے یہ رہنمائی کی ہے کہ تعاون اور ہمدردی کے مستحق صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ غیر مسلم بھی ہیں۔ بہ حیثیت انسان وہ بھی حسن اخلاق اور رحم دلی کے مستحق ہیں۔ انسانوں کی مدد اور تعاون کے سلسلے میں عقیدہ و مذہب کو رکاوٹ نہیں بننا چاہیے ضرورت مند انسانوں کی ہر ممکن حاجت روائی کی جانی چاہیے۔

"وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ"[16]

"اور تم نیکی اور تقوی پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔ اور گناہ اور ظلم میں ایک دوسرے کی مدد نہ

"وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ إِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ"[9]

"اور انہیں گالی نہ دو جنہیں یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں، پس وہ زیادتی کرتے ہوئے کچھ جانے بغیر اللہ کو گالی دیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر امت کے لیے ان کا عمل مزین کر دیا ہے، پھر ان کے رب ہی کی طرف ان کا لوٹنا ہے تو وہ انہیں بتائے گا جو کچھ وہ کیا کرتے تھے"۔

اس آیت میں کفار کے معبودوں کو برا کہنے سے منع فرمایا ہے۔ علماء نے کہا ہے یہ حکم اس آیت میں ہر حال میں باقی ہے۔ لہذا جب تک کافر مسلمانوں کی حفاظت میں ہو اور یہ خدشہ ہو کہ وہ اسلام یا نبی کریم ﷺ یا اللہ عزوجل کے بارے میں ہرزہ سرائی کرے گا تو کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ ان کی سلیب کو یا ان کے دین کو یا ان کی عبادت گاہوں کو برا کہے۔[10]

ہر انسان کو خواہ وہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو اسے اپنی عبادت گاہ سے والہانہ عقیدت ہوتی ہے۔ مذاہب کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچانا یا انہیں مسمار کرنا نفرت و عداوت کا شعلے بھڑکاتا ہے۔ اس سے لوگوں کے جذبات مشتعل ہوتے ہیں اور ملک و قوم فساد کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اسلام چونکہ امن و سلامتی کا دین ہے اس لیے اس کی تعلیمات یہ ہیں کہ مذاہب کی عبادت گاہوں کو نقصان نہ پہنچایا جائے تاکہ دنیا میں امن و امان قائم رہے۔ فرمان باری ہے:

"وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ"[11]

"وہ لوگ جو اپنے گھروں سے ناحق نکال دیئے گئے صرف اس قصور پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے دور نہ کرے تو صومعے، گرجے، معبد خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا کثرت سے نام لیا جاتا ہے مسمار کر دیئے جائیں۔ اللہ ضرور ان لوگوں کی مدد کرے گا جو اس کے دین کی مدد کریں گے اللہ بہت قوت والا غالب ہے۔"

عہد رسالت مآب ﷺ میں جہاں غیر مسلموں کے معاشی، تعلیمی اور سیاسی حقوق محفوظ تھے وہیں انہیں مذہبی آزادی کا پورا حق و اختیار دیا گیا تھا۔ اس کا عملی نمونہ کتب احادیث و سیرت میں موجود ہے۔ جب نجران کے عیسائی مدینہ منورہ میں آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو وہ مسجد نبوی میں بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنے لگے۔ ان کے اس عمل پر صحابہ کرام پر آپ ﷺ نے صحابہ سے فرمایا انہیں ان کے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے دو۔ چنانچہ انہوں نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی۔[12]

پسندانہ واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ ایسے حالات میں بین المذاہب اتحاد و یگانگت کی ضرورت و اہمیت اور بڑھ گئی ہے۔ لیکن ان اختلافات کے باوجود کچھ امور و نکات ایسے ہو سکتے ہیں جو اشتراک و اتحاد کا باعث ہوں۔ چنانچہ قرآن حکیم نے بین المذاہب مشترکات کو اپنانے کی تلقین کی ہے اور ان کی بناء پر اتحاد کی دعوت دی ہے فرمان ربی ہے:

"قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَ لَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّ لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ"[7]

"آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب آؤ ایک کلمہ پر جس میں ہم اور تم برابر ہیں، وہ یہ کہ اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے سوا معبود نہ بنائے۔ پس اگر وہ اعراض کریں تو (مسلمانو!) تم کہہ دو گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں"

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے حاملین کتاب کے درمیان اتحاد و اتفاق کا جو ضابطہ بتایا ہے وہ قیامت تک کے لئے مشعل راہ اور مینارہ نور ہے۔ یہ باہمی مصالحت کیلئے ایک اہم اور معقول کلیہ ہے جس کی بنیاد پر باہمی اختلافات کے خاتمہ کے سلسلہ میں ہر موقع پر کام لیا جا سکتا ہے۔ یعنی ان باتوں پر اتفاق کر لیا جائے جو دونوں فریقوں کے درمیان مسلم اور متفق علیہ ہوں۔ اس ضمن میں دو اہم باتوں کی تعلیم و تلقین فرمائی گئی ہے ایک اللہ تعالیٰ کی وحدانیت و یکتائی کا اقرار و اظہار اور دوسری غیر اللہ کو رب بنانے کی ممانعت۔ انہی دو امور سے متعلق ان کے ضمیروں کو جھنجھوڑا گیا ہے کہ اگر تم لوگ واقعی اختلاف مٹانا، اور اتفاق پیدا کرنا چاہتے ہو تو آؤ ان بنیادی نقاط پر باہم اتفاق کر لیں۔

تاجدارِ کائنات ﷺ نے اللہ جل شانہ کے ہدایت کے مطابق اہل کتاب یہود و نصاریٰ کو امر مشترک کی دعوت دی۔ یہ امر مشترک وہ کلمہ ہے جس کی دعوت تمام انبیائے کرام نے دی اور اسے کمالِ حسن کے ساتھ خاتم الانبیاء ﷺ نے پوری عالم انسانیت تک پہنچا دیا۔ اسی امر مشترک کی دعوت دیتے ہوئے آپ ﷺ نے ہرقل کو نامہ مبارک بھجوایا[8]۔ اسلام، یہودیت اور عیسائیت میں سب سے نمایاں امر مشترک کلمۃ اللہ ہے جس پر اتفاق کی دعوت دی جا سکتی ہے۔ آج کی دنیا علمی روایت کو قبول کرتی ہے اور ایک دوسرے کی بات کو دلائل کے ساتھ سنتی ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر اسلام اور دیگر ادیان و مذاہب میں امور ہائے مشترکہ پر نہ صرف بات چیت کرنی چاہیے بلکہ عالمی امن و سلامتی کے لیے اتفاق کی کوشش کی جانی چاہیے۔

مذہبی مقدسات کے احترام کی اسلامی تعلیمات

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں مسلمانوں کو دیگر مذاہب کے مذہبی مقدسات کا احترام کرنے کی تعلیمات دی ہیں اور ان کے نزدیک ان کی مقدس چیزوں کو برا کہنے سے بھی منع کیا ہے۔ فرمان ربی ہے:

"اور اگر آپ کا رب چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا اور وہ ہمیشہ مختلف رہیں گے۔ مگر وہی بچیں گے جن پر تیرا رب رحم کرے اور اس نے ان کو اسی لیے پیدا کیا اور تیرے رب کی بات پوری ہو گی کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سے ضرور بھروں گا۔"

شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ میں یہ بھی قدرت ہے کہ سارے جہان کو ایک ہی دین پر رکھتا سب کے سب دین دار رہتے مگر خدا کی مرضی نہ ہوئی۔ کیونکہ دنیا کو اس نے نیک و بد کے امتحان کے لئے پیدا کیا ہے زبردستی دین دار بنانے کے لئے نہیں پیدا کیا۔ اس لئے لوگ الگ الگ فرقے فرقے ہو گئے۔ پھر فرمایا یہ لوگ ہمیشہ مختلف رہیں گے کوئی نصاریٰ، کوئی یہود، کوئی مجوس، کوئی مشرک، اسی طرح اپنی اپنی عقل کے موافق الگ الگ مذہب قائم کریں گے مگر اللہ تعالیٰ جس پر رحم فرمائی گا اور راہ راست دکھائے گا وہ ملت حنفیہ یعنی دین اسلام اختیار کریں گے۔[4]

اللہ تعالیٰ نے انسان کو خیر و شر میں سے کوئی ایک راہ انتخاب کرنے کی مکمل آزادی دے رکھی ہے۔ اگر یہ آزادی انتخاب و اختیار انسان سے چھین لی جائے تو اختلاف کا ہونا ممکن نہیں رہتا۔ اور جب تک یہ آزادی موجود ہے لوگ اختلاف کرتے ہی رہیں گے۔ اگر یہ آزادی انسان سے چھین لی جائے تو انسان کی تخلیق کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اسلام چونکہ امن و سلامتی کا دین ہے اس لیے ہر انسان کی مذہبی، معاشرتی اور معاشی آزادی کے احترام کی تعلیم دیتا ہے۔ وہ اپنے افکار و نظریات کو بزور طاقت کسی پر مسلط کرنے سے روکتا ہے اور ہر قسم کی ظلم و زیادتی و سرکشی کی کوشش سے منع کرتا ہے۔ اسلام اپنی قبولیت کے لیے نوع انسانی کے کسی بھی فرد کو مجبور نہیں کرتا۔ بلکہ وہ انسانوں کو حق اور باطل کے درمیان فرق کرنے اور حق کو پہچاننے کے لیے غور و فکر کی دعوت دیتا ہے[5]۔

اسلام کے دشمنوں نے اسلام پر لوگوں کو زبردستی مسلمان بنانے کا جو الزام لگا رکھا ہے۔ قرآن نے پہلے ہی اس کا رد کر دیا تھا کہ دین کے معاملہ میں جبر و اکراہ کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ دین کی بنیاد ہے ایمان اور ایمان کا تعلق ہے دل سے اور دل جبر و اکراہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنا جانتا ہی نہیں۔[6]

اسلام ہر شخص کو مذہبی آزادی کا حق دیتا ہے۔ اسلام قبول کرنے کے لئے کسی غیر مسلم کو مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ مسلمانوں پر اسلام کی تبلیغ فرض تو ہے لیکن اس امر کی اجازت ہر گز نہیں ہے کہ وہ کسی کو زبردستی اسلام میں داخل کریں اور اسلام قبول کرنے پر مجبور کریں۔ اسلامی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ مسلمانوں نے کبھی اپنے ہمسایوں بلکہ محکوم رعایا کو بھی اسلام قبول کرنے پر مجبور نہیں کیا۔ اگر ایسا ہوتا تو مسلم ریاستوں میں مسجدوں کے ساتھ ساتھ مندر، گوردوارے، چرچ اور عبادت خانے نہ ہوتے۔

بین المذاہب اتحاد: قرآن و سنت کی روشنی میں

دور حاضر میں بین المذاہب اختلافات میں بہت زیادہ کشیدگی دیکھنے کو مل رہی ہے جس کی وجہ سے آئے روز انتہا

اسلامی تصور اور اس کا تاریخی نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ مقالہ کا اختتام پر نتائج وسفارشات مرتب کی گئی ہیں۔

رواداری اور اسلام

اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ دین جس کا نام اسلام ہے تمام انسانوں کی قیامت تک رہنمائی کے لیے کافی ہے۔ اس دین کی الہامی کتاب قرآن مجید ہے اور اس کے شارع خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اسلام میں کسی انسان پر کوئی جبر نہیں ہے۔ اسلام کا پیغام ہر انسان کے لیے ہدایت کا پیغام ہے۔ ہر انسان کو جینے کی مکمل آزادی ہے۔ اسلام ہر شخص کے ساتھ رواداری کی تعلیم دیتا ہے لیکن اس کی واضح حدود و قیود بھی متعین ہیں جن کا ادراک ہر مسلمان کو ہونا چاہیے۔ فرمان الٰہی ہے:

"لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ"[1]

"دین اسلام میں (کسی پر) جبر نہیں ہے۔"

اس آیت کی تفسیر میں بعض مفسرین نے اس کو اہل کتاب کے لئے خاص مانا ہے یعنی مسلم ریاست میں رہنے والے اہل کتاب اگر جزیہ ادا کرتے ہوں تو انہیں قبول اسلام پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ لیکن یہ آیت حکم کے اعتبار سے عام ہے یعنی کسی پر بھی قبول اسلام کے لیے جبر نہیں کیا جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور گمراہی دونوں کو واضح کر دیا ہے تاہم کفر وشرک کے خاتمے اور باطل کا زور توڑنے کے لئے جہاد جبر واکراہ سے مختلف عمل ہے۔ جہاد کا مقصد معاشرے سے اس قوت کا زور اور دباؤ ختم کرنا ہے جو اللہ کے دین پر عمل اور اس کی تبلیغ کی راہ میں رکاوٹ ہو تاکہ ہر شخص اپنی مرضی سے چاہے تو اپنے کفر پر قائم رہے اور چاہے تو اسلام میں داخل ہو جائے۔ چونکہ رکاوٹ بننے والی طاقتیں رہ رہ کر ابھرتی رہیں گی اس لیے جہاد کا حکم اور اس کی ضرورت بھی قیامت تک رہے گی۔ سورۃ البقرۃ کی آیات 190 تا 194 میں جہاد کا صحیح مفہوم اور رواداری کی حدود و قیود کو واشگاف الفاظ میں بیان کر دیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے کافروں اور مشرکوں سے جہاد کیا اور فرمایا: "مجھے حکم دیا گیا ہے میں لوگوں سے اس وقت تک جہاد کروں جب تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار نہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں۔ سو جب وہ یہ کام کر لیں تو انہوں نے مجھ سے اپنی جانوں اور اموال کو بچا لیا سوائے حق کے بدلہ کے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے۔"[2]

اسلام میں مذہبی آزادی کا تصور

ہر انسان کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقدس کلام قرآن مجید میں اس بات کو واضح طور پر صاف صاف بیان کر دیا ہے کہ اگر اللہ چاہتا تو تمام انسان امتِ واحدہ بن کر رہتے۔ فرمان باری ہے:

"وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾"[3]

مذاہب عالم کے مابین اتحاد اور رواداری: قرآن و سنت کی روشنی میں ایک مطالعہ

Unity and Tolerance between the World Religions: A Study in the Light of the Qur'an and Sunnah

*ڈاکٹر سید وحید احمد

** رابعہ بنت سجاد احمد سعیدی

ABSTRACT

In Islam, non-Muslims have complete freedom to adhere to their religion. There will be unity with them based on tolerance will be exercised with them. The Islamic State will not attack their faith and worship. Tolerance will be treated as much as there is scope in Islamic law. Their places of worship will be protected. All prophets will be respected.

But from the end of the twentieth century to the present, there have been several incidents which have been hurting the feelings of Muslims. Muslims all over the world are protesting this attitude. Muslims want equal rights and honour around the world. They want human unity and interfaith harmony. This article presents the Islamic concept of unity and tolerance with other religions. Conclusions and recommendations have been formulated at the end of the article.

KEY WORDS:

Religions, Unity, Tolerance, Quran, Sunnah

تمام انسان اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور اس حیثیت سے برابر درجہ رکھتے ہیں۔ پہلا انسانی جوڑا مسلمان تھا اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر کامل ایمان رکھتا تھا۔ اس جوڑے سے پیدا ہونے والی اولاد شروع میں تو توحید پرست رہی لیکن حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے تک پہنچتے پہنچتے اولاد آدم توحید کے راستے سے ہٹ گئی۔ نتیجے کے طور پر عذاب کی مستحق ٹھہری۔ جو لوگ عذاب سے محفوظ رہے وہ توحید پرست تھے اور ان سے انسانی آبادی کا سلسلہ آگے بڑھا۔ انسانوں میں عقیدہ و عمل کا اختلاف ہمیشہ جاری رہا۔ اس اختلاف کو ختم کرنے، انسانوں میں عقیدہ توحید کی پہچان، نیک اعمال کی ترغیب، حق اور باطل کی تمیز، اتحاد اور رواداری کے جذبات کو فروغ دینے کے لیے خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ پر قرآن مجید نازل ہوا۔ قرآن و سنت نے اللہ کی مخلوق کو توحید باری تعالیٰ کی پہچان کرائی اور انہیں باہمی اتحاد اور رواداری کا عملی درس دیا۔ قرآن و سنت کی ان تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے اس مقالہ میں مذاہب عالم کے اتحاد اور رواداری کا

*ریسرچ انویسٹیگیٹر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

**پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف کراچی، کراچی



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	مذاہب عالم کے مابین اتحاد اور رواداری: قرآن وسنت کی روشنی میں ایک مطالعہ Unity and Tolerance between the World Religions: A Study in the Light of the Qur'an and Sunnah
Authors	Dr. Syed Waheed Ahmad[1] Rabia Bint Sajjad Ahmad Saeedi[2]
Affiliations	[1]International Islamic University, Islamabad, Pakistan. [2]University of Karachi, Karachi, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u12
QR Code	
Citation	Waheed Ahmad, Syed, Dr. and Saeedi, Rabia Bint Sajjad Ahmad, *"Unity and Tolerance between the World Religions: A Study in the Light of the Qur'an and Sunnah"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 203–212

Indexing

Copyright Information:

مذاہب عالم کے مابین اتحاد اور رواداری: قرآن وسنت کی روشنی میں ایک مطالعہ
Unity and Tolerance between the World Religions: A Study in the Light of the Qur'an and Sunnah © June 2022 by Dr. Syed Waheed Ahmad & Rabia Bint Sajjad Ahmad Saeedi is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information:
Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

24۔ ایضاً، ۶/ ۳۰۶

25۔ سنن الکبری للبیہقی، کتاب الضحایا، باب مایحرم من جھتہ مایاکل العرب، داراحیاء التراث العربی، بیروت، س ن، رقم الحدیث: ۱۹۳۸۲

26۔ ابن تیمیہ، احمد بن عبد الحلیم، مجموع فتاوی، مکتبہ العبیکان، س ن، ۱۱/ ۶۰۹

27۔ سنن ابن ماجہ، کتاب الطب، باب عن الدواء الخبیث، رقم الحدیث: ۳۴۵۹

28۔ الجامع الصحیح، کتاب الشرکہ، باب فی الشرکہ فی الطعام والنہداء والعروض، رقم الحدیث: ۶۹۷۰

29۔ مسلم بن حجاج القشیری، صحیح مسلم، کتاب الاشربہ، باب تحریم التداوی وبیان انہالیست بدواء، دار السلام، الریاض، ۲۰۰۴، رقم الحدیث: ۳۶۶

30۔ انصاری، عالم بن العلاء، فتاوی التاتارخانیہ کذا فی المحیط البرہانی، ادارۃ القرآن، کراچی، س ن، ۱۷/ ۳۷۹

31۔ عمار بن علی الشرنبلانی، مراقی الفلاح شرح نور الایضاح، مطبعہ العلمیہ، بیروت، ۱۳۱۵ ہجری، ۱/ ۶۹

9۔ دار الافتاء جامعہ نعیمیہ لاہور، ایک عظیم و تاریخی درسگاہ جس نے دینی علوم کی ترویج میں اہم خدمات سرانجام دیں۔ پاکستان کے شہر لاہور کے گنجان آباد علاقے گڑھی شاہو میں واقع عظیم اسلامی تعلیمی دانش گاہ، جس کی بنیاد مفتی محمد حسین نعیمی نے رکھی تھی۔

10۔ ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء جوہر ٹاؤن لاہور؛ اس ادارے کے بانی و سرپرست اعلیٰ علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر ہیں۔

11۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر دار الافتاء ماڈل ٹاؤن لاہور؛ اس عظیم مرکز علمی کی تاسیس ۱۹۵۴ء میں حسینیہ ہال موچی دروازہ لاہور میں ہوئی۔ ۱۹۵۶ء میں محسن ملت علامہ سید صفدر حسین نجفی اس ادارے سے وابستہ ہوئے۔ ان کی کاوشوں اور افراد و قوم کے تعاون سے یہ مرکز ۱۹۷۱ء میں موجودہ عظیم الشان کیمپس میں منتقل ہوا۔ جامعۃ المنتظر علمی، دینی اور ملی سرگرمیوں کے لحاظ سے قومی تاریخ کا ایک درخشندہ باب ہے۔

12۔ الجامعۃ الاسلامیۃ الامدادیۃ، گلشن امداد ستیانہ روڈ فیصل آباد پاکستان؛ شیخ الحدیث حضرت مولانا نذیر احمد صاحب رحمت اللہ علیہ نے 1983ء میں اپنے شیخ و مرشد عارف باللہ حضرت ڈاکٹر عبد الحی عارفی قدسرہ کی صدارت و سرپرستی میں قائم فرمایا۔ آپ کا شمار ملک کے چند محبوب ترین مدرسین میں ہوتا تھا۔ اس جامعہ نے بہت ہی مختصر عرصے میں ایک بڑے اور مقبول ادارے بلکہ ایک مؤثر تعلیمی و تربیتی تحریک کی شکل اختیار کر لی اور تمام سلاسل مقبولہ کے بزرگان دین، علما و طلبہ اور عوام کی توجہات کا مرکز بن گیا۔

13۔ جامعہ محمودیہ جھنگ

14۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم ملتان؛ جامعہ قاسم العلوم ملتان کی بنیاد کچہری روڈ پر 1946 میں رکھی گئی اور باقاعدہ آغاز و خصوصی دعا کے لئے شیخ العرب والعجم شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ 8 اکتوبر 1946ء کو یہاں تشریف لائے بعد ازاں گلگشت کالونی میں موجودہ جامعہ قاسم العلوم (جدید) کی بنیاد مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمودؒ نے رکھی۔

15۔ جامعہ خیر المدارس ملتان؛ 9 مارچ 1931 کو خیر محمد جالندھری نے اشرف علی تھانوی کی تجویز پر قائم کیا تھا حضرت تھانوی خیر المدارس کے پہلے سرپرست بھی بنے اور بعد کے سرپرستوں میں شبیر احمد عثمانی اور شمس الحق افغانی شامل تھے۔ ۸ اکتوبر 1947 کو ملتان میں اس کا دوبارہ قیام عمل میں لایا گیا مدرسہ کی پہلی مجلس عاملہ میں محمد شفیع دیوبندی، محمد ادریس کاندھلوی، ظفر احمد عثمانی اور شمس الحق افغانی شامل تھے۔ ۱۹۷۰ کو خیر المدارس میں ایک مدرسۃ البنات کا قیام عمل میں آیا۔

16۔ جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ؛ ۱۹۴۷ء کو شیخ الحدیث مولانا عبد الحق نے جامعہ دار العلوم حقانیہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس جامعہ نے وفاق المدارس کی تاسیس میں بنیادی کردار ادا کیا۔ جامعہ کے شعبہ جات میں تعلیم القرآن، درس نظامی، شعبہ تکمیل، تخصص فی الفقہ والافتاء، تخصص فی الحدیث، تحفیظ القرآن الکریم والتجوید، فتاوی حقانیہ، کمپیوٹر، انگلش لینگویج وغیرہ شامل ہیں۔

17۔ ابن ماجہ، محمد بن یزید، سنن ابن ماجہ،، کتاب الاطعمہ، باب اکل الجبن، دار المعرفہ، بیروت، س ن، رقم الحدیث: ۳۲۴۹، ۲/ ۱۱۰۲

18۔ سورۃ المائدہ: ۵/ ۳

19۔ ابو داود، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داود، کتاب الطب، باب فی الادویہ المکروہیہ، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ، رقم الحدیث: ۳۸۷۱، ۵/ ۶۳۱

20۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوہ سیف البحر، دار السلام، الریاض، ۱۴۱۷ھ، رقم الحدیث: ۴۳۶۱

21۔ اشرف علی تھانوی، مولانا، امداد الفتاوی، مکتبہ دار العلوم، کراچی، ۲۰۰۵، ۸/ ۲۵۷

22۔ ابن عابدین، محمد امین بن عمر بن عبد العزیز، رد المحتار علی الدر المختار، دار الفکر، بیروت، ۲۰۰۰ء، ۶/ ۳۰۶

23۔ ایضاً، ۵/ ۹۶

نتائج وسفارشات:

مقالہ نگاران نے زیر نظر مقالہ میں سمندری حیوانات سے متعلقہ مباحث کا ذکر کیا ہے۔ اس لیے سفارش کی جاتی ہے کہ حیوانات کی سائنسی تقسیم کو معیار بناتے ہوئے گوشت خور جانور اور پرندوں کے فقہی احکامات کا تقابلی مطالعہ کیا جائے۔ اُمید ہے اس عنوان سے کئی مفید علمی جہتیں کھلیں گی اور اس سلسلے میں موجود کئی فقہی اختلافی مسائل میں ترجیحی آراء قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ سورۃ الانعام:۶/ ۱۵۳

2۔ سورۃ الحج:۲۲/ ۷۸

3۔ دارالافتاء جامعہ اشرفیہ، لاہور؛ جامعہ اشرفیہ لاہور کا شمار پاکستان کے ممتاز ترین دینی مدارس میں ہوتا ہے۔ مدرسہ کے بانی و سرپرست اعلیٰ مولانا مفتی محمد حسین صاحب کو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی سے خاص عقیدت تھی۔ اس لیے درسگاہ کا نام بھی اسی مناسبت سے جامعہ اشرفیہ رکھا گیا۔ ۲۴ ستمبر ۱۹۴۷ء کو اس مدرسہ کی نشاۃ ثانیہ ہوئی۔ جامعہ کی سند ایم اے عربی اور ایم اے اسلامیات کے مساوی قرار دی گئی ہے۔ ایک مجلس منتظمہ موجود ہے جو حکومت سے رجسٹرڈ ہے۔

4۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ، لاہور؛ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز میں اس مرکزی درسگاہ کا قیام عمل میں آیا۔ اس کا افتتاح استاذ العلماء حضرت مولانا محمد چراغ صاحب نے اولین درس قرآن سے کیا۔ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ میں درس نظامی کے فارغ التحصیل طلبہ کے لیے التخصص فی العلوم اسلامیہ کے نام سے ایک خاص شعبہ قائم کیا گیا ہے۔ جس میں تفسیر اصول، تفسیر احکام القرآن، حدیث، اصول حدیث، احکام الحدیث، قدیم وجدید فلسفۂ تاریخ اور افتاء وقضاء کے مضامین پر مشتمل کتب کو شامل کیا گیا ہے۔

5۔ جامعہ اہلحدیث القدس، دالگراں چوک، لاہور؛ جامعہ کی بنیاد مفتی اعظم حافظ عبد اللہ محدث روپڑی مرحوم نے ۱۹۱۴ء میں رکھی۔ قیام پاکستان کے بعد مولانا موصوف نے ۱۹۴۹ء میں جامعہ اہل حدیث کے نام سے چوک دالگراں لاہور میں اس کا دوبارہ اجراء کیا اور اس جامعہ کے مہتمم ثانی اور ناظم اعلیٰ حافظ عبد القادر روپڑی تھے۔ حافظ عبد القادر روپڑی کی رحلت کے بعد ۱۹۹۹ء میں حافظ عبد الغفار روپڑی اس عظیم درسگاہ کے ناظم اعلیٰ مقرر ہوئے۔ یہ عظیم دانش گاہ لاہور ریلوے اسٹیشن کے قریب برانڈرتھ روڈ (نشتر روڈ) چوک دالگراں لاہور پر واقع ہے۔

6۔ جامعہ مسجد اسحٰق چونامنڈی لاہور، جامع مسجد اسحاق یو کے سنٹر اعظم کلاتھ مارکیٹ لاہور علم و عمل کا ایک عظیم ادارہ ہے۔

7۔ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور؛ اس کا آغاز گیارہ شوال المکرم ۱۹۵۶ء بمطابق ۱۳۷۶ ہجری کو باغیچی نہال چند اندرون لوہاری دروازہ میں ہوا اور اس کی نئی عمارات کا سنگ بنیاد ۱۹۷۲ء میں رکھا گیا۔

8۔ دارالاسلام مجلس الافتاء لاہور؛ عبد المالک مجاہد نے ۱۹۹۲ء میں دارالسلام کے نام سے ایک باقاعدہ اشاعتی ادارہ قائم کیا جو اٹھارہ سال کے قلیل عرصہ میں علوم دین کے فروغ اور کتاب وسنت کی اشاعت کے بین الاقوامی ادارے کی حیثیت سے نام پیدا کر چکا ہے۔ دارالسلام کا صدر دفتر سعودی عرب کے دارالحکومت الریاض میں کام کر رہا ہے۔

حاصل کلام:

تمام جامعات کے دار الافتاء سے فتاویٰ جات کی صورت میں جو جوابات موصول ہوئے ان کا خلاصہ یہ ہے:

- مچھلی کو بطور خوراک استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں اور نہ ہی کسی مکتبہ فکر میں مچھلی کو ذبح کرنے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ حدیث میں صراحت کے ساتھ مذکور ہے۔ نیز یہ کہ سمک طافی کے احکامات میں مختلف مکتبۂ فکر کے ہاں اختلاف ہے۔ آئمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کا استعمال جائز ہے اور جب کہ حنفیہ اس کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔ مچھلی کی بیع اور اس کے بطور ادویات میں استعمال کے حوالے سے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ لہٰذا مچھلی کی بیع و شراء اور ادویات کا استعمال درست ہے۔ کیونکہ جو جانور فی نفسہ حلال ہو اس کے اعضاء سے بننے والی ادویات اور بیع و شراء کا حکم بھی وہی ہوتا ہے جو فی نفسہ اس جانور کا ہوتا ہے۔ بڑی مچھلیوں جن میں وہیل، عنبر، شارک اور ڈولفن وغیرہ شامل ہیں یہ سب بھی باقی مچھلیوں کی طرح حلال ہیں۔
- جھینگے کے بارے میں اختلاف صرف اس کے مچھلی ہونے یا نہ ہونے پر ہے۔ اگر یہ مچھلی کی قسم میں سے ہے تو حلال ہے اور اگر مچھلی کی قبیل سے نہیں تو حرام ہے۔ لیکن ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کا استعمال درست ہے۔ البتہ حنفیہ جھینگے کو کھانا درست نہیں سمجھتے۔ عصر حاضر کے احناف فقہاء جھینگے کو کھانے کی اجازت دیتے ہیں۔ اگر اس کا کھانا جائز ہے تو اس کی خرید و فروخت اور ادویات میں استعمال بھی درست ثابت ہوتا ہے۔ بام مچھلی کا کھانا بھی درست ہے کیونکہ یہ مچھلی کی قبیل سے ہے لیکن اس کی مشابہت سانپ جیسی ہے۔ آکٹوپس کی خرید و فروخت اور ادویات میں استعمال بوقت ضرورت درست ہے۔ نیز سیپی اور گھونگا کھانے میں احتیاط برتی جائے تو بہتر ہے، البتہ محدود پیمانے پر بطور دوا اس کے استعمال کی گنجائش نکلتی ہے۔
- برمائی حیوانات کو بطور خوراک استعمال کرنا شرعاً جائز نہیں ہے البتہ کچھ فقہاء کچھوے کو اس سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں۔ برمائی حیوانات کی تجارت کے احکامات کے حوالے سے بھی سختی برتی گئی ہے، کیونکہ یہ سب حیوانات خبائث میں شامل ہیں۔ لیکن عصر حاضر میں حالات کے پیش نظر تجارت کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے اسکی اجازت دی جاسکتی ہے۔ ادویہ میں استعمال کے حوالے سے احتیاط برتی جائے تو بہتر ہے۔ لیکن اگر بوجہ قلب ماہیت اور استحالہ و استہلاک سے اس چیز کی ماہیت بدل جائے تو بطور دوا استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اضطراری حالت میں دوا کے استعمال کی گنجائش موجود ہے۔ تجارت کے حوالے سے برمائی حیوانات کی بات کی جائے تو اس پہلو کو مد نظر رکھا جائے کہ اگر ان کر کھال کو دباغت کے ذریعے اچھی طرح صاف کر لیا گیا ہے تو ان کو مصنوعات میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

18	19	20	21
مینڈک، مگرمچھ، کچھوا، سانپ بطور غذا	برمائی حیوانات کی تجارت کے احکامات	برمائی حیوانات کا بطور دوا استعمال	برمائی حیوانات کا بطور مصنوعات استعمال
-------	-------	-------	-------
جائز نہیں	درست (جائز غرض کے لیے)	بیرونی استعمال جائز	درست
جائز نہیں	حرام	اضطراری حالت میں جائز	جائز نہیں
درست نہیں	درست نہیں سوائے کچھوا	جائز نہیں	درست
-------	-------	-------	-------
حرام	ناجائز	درست نہیں	جائز
جائز نہیں	جائز	خارجی استعمال جائز	درست
حرام	جائز نہیں	جائز نہیں	جائز نہیں
ناجائز	درست (صحیح مقصد)	خارجی استعمال درست	درست
جائز نہیں	گنجائش بوقت ضرورت	گنجائش ہے	درست
-------	-------	-------	-------
حرام	جائز نہیں	درست	اجتناب بہتر ہے
حرام	جائز	درست	جائز

9	10	11	12	13	14	15	16	17
جھینگے کی خرید وفروخت	جھینگا بطور ادویات	آکٹوپس بطور غذا	بام مچھلی بطور غذا	ان دونوں کے احکام تجارت	ان دونوں کا بطور دوا استعمال	سیپی، گھونگا بطور غذا	سیپی، گھونگا بطور دوا	سیپی، گھونگے کی تجارت
احتیاط	احتیاط	------	جائز	------	------	------	------	------
جائز	جائز	------	جائز	جائز	جائز	جائز نہیں	جائز	------
جائز	جائز	------	حلال	جائز	جائز	------	جائز	جائز
درست	جائز	حلال	جائز	جائز	جائز	------	------	------
جائز	اباحت وجواز	حلال	حلال	جائز	جائز	حلال	جائز	جائز
جائز	جائز	حرام	حلال	جائز	درست	حرام	ناجائز	ناجائز
درست	جائز	جائز نہیں	جائز	جائز	جائز	------	جائز	جائز
احتیاط بہتر ہے	جائز	جائز	جائز	جائز	------	------	------	------
جائز	جائز	مچھلی (جائز)	مچھلی (جائز)	جائز	درست	جائز نہیں	خارجی استعمال درست	جائز
گنجائش	جائز	حلال	جائز	بوقت ضرورت جائز	درست	جائز نہیں	درست	بوقت ضرورت درست
مچھلی ہو تو جائز	بقدر ضرورت جائز	حرام	جائز	درست	جائز	حرام	بقدر ضرورت جائز	------
پران (جائز) لوبسٹر (ناجائز)	جائز	جائز نہیں	جائز نہیں	جائز نہیں	جائز	جائز نہیں	جائز	جائز
جائز	جائز	ائز نہیں	جائز نہیں	جائز	درست	------	------	------

نمبر شمار		1	2	3	4	5	6	7	8
سوالات		مچھلی بطور خوراک	مچھلی کا ذبح کرنا	مردہ حالت میں مچھلی کا کھانا	مچھلی کی بیع	مچھلی کا استعمال بطور ادویات	بڑی مچھلیوں کے احکامات	سمک طافی	جھینگا بطور غذا
مدارس	جامعہ اشرفیہ	حلال	ضروری نہیں	حلال	جائز	حلال	حلال	حلال نہیں	پرہیز بہتر ہے
	علوم اسلامیہ منصورہ	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا ہے	جائز	جائز	حلال	کھائی جاسکتی	جائز
	جامع اہل حدیث القدس	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا	جائز	جائز	جائز	کھائی جاسکتی	حلال
	جامع مسجد اسحاق	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا	جائز	جائز	حلال	حلال	حلال
	دار السلام مجلس الافتاء	حلال	ضروری نہیں	جائز	جائز	جائز	حلال	حلال	حلال
	جامعہ نعیمیہ	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا	جائز	جائز	حلال	مکروہ	بڑا جھینگا جائز
	الجامعۃ الاسلامیہ امدادیہ	حلال	ضروری نہیں	کھانا جائز ہے	جائز	جائز	جائز	جائز نہیں	جائز
	جامعہ محمودیہ	حلال	ضروری نہیں	کھانا جائز ہے	جائز	جائز	جائز	جائز نہیں	اجتناب بہتر ہے
	جامعہ قاسم العلوم	حلال	ضروری نہیں	جائز	جائز	درست	جائز	شرعاً جائز نہیں	حلت و حرمت میں اختلاف
	خیر المدارس	حلال	ضروری نہیں	حلال	جائز	جائز	جائز	حلال نہیں	اجتناب بہتر ہے
	جامعہ دار العلوم حقانیہ	حلال	ضروری نہیں	کھانا جائز ہے	جائز	جائز	حلال	مکروہ	عدم جواز
تشیعہ (ظاہری)	ادارہ منہاج الحسین	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا	چھلکے والی جائز	جائز	جائز (چھلکے والی)	جائز نہیں	پران (جائز) لوبسٹر (ناجائز)
	حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر	حلال	ضروری نہیں	کھایا جاسکتا	جائز	جائز	جائز	حرام	جائز

حرام ہے نیز ان کی خرید و فروخت (تجارت) جائز ہے اور ان سے بننے والی ادویات کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ ان کی کھال سے بننے والی مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔

دار الافتاء الجامعۃ الاسلامیۃ الامدادیۃ، ان مذکورہ بالا جانوروں کے بارے میں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ ان کا کھانا جائز نہیں ہے۔ خرید و فروخت کے بارے میں اصول یہ ہے کہ ان تمام جانوروں کا کوئی جائز استعمال یا منفعت موجود ہے اس لیے ان کی خرید و فروخت بھی جائز ہے۔ ان تمام جانوروں سے بننے والی ادویات کا خارجی استعمال تو جائز ہے اور بصورت حالت اضطرار میں ان ادویات کا داخلی استعمال بھی جائز قرار دیا جاسکتا ہے۔ ان جانوروں کی کھال کو دھوپ میں خشک کر کے جیکٹس وغیرہ بنائے جائیں تو اس کا استعمال درست ہے۔ اس حوالے سے جامعہ محمودیہ یہ فتویٰ نقل کرتے ہیں کہ مینڈک، مگرمچھ، کچھوا، سانپ حرام ہیں، ان کا کھانا جائز نہیں۔ ان کی خرید و فروخت (تجارت) بھی جائز نہیں۔ نیز کھانے کی ادویات میں ان کو شامل کرنا جائز نہیں ہے۔ البتہ خارجی استعمال جائز ہے اور ان جانوروں کی کھال سے نفع اٹھانا بھی جائز نہیں ہے۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم ان جانوروں کے کھانے کو شرعاً ناجائز کہتے ہیں۔ نیز ان جانوروں کی خرید و فروخت کسی صحیح مقصد کے لیے درست ہے۔ ادویات کا خارجی استعمال درست ہے البتہ ان جانوروں کی کھال سے بننے والی مصنوعات کا استعمال شرعاً درست ہے۔ جامعہ خیر المدارس ان جانوروں کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ کوئی بھی جانور کھانا شرعاً جائز نہیں ہے[30]۔ البتہ قلب ماہیت کے پیش نظر ادویات کو استعمال کیا جاسکتا ہے اور خرید و فروخت کے متعلق بوقت ضرورت خاص شرائط کے ساتھ شرعاً گنجائش ہے لیکن اسے عام کاروبار بنانا پسندیدہ نہیں۔ لہٰذا ذکر کردہ جانوروں کی کھال دباغت کے بعد اس سے تیار کردہ مصنوعات کا استعمال شرعاً جائز ہے[31]۔

دار الافتاء سے موصول ہونے والے فتاویٰ کے جوابات کو مختصراً نیچے دیئے گئے جدول میں بیان کیا گیا ہے تاکہ سمندری حیوانات کے احکامات بہتر طور پر واضح ہو سکیں۔

جدول فتاوی جات

ہیں کہ مینڈک[25] کی حلت و حرمت میں علماء کا اختلاف ہے لیکن محدث روپڑیؒ بیان کرتے ہیں کہ احتیاط اسی میں ہے کہ اس کے استعمال سے بچا جائے۔ اسی طرح کچھوے کی حلت و حرمت میں بھی اختلاف ہے۔ لہٰذا اس کے نہ کھانے اور حرام سمجھنے میں ہی احتیاط ہے۔ البتہ کچھوے کو کھانے کے علاوہ استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ مگرمچھ کو ذی ناب ہونے کی وجہ سے حرام کیا گیا ہے۔ لہٰذا سانپ اور کچھوؤں کے کھانے کی حرمت پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے۔ کیونکہ سانپ موذی جانور ہے اس لیے اس کا کھانا حرام ہے۔ مگرمچھ اور سانپ حرام ہیں[26]۔ لہٰذا ان کی تجارت حرام ہو گی۔ اسی طرح ان سے بننے والی ادویات استعمال کرنا یا ان سے فائدہ حاصل کرنا تمام حالات میں شرعاً جائز نہیں ہے۔ اگر کوئی ایسی بیماری ہے جس کا علاج حرام چیز سے تیار کی گئی دوا سے ہی ممکن ہو تو اضطراری حالت میں ایسی دوا کی اجازت ہو گی۔ مگرمچھ اور سانپ دونوں حرام ہیں اور ان کے چمڑے سے تیار کردہ مصنوعات کا استعمال بھی شرعاً جائز نہیں ہو گا[27]۔

دار الافتاء جامع مسجد اسحٰق ان سوالات کے حوالے سے فتویٰ دیتے ہیں کہ مینڈک کا کھانا درست نہیں[28]۔ یہ حرام ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اس کے قتل سے منع کیا ہے۔ جب اسے قتل کرنا ہی منع ہے تو ذبح کیسے ہو گا اور بغیر ذبح کے یہ حلال کیسے ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اسے کھانا، خرید و فروخت کرنا اور ادویات میں استعمال کرنا جائز نہیں۔ سانپ بھی حرام ہے کیونکہ اسے قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ سانپوں اور بچھوؤں کو کھانا مسلمانوں کے نزدیک اتفاقی طور پر حرام ہے۔ مگرمچھ کے بارے میں اختلاف ہے لیکن صاحب فتاویٰ کے نزدیک یہ خونخوار اور کچلی والا ہونے کی وجہ سے حرام میں شامل ہے۔ مشتبہ اشیاء سے بھی گریز کیا جائے گا۔ کچھوے کے بارے میں بھی اختلاف ہے لیکن اس کے حرام ہونے کا واضح سبب معلوم نہیں اس لیے حرام کہنا مشکل ہے۔ سانپ، مینڈک، مگرمچھ کی خرید و فروخت درست نہیں البتہ کچھوا اس سے مستثنیٰ ہے اس کی خرید و فروخت درست ہے۔ نیز ان جانوروں کو ادویات میں استعمال کرنا، ان سے علاج کرنا حرام ہے۔ ان جانوروں کی کھال رنگ کر پاک ہو جائے گی[29]۔ اس لیے ان جانوروں کی کھال سے بننے والی مصنوعات درست ہیں اور انہیں استعمال کرنا بھی جائز ہے لیکن ان کی خرید و فروخت سے قبل یہ یقین کر لیا جائے کہ کھال وغیرہ کا استعمال اور خرید و فروخت ان کو پاک کرنے کے بعد کی گئی ہے۔

دار الافتاء جامعہ نعیمیہ مذکورہ بالا سوالات کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ مینڈک، مگرمچھ، کچھوا اور سانپ کا کھانا حرام ہے۔ اسی طرح ان کی بیع ناجائز ہے۔ نیز ان سے بننے والی ادویات کا استعمال بھی درست نہیں ہے۔ البتہ ان کی کھالوں سے بننے والی مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔ ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ مینڈک، مگرمچھ، کچھوا اور سانپ کو کھایا نہیں جا سکتا۔ اسی طرح ان کی خرید و فروخت (تجارت) جائز نہیں ہے البتہ ان جانوروں سے بننے والی ادویات کو انقلاب ماہیت کے تحت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان جانوروں کی کھال سے بننے والی مصنوعات کے حوالے سے احتیاط و اجتناب بہتر ہے۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر ان جانوروں کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ ان کا کھانا

ہے۔ مزید بر آں سیپی، گھونگا یہ بھی حلال ہے اس کا کاروبار اور دوائی میں استعمال سب جائز ہے۔ جامعہ نعیمیہ اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ آکٹوپس کا کھانا حرام ہے۔ کیونکہ یہ مچھلی نہیں ہے۔ لہٰذا بام مچھلی کا کھانا حلال ہے۔ آکٹوپس اور بام مچھلی کی خرید و فروخت اور ادویات میں استعمال جائز ہے۔ مزید یہ کہ سیپی اور گھونگے کے کھانے کو حرام جبکہ ان کی تجارت اور ادویات کو بھی حرام قرار دیتے ہیں۔ ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء نے آکٹوپس اور بام مچھلی کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ ان کا کھانا اور تجارت جائز نہیں ہے۔ البتہ ادویات استعمال کی جا سکتی ہیں۔ نیز سیپی اور گھونگا کا کھانا اور تجارت جائز نہیں لیکن ادویات میں استعمال جائز قرار دیا ہے۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر آکٹوپس اور بام مچھلی کو کھانے کا جواز ثابت نہیں۔ لہٰذا کاروبار ہو سکتا ہے اور ادویات کے طور پر بھی اس کا استعمال درست ہے۔ الجامعہ الاسلامیۃ الامدادیۃ لکھتے ہیں کہ آکٹوپس ایک سمندری کیکڑا ہے۔ اس کا کھانا جائز نہیں ہے البتہ دوا کے طور پر استعمال کرنا اور ان کی تجارت کرنا سب درست ہے۔ بام مچھلی کا کھانا جائز ہے۔ کیونکہ حنفیہ کے نزدیک مچھلی کی تمام اقسام جائز ہیں۔ سیپی گھونگا کا کھانا جائز نہیں ہے۔ لہٰذا ان کا کاروبار کرنا اور دوا کے طور پر استعمال مخصوص شرائط کے مطابق جائز ہے۔ دار الافتاء جامعہ محمودیہ، آکٹوپس اور بام مچھلی کا کھانا، خریدنا، بیچنا سب جائز ہے۔

دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم، بام مچھلی اور آکٹوپس کے بارے میں لکھتے ہیں کہ اگر ان معنوں میں مچھلی کی علامات پائی جاتی ہوں تو ان کا کھانا اور تجارت جائز ہے۔ اور ان سے بننے والی ادویات کا داخلاً و خارجاً استعمال ہر طرح سے درست ہے۔ نیز سیپی اور گھونگے کا کھانا شرعاً جائز نہیں ہے۔ ان کا کاروبار جائز ہے۔ ادویات میں صرف خارجی استعمال درست ہے۔ دار الافتاء جامعہ خیر المدارس آکٹوپس، احناف کے ہاں اس کا کھانا حلال نہیں ہے[24]۔ بام مچھلی کا کھانا جائز ہے۔ سیپی، گھونگا احناف کے ہاں اس کا کھانا حلال نہیں ہے۔ قلب ماہیت کے تحت ادویات میں استعمال درست ہے۔ بوقت ضرورت خاص شرائط کے ساتھ خرید و فروخت کی شرعاً گنجائش ہے۔ جامعہ دار العلوم حقانیہ، آکٹوپس کو کھانا حرام قرار دیتے ہیں کیونکہ اس میں مچھلی کے اوصاف موجود نہیں۔ البتہ بطور علاج استعمال تداوی بالمحرم کی وجہ سے بقدر ضرورت بطور تداوی اس کا کھانا اور تجارت دونوں جائز ہیں۔ نیز بام مچھلی کو کھانا جائز ہے اور اس کی تجارت اور بطور تداوی استعمال کرنے کو بھی جائز کیا ہے۔ سیپی چونکہ خبائث اور حشرات الارض میں سے ہے اس لیے حنفیہ کے نزدیک اس کا کھانا حرام ہے اور بطور دوا اس کا استعمال بقدر ضرورت جائز ہے۔

سوال ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ کے جوابات میں جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ نے یہ فتویٰ صادر کیا ہے کہ مینڈک، مگرمچھ، کچھوا اور سانپ کا استعمال بطور غذا جائز نہیں، ان کا کھانا شرعاً ناجائز ہے۔ نیز ان کی خرید و فروخت (تجارت) کسی جائز غرض کے لیے درست ہے۔ ان سے بننے والی ادویات کا بیرونی استعمال جائز ہے البتہ داخلی استعمال جائز نہیں ہے۔ لہٰذا ان جانوروں سے بننے والی مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔ جامعہ اہل حدیث القدس مذکورہ بالا سوالات کے تحت لکھتے

علماء کرام اسے سمک میں شمار کرتے ہیں وہ اس کی حلت کا فتویٰ دیتے ہیں اور جو اسے اقسام سمک میں شمار نہیں کرتے وہ اس کے عدم جواز کا فتویٰ دیتے ہیں۔ لہٰذا جھینگے کی خرید و فروخت جائز ہے۔

جن مفتیان کرام نے جھینگے کو جائز قرار دیا ہے ان کے نزدیک ادویات کا داخلی و خارجی استعمال درست ہے اور جن مفتیان نے عدم جواز کا فتویٰ دیا ہے ان کے نزدیک صرف خارجی استعمال درست ہے۔ جامعہ خیر المدارس نے جھینگے کے حوالے سے یہ فتویٰ دیا ہے کہ جھینگا کھانے سے اجتناب کرنا زیادہ مناسب اور احوط ہے۔ بحری جانوروں کا بطور دوا استعمال حالت مجبوری میں جائز ہے۔ مگر بعینہ اس حرام چیز کو استعمال نہ کیا جائے بلکہ دیگر حلال اشیاء میں مغلوب کر کے استعمال کیا جائے۔ کیونکہ بوجہ قلب ماہیت کے استحباب جاتا رہا اور خرید و فروخت کی بوقت ضرورت خاص شرائط کے ساتھ شرعاً گنجائش ہے۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ نے مختلف کتب فقہ کی روشنی میں جھینگے کے عدم جواز کا فتویٰ ہے اور یہی راجح ہے کیونکہ جب اس میں حرمت کا قول بھی شامل ہے تو اس سے اجتناب بھی بہتر ہے۔ لہٰذا جھینگے میں احتیاط یہ ہے کہ نہ کھایا جائے۔ جھینگا اگر مچھلی کی قسم ہو تو خرید و فروخت جائز اور اگر مچھلی کی قسم نہ ہو تو خرید و فروخت بھی حرام ہے۔ البتہ بقدر ضرورت تداوی بالمحرم کی وجہ سے اس کا کھانا جائز ہے۔ اسی بناء پر اس کی خرید و فروخت بھی جائز ہے۔ لہٰذا جھینگے سے بننے والی ادویات، جھینگا اگر حلال ہو تو ادویات کا استعمال جائز اور اگر حرام ہو تو اس سے بننے والی ادویات بقدر ضرورت استعمال کرنا جائز ہے۔

سوال ۱۱، ۱۲ کی روشنی میں دار الافتاء جامعہ اشرفیہ نے بام کو مچھلی میں شامل کیا ہے۔ اگرچہ بام مچھلی سانپ جیسی دکھتی ہے لیکن اس کا کھانا بلا کراہت جائز ہے۔ نیز سیپی جس کو گھونگا کہتے ہیں اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ نے بام مچھلی کا کھانا جائز قرار دیا ہے۔ اسی طرح اس کی تجارت اور اس سے بننے والی ادویات کا بیرونی و اندرونی استعمال شرعاً جائز ہے۔ مزید یہ کہ سیپی، گھونگا کا استعمال بطور غذا یا دوا جائز نہیں ہے اس کی تجارت اور بطور دوا بیرونی استعمال جائز ہے۔ جامعہ اہلحدیث القدس بام مچھلی کو حلال قرار دیتے ہیں۔ اس کی خرید و فروخت، اس سے بننے والی ادویات اور ان کی تجارت جائز ہو گی۔ نیز سیپی گھونگا کو ادویات یا اس سے تیار کردہ کشتہ کو بطور دوا استعمال کرنا اور اس کا کاروبار کرنا شرعاً جائز ہے۔ کیونکہ شریعت مطہرہ نے اس کا کھانا، یا اس سے مستفید ہونا نہیں بتلایا۔ دار الافتاء جامع مسجد اسحٰق نے بلا تردد بام مچھلی کو کھانے، اس کی تجارت کرنے اور ادویات میں اس کے استعمال اور دیگر فوائد حاصل کرنے کو جائز قرار دیا ہے۔

آکٹوپس بھی ایک سمندری جاندار ہے تو اس کے احکامات بھی سمندری جاندار کے ہوں گے۔ لہٰذا آکٹوپس کی بیع و شراء اور دیگر فوائد درست ہیں۔ دار السلام مجلس الافتاء مندرجہ بالا سوالات کے جوابات میں یہ فتویٰ تحریر کرتے ہیں کہ آکٹوپس اور بام مچھلی سمندری جاندار ہیں اور دونوں حلال ہیں اور انہیں کسی بھی مصنوعات یا دوائی میں استعمال کیا جا سکتا

جمہور کے نزدیک جائز ہے۔ اسی طرح مردہ جھینگے کا کھانا بھی جائز ہے۔ نیز جھینگے کی خرید و فروخت شرعاً جائز ہے اور جھینگے کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات کا استعمال بھی جائز ہے[23]۔

جامعہ اہلحدیث القدس جھینگے کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ جھینگا بھی مچھلی کی ایک قسم ہے اور مچھلی کی تمام اقسام حلال اور ہر حلال چیز کی خرید و فروخت جائز ہے۔ لہٰذا جھینگے کی خرید و فروخت بھی جائز ہو گی نیز جھینگے کو ادویات میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ شرعاً اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ دار الافتاء جامع مسجد اسحٰق نے جھینگے کو کھانا جائز قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حلال ہے اور پانی کا جاندار ہے۔ اور پانی کا جاندار مردہ ہونے کی صورت میں بھی حلال ہے۔ لہٰذا اسے کھانا جائز ہو گا۔ اس لیے جھینگا زندہ ہو یا مردہ ہر صورت میں حلال ہو گا اور اس کا کھانا درست ہے۔ جب جھینگا حلال ہے تو اس کی خرید و فروخت بھی درست ہے۔ شرعی لحاظ سے اس کی بیع سے کوئی چیز مانع نہیں نیز مچھلی کی طرح اس کے تمام اعضاء کو ادویات کے لیے یا دیگر فوائد کے لیے استعمال کرنا درست ہے۔ دار السلام مجلس الافتاء نے ان سوالات کے جوابات میں بیان کیا ہے کہ جھینگا کھانا حلال ہے کیونکہ مچھلی کی طرح یہ بھی سمندری جانور ہے جو کہ صرف پانی میں رہتا ہے۔ مردہ جھینگا بھی حلال ہے جیسا کہ مچھلی کے احکام میں گزرا۔ جھینگے کی خرید و فروخت کے وہی احکام ہیں جو مچھلی کے ہیں۔ یعنی اس کی خرید و فروخت جائز ہے۔ مچھلی کی طرح اس کے اعضاء یا اجزاء کا حکم بھی اباحت و جواز کا ہے۔

جھینگے کے حوالے سے جامعہ نعیمیہ مفتی اعظم ہند امام احمد رضا خاں کا فتویٰ نقل کرتے ہیں کہ ان کے نزدیک چھوٹے جھینگے کا کھانا خلاف اولیٰ ہے اور بڑے جھینگے کے کھانے میں کسی قسم کی کراہت نہیں ہے۔ جھینگے کی خرید و فروخت بھی جائز ہے اور جھینگے کے اعضاء سے بننے والی ادویات کا استعمال بھی جائز ہے۔ ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء و القضاء جھینگے (پران) کو کھانا جائز کہتے ہیں۔ جبکہ بڑے جھینگے (Lobster) کو کھانا جائز قرار نہیں دیتے۔ اسی طرح پران کی خرید و فروخت جائز اور لوبسٹر کی خرید و فروخت کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔ جبکہ جھینگے کے اعضاء سے بننے والی ادویات کی اجازت دیتے ہیں۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر زندہ و مردہ جھینگے کے کھانے کو جائز قرار دیتے ہیں۔ علاوہ ازیں جھینگے کی خرید و فروخت اور اس کے اعضاء سے بننے والی ادویات کو بھی جائز قرار دیتے ہیں۔ الجامعہ الاسلامیۃ الامدادیۃ مذکورہ بالا سوالات کی روشنی میں جھینگے کے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ جھینگا کھانا جائز ہے کیونکہ یہ مچھلی کی ایک قسم ہے۔ اور جو احکام عام مچھلی کے ہیں وہی احکام جھینگا کے بھی ہیں۔ نیز جھینگے کی خرید و فروخت اور اس کے اعضاء سے بننے والی ادویات اور مصنوعات سب حلال اور جائز ہیں۔ دار الافتاء جامعہ محمودیہ نے جھینگے کے حوالے سے کہا ہے کہ جھینگا کھانے سے اجتناب کرنا زیادہ مناسب، زیادہ احوط اور زیادہ اولیٰ ہے۔ اور اس فتویٰ کی روشنی میں جھینگے کی خرید و فروخت سے بچنا ضروری ہے۔ اور حتی الامکان ایسی ادویات سے بچنے کی کوشش کی جائے بأمر مجبوری ادویات میں استعمال جائز ہے۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم نے جھینگے کے بارے میں کہا کہ دور حاضر کے مفتیان کرام کے مابین اختلاف ہے۔ جو

صورتیں جن سے کسی دوسرے شرعی حکم کی ممانعت نہ ہو جائز ہے۔ نیز مچھلی چھوٹی ہو یا بڑی جب اس پر "حوت" اور "سمک" کا لفظ صادق آتا ہے تو وہ سب حکم میں برابر ہیں کیونکہ شریعت نے چھوٹی یا بڑی مچھلی کے احکام میں کوئی فرق نہیں کیا۔ دار السلام مجلس الافتاء نے وہیل، ڈولفن اور شارک کی تمام اقسام کی حلت کا فتویٰ دیا ہے[21]۔ خواہ بڑی مچھلی ہو یا چھوٹی۔ مزید یہ کہ حدیث میں بھی عنبر مچھلی کے کھانے کا جواز ملتا ہے علاوہ ازیں بڑی مچھلیوں کی خرید و فروخت کے احکام بھی دیگر مچھلیوں کی طرح شرعاً جائز ہیں۔ دار الافتاء جامعہ نعیمیہ کے نزدیک بڑی مچھلیوں کی تمام اقسام حلال ہیں اور ان سے جائز منافع حاصل کرنا بھی درست ہے۔

اس سوال کے جواب میں ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء، اہل تشیع کے مکتبہ فکر کے نزدیک اگر بڑی اقسام کی تمام مچھلیاں اس معیار پر پورا اترتی ہوں کہ ان پر چھلکا موجود ہے تو جائز ہیں ورنہ نہیں ہے جبکہ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر نے اس سوال کے جواب میں بڑی مچھلیوں کے کھانے اور ان کے استفادہ کی دیگر صورتوں کو جائز قرار دیا ہے اور اس میں چھلکے والی مچھلی کی تفریق نہیں کی۔ الجامعہ الاسلامیۃ الامدادیۃ اس سوال کے پیش نظر یہ فتویٰ ارسال کرتے ہیں کہ مچھلی کی جتنی بھی اقسام ہیں، ان سب کا کھانا جائز ہے خواہ بڑی ہوں یا چھوٹی اور ان سب سے دیگر استفادہ کی صورتیں بھی جائز ہیں۔ دار الافتاء جامعہ محمودیہ بڑی مچھلیوں اور ان سے استفادہ کی صورتوں کے جواز کا فتویٰ دیتے ہیں۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم لکھتے ہیں کہ تینوں قسم کی مچھلیوں میں مچھلی کی علامات موجود ہیں۔ لہٰذا ان کا کھانا جائز ہے۔ البتہ شارک مچھلی میں اختلاف کی بناء پر احتیاط بہتر ہے۔ نیز ان سے استفادہ کی دیگر صورتیں جائز ہیں۔ جامعہ خیر المدارس وہیل اور ڈولفن کے بارے میں لکھتے ہیں کہ دونوں عرف میں مچھلی کے نام سے متعارف ہیں بلکہ وہیل کے بارے میں بعض حضرات نے یہ تصریح کی ہے کہ یہ درحقیقت عنبر ہی ہے جس کا ذکر حدیث میں مذکور ہے۔ اس کا کھانا جائز ہے۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ بڑی مچھلیوں کا کھانا اور ان سے استفادہ کی صورتوں کو جائز قرار دیتے ہیں کہ خواہ مچھلی چھوٹی ہو یا بڑی سب حلال ہیں۔

سوال ۸، ۹، ۱۰ کے تحت دار الافتاء جامعہ اشرفیہ اس حوالہ سے آئمہ ثلاثہ کے نقطۂ نظر کو واضح کرتے ہوئے جھینگے کی حلت کے قائل ہیں جبکہ احناف کے نزدیک مچھلی کے سوا تمام سمندری حیوانات حرام ہیں۔ مزید یہ کہ علماء احناف کے ہاں جھینگے کی حلت و حرمت کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض نے اس کو مچھلی کی قسم قرار دے کر حلال کہا ہے جبکہ بعض علماء کی تحقیق[22] کے پیش نظر جھینگے میں مچھلی کی علامات نہیں پائی جاتیں۔ لہٰذا ان کے نزدیک یہ حرام ہے۔ اس لیے احتیاط اسی میں ہے کہ جھینگا کھانے سے پرہیز کیا جائے کیونکہ اس مسئلے کا تعلق حلت و حرمت سے ہے اور حلت و حرمت میں تعارض کے وقت حرمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔ نیز جھینگے کے اعضاء سے بنے ہوئے کا حکم بھی یہی ہے جو جھینگے کا حکم ہے۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ، منصورہ نے ان سوالات کے زمرے میں یہ فتویٰ دیا ہے کہ جھینگے کا کھانا

مچھلی کا کھانا اور اس کی خرید و فروخت کرنا تمام امور حلال ہیں کیونکہ جس چیز کا کھانا حلال ہو اس کی خرید و فروخت بھی حلال ہوتی ہے۔ نیز مچھلی کے اعضاء سے بننے والی ادویات کھانا یا بنانا اور فروخت کرنا وغیرہ، مزید یہ کہ مچھلی کی مصنوعات کا بیچنا، خرید ناسب جائز ہے۔ اس میں بھی وہی اصول پیش نظر ہے کہ جس چیز کا کھانا حلال ہے اس کے اعضاء سے بننے والی ادویات اور مصنوعات بھی جائز ہیں۔ ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء، اہل تشیع کے مکتبہ فکر کے مطابق حلال مچھلی (جس پر چھلکا ہو) اس کی خرید و فروخت جائز ہے۔ نیز مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات کا استعمال جائز ہے۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر مچھلی کی خرید و فروخت اور اس کے اعضاء سے بننے والی ادویات و مصنوعات کو جائز قرار دیتے ہیں۔ الجامعہ الاسلامیۃ امدادیۃ مچھلی کی خرید و فروخت کو جائز قرار دیتے ہیں کیونکہ حلال چیز کی خرید و فروخت کی کوئی ممانعت نہیں۔ البتہ سمک طافی کی خرید و فروخت جائز نہیں ہے۔ نیز مچھلی کے اعضاء سے بننے والی ادویات و مصنوعات کا استعمال جائز ہے۔

جامعہ محمودیہ مچھلی کی خرید و فروخت کے جواز کا فتویٰ دیتے ہیں نیز مچھلی سے بننے والی ادویات و مصنوعات کے استعمال کو بھی جائز قرار دیتے ہیں۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ مچھلی کی خرید و فروخت قواعد شرعیہ کی رو سے جائز ہے۔ مزید یہ کہ مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات کا داخلی و خارجی استعمال درست ہے۔ نیز مچھلی سے بننے والی مصنوعات کا استعمال بھی جائز ہے۔ جامعہ خیر المدارس مچھلی کی خرید و فروخت کے احکام کے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ مچھلی چونکہ حلال جانور ہے اس لیے اس کی خرید و فروخت جائز ہے۔ بشرطیکہ بیع و شراء کی دیگر شرائط کا لحاظ رکھا گیا ہو۔ مچھلی کے اعضاء سے بننے والی ادویات کا استعمال جائز ہے۔ نیز مصنوعات کی خرید و فروخت بھی شرعاً جائز ہے۔ "جامعہ دارالعلوم حقانیہ" مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات و مصنوعات کے استعمال کو جائز قرار دیتے ہیں۔ اس لیے کہ مچھلی بالاتفاق حلال ہے۔ لہٰذا اس کے سارے اعضاء کا استعمال بھی جائز ہے۔

سوال نمبر ۷ کے حوالے سے "جامعہ اشرفیہ" نے یہ فتویٰ جاری کیا ہے کہ شارک چونکہ مچھلی کی اقسام میں سے ہے اور مچھلی اپنی تمام اقسام کے ساتھ حلال ہے۔ اس لیے شارک مچھلی بھی حلال ہے۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ نے بڑی مچھلیوں کے بارے میں یہ لکھا ہے کہ بڑی مچھلیوں کے کھانے کے بھی وہی احکامات ہیں جو کہ چھوٹی مچھلیوں کے ہیں۔ (وہیل، شارک، ڈولفن) یہ سب بھی مچھلیاں ہی ہیں۔ اسی طرح ان سے استفادہ کا وہی حکم ہے جو کہ عام مچھلیوں کا ہے۔ جامعہ الحدیث القدس نے اس سوال کے جواب میں یہ بیان کیا ہے کہ مچھلی چھوٹی ہو یا بڑی اس سے ہر قسم کا فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے[20]۔ اس میں کسی قسم کی ممانعت نہیں ہے اور اس فتویٰ کے حوالہ کی صورت میں انہوں نے صحیح بخاری کی حدیث کو نقل کیا ہے۔ مذکورہ بالا سوال کے جواب میں دار الافتاء جامعہ مسجد اسحاق نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ وہیل، ڈولفن، شارک وغیرہ سب بڑی مچھلیاں ہیں اور حلال ہیں۔ ان کا کھانا اور ان سے استفادے کی تمام کی تمام

حالت میں مل جائے اور سبب موت معلوم ہو مثلاً کسی نے پانی میں کرنٹ چھوڑا تا کہ مچھلیاں مر جائیں یا ایسی دوائی ڈالی جس سے مچھلیاں مر جائیں تو ان تمام صورتوں میں مچھلی کھانا جائز ہے۔ سمک طافی کے بارے میں حنفیہ کے نزدیک اس کا حکم یہ ہے کہ اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ مذکورہ بالا سوالات کی روشنی میں جامعہ محمودیہ اس بارے میں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ مچھلی جب تک مر کر الٹی نہ ہو جائے اس وقت تک اس کا کھانا جائز ہے۔ اور اگر مچھلی مر کر الٹی ہو گئی تو اس کا کھانا جائز نہیں کیونکہ یہی سمک طافی ہے جو مر کر پانی کی سطح پر الٹی ہو جائے اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم اس حوالے سے یہ فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ مردہ حالت میں مچھلی کو کھانا شرعاً جائز ہے بشرطیکہ سمک طافی نہ ہو کیونکہ سمک طافی کا کھانا شرعاً جائز نہیں ہے۔ دار الافتاء جامعہ خیر المدارس نے یہ فتویٰ ارسال کیا کہ اگر مچھلیوں کو پانی کے اندر رکھتے ہوئے کوئی ایسی صورت اور تدبیر اختیار کی جائے جس سے مچھلیاں مر جائیں اور پھر ان کو پانی سے نکال لیا جائے تو ان کا کھانا حلال ہے۔ اور رہا سوال سمک طافی کا تو ایسی مچھلی احناف کے نزدیک حلال نہیں ہے۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک اپنے فتویٰ میں بیان کرتے کہ مردہ مچھلی کو دیکھا جائے گا کہ اگر یہ کسی آفت کی وجہ سے مری ہو تو اس کا کھانا جائز ہے اور اگر طبعی موت مری ہو جیسا کہ سمک طافی میں ہے تو اس کا کھانا احناف کے نزدیک مکروہ ہے۔

سوال نمبر ۵، ۶ جامعہ اشرفیہ مذکورہ بالا سوالات کے جواب میں یہ فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ مچھلی کی خرید و فروخت بلاشبہ جائز ہے۔ نیز مچھلی کے اعضاء سے بننے والی ادویات بھی حلال ہیں بشرطیکہ اس کے ساتھ کوئی ایسی چیز نہ ملائی جائے جو شرعاً حرام ہو۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ اسی حوالے سے یہ جواب تحریر کرتے ہیں کہ تجارت کے شرعی احکامات کو مد نظر رکھتے ہوئے مچھلی کی خرید و فروخت شرعاً جائز ہے اس میں کسی قسم کی کوئی قباحت نہیں۔ اور مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات اور مصنوعات کا استعمال بھی شریعت کی رو سے جائز ہے۔ جامعہ اہلحدیث القدس اس حوالے سے لکھتے ہیں کیونکہ مچھلی حلال ہے۔ لہٰذا اس کی خرید و فروخت بھی جائز ہے۔ مزید یہ کہ مچھلی سے بننے والی ادویات اور مصنوعات کا استعمال کرنا اور ان سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ دار الافتاء جامعہ مسجد اسحٰق اس بارے میں لکھتے ہیں کہ مچھلی مردہ ہو یا زندہ ہر صورت میں اس کی خرید و فروخت درست ہے۔ شریعت اسلامیہ میں مچھلی بلا تفریق حلال ہے۔ اب چاہے اس کا استعمال ادویات میں ہو یا مصنوعات میں، مچھلی کے تمام اعضاء سے استفادہ درست ہے۔

مچھلی کی خرید و فروخت کے سلسلے میں "دار السلام مجلس الافتاء" اس حوالے سے یہ فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ مچھلی کی خرید و فروخت کے احکام بھی وہی ہیں جو عام حلال جانور کی خرید و فروخت کے احکامات ہیں۔ نیز مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات و مصنوعات کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ شرعی اصول یہی ہے کہ جو چیز فی نفسہٖ حلال ہوتی ہے اس کے تمام اجزاء کا استعمال بھی حلال ہوتا ہے۔ دار الافتاء جامعہ نعیمیہ کا مچھلی کی خرید و فروخت کے سلسلے میں جواز کا فتویٰ ہے کہ

کیا کہ مچھلی کو خوراک کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے اور اس کو ذبح کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ "جامعہ خیر المدارس ملتان" نے یہ تحریر کیا کہ قرآن کریم، احادیث کتب تفاسیر و فقہ کی تصریحات کی روشنی میں مچھلی حلال ہے اور اس کا بطور خوراک استعمال جائز ہے۔ مزید یہ کہ دوسرے جانوروں کی طرح مچھلی کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مچھلی میں بہتا ہوا خون نہیں پایا جاتا۔ "جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک" نے یہ جوابات جاری کیے کہ مچھلی کو خوراک کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے اور مچھلی کو ذبح کرنا ضروری نہیں بلکہ بغیر ذبح کیے مچھلی کھانا جائز ہے۔

سوال نمبر ۳ اور ۴ کے جوابات کے تحت مختلف مدارس و جامعات کے دار الافتاء سے حاصل ہونے والے فتاویٰ جات کا جائزہ لیا گیا ہے کہ اس مسئلہ میں فقہاء کرام کا کیا نقطۂ نظر ہے؟ اس حوالے سے سب سے پہلے جامعہ اشرفیہ کا فتویٰ ہے جس میں یہ بیان کیا کہ مری ہوئی مچھلیاں دو طرح کی ہوتی ہیں۔ ایک وہ جو کسی خارجی سبب کی بناء پر مری ہوں جیسے مچھلی کو پانی سے باہر نکال لیا گیا ہو یا کوئی اور صورت ہو جس سے مچھلیاں مر جائیں تو ایسی مچھلیوں کا کھانا حلال ہے۔ دوسری وہ مچھلیاں ہیں جو کہ سمک طافی کے حکم میں آتی ہیں اور سمک طافی[19] اس مچھلی کو کہتے ہیں جو کسی طبعی موت خود بخود پانی میں مر جائیں اور اس کی علامت یہ ہے کہ یہ الٹی ہو کر پانی کی سطح پر تیرنے لگتی ہے اور فقہاءِ احناف کے نزدیک ایسی مچھلی کا کھانا حلال نہیں ہے اور اس کے حوالہ میں انہوں نے سنن ابی داؤد کی روایت کو نقل کیا۔ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ نے اس بارے میں یہ فتویٰ درج کیا ہے کہ مردہ حالت میں مچھلی کو کھایا جا سکتا ہے۔ لیکن سمک طافی کا کھانا احناف کے نزدیک مکروہ ہے۔ جامعہ اہلحدیث القدس مردہ مچھلی کے احکام میں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ مردہ مچھلی کو کھایا جاسکتا ہے۔ اور سمک طافی کے حوالے سے ان کا فتویٰ یہ ہے کہ مردہ حالت میں تیرنے والی مچھلی کھائی جاسکتی ہے۔ دار الافتاء جامعہ مسجد اسحٰق اس حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مردہ حالت میں مچھلی کو کھایا جاسکتا ہے اور سمک طافی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ سمک طافی حلال مچھلی ہے۔ سمندری جانور ہے اس کے احکامات عام دیگر مچھلیوں کے ہیں۔ "دار السلام مجلس الافتاء" مردہ مچھلی کھانے کو جائز قرار دیتے ہیں۔ مزید یہ کہ سمک طافی کو انہوں نے حلال قرار دیا ہے۔ بشرطیکہ صورت حال اس درجہ خراب نہ ہو جائے کہ کھانے سے ضرر کا باعث بنے۔ دار الافتاء جامعہ نعیمیہ اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ مردہ حالت میں مچھلی کو کھایا جا سکتا ہے اور سمک طافی کے بارے میں ان کا یہ بیان ہے کہ مچھلی میں سے "طافی مچھلی" مکروہ ہے۔

ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء و القضاء اہل تشیع کے مکتبہ فکر کے نزدیک اگر مچھلی کو پانی سے زندہ نکالا گیا تھا اس کے بعد وہ مر گئی تو اس کو کھایا جا سکتا ہے۔ اور سمک طافی کے بارے میں یہ کہ اس کا کھانا جائز نہیں۔ حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر اس بارے میں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ مردہ حالت میں مچھلی کو کھایا جا سکتا ہے اور سمک طافی کو حرام قرار دیتے ہیں۔ کیونکہ وہ خود بخود پانی میں مر کر اوپر آئی ہے۔ الجامعہ الاسلامیۃ امدادیۃ اس حوالے سے لکھتے ہیں کہ مچھلی اگر مردہ

کی شرط ضروری نہیں ہے۔ مچھلی کو بطور خوراک استعمال کے حوالے سے "دار الافتاء جامعہ اہلحدیث القدس دالگراں لاہور" سے ان سوالات کے جوابات میں یہ فتویٰ جاری کیا گیا ہے کہ قرآن کریم میں مچھلی کے شکار کو صراحتاً حلال قرار دیا گیا ہے۔ اور اس حوالہ سے المائدہ: 5/96 کا حوالہ دیا گیا ہے۔ نیز مچھلی کے ذبح کے مسئلے میں تفصیلاً یہ کہا گیا ہے کہ ذبح اس جانور کو کیا جاتا ہے جس میں دم مسفوح ہو اور مچھلی میں دم مسفوح نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس کو ذبح کی ضرورت نہیں۔ اس سوال کے حوالہ جات کی صورت میں دار الافتاء نے سنن ابی داؤد اور سنن ابن ماجہ کا حوالہ درج کیا ہے اور فتویٰ دیا کہ مچھلی بغیر ذبح کے کھائی جاسکتی ہے۔ "دار الافتاء جامعہ مسجد اسحاق چونامنڈی لاہور" نے یہ فتویٰ دیا کہ قرآن و حدیث کی رو سے جن اشیاء کی حرمت کی دلیل مل جائے وہ حرام ہیں اور ان کے علاوہ سب حلال ہیں۔ لہٰذا قرآن و سنت میں مچھلی کے حرام ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ اس لیے اس کو بطور خوراک استعمال کرنا جائز ہے۔ مچھلی کے ذبح کے مسئلہ میں ان کا فتویٰ یہ ہے کہ مچھلی کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں مچھلی مردہ بھی ہو تو حلال ہے۔

مچھلی کو بطور خوراک استعمال کرنے کے حوالے سے "دار السلام مجلس الافتاء لاہور" نے مچھلی کو خوراک کے طور پر کھانے کی اجازت دی ہے۔ مزید یہ کہ مچھلی کو بالاتفاق ذبح کرنا ضروری نہیں[18] اور اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے۔ حدیث میں مچھلی اور ٹڈی کو ذبح کرنے کا حکم نہیں ہے۔ ان سوالات کے حوالے سے "دار الافتاء جامعہ نعیمیہ لاہور" نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ مچھلی شرعاً حلال ہے اور اسے بطور خوراک استعمال کرنا جائز ہے۔ انہوں نے حوالہ کے طور پر قرآن کریم اور فقہ کی بنیادی کتب کا حوالہ دیا ہے۔ مزید یہ کہ مچھلی کو ذبح کرنا ضروری نہیں کیونکہ حدیث میں صراحتاً مذکور ہے۔ اہل تشیع کے مکتبہ فکر کے حوالے سے ان سوالات کے جوابات میں "ادارہ منہاج الحسین لاہور دار الافتاء والقضاء" نے اس سوال پر فتویٰ دیا ہے کہ اگر مچھلی چھلکے والی ہو گی تو اس کا بطور خوراک استعمال کرنا جائز ہے اور مچھلی کے ذبح کی کوئی شرط درکار نہیں ہے۔ "حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور" کے دار الافتاء سنٹر مکتب اہل تشیع سے مچھلی کو بطور خوراک استعمال کو جائز قرار دیا ہے۔ اس ادارے نے اپنے فتویٰ میں چھلکے والی مچھلی کو مخصوص نہیں کیا بلکہ مجموعی طور پر تمام اقسام کی مچھلیوں کو بطور خوراک استعمال کرنے کی اجازت دی ہے اور مچھلی کے ذبح کے مسئلہ میں کہا کہ مچھلی میں ذبح کا عمل نہیں ہوتا۔ مچھلی کو پانی سے زندہ نکالا جائے اور وہ پانی سے باہر مر جائے اس کی حلت کے لیے یہی کافی ہے۔

مذکورہ بالا سوالات کے جوابات میں "الجامعۃ الاسلامیۃ الامدادیۃ فیصل آباد" نے یہ فتویٰ ارسال کیا ہے کہ مچھلی کو خوراک کے طور پر استعمال کرنا درست ہے۔ نیز مچھلی کو ذبح کرنا ضروری نہیں ہے۔ "جامعہ محمودیہ جھنگ" سے فتاویٰ جات کی صورت میں ان سوالات کے جوابات میں یہ تحریر کیا گیا ہے کہ مچھلی کو خوراک کے طور پر استعمال کرنا جائز ہے اور مچھلی کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس میں دم مسفوح موجود نہیں ہوتا۔ مچھلی کے بطور خوراک استعمال اور مچھلی کو ذبح کرنے کے مسئلے میں "دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم ملتان" نے ان سوالات کے جوابات میں یہ فتویٰ ارسال

سوالات کے پیش نظر مختلف مدارس سے فتاویٰ جات کی صورت میں جوابات موصول ہوئے۔

تحقیقی سوالنامہ برائے سمندری حیوانات

سوال:۱	مچھلی کو خوراک کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے؟
سوال:۲	مچھلی کو ذبح کرنا ضروری ہے یا نہیں؟
سوال:۳	مردہ حالت میں مچھلی کو کھایا جاسکتا ہے یا نہیں؟
سوال:۴	''سمک طافی'' کے احکامات کیا ہیں؟
سوال:۵	مچھلی کے دیگر اعضاء سے بننے والی ادویات اور مصنوعات کے کیا احکامات ہیں؟
سوال:۶	مچھلی کی بیع (خرید و فروخت) کے کیا احکامات ہیں؟
سوال:۷	بڑی مچھلیوں (وہیل، شارک، ڈولفن) ان کے کھانے کے احکامات نیز ان سے استفادہ کی دیگر صورتیں جائز ہیں یا نہیں؟
سوال:۸	جھینگا کھانا کیسا ہے؟ مردہ جھینگے کے کیا احکامات ہیں؟
سوال:۹	جھینگے کی خرید و فروخت کے احکامات کیا ہیں؟
سوال:۱۰	جھینگے اور اس کے باقی اعضاء سے بننے والی ادویات کے احکامات کیا ہیں؟
سوال:۱۱	''آکٹوپس'' اور ''بام مچھلی'' کا کھانا کیسا ہے؟، ان کی تجارت کے احکامات؟ اور ان سے بننے والی ادویات کے احکامات؟
سوال:۱۲	''سیپی اور گھونگا'' ان کو کھانا، ان کا کاروبار کرنا اور ادویات کے احکامات؟
سوال:۱۳	''مینڈک، مگرمچھ، کچھوا، سانپ'' ان کو کھایا جاسکتا ہے یا نہیں؟
سوال:۱۴	ان کی خرید و فروخت (تجارت) کے احکامات کیا ہیں؟
سوال:۱۵	ان جانوروں سے بننے والی ادویات کے کیا احکامات ہیں؟
سوال:۱۶	ان جانوروں کی کھال سے بننے والی مصنوعات (جیکٹس، بیگ وغیرہ) کے کیا احکامات ہیں؟

سوال نمبر ۱، ۲ کی روشنی میں "دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور" سے اس بارے میں فتویٰ طلب کیا گیا ہے اور انہوں نے اس کے حلال ہونے کا فتویٰ دیا اور مچھلی کو ذبح کرنے کی کوئی شرط نہیں لگائی نیز سنن ابن ماجہ کی حدیث کے تحت یہ بیان جاری کیا ہے کہ مچھلی اپنی مردہ حالت ہی میں حلال ہے[17]۔ "جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور" نے مذکورہ بالا سوالات کے تحت مچھلی کو خوراک کے طور پر شرعاً جائز قرار دیا ہے اور مزید فرمایا کہ قرآن کریم، احادیث نبوی ﷺ اور اجماع اُمت سے اس کا جواز ثابت ہے اور مزید یہ کہ حدیث میں صراحت کے ساتھ مذکور ہے کہ مچھلی کے لئے ذبح

ماکولات و مشروبات میں استعمال اور ان کا بطور دوا استعمال وغیرہ کے احکام کا تفصیلاً ذکر موجود نہیں۔ اس لیے اس آرٹیکل میں پوری کوشش کی جائے گی کہ سمندری حیوانات کے پہلوؤں کا تفصیلاً جائزہ لیا جاسکے۔ علاوہ ازیں علمی حوالے سے اس امر کی ضرورت ہے کہ اس قسم کے موضوعات پر کام جاری رکھا جائے۔ تاہم پیش کردہ مضمون موضوع اور منہج و مواد کے حوالے سے مختلف ہے۔

مقالہ کا منہج:

اس آرٹیکل میں سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہا اور مراکز فتاوی کی آراء کو شامل کیا گیا ہے اور اس کا انتخاب کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں سمندری حیوانات کے بطور غذا و دوا استعمال اور تجارت کے مختلف پہلوؤں کی حلت و حرمت کے حوالے سے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام کے نقطہ نظر کو بیان کیا گیا ہے۔ اسلوبِ تحقیق بیانیہ ہونے کے ساتھ ساتھ تجزیاتی بھی ہے کیونکہ آرٹیکل کے آخر میں جدول کی شکل میں تمام نکات کو واضح کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ اس میں خلاصہ بحث اور نتائج و سفارشات بھی شامل ہیں۔ دورِ حاضر کی اہم ضرورت ہے کہ دور جدید میں حلت و حرمت کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ کام کیا جائے تاکہ ہر خاص و عام حلت و حرمت کے مفاہیم سے مستفید ہو سکے۔

مقصد تحقیق:

اس آرٹیکل میں مذکورہ مقصد تحقیق "جدید فقہی ادارے اور مختلف افتاء کونسلز کے معاصر علماء کرام کی آراء کا جائزہ" کو مد نظر رکھا گیا ہے نیز اس حوالے سے پاکستان کے مختلف مدارس (دار الافتاء سنٹرز) کو محققین کی طرف سے تیار کردہ تحریری سوالنامہ ارسال کیا گیا جس کے جوابات فتاویٰ کی صورت میں مطلوب تھے۔ ان مدارس میں خصوصاً لاہور کے تمام مکتبہ فکر کے مدارس سے سمندری حیوانات کے بارے میں فتاویٰ جات اکٹھے کیے گئے۔

محققین کی طرف سے جن مدارس کو سوال نامے تحریر کیے گئے ان کے نام درج ذیل ہیں: دار الافتاء جامعہ اشرفیہ[3]، جامعہ مرکز علوم اسلامیہ[4]، جامعہ اہلحدیث القدس[5]، دار الافتاء جامعہ مسجد اسحاق[6]، جامعہ نظامیہ رضویہ[7]، دار الاسلام مجلس الافتاء[8]، دار الافتاء جامعہ نعیمیہ[9]، ادارہ منہاج الحسین دار الافتاء والقضاء[10]، حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر دار الافتاء[11]، الجامعۃ الاسلامیۃ الامدادیۃ[12]، جامعہ محمودیہ[13]، دار الافتاء جامعہ قاسم العلوم[14]، جامعہ خیر المدارس[15] اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ[16] شامل ہیں۔ اس حوالے سے محققین کی طرف سے سمندری حیوانات سے متعلق ایک تحریری سوالنامہ مرتب کیا گیا جس میں کل ۱۷ سوالات شامل کیے گئے ہیں۔ اس سوالنامے میں عمومی طور پر سب سے زیادہ استعمال ہونے والے سمندری حیوانات کی حلت و حرمت، ان کا بطور غذا و دوا استعمال اور تجارت کے حوالے سے مختلف موضوعات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ مقالہ نگاران ان تمام مدارس کے تعاون کرنے پر نہایت مشکور ہے کہ انہوں نے تحریر کردہ سوالات کو فتاویٰ جات کی صورت میں ارسال کیا۔ ان تمام فتاویٰ جات کی اصل دستاویزات مقالہ نگاران کے پاس محفوظ ہیں۔ ان

جامعیت ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ درحقیقت مسلمانوں سے مطلوب بھی یہی ہے کہ وہ اپنے پروردگار کی اطاعت اور نبی کریم ﷺ کا اتباع کریں اور کتاب و سنت کی ہدایت کے مطابق عمل کریں، کیونکہ یہی دو چیزیں گمراہی سے بچانے والی ہیں اور یہی صراط مستقیم ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ [1]

"یہ دین میرا راستہ ہے جو سیدھا ہے، اسی راستے پر چلو اور دوسرے راستوں پر مت چلو، کیونکہ وہ راستے تم کو اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گے۔"

بلاشبہ اسلام اپنی روح کے اعتبار سے تمام انسانیت کے لیے ایک پیغام ہے جو ہر زمان و مکان پر محیط اور اس کے مناسب حال ہے، اس دین کی ایک نمایاں خصوصیت اعتدال و توازن ہے۔ یہ دین انسانی ترقی کے ہم قدم اور دنیا میں اللہ تعالیٰ کے قوانین کے مطابق اس پر حکمران ہے۔ اس کے بنیادی اصول و قوانین میں کسی قسم کی افراط و تفریط نہیں۔ اس کے احکام انسانیت کے لیے سراپا رحمت ہیں جو انسانی مصالح کی رعایت اور ان کی تکمیل نیز مفاسد کے ازالہ یا ان کے دائرہ کو گھٹانے اور بندوں سے مشقت و پریشانی دور کرنے پر مبنی ہیں، ارشاد ربانی ہے:

وَمَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ. [2]

اللہ نے دین میں تم پر کسی قسم کی تنگی نہیں رکھی ہے۔ موجودہ زمانے میں جہاں ایک طرف اسلامی معاشرہ کے اندر سائنسی اور تہذیبی ارتقاء کے نتیجے میں بہت سے ایسے نئے، نہایت پیچیدہ اور چیلنج کرنے والے مسائل پیدا ہوئے جن سے انسانیت کو کبھی سابقہ نہیں پڑا تھا، وہیں دوسری طرف اللہ تعالیٰ نے فقہی اکیڈمیوں اور شرعی اداروں کو قائم کرنے کی توفیق بھی بخشی تاکہ یہ ادارے اجتماعی اجتہاد کا ایک ایسا ذریعہ بن جائیں جن سے اللہ تعالیٰ اس امت کے دین کو تضاد اور بے مقصدیت سے محفوظ فرمادے۔ یہ اکیڈمیاں اور ادارے زندگی کے مختلف میدانوں میں اُمّت کو درپیش مشکلات اور پیچیدہ و دشوار مسائل میں فیصلہ کرنے کا مرجع بن چکے ہیں جہاں علماء کرام اور محققین عظام واقعات کی صحیح تصویر کشی کر کے ان کے مناسب شرعی احکام کی رہنمائی کرتے ہیں۔

سابقہ تحقیقی مواد کا جائزہ:

حیوانات سے استفادہ کے اصولی احکام تو قرآن و سنت میں موجود ہیں جنہیں بنیاد بناء کر فقہاء کرام نے اپنے اپنے زمانے اور علاقے میں اس سلسلہ میں نت نئے پیدا ہونے والے مسائل پر روشنی ڈالی ہے جس کی تفصیل فقہ کی قدیم و جدید کتب میں موجود ہے۔ لیکن "سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء" کو مقالہ نگار ان کی معلومات کے مطابق براہ راست کسی نے اپنا موضوع بحث نہیں بنایا۔ اب تک لکھے گئے تمام مقالات اور اب تک منظر عام پر آنے والی تمام ذخیرہ کتب میں حیوانات کے حلال و حرام کا ذکر تو ضرور ملتا ہے لیکن سمندری حیات کا بطور خوراک

سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء۔ تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

Opinion of Contemporary Jurists and Fiqh Academies on Aquatic Animals (An Analytical Study)

*ڈاکٹر اقصیٰ

**ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان

ABSTRACT

The Quran is the fundamental document of the religion of Islam. Among the blessings that Allah Almighty has bestowed is that He has allowed us to do many things that were forbidden according to the previously revealed law. "Allah intends for you ease and He does not want to make things difficult for you." (Al-Baqarāh: 2/185). Seafood is any form of sea life regarded as food by humans. Seafood prominently includes fish and other sea creatures like shellfish, prawns, crabs, eel, shrimps, oysters, octopuses, snails, frogs, crocodiles, snakes etc. As observed during the last few years, the demand for seafood has become manifold. The trends for seafood are widely in fashion as eating habits, generally around the world, and especially in Asia. The basic objective of this article examines the views of contemporary scholars of modern jurisprudential institutions and various Iftaa councils, keeping in view the above-mentioned research. Questionnaires were written by the researcher to different madaris which included 17 questions. Various topics related to the condition and sanctity of marine animals, their regular use of food, medicine and trade were discussed. In this perspective, it is stated that there are many deviated exegeses for permissible and forbidden seafood in all schools of thought. By using the descriptive and analytical method of research, these efforts are made to throw light on the importance of seafood, especially for various Fiqh Academies in Pakistan.

KEYWORDS

Contemporary Jurists, Iftaa Centers, Juristically Opinion, Sea Creatures, Seafood

تمہید

اسلام کی عظمت، اسلامی شریعت کی رفعت اور بندوں کے دنیوی اور اُخروی مصالح کے حوالہ سے اس کے احکام کی

*لیکچرر، شعبہ عربی و علوم اسلامیہ، جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

**ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، جامعہ پنجاب، لاہور



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article

سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء۔ تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ

Opinion of Contemporary Jurists and Fiqh Academies on Aquatic Animals (An Analytical Study)

Authors: Dr. Aqsa[1], Dr. Hafiz Abdul Basit Khan[2]

Affiliations: [1]Government College Women University, Sialkot, Pakistan.
[2]Sheikh Zayed Islamic Center, University of the Punjab, Lahore, Pakistan.

Published: 30 June 2022

Article DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u11

QR Code

Citation: Aqsa, Dr. and Abdul Basit Khan, Dr, Hafiz, *"Opinion of Contemporary Jurists and Fiqh Academies on Aquatic Animals (An Analytical Study)"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 181–202

Indexing

Copyright Information:

سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء۔ تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ Opinion of Contemporary Jurists and Fiqh Academies on Aquatic Animals (An Analytical Study) © 2022 by Dr. Aqsa & Dr. Hafiz Abdul Basit Khan is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information: Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

22۔ محی الدین الوائی، ڈاکٹر، الدعوۃ الاسلامیۃ و تطورھا فی شبہ القارۃ الھندیۃ، دار القلم، دمشق، 1402ھ /1986ء، ص406، 407

23۔ ایضاً، ص407، 408

24۔ ڈاکٹر لوتھ نے جو انڈیا آفس لائبریری کی عربی مخطوطات کی فہرست کے مرتب ہیں یہ لکھا ہے کہ یہ کتاب عربی میں بھی اصل مصنف نے لکھی ہے۔ لیکن یہ خیال درست نہیں۔ مترجم نے مصنف کا شجرہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ وجیہ الدین کے مرشد تھے جن کا میں مرید ہوں۔ اس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ میں یعنی مترجم اور وہ یعنی مصنف دو الگ شخصیتیں ہیں۔ لوتھ کا یہ خیال ہے کہ اس کتاب کی نقل مصنف کے مرید نے کی تھی۔ اسی لیے وہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ جملہ اس کتاب کے کاتب کا لکھا ہوا ہے۔ مگر لوتھ کی رائے غلط ہے۔ اس کتاب کا ایک اور مخطوطہ برلن لائبریری میں ہے جو ایک شخص نے نقل کیا ہے مگر اس میں بھی یہ فقرہ موجود ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ فقرہ کاتب کا بڑھایا ہوا نہیں ہے بلکہ مترجم کا لکھا ہوا ہے۔ علاوہ ازیں آزاد واحد دوسرے لوگوں نے بیان کیا ہے کہ صبغۃ اللہ اس کتاب کو معرب یعنی عربی میں اس کا ترجمہ کرنے والا تھا۔

25۔ محی الدین الوائی، ڈاکٹر: الدعوۃ الاسلامیۃ و تطورھا فی شبہ القارۃ الھندیۃ، ص409، 410

26۔ ایضاً، ص410، 411

27۔ زبیر احمد، ڈاکٹر: عربی ادبیات میں پاک وہند کا حصہ، ص 711

28۔ ایضاً، ص109، 110

حواشی وحوالہ جات

1۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى، سورۃ اعلیٰ: 87/14

2۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ. سورہ جمعہ: 62/2

3۔ احمد بن عبد الرحیم فاروقی دہلوی ہندی المعروف شاہ ولی اللہ (متوفی: ۱۱۷۹ھ) کے تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے: الزرکلی، خیر الدین بن محمود بن محمد بن علي بن فارس، الاعلام، دار العلم للملایین، 2002ء، ج ا، ص، 149

4۔ سورۃ ممتحنہ: 60/10

5۔ سورۃ فتح: 48/10

6۔ سورۃ فتح: 48/18

7۔ عمر بن اسحاق غزنوی کے تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے: حسن المحاضرۃ فی تاریخ مصر والقاھرۃ ص ۴۷۰ بحوالہ، عبد الحي اللكنوي، الفوائد البهية، دار الكتاب الإسلامي، القاهرة، 1324ه، ص 149

8۔ زبیر احمد، ڈاکٹر، عربی ادبیات میں پاک وہند کا حصہ، مترجم: شاہد حسین رزاقی، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہو، 1991ء، ص 100-101

9۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے: الاعلام للزرکلی، 2/101

10۔ ابو داود سلیمان بن اشعث سجستانی، سنن ابی داؤد، اکتاب الملاحم، باب مایذکر فی قرن المائۃ،، دار الکتاب العربی، بیروت، رقم: 4293، 178/4

11۔ ابو الحسن علی ندوی، تاریخ دعوت وعزیمت، حصہ چہارم، تذکرہ مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ، مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، لکھنوء، 2010ء، ص: 186

12۔ سرہندی، علامہ بدر الدین، حضرات القدس، مکتبہ نعمانیہ، سیالکوٹ، 1922ء، ص: 117

13. Arnold, M A. C.I.F. *"Preaching of Islam"*, Constable & Company Ltd, London, 1913, p.412

14. Hastings, James, *"Encyclopaedia of Religion and Ethics"*, Charles Scribner's Sons, New York, 1915, 8/748

15۔ محمد بن فضل اللہ کے تفصیلی حالات کے یے دیکھیے: الاعلام للزرکلی، 6/331

16۔ بروکلمان: تاریخ الادب العربی، دار المعارف، القاھرۃ، 1977ء، ج۔ ۲، ص: 418

17۔ زبیر احمد، عربی ادبیات میں پاک وہند کا حصہ، ص 107

18۔ ایضاً، ص 106

19۔ ابو الحسن علی ندوی، تزکیہ واحسان یا تصوف وسلوک، مترجم: محمد الحسنی، لکھنؤ: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام، 1399ھ /1979ء، ص 501؛ ابو الحسن علی ندوی، ربانیۃ لارھبانیۃ، دار القلم، دمشق، 1421ھ، /2000م، ص، 193

20۔ قرضاوی، یوسف: الشیخ ابو الحسن الندوی کما عرفتہ، دار القلم، دمشق، 1422ھ، ص 23

21۔ عبد الماجد غوری، ابو الحسن الندوی الامام المفکر الداعیۃ المربی الادیب، دار ابن کثیر، دمشق، س ن، ص 700

وحقيقة لوصوله للمقصد ومشاهد نور التجلي بانجلا

"حقیقت کا مطلب مقصد کو پالینا ہے اور نور تجلی کو برملا دیکھ لینا ہے"

من رام درا السفينة يركب ويغوص بحرا ثم درا حصلا

"جس کو موتی کی تلاش ہے وہ سفینہ پر سوار ہو گا۔ اور سمندر میں غوطہ لگائے گا تب جا کر یہ موتی حاصل ہو گا۔"

فكذا الطريقة والحقيقة يا أخي من غير فعل شريعة لن تحصلا

"یہی حال طریقہ و حقیقت کا ہے میرے بھائی۔ بغیر شریعت کی پیروی کے کچھ حاصل ہونے والا نہیں"

من رام أن يسلك طريق الأولياء فليحفظن هذى الوصايا عاملا

"جو شخص طریق اولیاء پر چلنا چاہتا ہے اسے ان نصیحتوں کو یاد رکھنا اور ان پر عمل کرنا چاہیے"[28]

خلاصہ کلام:

برصغیر پاک وہند پر صوفیاء کی تعلیمات کے اثرات اور ان کے ذریعے قلوب واذہان میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ اس خطے میں اسلام کی تبلیغ اور نشر واشاعت میں سب سے بڑا کردار مسلمان صوفیاء کرام کا ہے۔ مشائخ صوفیاء نے جہاں ایک طرف وعظ و نصیحت، تذکیر و تقریر، مجالست، مذاکرہ اور مراقبہ کے ذریعے قلب و نظر کے تصفیے کا فریضہ انجام دیا تو دوسری طرف قلم و قرطاس کو استعمال میں لا کر ان مبارک تعلیمات کو اہمیت فراہم کی۔ برصغیر کے مشائخ و صوفیاء نے فارسی، اردو، پنجابی اور دوسری بہت سی مقامی زبانوں کے ساتھ ساتھ عربی زبان میں اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ عربی چونکہ ہمیشہ سے عالم اسلام میں سب سے زیادہ بولی، سمجھی اور لکھی جانے والی زبان رہی ہے اس لیے عربی میں لکھی گئی ان کتابوں نے عالمی شہرت حاصل کی۔ سچ تو یہ ہے کہ برصغیر پاک وہند کے عارفین اور صوفیاء کی کتابوں نے تصوف اور تزکیہ کا حقیقی چہرہ اہل عرب کے سامنے پیش کیا اور اس کے غلط تصورات کی نفی کی۔

متصوفانہ شاعری

1. ہدایت الاذکیاء الیٰ طریق الاولیاء، زین الدین بن علی المعبری

اس منظوم رسالہ کے مصنف زین الدین بن علی المعبری ہیں۔ ان کی یہ نظم بہت قدر کی نگاہ سے دیکھی گئی اور دو علماء ابو بکر مکی اور جاوا کے نوادی نے اس کی مفصل شرح لکھی۔ ان میں سے ایک شرح میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ زین الدین اس بارے میں کوئی تصفیہ نہ کر سکتے تھے کہ وہ دینیات کا مطالعہ کریں یا تصوف کا۔ ایک مرتبہ رات کو انہوں نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا جس نے ان سے کہا کہ وہ تصوف کو ترجیح دیں۔ چنانچہ اگلی صبح کو انہوں نے یہ نظم لکھی جس میں ۱۱۱۸۰ اشعار ہیں۔ یہ نظم ایک قصیدہ کی شکل میں ہے۔

شاعر نے حمد اور صلوۃ کے بعد یہ بیان کیا ہے کہ تقویٰ حقیقی مسرت کا سرچشمہ اور راہ نجات ہے۔ منزل مقصود تک پہنچنے کا صحیح ذریعہ شریعت، طریقت اور حقیقت ہیں۔ اور اس نظریہ کی تشریح ایک استعارہ میں کی ہے یعنی شریعت ایک کشتی کے مانند ہے۔ طریقت سمندر کے مانند ہے اور حقیقت موتی کے مانند۔ جو شخص موتی حاصل کرنے کا آرزو مند ہے اسے چاہیے کہ کشتی پر سوار ہو اور سمندر میں غوطہ لگائے۔ اس کے بعد مختلف اوصاف مثلاً توبہ، قناعت، اخلاص، توکل، ضبط نفس وغیرہ کی تشریح کرتے ہوئے ان کو حقیقت تک رسائی کے لئے لازم قرار دیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل اشعار سے یہ اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ نظم کس قسم کی ہے:

الحمدلله الموفق للعلاء حمدا يوافي بره المتكاملا

"حمد و ستائش اللہ کے لیے ہے جس نے بلندی کی توفیق بخشی، ایسی حمد و ستائش جو اس کے کامل احسان کے مطابق ہو۔"

ثم الصلاة على الرسول المصطفى والآل مع صحب واتباع الولا

"اس کے رسول مصطفیٰ پر درود و سلام۔ اور آل اصحاب اتباع ولا پر درود و سلام"

تقوى الاله مدار كل سعادة واتباع الهوى رأس شر هائلا

"اللہ کی خشیت تمام نیکیوں کی جڑ ہے اور خواہشات کی پیروی خوفناک برائی ہے۔"

ان الطريق شريعة وطريقة وحقيقة فاسمع لها مثلا

"اللہ کی طرف جانے والا راستہ، شریعت، طریقت اور حقیقت پر مبنی ہے۔"

فشريعة كسفينة وطريقة كالبحر ثم حقيقة در غلا

"چنانچہ شریعت تو سفینہ کے مانند ہے اور طریقت سمندر ہے اور حقیقت قیمتی موتی"

وطريقة اخذ بأحوط كالورع وعزيمة كرياضة متبتلا

"طریقت کے معنی احوط پر عمل کرنا ہے اور عزیمت اس ریاضت کو کہتے ہیں جو مخلصانہ ہو"

ہوئی۔ ان کے اقوال لفظی اور معنوی ہر اعتبار سے دلکش اور تاثر آفریں ہیں۔

2. جوامع الکلم فی المواعظ الحکم، علی متقی برہانپوری

اس کتاب کے مصنف علی متقی برہان پوری ہیں، جو کہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سب سے زیادہ مشہور "کنز العمال" ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ اس کتاب میں تین ہزار کے قریب نصائح جمع کیے گئے ہیں جن میں پانچ سو ایسے اقتباسات ہیں جو قرآن پاک سے لئے گئے ہیں۔ پانچ سو تضمینات ہیں جو احادیث سے ماخوذ ہیں۔ اور ان کے اختصار کے پیش نظر ان کے ساتھ بطور تمہید ہم معنی تشریح فقرے بھی لکھے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ تین سو اقوال ابو عطا السکندری کے اور ایک سو اقوال ان کے شاگرد کے ہیں اور باقی ماندہ حصہ متقدمین کے اقوال پر مشتمل ہے۔

یہ تمام مواد مذکورہ بالا ترتیب کے مطابق کوئی اسی ابواب کے تحت حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ مثلاً باب فی الایمان اور باب فی الاحسان وغیرہ وغیرہ۔ نوعیت کے اعتبار سے یہ کتاب صرف ان لوگوں کے لئے دلچسپی رکھتی ہے جو حافظ، مفسر، یا محدث اور تصوف سے بھی شغف رکھتے ہیں۔

3. موارد الکلم وسلک درر الحکم، ابو الفیض فیضی

یہ اس نوعیت کی دوسری تصنیف ہے جو ہند کے مشہور فارسی شاعر اور سوانح الامام کے مصنف ابو الفیض فیضی نے لکھی ہے۔ فیضی نے یہ کتاب بھی اپنی تفسیر قرآن کے طرز پر لکھی ہے اور اس میں کوئی نقطہ دار حرف نہیں ہے جیسا کہ خود کتاب کے نام سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ مصنف نے کتاب کے لئے مواد قرآن پاک، احادیث اور چند دوسرے ماخذ سے حاصل کیا ہے اور اس کے اپنے انداز میں قلم بند کیا ہے تاکہ نقطہ دار حروف سے احتراز کر سکے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ فیضی شیعہ تھے لیکن اس کتاب کے آغاز میں دو جگہ انہوں نے چاروں خلفائے راشدین کی بہت مدح کی ہے اور پھر اصل کتاب میں موارید الرحماء کے عنوان سے جو باب لکھا ہے اس میں بھی بہت تعریف کی ہے۔ فیضی نے رحماء کا لفظ اصحاب کے بجائے استعمال کیا ہے کیونکہ اصحاب میں ایک نقطہ دار حرف ہے۔ اس کے شروع میں خلفائے راشدین کے متعلق یہ لکھا ہے:

"اول الرحماء اسلاما وأكرمهم اكراما صهر رسول الله واعدلهم عمر المكرم واحلمهم ممهد كلام الله ومؤسس السور وأعلمهم ولد عمه اسد الله الكرار"

"سب رحیم صحابہ میں اسلام لانے میں اول اور سب سے زیادہ محترم حضور کے (سسر) ہیں اور سب سے زیادہ عادل بزرگ عمر ہیں اور سب سے زیادہ حلیم کلام اللہ کے جامع اور سورتوں کے موسس (عثمان) ہیں اور سب سے زیادہ صاحب علم حصوں کے شیر خدا (حیدر کرار) ہیں۔[27]

3. اتحاف السادات المتقین بشرح احیاء علوم الدین، سید محمد مرتضیٰ

یہ کتاب امام غزالی کی مشہور تصنیف احیائ العلوم کی شرح ہے جو سید محمد مرتضٰی نے لکھی ہے۔ محمد مرتضی بلگرام کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے شاہ ولی اللہ جیسے نامور اساتذہ سے اکتساب علم کیا اور پھر مزید تعلیم کے لئے حجاز چلے گئے جہاں وہ زبید میں طویل عرصہ تک رہے اور اسی بناپر ان کو زبیدی کہا جانے لگا۔ زبیدہ سے وہ قاہرہ گئے جہاں ان کا انتقال ہو گیا۔ وہ اپنے زمانے کے ایک ممتاز عالم دین اور علم لسانیات تھے۔ انہوں نے کئی کتابیں لکھیں جن میں سے تاج العروس، عقود الجواھر المنیفہ اور زیر تبصرہ کتاب زیادہ اہم تصانیف ہیں۔ یہ کتاب تیرہ جلدوں میں شائع کی گئی ہے اور اس کی کتابت مغربی رسم الخط میں ہوئی ہے۔ اس کتا کے آغاز میں محمد مرتضٰی نے دوسرے شارحین کے برعکس امام غزالی اور ان کی تصانیف پر بہت تفصیل سے تنقیدی بحث کی ہے۔ احیاء العلوم کی شرح لکھتے ہوئے بھی انہوں نے تمام مسائل کے دونوں پہلوؤں پر مفصل بحث کی ہے اور ان تمام راویان حدیث کا سلسلہ قلم بند کیا ہے جن کا حوالہ امام غزالی نے اپنی کتاب میں دیا ہے۔ جس طرح تاج العروس، قاموس کی ایک ضخیم اور اہم شرح ہے اسی طرح زیر تبصرہ کتاب احیاء العلوم کی معلومات افزا شرح ہے۔ یہ دونوں کتابیں محمد مرتضی کی وسیع معلومات اور علمی تبحر کا ثبوت ہیں۔ اور عربی ادب میں ایسے عمدہ افسانوں پر ہند بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔

تصوف کی درج ذیل کتابوں پر بھی برصغیر کے علماء نے بلند پایہ حواشی اور تعلیقات لکھی ہیں:

1. کتاب اللوائح، علامہ رومی
2. حدیقۃ الحاقائق، سنائی
3. فتوح الغیب، ابن عربی
4. اسرار المخلوقات، ابن عربی
5. السوائح، غزالی
6. الرسالۃ، ابن عربی
7. قوت القلوب، مکی

متصوفانہ ملفوظات اور اقوال

1. ملھامات، جمال دین ہنسوی

صوفیاء کے اقوال وملفوظات پر مشتمل جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں یہ کتاب قابل ذکر ہے۔ اس کے مصنف جمال الدین ہنسوی ہیں جو سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی کے سلسلہ سے منسلک تھے۔ مصنف اپنے زمانہ کے ایک ممتاز صوفی اور امام ابو حنیفہ کی اولاد میں سے تھے انہوں نے سلسلہ چشتیہ کی ایک شاخ کی بنیاد ڈالی جو خود ان کے نام سے منسوب

کی ہے اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ دنیا لافانی ہے۔ اس کا جواب امیر اللہ نے یہ دیا ہے کہ انسان اپنے معروضی وجود کے اعتبار سے حادث ہے مگر اس اعتبار سے وہ لافانی ہے کہ وجود میں آنے سے قبل وہ خدا کے علم میں موجود تھا اور یہی بات ابن عربی کہنا چاہتے ہیں۔

اس خطے میں فصوص الحکم کی عربی میں لکھی گئی کچھ مزید شروحات یہ ہیں:

1. شرح الفصوص، سید محمد بن یوسف حسینی دہلوی
2. عین الفصوص شرح الفصوص شیخ ابو المحاسن شرف الدین دہلوی متوفی ۷۹۸ھ
3. مشرح الخصوص شرح الفصوص شیخ علائی الدین بن احمد مہاتمی
4. الطریق الاصم شرح فصوص الحکم، شیخ نور الدین بن محمد صالح گجراتی
5. التاویل المحکم شرح فصوص الحکم، شیخ محمد حسن امروہوی
6. تایید الھمم فی شرح فصوص الحکم، شیخ محمد افضل بن عبد الرحمٰن الہ آبادی

شیخ شہاب الدین سہروردی کی مشہور کتاب "عوارف المعارف" کی درج ذیل شروحات لکھی گئیں:

1. الزوارف، شیخ علاؤ الدین علی بن محمد مہاتمی
2. شرح العوارف، شیخ احمد بن عبد الاحد عمری سرہندی
3. شرح العوارف، شیخ عبد القدوس اسماعیل کاندہلوی
4. شرح المعارف، سید اشرف بن ابراہیم حسینی

شیخ قطب الدین دمشقی کی "الرسالۃ المکیۃ" کی درج ذیل دو شروحات عربی میں لکھی گئیں:

1. شرح الرسالۃ المکیۃ، شیخ شرف الدین احمد بن یحیٰی منیری
2. مجمع السلوک شرح الرسالۃ المکیۃ، شیخ سعد الدین قدوائی خیر آبادی

شیخ فرید الدین عراقی کی کتاب "اللمعات" کی تعریف شیخ علائی الدین علی بن احمد مہاتمی نے کی، نیز اس کی دو عربی شروحات بھی ملتی ہیں:

1. شرح اللمعات، شیخ سمائی الدین ملتانی دہلوی
2. شوارق اللمعات، شیخ عبد النبی بن عبد اللہ شباری گجراتی

علاوہ ازیں امام عبد الکریم بن ھوازن قشیری کی کتاب "الرسالۃ القشیریۃ" کی شرح، شرح الرسالۃ القشیریۃ کے نام سے سید محمد بن یوسف دہلوی نے لکھی۔ اسی طرح حسین حسینی غزنوی کی کتاب "نزھۃ الازواج" کی شرح شیخ تاج الدین ابن زکریا دہلوی نے لکھی۔[26]

8. الیواقیت المنثورۃ فی الاذکار الماثورۃ، شیخ محمد غوث بن ناصر الدین مدراسی
9. سبیل الرشاد والنجاۃ یوم المیعاد، سید فخر الدین بن عبد العلی بریلوی
10. مفتاح الحاجات فی الادعیۃ والاذکار، شیخ جلال بن محمد حسینی گجراتی[25]

قدیم صوفیاء کی لکھی گئی کتابوں کی شروحات اور حواشی

برصغیر کے علماء قدیم صوفیاء کی عربی میں لکھی گئی کتابوں کے اردو اور فارسی میں ترجمے کیے اور ان کتابوں کی شروحات بھی لکھیں۔ نیز ان کتابوں کی عربی شروحات، حواشی اور تعلیمات کا کام بھی کیا گیا۔ برعظیم پاک وہند میں ایک بڑی تعداد نے ابن عربی کے متصوفانہ فلسفہ کی تائید کی ہے اور متعدد علمانے ان کی مشہور تصنیف فصوص الحکم کی شرحیں لکھی ہیں۔ اس سلسلے میں ابن عربی کی فصوص الحکم وہ کتاب ہے جس پر یہاں کے صوفیاء اور مشائخ کی توجہ خاصی مرکوز رہی۔ اس کی عربی شروحات جو اس خطے میں تحریر کی گئیں ان میں سے کچھ یہ ہیں:

1. تجلیۃ الفصوص، محب اللہ الہ آبادی

ان ہندی شارحین میں سے علی مہائمی اور محب اللہ الہ آبادی بہت مشہور عالم تھے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے محب اللہ الہ آبادی نظریہ وحدت الوجود کے زبردست حامی اور ابن عربی کے متصوفانہ فلسفہ کے مداح اور شارح تھے۔ علی مہائمی کی لکھی ہوئی شرح کے متعلق یہ معلوم نہیں کہ اب وہ موجود بھی ہے یا نہیں۔ محب اللہ الہ آبادی نے جو شرح لکھی ہے اس کا نام ہے تجلیۃ الفصوص اور یہ الہ آباد میں ان کے جانشین کے پاس محفوظ ہے۔

2. حل معضلات الفصوص، امیر اللہ بن منیر اللہ بہاری

مذکورہ بالا دو شرحوں کے علاوہ ایک اور شرح حل معضلات الفصوص کے نام سے امیر اللہ بن منیر اللہ بہاری نے لکھی ہے جو انڈیا آفس کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ یہ کتاب زیادہ ضخیم نہیں ہے کیونکہ اس میں فصوص الحکم کی صرف ان عبارتوں کی تشریح کی گئی ہے جو مبہم یا قابل اعتراض ہیں۔ اس کتاب سے دو ایک تشریحات بطور نمونہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

ابن عربی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ انسان خدا کے لئے ویسا ہی ہے جیسی کہ پتلی آنکھ کے لئے ہے۔ آنکھ پتلی سے دیکھتی ہے اور اسی لیے انسان کو پتلی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ ابن عربی کے اس بیان پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان خدا کے لئے بینائی کا ذریعہ ہے اور ایسا سمجھنا کفر ہے۔ اس اعتراض کے جواب میں امیر اللہ نے یہ وضاحت کی ہے کہ یہ امر مسلمہ ہے کہ اس دنیا کی تخلیق کا واحد مقصد انسان ہے اور اس طرح سے انسان بصیرت الٰہی کی اصل غایت ہے۔ ایسے ہی جیسے کہ پتلی آنکھ کی اصل غایت ہے۔ اس میں زیادہ سے زیادہ تناقض یہ ہے کہ آنکھ کی مثال میں پتلی علت فاعلہ ہے اور دوسری مثال علت غائیہ کی ہے۔ اس بیان پر دوسرا اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ ابن عربی نے انسان کی جو تعریف

طور پر ایک خاص مشق کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اس کا اثر صرف اس وقت ہوتا ہے جب یہ ایسے وقت کی جائے کہ ایک خاص ستارہ ایک خاص جگہ پر ہو۔

چوتھا حصہ شطاریہ سلسلہ میں روحانی تربیت کے طریق و مشاغل کے بارے میں ہے۔ خود مصنف کا تعلق بھی اسی سلسلہ سے تھا۔ پانچواں حصہ ان لوگوں کے اوصاف و فضائل سے متعلق ہے جو حقیقت و صداقت کے جویا ہوتے ہیں۔

2. الرسالۃ فی سلوک خلاصۃ السادات النقشبندیۃ، تاج الدین زکریا

یہ کتاب تاج الدین زکریا نے لکھی ہے جو تصوف پر متعدد رسائل کے مصنف ہیں۔ انہوں نے جامی کی نفحات اور واعظ کاشفی کی رشحات کا عربی میں ترجمہ بھی کیا ہے۔

پہلے باب میں مصنف نے سلسلہ نقشبندیہ کا شجرہ درج کیا ہے۔ اس سلسلہ سے خود ان کا بھی تعلق تھا۔ پھر انہوں نے یہ بیان کیا ہے کہ جس طرح بغیر باپ کے مادی اولاد کا ہونا ناممکن ہے اسی طرح روحانی مرشد کے بغیر روحانیت کا پیدا ہونا بھی ممکن نہیں۔ اور جس شخص کا کوئی روحانی مرشد نہیں ہوتا اس کا رہنما شیطان بن جاتا ہے۔ دوسرے باب میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ وصال الٰہی کس طرح حاصل ہو سکتا ہے اور اس کے صرف دو طریقے بتلائے گئے۔ یا تو مستقل طور پر اولیا کی صحبت میں رہنے سے یا ذکر کرنے سے۔ اس کے بعد مصنف نے سلسلہ نقشبندیہ کے معمولات و مشاغل بیان کیے ہیں۔ اس سلسلہ کی مشقوں میں سب سے اہم سانس اندر لینے اور خارج کرنے کی مشقیں ہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں آنکھیں بند کر کے زبان کی نوک تالو سے لگا کے دل ہی دل میں لا الہ الا اللہ کا ورد اس طرح کرے کہ لا الہ کہتے وقت سانس اندر لے اور الا اللہ کہتے وقت سانس خارج کرے۔

اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ عبد الغنی النابلسی نے "مفتاح المعیۃ فی الطریق النقشبندیۃ" کے ناس سے اس کی بہت جامع شرح لکھی ہے۔

اس موضوع پر لکھی گئی مزید چند کتابیں یہ ہیں:

1. اسرار الدعوۃ، شیخ عبد اللہ بن بہلول شطاری
2. فتوح الاوراد، شیخ فتح محمد عیسیٰ برہانپوری
3. الحرز المین من الحصن الحصین، شیخ عبد المومن بن محمد بن طاہر لاہوری
4. مزرع الحسنات، شیخ محمد فاضل دہلوی
5. کتاب الاذکار، شیخ رفیع الدین مراد آبادی
6. الحزب المقبول والورد المنقول من احادیث الرسول ﷺ، شیخ ابو سعید محمد فیض انصاری
7. الداء والدواء، سید صدیق حسن قنوجی

12. شمس المعارف، شیخ شمس الدین محمد بن یحییٰ اودی، متوفی ۷۴۷ھ
13. شماء الاتقیائ، شیخ رکن الدین بن عماد چشتی کاشانی
14. آداب السلوک، شیخ محمد بن یوسف حسینی دہلوی
15. مؤنس الفقراء وانیس الغرباء، شیخ نور الدین احمد بن عمر چشتی متوفی ۸۱۸ھ
16. آداب السالکین، شیخ محمد قاسم اودی، متوفی ۹۶۷ھ
17. سراج القلوب وعلاج الذنوب، شیخ ابو علی زین الدین علی معبری
18. ھدایۃ الاذکیاء (عربی قصیدہ)
19. سراج السالکین، شیخ عبد اللہ بن بہلول شکاری
20. زاد السالکین ومقصود الطالبین، شیخ محمد رشید جنبوری
21. ھدایۃ السالکین، شیخ محمد عبد الرحمٰن قنوجی
22. القول الجمیل فی بیان سواء السبیل، شیخ ولی اللہ بن عبد الرحیم دہلوی[23]

اوراد و وظائف پر لکھی گئی عربی کتابیں

برصغیر کے مشائخ صوفیاء کی لکھی گئی تصوف و تزکیہ پر تحریر کی گئی کتابوں میں ایک بڑا حصہ اوراد و وظائف کی کتابوں پر بھی مشتمل ہے، یوں تو اردو اور فارسی میں اس موضوع پر بے شمار کتابیں لکھی گئیں البتہ اس موضوع پر عربی میں تالیف کی گئی کتابوں میں سے کچھ اہم کتابیں یہ ہیں:

1. الجواھر الخمسۃ، محمد بن خطیر الدین (عربی مترجم صبغۃ اللہ)

اصل کتاب فارسی میں محمد بن خطیر الدین نے لکھی تھی جو غوث گوالیاری کے نام سے معروف ہیں اور عربی میں اس کا ترجمہ ان کے ایک مرید کے مرید صبغۃ اللہ نے کیا جو گجرات میں بروچ کے باشندہ تھے۔[24]

یہ کتاب پانچ حصوں میں تقسیم کی گئی ہے جن کا نام جواہر رکھا گیا ہے اور ان میں صوفی کی تدریجی ترقی کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔ پہلا حصہ ریاضت وعبادت کے مختلف معمولات ومشاغل سے متعلق ہے۔ دوسرے حصہ میں ریاضت کے اعلی مدارج بیان کیے گئے ہیں۔ تیسرا حصہ سب سے اہم ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کے ناموں سے مختص کردہ ریاضات کے طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ یہ بیان بہت زیادہ فنی نوعیت کا ہے اور اس کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جو اس قسم کے متصوفانہ ادب اور علم نجوم سے بخوبی واقف ہیں کیونکہ ان ریاضتوں کے قواعد کے ساتھ ساتھ علم نجوم کی رو سے قابل لحاظ امور بھی بیان کیے گئے ہیں۔ اس چیز کو اسلامی تصوف پر ہندی اثرات کا نتیجہ کہا جاسکتا ہے کیونکہ علم نجوم اور تصوف میں درحقیقت کوئی تعلق نہیں۔ ان مشقوں کے بارے میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ان کا تعلق ستاروں کی گردش وغیرہ سے ہے۔ مثال کے

"وهو كتاب يتحدث عن الجانب الروحي أو السلوكي في الإسلام، وليس حديث الصوفي المتأثر بفلسفة الحلول أو الالحاد، ولا بالطريقة المرتزقة، بل حديث المسلم الملتزم بالكتاب والسنة، العارف الذائق الذي خاض التجربة الروحية، فلم يغرق في بحر القوم، بل خرج بلآلي وجواهر انتفع بها"[20]

"یہ کتاب اسلام کے روحانی یا سلوکی پہلو پر بات کرتی ہے۔ یہ کسی ایسے صوفی کی گفتگو نہیں ہے جو الحادی یا حلولی فلسفہ سے متاثر ہو، ی بھٹکی ہوئی طریقت کا قائل ہو، بلکہ یہ ایک ایسے مسلمان کی گفتگو ہے جو کتاب و سنت کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہے۔ ایک با ذوق عارف ہے جس نے روحانی تجربات کا ادراک کیا ہے۔ وہ لوگوں کے سمندر میں محض داخل نہیں ہوا بلکہ اس نے فائدہ مند موتی بھی اپنے دامن میں سمیٹے ہیں۔"

سید عبد الماجد غوری اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"یہ کتاب حقیقی ربانیت کو آشکار کرتی ہے جسے کبھی رجعیت اور کبھی رہبانیت سے متہم کیا جاتا رہا ہے اور اس سے متعلق بہت سے غلط تصورات کا ازالہ کرتی ہے۔"[21]

اس کتاب کا اردو ترجمہ "تزکیہ واحسان یا تصوف وسلوک" کے نام سے مولانا سید محمد الحسنی نے کیا ہے۔

اس موضوع پر لکھی گئی چند مزید کتابوں کے نام یہ ہیں:

1. طوالع الشموس، قاضی حمید الدین محمد بن عطائ ناجوری
2. الملھمات، شیخ جمال الدین احمد ہانسوی
3. خلاصہ اللطائف، شیخ علی جاندار دہلوی
4. کتاب المشاہدۃ، شیخ ابو الفتح بن علائ کالبوری، متوفی ۷۶۲ھ
5. مرآۃ الحقائق، شیخ اشرف بن ابراہیم حسینی، متوفی ۷۰۸ھ
6. کنز الحقائق، شیخ اشرف بن ابراہیم حسینی
7. الضوئ لازہر، شیخ علائ الدین علی بن احمد مھائمی
8. مرآۃ العارفیم، شیخ مسعود بیگ دہلوی
9. مفتاح الاسرار، شیخ سمائ الدین ملتانی
10. الروضۃ الحسنیٰ فی شرح اسمائ اللہ الحسنیٰ، شیخ عیسی بن قاسم سندھی برہان پوری
11. مظھر النور فی مبحث الوجود، شیخ قمر الدین بن منیب اللہ اورنگ آبادی[22]

اسی طرح سلوک پر لکھی گئی چند کتابوں کے نام یہ ہیں:

متصوفانہ تاویلات اور باطنی تصریحات کی گئی ہیں۔ جن موضوعات پر بحث کی گئی ہے ان میں سے چند یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی صفات، دینی فرائض، سزا و جزا۔ اوامر و نواہی۔ انسانی اعمال۔ مشیت الٰہی۔ منصب نبوت۔ ملائکہ۔ حشر۔ روح ایمان۔ رحم۔ عذاب قبر اور امامت وغیرہ۔ مصنف نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ کتاب چونکہ دقائق پر مشتمل ہے اس لئے اس کو دقائق العرفان بھی کہا جاسکتا ہے۔

8. ربانیۃ لا رھبانیۃ، ابو الحسن علی ندوی

ابو الحسن علی ندوی کو برصغیر پاک وہند میں عربی زبان کا سب سے بڑا عالم سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے عرب دنیا میں برصغیر پاک وہند کی تہذیب، ثقافت، اقدار، افکار اور نظریات کو جس انداز میں متعارف کرایا ہے اس کی مثال کسی دوسری شخصیت کی زندگی میں نہیں ملتی۔ اس کتاب کی تالیف کا مقصد بھی عرب علماء کے ذہنوں میں تصوف کے بارے میں پائے جانے والے شبہات کو رفع کرتا تھا۔ انہوں نے تصوف و تزکیہ کی حقیقت، اصل روح، اسلامی و ایمانی زندگی، خدا کی بندگی کی تکمیل کے لیے اس کی اہمیت وضرورت اور افراد و جماعتوں، قوموں اور حکومتوں پر اس کے حیرت انگیز اثرات کا مطالعہ و جائزہ مورخانہ اور مبصرانہ طور پر پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں ایک موقع پر صوفیاء کی علم دوستی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "ہندوستان کے صوفیاء کرام ہمیشہ علم کے سرپرست اور پشت پناہ رہے، ان میں سے اکثر و بیشتر اعلیٰ علمی ادبی ذوق رکھتے تھے، ان کا روز اول سے یہ عقیدہ تھا" کہ بے علم تنواں خدا را شناخت" اور یہ کہ جاہل صوفی بازیچہ شیطان ہوتا ہے، اسی بنا پر انہوں نے بڑے بڑے عالی استعداد طالبین کو اس وقت تک اجازت نہیں دی جب تک انہوں نے اپنی علمی تکمیل نہیں کرلی۔۔۔۔۔۔ ہندوستان کی تعلیمی تحریک اور یہاں کی علمی چہل پہل بالواسطہ اور بلا واسطہ مشائخ طریقت کی سرپرستی وہمت افزائی کا نتیجہ ہے، آٹھویں صدی میں ہندوستان کے دو زبردست عالم اور جہاں استاد قاضی عبد المقتدر کندی اور شیخ احمد تھانیسری، حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی سے وابستہ تھے، گیارہویں صدی کے مشہور مدرس مولانا جمال الاولیاء کوروی جن کے تلامذہ اور شاگردوں کے شاگردوں سے درس و تدریس کا ہنگامہ تیرہویں صدی تک گرم رہا، ایک بلند پایہ شیخ طریقت تھے، بیشتر دوروں میں خانقاہ اور مدرسہ لازم و ملزوم رہے، جون پور کی خانقاہ رشیدیہ ٹیلے والی مسجد میں مولانا شاہ پیر محمد صاحب کا مدرسہ، دہلی میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی درسگاہ اور گنگوہ میں مولانا رشید احمد صاحب کی خانقاہ اس کی بہترین مثالیں ہیں۔"[19]

عالم اسلام کے معروف عالم دین شیخ یوسف قرضاوی اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"ابو بشر آدم صفی اللہ نے کہا: اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔"

نفس ادریس کا آغاز اس قول سے کیا گیا ہے:

قال ادريس عليه السلام سبحان الله والحمدالله ولا إله الا الله

"ادریس علیہ السلام نے کہا: سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ"

اور نفس نوح کے آغاز میں یہ قول درج ہے:

قال نوح لقومه يا قوم اعبدوا الله ما لكم من إله غيره

"نوح نے اپنی قوم سے کہا: اے قوم اللہ کی عبادت کرو تمہارا اس کے سوا کوئی معبود نہیں"

نصوص الحکم کی طرح کتاب بھی شروع سے متصوفانہ مباحث اور تصورات پر مشتمل ہے اور اس میں نظریہ وحدت الوجود کی پر زور وکالت کی گئی ہے۔[17]

5. التسویہ بین الافادۃ والقبول، محب اللہ الٰہ آبادی

یہ کتاب بھی محب اللہ الٰہ آبادی نے لکھی ہے۔ یہ ایک فلسفیانہ بحث پر مشتمل مختصر رسالہ ہے جس میں مصنف نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ کوئی مخلوق اللہ سے مغائر نہیں ہے۔ ہندو کے ایک مشہور فلسفی اور محب اللہ کے ہم عصر ملا محمود جونپوری نے اس رسالہ کی تردید میں ایک رسالہ لکھا تھا اور پھر اس رسالہ کی تردید محب اللہ کے ایک شاگرد حبیب اللہ نے کی۔ التسویہ کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی ہو سکتا ہے کہ اس کی متعدد شرحیں لکھی گئی ہیں۔ جب میں سے ایک شرح مشہور عالم امان اللہ بنارسی نے لکھی ہوئی ہے جو محب اللہ بہاری کے ہم جماعت تھے اور مولوی عبد الحلیم لکھنوی نے بھی اس کتاب پر حاشیے لکھے ہیں۔[18]

6. المغالط العامۃ، محب اللہ الٰہ آبادی

اس کتاب کے مصنف بھی محب اللہ الٰہ آبادی ہیں۔ یہ ایک ضخیم تصنیف ہے جو ایک باب اور فصلوں پر مشتمل ہے جن کا نام مغالیط رکھا گیا ہے۔ کتاب کا مقدمہ بجائے خود ایک مستقل تصنیف ہے۔ اس کا عنوان ہے اعانۃ الاخوان اور اسے ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مصنف نے یہ لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے متصوفانہ نظریات اور عقائد لوگوں کے سامنے بیان کیے تو انہوں نے یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ اصل حقیقت سے ناآشنا لوگوں کے پیدا کردہ مغالطے رفع کریں۔ چنانچہ یہ کتاب اسی مقصد سے لکھی گئی ہے۔

7. عقائد الخواص، محب اللہ الٰہ آبادی

یہ کتاب بھی محب اللہ الٰہ آبادی کی تصنیف ہے اور جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہوتا ہے اس میں علما اور صوفیاء کے عقائد واضح کیے گئے ہیں۔ یہ حصوں میں تقسیم کی گئی ہے جن کے نام دقائق رکھا گیا ہے اور ان میں دینی موضوعات کی

3. عقائد الموحدین، عبد الکریم بن محمد لاہوری

اس کتاب کے مصنف عبد الکریم بن محمد لاہوری شیخ نظام الدین بلخی کے مرید تھے۔ وہ ایک عالم صوفی تھے اور سلسلہ چشتیہ سے وابستہ تھے۔ انہوں نے تصوف پر متعدد کتابیں لکھی ہیں۔ یہ کتاب جس طرز پر لکھی گئی ہے وہ علم الکلام کہلاتا ہے اور اس میں صوفیوں کے مسلک کو متکلمانہ انداز میں بیان کیا گیا ہے اور مندرجہ ذیل نو ابوں میں تقسیم کی گئی ہے۔

(۱) ریاکاری (۲) ارتداد

(۳) پیری (۴) مریدی

(۵) روحانی مرشد سے مرید کا تعلق (۶) محبت اور اخلاص

(۷) وجود اور عدم (۸) ذکر

(۹) وحدت الوجود

مصنف نظریہ وحدت الوجود کے زبردست حامی تھے۔ اور اپنے عقائد کی تائید میں ایک منطقی دلیل پیش کی ہے جسے بیان کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ خدا منزہ عند الحد والنھایہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شے اس سے خالی نہیں بہ شکل دیگر یہ معنی ہوں گے کہ خدا اشیا کے حدود تک محدود ہے اور اشیا از خود موجود ہیں اپنے نظریہ کی تائید میں انہوں نے یہ حدیث بھی پیش کی ہے۔

4. انفاس الخواص، محب اللہ الہ آبادی

یہ کتاب محب اللہ الہ آبادی نے لکھی ہے جن کا تذکرہ ترجمۃ الکتاب کے مصنف کی حیثیت سے کیا جا چکا ہے۔ یہ کتاب نامور صوفی ابن عربی کی مشہور تصنیف نصوص الحکم کے طرز پر لکھی گئی ہے۔ یہ حصوں میں منقسم ہے جن کا نام انفاس رکھا گیا ہے اور ہر نفس کا نام اس نبی یا ولی کے نام پر رکھا گیا ہے جس کی تعلیمات کی باطنی تاویل اور سوانح حیات پر یہ نفس مشتمل ہے۔ کتاب کا آغاز النفس الاحمدی سے ہوتا ہے اور یہ نام الحقیقت الاحمدیہ کے نام پر رکھا گیا ہے۔ اس کے بعد انفاس انبیا ہیں جو حضرت آدم سے لیکر حضرت ادریس، حضرت نوح، حضرت ابراہیم اور آخری نبی حضرت محمد ﷺ تک مختلف انبیا کے ناموں سے معنون کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد چاروں خلفاء راشدین سے منسوب انفاس ہیں۔ پھر مختلف مقامات کے بعض مشہور اولیا کے انفاس شروع ہوتے ہیں اور اس سلسلہ کا آخری نفس مصنف کے مرشد ابو سعید بن نور بن علی بن عبد القدوس کے نام سے منسوب ہے۔

انبیا سے متعلق انفاس میں ان کے وہ اقوال درج کیے گئے ہیں جو قرآن پاک میں مذکور ہیں۔ مثلاً نفس آدم کا آغاز اس قول سے ہوا ہے:

وقال ابو البشر آدم صفي الله ربنا ظلمنا انفسنا

2. التحفۃ المرسلۃ، محمد بن فضل اللہ[15]

اس کتاب کے مصنف محمد بن فضل اللہ ہیں۔ جو ایک صوفی اور عالم وجیہہ الدین گجراتی کے مرید تھے۔ اس کتاب کا تعلق مسئلہ وحدت الوجود سے ہے مصنف کا نظریہ ہے کہ صرف خدا ہی ایک وجود اور وجود اگرچہ واحد ہے مگر مختلف شکلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ وجود تمام موجودات کی اصل و حقیقت ہے اور اس اعتبار سے یہ وجود نہ تو کسی پر منکشف کیا جا سکتا ہے اور نہ ذہن اس کا احاطہ کر سکتا ہے۔

اس وجود کے مندرجہ ذیل سات مدارج ہیں:

پہلا درجہ وجود مطلق۔ وجود نے قید و بے صفات۔ یہ درجہ احدیت کہا جاتا ہے اور حقیقت حقہ ہے۔ دوسرا درجہ پہلی تقیید کا ہے جس کا مقصد و مفہوم اس وجود کی ذات اور اس کی صفات اور مستقبل کی تمام مخلوقات کا اجمالی عرفان ہے۔ یہ درجہ الوحدت کہا جاتا ہے اور یہ حقیقت محمدی ہے۔ تیسرا درجہ دوسری تقیید کا ہے۔ جس کا مقصد و مفہوم اس وجود کی ذات اور اس کی صفات اور کائنات کا مفصل علم ہے۔ یہ درجہ واحدیت کہا جاتا ہے اور یہ حقیقت انسانی ہے اور یہ تینوں درجات ابدی قرار دیئے گئے ہیں۔ چوتھا درجہ عالم الامثال ہے یعنی مجرد اور مفرد اشیاء۔ پانچواں درجہ عالم المثال ہے۔ یعنی مرکب اشیا مگر انتی لطیف کہ تقسیم نہیں کی جا سکتیں۔ چھٹا درجہ عالم الامثال ہے یعنی مرکب اشیا جو مادی اور اس لئے قابل تقسیم ہیں۔ ساتواں درجہ مذکورہ بالا تمام مدارج کا خلاصہ ہے۔ یہ آخری تقسیم ہے اور اس کو انسان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ پہلے تین مدارج یعنی عالم المثال اور عالم الامثال کے معنوں کی ہے۔

مصنف نے لکھا ہے کہ یہ وجود یعنی خالق نہ مخلوقات سے متصل ہے نہ منفصل ہے نہ ان میں شامل ہے۔ ورنہ اس کا نتیجہ کثرت وجود ہو گا۔ مزید یہ کہ کائنات اور اس میں جو کچھ بھی ہے عرض ہے اور جوہر صرف وجود (خالق) ہے۔ یہ نظریہ کہ خدا جوہر ہے اشعریوں کے اس عام نظریہ کے خلاف ہے کہ خدا نہ جوہر ہے نہ عرض ہے۔

اس کے بعد مصنف نے ان لوگوں کے تین طبقے قرار دیئے ہیں جو نظریہ وحدت الوجود کے قائل ہیں ایک طبقہ وہ ہے جو یہ یقین رکھتا ہے کہ خالق تمام مخلوقات کی حقیقت ہے مگر مخلوقات میں خالق کو نہیں دیکھتا۔ دوسرا طبقہ وہ ہے جو مخلوقات میں خالق کو دیکھتا ہے مگر خالق میں مخلوقات کو نہیں دیکھتا اور تیسرا طبقہ وہ ہے جو خالق میں مخلوقات کو اور مخلوقات میں خالق کو دیکھتا ہے۔ اس تیسرے طبقہ میں مصنف نے انبیا اور اقطاب کو شامل کیا ہے۔

آخر میں مصنف نے نظریہ وحدت الوجود کی تائید میں قرآن اور حدیث سے حوالے دیئے ہیں، ایسے مستند حوالوں کی بنا پر یہ نظریہ مشکوک معلوم ہونے لگتا ہے کہ وحدت الوجود کا تصور اسلام میں بیرونی اثرات کے تحت داخل ہوا اور بخوبی یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر اسلام پر بیرونی اثرات کے دروازے بالکل بند کر دیئے جاتے تب بھی اسلام میں وحدت کا نظریہ اخذ کر لیا جاتا۔ اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس پر کم از کم تین شرحیں لکھی گئی ہیں۔[16]

شکل اختیار کرلی تھی) کی کھلی ہوئی تردید و مخالفت حتی کہ "بدعت حسنہ" کے وجود سے بھی انکار، اور پھر آخر میں ہندوستان میں ایک ایسا تجدیدی انقلاب لانے کی حکیمانہ اور کامیاب کوشش جس کے نتیجہ میں ایک طرف اکبر کے تخت پر محی الدین اورنگ زیب عالمگیر متمکن ہوتا ہے دوسری طرف حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی اور ان کے خلفاء و تلامذہ کا سلسلہ وجود میں آتا ہے"[11]

اللہ تعالیٰ نے مجدد الف ثانی کو مرکز ہدایت، آفتاب رشد اور سراپائے خیر بنایا تھا، آپ کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی بہت سی مخلوق کا تعلق للہ تعالیٰ کی ذات عالی سے قائم ہوا، آپ نے اللہ کے بندوں کو بندوں کی بندگی سے نکال کر اللہ کا بندہ بنایا اور آپ کی اخلاص وللّٰہیت سے بھرپور دعوت نے باطل کی جڑیں کھوکھلی کر کے اس کے شجر کو زمین بوس کر دیا۔ جب حضرت مجدد الف ثانی نے جہانگیر کو سجدہ کرنے سے انکار کیا تو اس نے ناراض ہو کر آپ کو گوالیار کے قلعہ میں نظر بند کرنے کا حکم دے دیا،[12] گوالیار میں آپ کی یہ نظر بندی بہت سی حکمتوں اور مصلحتوں پر مبنی تھی، یہاں اللہ تعالیٰ نے آپ سے سنت یوسفی کو زندہ کرایا اور آپ کی دعوت و تبلیغ اور صحبت کی برکت سے سینکڑوں قیدی مشرف باسلام ہوئے۔ ڈاکٹر آرنلڈ نے اپنی کتاب (Preaching of Islam) میں لکھا ہے:

"شہنشاہ جہانگیر (۱۶۰۵۔۱۶۲۸ء) کے عہد میں ایک سنی عالم دین شیخ احمد مجدد نامی تھے، جو شیعی عقائد کی تردید میں خاص طور پر مشہور تھے، شیعوں کو اس وقت دربار میں رسوخ حاصل تھا، ان لوگوں نے کسی بہانہ سے انہیں قید کرادیا، دو برس وہ قید رہے، اور اس مدت میں انہوں نے اپنے رفقائے زنداں میں سینکڑوں بت پرستوں کو حلقہ بگوش بنالیا"[13]

اسی طرح Encyclopedia of Religion and Ethics (مذہب و اخلاقیات کا دائرہ المعارف) میں تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں ہے:

"ہندوستان میں سترہویں صدی میں ایک عالم جن کا نام شیخ احمد مجدد تھا، جو ناحق قید کر دیئے گئے تھے، ان کے متعلق روایت ہے کہ انہوں نے قید خانہ کے ساتھیوں میں سے کئی بت پرستوں کو مسلمان بنالیا"[14]

مجدد الف ثانی کی کتاب المعارف اللدنیہ بھی ان کی تجدیدی فکر اور کارنامہ تجدید کا ایک مایہ ناز نمونہ ہے جس میں انہوں نے سنت و شریعت کی اہمیت و حقیقت کو آشکارا کیا ہے اور تزکیہ و احسان کی اہمیت کو بیان کیا ہے۔ یہ حضرت مجدد کے معارف خاصہ اور سلوک و طریقت کے اہم مباحث پر مشتمل ہے، جس کو خود شیخ سرہندی نے مرتب فرمایا تھا۔ ہر مضمون کو معرفت کا عنوان دیا گیا ہے۔ ان معارف کی مجموعی تعداد اکتالیس ہے۔

ان میں سے ہر ایک کتاب کی مزید تقسیم کئی ابواب میں کی گئی ہے جن میں تصوف سے متعلق دلچسپ اور مفید موضوعات پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ مصنف اپنے زمانہ کے ایک بڑے عالم دین تھے اور راسخ العقیدہ لوگوں کے نزدیک یہ کتاب مستند اور معتبر ہے۔

علم تصوف، حقائق و معارف اور سلوک

علم تصوف کی حقیقت اس کے حقائق و معارف اور سلوک کے آداب سے متعلق جو عربی کتابیں اس خطے میں تالیف کی گئیں ان میں سے کچھ یہ ہیں:

1. المعارف اللدنیۃ، شیخ احمد بن عبد الاحد سرہندی، مجدد الف ثانی

وہ تمام منصف اور اہل نظر مورخین جن کی اسلامی تاریخ پر عمومی اور ہندوستان کی تاریخ پر خصوصی نظر ہے، وہ سب اس بات پر متفق ہیں کہ شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے ہندوستان میں اسلام کی حفاظت و بقاء اور نبوت محمدی ﷺ پر ایمان و اعتماد کی بحالی کا وہ عہد ساز اور انقلابی کارنامہ سرانجام دیا جس کو حدیث کی اصطلاح میں "تجدید" سے تعبیر کیا گیا ہے، سنن ابی داؤد اور حدیث کی دوسری کتابوں میں آقائے دوعالم ﷺ کا یہ فرمان موجود ہے:

"ان اللہ یبعث لہذہ الأمة علی رأس کل مائة سنة من یجدد لہا دینہا [10]

"اللہ تعالیٰ ہر سو سال بعد اس امت میں ایسے شخص کو پیدا فرمائے گا جو دین کی تجدید کرے گا۔"

اس کارنامہ نے شیخ احمد سرہندی کے سلسلہ میں ایسی شہرت پائی کہ وہ ان کے نام کا قائم مقام بن گیا، جس کی مثال اس سے پہلے نہیں ملتی۔

وہ اسباب اور بنیادی نکات، وہ لازوال کوششیں اور قابل قدر مساعی جنہوں نے شیخ احمد سرہندی کو مجدد الف ثانی بنایا، ان کی ایک فہرست ہندوستان کے مایہ ناز مورخ اور فکر مجددیہ کے امین مولانا سید ابوالحسن ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے پیش فرمائی اور حضرت مجدد الف ثانی کے مجددانہ کارناموں پر انتہائی جامع انداز میں کچھ یوں تبصرہ کیا ہے:

> "روح و فکر اسلامی کی جلا و تازگی، وقت کے اہم ترین اور سنگین ترین فتنوں کا سدباب اور استحصال، نبوت محمدی ﷺ اور شریعت اسلامی کی صداقت و ابدیت پر از سر نو اعتقاد و اعتماد بحال کرنا، ریاضت و اشراقیت پر مبنی اس روحانی تجربہ اور تلاش حقیقت اور خدارسی کی کوشش کی طلسم شکنی جو محمد عربی ﷺ کی پیروی اور اتباع سے بے نیاز ہو، "ہمہ اوست" اور وحدۃ الوجود کے عقیدہ اور نظریہ کی پردہ کشائی جو اپنے غلو و مبالغہ اور اشاعت و مقبولیت کے نقطہ عروج پر پہنچ چکا تھا، اور جس سے عقائد میں تزلزل اور مسلم معاشرہ میں انتشار پیدا ہو رہا تھا، اور اس کے متوازی "وحدۃ الشہود" کے مسلک و نظریہ کو مدلل و مرتب شکل میں پیش کرنا، بدعات (جنہوں نے ایک مستقل تشریع کی

عدل اور تقویٰ پر سختی سے کاربند ہو۔ سوم وہ دنیاوی مصالح سے مغلوب نہ ہو۔ چہارم وہ اپنے مریدوں کو اوامر و نواہی کے مطابق ہدایت کرے۔ پنجم اس نے کسی بزرگ تر مرشد سے مکمل تربیت حاصل کی ہو۔ مصنف نے مریدوں کے لئے بھی چند شرائط کا تعین کیا ہے جن میں بہت اہم شرط یہ ہے کہ وہ عاقل و بالغ ہو اور جس شخص کو وہ اپنا مرشد بنائے اس پر پختہ اعتماد رکھتا ہو۔ اس کے بعد مصنف نے یہ بیان کیا ہے کہ بیعت کس طرح کی جاتی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مرشد اپنے ہونے والے مرید کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے اور اس سے کلمہ طیبہ پڑھوائے۔ پھر گزشتہ گناہوں سے توبہ کرائے اور اس سے یہ عہد لے کہ آئندہ جہاں تک ممکن ہو سکے گا وہ گناہوں سے بچا رہے گا۔ آخر میں مصنف نے صوفیاء کہ اس سلسلہ کے اعمال و اشغال کا ذکر کیا ہے جس سے خود ان کا تعلق تھا۔ شاہ ولی اللہ اپنے عہد کے سب سے بڑے محدثین میں شمار کیے جاتے ہیں اور ان کی یہ کتاب مستند اور معتبر سمجھی جاتی ہے۔

2. لوائح الانوار فی الرد علی من انکر علی العارفین من لطائف الاسرار، سراج الدین عمر بن اسحاق[7]

اس کتاب کے مصنف سراج الدین عمر بن اسحاق ہیں جن کا پورا نام ابو حفص سراج الدین عمر بن اسحاق ہندی ہے۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم ہندوستان میں حاصل کی اور پھر مصر چلے گئے۔ جہاں وہ ایک جید عالم دین تسلیم کئے گئے اور کچھ عرصہ بعد قاضی مقرر ہوئے۔ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں ہیں۔ ان کا انتقال ۷۷۳ ہجری بمطابق ۱۳۷۱ء میں ہوا۔

انہوں نے یہ کتاب ایک سوال کے جواب میں لکھی تھی جو ان سے کیا گیا تھا کہ کیا ایک صوفی کو اس بنا پر گناہ گار کہا جا سکتا ہے کہ اس نے چند اشعار میں لیلۃ القدر کو لیلۃ التجار سے کم تر قرار کیا ہے۔ مصنف نے اس کتاب کا آغاز حمد اور نعت سے کیا ہے اور اس کے بعد معرفت پر تفصیلی بحث کر کے صوفی کے حق میں فیصلہ کیا ہے۔[8]

3. ارشاد الطالبین و تائید المریدین، قاضی ثناء اللہ پانی پتی[9]

قاضی ثناء اللہ مشہور عالم تھے۔ شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ ان کو بیہقی ہند کہا کرتے تھے۔ ان کی یہ تصنیف چھ حصوں میں منقسم ہے اور ہر حصہ کا نام کتاب رکھا گیا ہے۔ ان کتابوں کے موضوع حسب ذیل ہیں:

- کتاب اول ولایت
- کتاب دوم مریدوں کے فرائض
- کتاب سوم مرشدوں کے فرائض
- کتاب چہارم روحانی ترقی اور حصول ولایت
- کتاب پنجم قرب الٰہی کے مختلف مدارج
- کتاب ششم فضائل و اوصاف اولیائے کبار، مثلاً حضرت عبد القادر جیلانی، حضرت بہاؤ الدین نقشبندی، حضرت مجدد الف ثانی، سید احمد سرہندی اور ان کے فرزند اور خود مصنف کے مرشد مرزا جان جاناں

پاک میں بھی ہے، ایک موقع پر ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ"[4]

"اے پیغمبر جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ اللہ کے ساتھ نہ تو شرک کریں گی نہ چوری کریں گی نہ بدکاری کریں گی نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ لائیں گی اور نہ نیک کاموں میں تمہاری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لئے اللہ سے بخشش نہ مانگو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔"

یہ آیت فتح مکہ کے موقع پر نازل ہوئی مردوں کی بیعت سے فارغ ہو کر آپ ﷺ عورتوں سے بیعت لینے لگے۔ مردوں کی بیعت کا ذکر سورۃ فتح کی ان آیات میں ہے:

"إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ فَمَنْ نَكَثَ فَإِنَّمَا يَنْكُثُ عَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا"[5]

"جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے پھر جو عہد کو توڑے اور عہد توڑنے کا نقصان اسی کو ہے اور جو اس بات کو جس کا اس نے اللہ سے عہد کیا ہے پورا کرے تو وہ اسے عنقریب اجر عظیم کے گا۔"

سورہ فتح میں ہی ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا"[6]

"(اے پیغمبر!) جب مومن تم سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے تو اللہ ان سے خوش ہوا اور جو (صدق و خلوص) ان کے دلوں میں تھا وہ اس نے معلوم کر لیا تو ان پر تسلی نازل فرمائی اور انہیں جلد فتح عنایت کی۔"

طریقہ میں بیعت کرنے کی افادیت بیان کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے یہ ایک نفسیاتی حقیقت ہے کہ اگر کسی شخص کو ایک ہی نصیحت مختلف لوگ کریں تو اس کا اثر نصیحت سننے والے پر بہت زیادہ ہو گا۔

شاہ ولی اللہ نے مرشد کے لئے پانچ شرطیں معین کی ہیں۔ اول یہ کہ وہ اسلامی تعلیمات سے بخوبی واقف ہو۔ دوم وہ

تزکیہ کو قرآن مجید میں نبی کریم ﷺ کی ذمہ داریوں میں شمار کیا گیا ہے۔[2] تزکیہ و تربیت کو برصغیر کی اصلاح میں "تصوف" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ برصغیر ہی وہ خطہ ہے جہاں اسلام کی نشر و اشاعت میں سب سے بڑا کردار صوفیاء کا ہے۔

تزکیہ اخلاق اور تصوف کا شمار علمی دنیا کے ان موضوعات میں ہوتا ہے جن پر مسلم علما کی تصنیف کردہ کتابوں نے شہرہ آفاق حیثیت حاصل کی ہے۔ ایک طرف ان کتابوں نے مسلمانوں کی زندگی میں انقلابات برپا کیے تو دوسری طرف اس موضوع پر مسلمان اہل علم و معرفت کی لکھی گئی کتابوں سے استفادہ کرنے والوں میں ایک بہت بڑی تعداد غیر مسلموں کی بھی ہے۔ یہ کتابیں بلاشبہ امت اسلامیہ کا قابل فخر سرمایہ ہیں۔

برصغیر پاک وہند کے علماء کی تصوف کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں کو درج ذیل انواع میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1. دینی نقطہ نظر سے تصوف کی حمایت
2. علم تصوف، حقائق و معارف اور سلوک
3. وظائف و اوراد
4. قدیم صوفیاء کی لکھی گئی کتابوں کی شروحات اور حواشی
5. صوفیانہ ملفوظات اور اقوال
6. متصوفانہ شاعری

دینی نقطہ نظر سے تصوف کی حمایت:

برصغیر کے بہت سے صوفیاء نے تصوف کی شرعی حیثیت اور اس کے اصولوں کے ماخذ پر گفتگو کرتے ہوئے اس موضوع پر عربی میں گراں قدر کتابیں تالیف کی ہیں، ان میں سے کچھ کتابوں کا ذکر یہاں کیا جارہا ہے۔

1. القول الجمیل فی بیان سواء السبیل، شاہ ولی اللہ[3]

شاہ ولی اللہ نے یہ کتاب کئی ابواب میں تقسیم کی ہے۔ پہلا باب بیعت کی ماہیت اور روح سے متعلق ہے۔ دوسرے باب میں سالکوں کے مختلف مدارِ بیان کیے گئے ہیں۔ تیسرے، چوتھے اور پانچویں بان میں صوفیاء کے قادری چشتی اور نقش بندی سلسلوں کے معمولات و مشاغل قلم بند کیے گئے ہیں اور چھٹا باب مرشد سے نسبت کی اہمیت کے بارے میں ہے۔

سب سے پہلے مصنف نے بیعت کے آغاز پر روشنی ڈالی ہے اور یہ کہا ہے کہ آغاز اسلام میں بیعت کی پانچ قسمیں تھیں۔ سیاسی طور پر خلیفہ کی اطاعت قبول کرنے کی بیعت۔ اسلام قبول کرتے وقت کی بیعت۔ ہجرت کرتے وقت کی بیعت۔ جہاد میں ثابت قدم رہنے کی بیعت اور دینی اور پاکیزہ زندگی بسر کرنے کے عہد کے طور پر بیعت۔ بیعت کی آخری قسم کو انہوں نے طریقہ کی ہم معنی قرار دیا ہے اور اس کو ایک سنت کہا ہے کیونکہ مستند احادیث سے یہ ثابت ہے ک آنحضرت ﷺ نے متعدد موقعوں پر مسلمان مردوں اور عورتوں سے یہ بیعت لی تھی اور اس قسم کی بیعت کا ذکر قرآن

برصغیر کی عربی کتب تصوف کا تعارفی جائزہ

An Introductory Review of Subcontinent Arabic Sufism Books

*ڈاکٹر راحت اجمل

** حافظہ فروا افتخار

ABSTRACT

Self-purification, morality, and mysticism are listed in those topics of the educational world, on which the books of Muslim scholars achieved a worldwide reputation. On one hand, these books have revolutionized the lives of Muslims whereas, on the other, there is also a huge number of non-Muslims who benefit from the books of Muslim scholars and intellectuals. These are undoubtedly honourable assets of the Islamic nation.

No one can deny the effects and amendments caused to the hearts and minds of inhabitants of the Indo-Pak Sub-continent because of the teachings of Sufis. It is an undeniable fact that Muslim scholars of this region played a major role in preaching, publishing, and issuing Islam. On one side, Sufi scholars performed the duty of refinement through preaching & counselling, reminding & reporting, organization, negotiation & observation; while on the other, they directed those divine teachings by the use of pen and paper. Scholars and Sufis of the Sub-Continent have written many books on this topic in the Arabic language along with Persian, Urdu, Punjabi, and many other local languages. As Arabic has been the most spoken, understood and written language of the Muslim world, those books written in Arabic gained worldwide fame. The truth is, books of connoisseurs and Sufis portrayed the real face of mysticism and recommendation in front of Arabs and denied its wrong visions.

A discussion about many books will be part of this essay. We hope this research proves to be an important source for Arabic books on the Sub-continent about mysticism.

KEYWORDS

Tasawwuf, Sub-Continent, Sufi Scholars, Mysticism, Arabic Books

اصلاح و تربیت جسے قرآن مجید میں تزکیہ سے تعبیر کیا گیا ہے اور اسے فلاح یعنی دنیا و آخرت کی ضمانت قرار دیا گیا ہے۔[1] عہد رسالت مآب ﷺ سے لے کر آج تک امت کے اہل علم و اہل فکر نے اس عظیم محنت کو سر انجام دیا ہے۔

*صدر، شعبہ عربی، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی، لاہور۔

**لیکچرر، شعبہ عربی، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی، لاہور۔



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	برصغیر کی عربی کتب تصوف کا تعارفی جائزہ An Introductory Review of Subcontinent Arabic Sufism Books
Authors	Rahat Ajmal[1] Hafiza Farwa Iftikhar[1]
Affiliations	[1] Lahore College for Women University, Lahore, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u10
QR Code	
Citation	Rahat Ajmal, and Farwa Iftikhar, Hafiza, *"An Introductory Review of Subcontinent Arabic Sufism Books"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 159–180
Copyright Information:	برصغیر کی عربی کتب تصوف کا تعارفی جائزہ An Introductory Review of Subcontinent Arabic Sufism Books © June 2022 by Rahat Ajmal & Hafiza Farwa Iftikhar, is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

31۔ سورۃ الکہف:18/50

32۔ سورۃ فاطر:35/6

33۔ تفصیل کے لئے دیکھئے:"اسلام کی تبلیغ میں تاجروں کا کردار"مکتبہ یادگار شیخ الاسلام پاکستان،2010؛""اعتدال پسندی اور تبلیغ"علوم اسلامیہ انٹرنیشنل کا سیرت النبی نمبر،ج6،ش11،جولائی2009

34۔ لدھیانوی، تحفہ قادیانیت،1/305

7۔ بخاری، أبو عبد اللہ محمد بن إسماعیل، صحیح البخاری، کتاب التیمم، محقق: د. مصطفی دیب البغا، دار ابن کثیر، دمشق، 1414ھ / 1993م، حدیث نمبر: 328، 1 / 128

8۔ مسلم بن الحجاج، أبو الحسین، القشیری، صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب ذکر کونہ ﷺ خاتم النبیین، محقق: محمد فؤاد عبد الباقی، مطبعۃ عیسی البابي الحلبي وشرکاہ، القاھرۃ، 1373ھ، حدیث: 2286

9۔ الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، سنن الترمذی، ابواب الفتن، باب ماجاء لا تقوم الساعۃ حتی یخرج کذابون، تحقیق: أحمد محمد شاکر و محمد فؤاد عبد الباقي وغیرہ، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفی البابي الحلبي، مصر، 1395ھ / 1975م، حدیث: 2219

10۔ الترمذی، جامع الترمذی، ابواب الرؤیا، باب ذھبت النبوۃ وبقیت المبشرات، حدیث: 2272

11۔ مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الفضائل باب اسماء النبی ﷺ، حدیث نمبر: 2354

12۔ الترمذی، سنن الترمذی، کتاب الرؤیا، باب ذہبت النبوۃ، حدیث: 2273

13۔ مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الصلوۃ، باب النھی عن قرأۃ القرآن فی الرکوع والسجود، حدیث: 479

14۔ الترمذی، سنن الترمذی، أبواب المناقب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حدیث نمبر: 3686

15۔ البخاری، صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوہ تبوک، حدیث نمبر: 4154

16۔ البخاری، صحیح البخاری، کتاب الانبیاء، باب ماذکر عن بنی اسرائیل، حدیث نمبر: 3268

17۔ أبو داود سلیمان بن الأشعث الأزدي السجستاني، سنن أبي داود، کتاب الملاحم (1)، باب مَا يُذْكَرُ فِي قَرْنِ المِئَةِ، تحقیق: شعیب الأرنؤوط- محمد کامل قرہ بللي، دار الرسالۃ العالمیۃ، 1430ھ / 2009م، حدیث نمبر: 4291

18۔ بخاری، صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب علامات النبوۃ فی الاسلام، حدیث نمبر: 3413

19۔ کاندھلوی، مولانا محمد ادریس اسلام اور مرزائیت کا اصولی اختلاف، ماہنامہ مسیحائی، نارتھ ناظم آباد کراچی، اکتوبر، نومبر 2010، ج13، ش: 11-10، ص36-41

20۔ بلاذری، أحمد بن یحیی بن جابر بن داود، فتوح البلدان، دار ومکتبۃ الھلال، بیروت، 1988م، ص94-102

21۔ مدنی، محمد عبد اللہ، حضرت ابو بکر کے فیصلے، مشتاق بک کارنر، الکریم مارکیٹ اردو بازار، لاہور، ص192، 193

22۔ ابن عبد البر، أبو عمر یوسف بن عبد اللہ بن محمد بن عبد البر، الاستیعاب في معرفۃ الأصحاب، تحقیق: علي محمد البجاوي، الناشر: دار الجیل، بیروت، 1412ھ / 1992م، 1 / 320

23۔ مدنی، محمد عبد اللہ، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے فیصلے، ص152، 153

24۔ مدنی، محمد عبد اللہ، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے فیصلے، ص153، 154

25۔ مدنی، محمد عبد اللہ، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے فیصلے، ص154، 155

26۔ ابو داؤد، سنن أبو داؤد، کتاب الجھاد (1)، باب فی الرسل حدیث: 2761

27۔ ابن جریر طبری، محمد بن جریر بن یزید، تاریخ الرسل والملوک المشھور بہ تاریخ الطبری، دار التراث، بیروت، 1387ھ، 3 / 146

28۔ ایضاً، 3 / 274

29۔ لدھیانوی، مولانا محمد یوسف، تحفہ قادیانیت، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، کراچی، 2010، 1 / 103

30۔ مودودی، ابو الاعلی، قادیانی مسئلہ، اسلامک پبلیکیشنز لاہور، دسمبر 2010، ص334

ختم نبوت کے قانونی تقاضے و تجاویز

ملک میں ہر شہری کو پوری آزادی و حقوق حاصل ہونے چاہئیں، خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم، کسی کو مذہبی اختلاف کے سبب کسی طور پر بھی نشانہ بنانا اسلامی تعلیمات کے مطابق نہیں ہے، دوسرا اہم پہلو یہ ہے کہ عوام کو یہ حق قطعاً حاصل نہیں کہ وہ خود الزام لگائیں اور خود ہی سزا کا نفاذ کریں، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے جسے اس کو ادا کرنا چاہئے، ایک غیر مسلم جرم کرتا ہے، ابھی جرم ثابت بھی نہیں ہوا، سزا پوری بستی کے غیر مسلموں کو دی جاتی ہے یا دیگر غیر مسلموں کو دی جاتی ہے، یہ اسلامی تعلیمات اور عدل کے خلاف ہے، جس کا سختی کے ساتھ خاتمہ ہونا چاہئے۔ اسپین میں عیسائیوں نے اہانت رسول کی ایک تحریک چلائی تھی، جس میں کوئی عیسائی فدائی جج کے سامنے پیش ہوتا اور اہانت رسول کا مرتکب ہوتا تھا، کسی متعلقہ جج یا فرد نے کبھی سزا نہیں دی، بلکہ اس پر باقاعدہ مقدمہ چلتا اور اسے قتل کیا جاتا تھا، ۶۳ سے زائد افراد اس عمل سے گزرے، پاکستان میں بھی غیر مسلموں کو مکمل قانونی تحفظ فراہم کیا جانا چاہئے، تاکہ وہ محب وطن شہری کی حیثیت سے زندگی گزار سکیں۔

نتائج تحقیق

قرآنی آیات اور متواتر احادیث سے ثابت ہوتا ہے آپ ﷺ کی بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ البتہ نبوت کا فیض، خلافت، سچے خواب، اور مجدد علماء کی صورت میں قیامت تک جاری رہے گا۔

نبی کریم ﷺ آخری اور تمام عالم کے لیے نبی بنا کر بھیجے گئے ہیں آپ علیہ السلام کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔ ختم نبوت کا انکار کرنے والوں کی پانچ قسمیں ہیں مگر کوئی بھی قابل قبول نہیں ہیں۔ بلکہ سب کافر ہیں خواہ مدعی نبوت ہو یا اس کے پیروکار ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب

حواشی و حوالہ جات

1۔ سورۃ المائدہ: 5/3

2۔ سورۃ سبا: 34/28

3۔ سورۃ الاعراف: 7/158

4۔ سورۃ الفرقان: 25/1

5۔ احمد بن حنبل، امام، مسند الإمام أحمد بن حنبل، مُسْنَدُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، تحقیق: شعیب الأرنؤوط - عادل مرشد، وآخرون، مؤسسۃ الرسالۃ، 1421ھ / 2001م، حدیث نمبر: 2256

6۔ احمد بن حنبل، مسند الإمام أحمد بن حنبل، مُسْنَدُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، حدیث نمبر: 1371

ختم نبوت کے تقاضے

نبی کریم ﷺ کی ذات سے محبت ہر مسلمان کے دل میں رچی بسی ہے ختم نبوت ﷺ پر بھی تمام مکاتب فکر متفق ہیں، لیکن ختم نبوت کے تقاضوں پر یا تو ان کی توجہ نہیں ہے یا وہ افراط تفریط کا شکار ہیں یا پھر ان تقاضوں پر غور وخوض نہیں کیا ہے۔

آج ایک طبقہ وہ ہے جس نے مساجد و مدارس کو آباد کیا ہوا ہے، ان کا خیال ہے اس فریضہ کی ادائیگی کے بعد قومی و ملی ذمہ داری سے سبکدوش ہو گئے ہیں۔

دوسرا طبقہ وہ ہے جس نے مجالس ذکر و خانقاہیں آباد رکھی ہوئی ہیں، ان کا خیال ہے لوگوں کے دکھ درد کا مداوا تعویذوں، خواب کی تعبیروں، استخارہ کی نشستوں سے اور وظیفوں کی تلقین کر کے وہ تمام امور سے بری ہو گئے اور مذہبی ذمہ داریوں کو ادا کر چکے ہیں۔

تیسرا طبقہ وہ ہے جن کا خیال ہے تبلیغ کا فریضہ محدود ذرائع سے ادا کرنے کے بعد ختم نبوت کے تقاضوں سے عہدہ برآں ہو گئے۔

چوتھا طبقہ وہ ہے جن کا خیال ہے میلاد کے جلوس نعت کی محافل منعقد کر کے کنڈے کی بجلی سے گھر و گلیوں میں چراغاں کر کے انہوں نے نبوت کے تقاضوں کی تکمیل کر لی ہے۔

محدود مطالعہ و تحقیق کے سبب محدود سوچ اور فکر وجود میں آتی ہے، اور حقیقی ذمہ داریوں سے راہ فرار کا ذریعہ بنتی ہے، جس پر از سر نو ہمیں غور کرنا ہو گا، اور ختم نبوت کے تقاضوں کو پورا کرنا ہو گا، تب ہی اپنے دعووں میں سچے کہلانے کے مستحق ہوں گے۔

ختم نبوت کے تعلیمی و تبلیغی تقاضے و تجاویز

اللہ تعالیٰ نے متعدد آیات میں انبیاء کے مقاصد بعثت کو بیان کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام نے تعلیم، تبلیغ و اصلاح کے ذریعہ اس فریضہ کو ادا کیا ہے، ختم نبوت کا تقاضا ہے علماء و اہل علم اس ذمہ داری پر توجہ دیں، آج ملک کے نظام تعلیم کا قبلہ ہی درست نہیں، ہم یہی فیصلہ نہیں کر سکے کہ ملک میں تعلیم کی کون سی زبان ہو گی، اور کون سا نصاب تعلیم پڑھایا جائے گا، اہل علم کی ذمہ داری ہے اسلام کے تناظر میں عہد حاضر کی مناسبت سے نیا نظام تعلیم تیار کریں اور ایسے تعلیمی ادارے قائم کریں، جہاں سے کلرک کے بجائے ملک و ملت کے خدمت گار طلباء و ریسرچ اسکالرز تیار ہوں۔ تبلیغ کے حوالہ سے میں تفصیلاً لکھ چکا ہوں، جس سے استفادہ کیا جا سکتا ہے اس کے لئے تمام جدید ذرائع کو استعمال کیا جائے[33] مولانا یوسف لدھیانوی شہید نے برطانیہ میں ایک سوال کے جواب میں فرمایا: میں سمجھتا ہوں کہ اشاعت اسلام کے لئے ٹی وی اور سیٹلائٹ سے پروگرام پیش کرنے کے بارے میں غور کرنا چاہئے۔[34]

اسلامی مملکت میں حاصل ہیں۔ غالباً یہی وجہ ہے ۳۳ علماء کے دستخطوں سے منظور ہونے والی قرار داد میں خود علماء نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قادیانیوں کے لئے پنجاب اسمبلی میں ایک نشست مختص کی جائے اور اس پر عمل بھی ہوا۔[30] غالباً اس کا مقصد یہی تھا کہ قادیانی ملک کے شہری کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریوں کو ادا کریں اور ذمہ دار شہری بنیں، ملک میں انتشار و فساد کا سبب نہ بنیں۔ معلوم ہوا ہے بہت سے لوگ اسلام لانے اور اس پر عمل پیرا ہونے کے بعد مرتد ہو گئے ہیں۔ ان کو یہ ہمت اس لئے ہوئی کہ انہوں نے اللہ کے متعلق غلط اندازہ قائم کیا ہوا ہے اور وہ اس کے طریقہ کار سے واقف نہیں اور انہوں نے شیطان کے گمراہ کرنے کو قبول کیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا۔"[31]

"اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا آدم کو سجدہ کرو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے وہ جن تھا اس لئے اس نے اپنے رب کے حکم کی نافرمانی کی تو اب کیا تم اسے اور اس کی جماعت کو میرے سوا اپنا مالک بناتے ہو، حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں، راہ راست سے ہٹنے والوں کو یہ بہت برا معاوضہ ملا۔"

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ"[32]

"بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے تم بھی اسے اپنا دشمن ہی سمجھو۔ اس کی جماعت تم کو اس لئے اغوا کرتی ہے کہ تم دوزخ میں جاؤ۔"

اس قرآنی آیت کے تناظر میں یہ بات واضح ہے کہ شیطان امت محمدیہ کا دشمن ہے کہ وہ ہر ممکن کرتا ہے کہ مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں رخنہ ڈالے۔ یہ شیطان کا دکھایا ہوا راستہ ہی تھا جو مرزا غلام احمد قادیانی نے اختیار کیا۔ خود بھی گمراہ ہوا اور اپنے پیروکاروں کو بھی گمراہ کیا۔ پاکستان میں رہنے والے قادیانیوں نے اپنے طرز عمل سے اس بات کو ثابت کیا کہ وہ امت امسلمہ سے ہٹ کر ایک الگ گروہ ہیں۔ نہ وہ مسلمانوں کی نماز میں شریک ہوتے ہیں، نہ کسی ختم نبوت کے اقرار کرنے والے کا جنازہ پڑھتے ہیں اور نہ ہی ان کے ساتھ شادی بیاہ کے رسوم و رواج رکھتے ہیں۔ لہذا ان کے عقائد کی بنیاد پر انہیں غیر مسلم قرار دیا جانا عین اسلامی تعلیمات کے مطابق ہے۔ اور جب انہیں غیر مسلم قرار دے دیا جائے تو پھر ریاست کی ذمہ داری کہ انہیں اسلامی شعائر اختیار کرنے سے روک دیا جائے۔ لہذا ہمارے پاس کوئی معقول وجہ نہیں رہ جاتی کہ انہیں مسلمانوں سے ایک الگ جماعت شمار کیا جائے۔ اور ان کو اسلامی شعائر پر عمل کرنے سے روک دیا جائے۔

مسیلمہ کذاب کا معاملہ قابل ذکر ہے۔ یہ شخص رسول اللہ ﷺ کی نبوت کا منکر نہ تھا بلکہ اس کا دعویٰ تھا کہ اسے حضور ﷺ کے ساتھ شریک نبوت بنایا گیا ہے، اس لئے حضور ﷺ کی وفات سے پہلے اس نے جو عریضہ آپ ﷺ کو لکھا تھا اس کے الفاظ یہ ہیں:

"من مسيلمة رَسُول اللَّهِ إلى محمد رَسُول اللَّهِ سلام عليك، فإني قد أُشركت فِي الأمر معك"[27]

"مسیلمہ رسول اللہ کی طرف سے محمد رسول اللہ پر سلام ہو۔ میں آپ ﷺ کے ساتھ نبوت کے کام میں شریک کیا گیا ہوں۔"

مؤرخ طبری نے یہ روایت بھی بیان کی ہے کہ مسیلمہ کے ہاں جو اذان دی جاتی تھی اس میں اشہد ان محمد رسول اللہ کے الفاظ بھی کہے جاتے تھے بلکہ وہ نماز بھی پڑھتا تھا۔ مگر اس اقرارِ رسالت کی صراحت اور عبادت الٰہی کے باوجود اس کو کافر اور خارج از ملت قرار دیا گیا اور اس سے جنگ کی گئی۔[28] اعترافِ نبوت کے باوجود صحابہ کرامؓ نے اس مسیلمہ کو مسلمان تسلیم نہیں کیا اور ان پر فوج کشی کی۔

پاکستان کے قادیانیوں سے سلوک

پاکستان کے قادیانی مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکار ہیں یہ دنیا بھر میں ڈھنڈورا پیٹتے ہیں کہ پاکستان میں ان کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض واقعات میں زیادتی کا ارتکاب کیا گیا جیسے کچھ عرصہ قبل بغیر کسی اشتعال کے ان کی عبادت گاہ پر مسلح حملہ کیا گیا، اور ناحق خون بہایا گیا، ملکی آئین اور بین الاقوامی قوانین کی رو سے ان کی جان مال آبرو کا تحفظ حکومت وقت پر لازم ہے، بلکہ دیگر غیر مسلم ذمیوں کی طرح ان کے تمام حقوق کا بھی تحفظ ہونا چاہئے۔ غالباً اس غلط فہمی کی وجہ مرتدین سے متعلق فقہاء کا نقطہ نظر ہے جس پر مزید غور و فکر کی ضرورت ہے۔ مولانا یوسف لدھیانوی شہید قادیانیوں کے حوالہ سے سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"منکرین ختم نبوت کے لئے اسلام کا اصل قانون تو وہی ہے جس پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عمل کیا (قتل)، پاکستان میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے کر ان کی جان و مال کی حفاظت کرنا ان کے ساتھ رعایتی سلوک ہے لیکن اگر قادیانی اپنے آپ کو غیر مسلم اقلیت تسلیم کرنے پر آمادہ نہ ہوں، بلکہ مسلمان کہلانے پر مُصر ہوں، تو مسلمان حکومت سے یہ مطالبہ کر سکتے ہیں کہ ان کے ساتھ مسیلمہ کذاب کی جماعت کا سا سلوک کیا جائے۔"[29]

یعنی قتل عام کیا جائے، جو کہ ایک غیر محتاط رائے ہے۔ جب ایک شخص اس ملک کا شہری ہے تو ایک شہری سے اس کے حقوق بالخصوص زندگی کا حق چھیننا درست نہیں، بلکہ اسے وہ تمام حقوق حاصل ہونے چاہئے جو ایک غیر مسلم کو

حالت اس وقت تک رہے گی، جب تک اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں اپنے نبی ﷺ کے خلیفہ اور ایمانداروں کو کوئی نئی بات نہیں سمجھاتا، یا جب تک تم اس دین میں واپس نہ آجاؤ، جس کو چھوڑا ہے۔ خارجہ نے کہا: یا خلیفہ رسول اللہ ﷺ! ہمیں منظور ہے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "تم پر اللہ تعالیٰ کا عہد اور میثاق ہے کہ تم دن رات قرآنِ کریم پڑھو گے، اپنے بچوں کو سکھاؤ گے اور اپنے مالوں کی زکوٰۃ سے انکار نہیں کرو گے"۔ سب بولے "ہمیں منظور ہے" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: "اے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ! آپ نے جو کچھ فرمایا ہے، درست ہے لیکن مسلمان مقتولین کی دیت کے متعلق جو کہا ہے صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید ہوئے ہیں، اور شہیدوں کی دیت نہیں ہوتی"۔ اس پر سب حاضرین نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تصدیق کی پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ان سے جتنے گھوڑے اور ہتھیار مل سکے، اپنے قبضہ میں لے لئے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اب ان میں اسلام پختہ ہو گیا ہے تو وہ سارا مال ان کے مالکوں کو واپس کر دیا اور جو مر گئے تھے ان کا سامان ان کے وارثوں کے حوالہ کیا۔ یہ اصل واقعہ طارق بن شہاب کی روایت سے مختصراً صحیح بخاری میں مذکور ہے۔[25] یہ بھی امکان ہے کہ تعزیری سزا کے طور پر ان کے ساتھ یہ معاملہ کیا گیا ہو۔ جو لوگ گرفتار ہوئے تھے، ان میں سے جو مسلمانوں کے قتل میں ملوث تھا اسے قتل کر دیا گیا جو ملوث نہیں تھا، اسے غلام و لونڈی بنالیا گیا۔

یہ سلوک مسلم باغیوں کے سلوک سے مختلف ہے اس لئے کہ مسلم باغیوں کے عورتوں بچوں کو غلام بنانے کی اجازت نہیں ہے، بلکہ فقہاء نے باغیوں سے چھینے گئے، اسلحہ کی واپسی کی رائے دی ہے، جس سے واضح ہوتا ہے، منکرین ختم نبوت باغیوں کے حکم میں شامل نہیں ہیں، لیکن کیا ان کے ساتھ مرتد جیسا سلوک ہو گا، عام مؤرخین و فقہاء کی یہی رائے ہے لیکن اگر غور کیا جائے تو مرتد اور منکرین ختم نبوت میں بھی فرق ہے، مرتد اسلام کو چھوڑ کر کسی اور دین کو اختیار کر لیتا ہے وہ کوئی آسمانی دین بھی ہو سکتا ہے، جبکہ مدعی نبوت براہ راست نبوت محمدیہ ﷺ کے مدمقابل آتا ہے۔ اس لئے جو مدعی نبوت ہے وہ واجب القتل ہے، لیکن جو اس کے متبع ہیں یا اولاد ہیں کیا وہ بھی واجب القتل ہیں یا ان کا شمار عام کافروں میں ہو گا اس پر دونوں آراء موجود ہیں، زیادہ بہتر یہ ہے کہ انہیں عام کافروں میں شمار کیا جائے، اسی طرح اقوام عالم کے قوانین کا احترام بھی ہو گا اور ناحق و قتاً فوقتاً ہونے والی خون ریزی کا خاتمہ بھی ہو گا، جیسا کہ آپ ﷺ نے اپنے زمانہ کے عالمی قوانین کا لحاظ رکھتے ہوئے مسیلمہ کے سفراء کو قتل نہیں کیا یا جیسے فقہاء کرام نے بین الاقوامی معاملات اور دار الحرب میں سود کے حوالہ سے لین دین کے جواز کی رائے دی ہے۔ مسیلمہ نے اپنا سفیر عبادہ بن حارث اور اس کے ساتھ ایک اور فرد کو آپ ﷺ کی خدمت میں بھیجا، جس کی گفتگو کو آپ ﷺ نے سخت ناپسند کیا، لیکن فرمایا:

"لولا أنَّ الرُّسلَ لا تُقتَلُ لضربتُ أعناقَكُما" [26]

"اگر قاصدوں کا قتل ممنوع نہ ہوتا تو میں تم دونوں کی گردن اڑا دیتا۔"

صحابی حبیب بن زید بن عاصم کو مسیلمہ سے گفتگو کے لئے یمامہ بھیجا جسے اس نے انتہائی بے دردی سے شہید کر دیا۔[22] حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین کے نام جو خط لکھا ہے اس سے بھی واضح ہوتا ہے، انہوں نے بغیر لڑائی کے اصلاح کی کوشش کی، لیکن مدعیان نبوت کے حوصلے مسلسل بڑھ رہے تھے اور وہ اپنی پیروی نہ کرنے والوں کو مسلسل نشانہ بنا رہے تھے، قتل کر رہے تھے، لہٰذا ایسے افراد کے خلاف طاقت سے جواب دینا ضروری ہو گیا تھا، لہٰذا ایسے افراد کے خلاف بھرپور طاقت کا مظاہرہ کیا گیا اور لشکر روانہ کرنے کے ساتھ خود ابو بکر رضی اللہ عنہ اس کی کمانڈ کرنے مدینہ سے نکلے تاکہ دشمنوں کا حوصلہ توڑا جا سکے، لیکن اکابر صحابہؓ کے اصرار پر خود واپس مدینہ آ گئے۔[23]

منکرین ختم نبوت کو پانچ طبقوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ مدعی نبوت۔

۲۔ لڑائی کرنے والے پیروکار۔

۳۔ توبہ کرنے والے پیروکار۔

۴۔ لڑائی سے توبہ کرنے والے لیکن اپنے عقیدہ پر قائم رہنے والے۔

۵۔ لڑائی کے نتیجہ میں گرفتار ہونے والے۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مدعیان نبوت کو غیر مسلم قرار دیا اور غیر مسلموں کی طرح معاملات کئے جو مدعی نبوت تائب ہوا، اس کو معاف کر دیا گیا، جیسے طلیحہ اسدی کی توبہ اور سجاح بنت حارث کی توبہ قبول کی گئی۔[24] جنہوں نے مقابلہ کیا، انہیں قتل کیا گیا اور عورتوں بچوں کو قیدی بنایا گیا، طلیحہ کے متبعین میں کچھ ایسے تھے جنہوں نے توبہ نہیں کی، البتہ لڑائی سے دست بردار ہو گئے، ایسے لوگوں کو نہ گرفتار کیا گیا نہ قتل، جیسا کہ بخاری کے حوالہ سے ایک روایت بیان کی گئی ہے۔ یزید بن شریک فزاری روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت خالد رضی اللہ عنہ بزاخہ سے فارغ ہوئے تو میں اسد غطفان کے وفد میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، بنو اسد اور بنو غطفان کے بعض لوگوں نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی بیعت کی، اور بعض نے ان کی بیعت نہیں کی تھی۔ وہ چھپ چھپا کر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: "حرب مجلیۃ" اور "سلم مخزیۃ" میں سے جسے چاہوں پسند کر لو۔ خارجہ بن حسن نے کہا: "حرب مجلیہ تو میں جانتا ہوں، سلم مخزیہ (ذلیل کن صلح) کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "سلم مخزیہ یہ ہے کہ اس بات کا اقرار کرو کہ ہمارے مقتول جنت میں جائیں گے اور تمہارے مقتول جہنم میں جائیں گے۔ اور جو کچھ تم نے ہم سے چھینا ہے، وہ واپس کرو اور جو کچھ ہم نے لیا ہے، وہ واپس نہیں کریں گے۔ نیز ہمارے مقتولین کی دیت ادا کرو۔ ہر مقتول کی دیت ایک سو اونٹ ہو گی، جن میں چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں گی۔ تم سے پھر جنگی سامان گھوڑے اور ہتھیار لے لیں گے، اور تم جنگلوں میں اونٹ چرا کر گزارہ کرو۔ یہ

۱۔ ایک نشان خالد رضی اللہ عنہ بن ولید کو دیا اور ان کو حکم دیا گیا کہ وہ پہلے طلحہ بن خویلد کے مقابلے پر جائیں اس سے فارغ ہو کر بطاح میں مالک بن نویرہ سے جا ملیں اگر وہ اس وقت تک ان کے مقابلے پر جما ہوا ہو تو مل کر لڑیں۔

۲۔ ایک نشان عکرمہ بن ابی جہل کو دیا گیا اور ان کو مسیلمہ کذاب کے مقابلے کا حکم دیا گیا۔

۳۔ ایک نشان مہاجر بن ابی امیہ کو دیا گیا، اور ان کو حکم دیا گیا کہ وہ عنسیٰ کی فوجوں کا مقابلہ کریں۔ نیز قیس بن مکشوح اور اہل یمن کے مقابلے میں جو مسلم فوج بر سر پیکار ہے، ان کی امداد کریں اور اس سے فارغ ہو کر کندہ کے مقابلے کے لئے حضر موت چلے جائیں۔

۴۔ ایک نشان سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو دیا گیا، جو اسی زمانے میں یمن سے اپنی خدمت چھوڑ کر آئے تھے ان کو حمقتین بھیجا جو شام کی سرحد پر ہے۔

۵۔ ایک نشان عمرو رضی اللہ عنہ بن العاص کو دیا اور ان کو قضاعہ، ودیعہ اور ارث کی مرتد جماعتوں کے مقابلے میں جانے کا حکم دیا۔

۶۔ ایک نشان حیفہ بن محض الغلفانی کو دیا اور ان کو "دیا" کے لوگوں سے مقابلے پر بھیجا۔

۷۔ ایک نشان عرفجہ بن ہرثمہ کو دیا اور ان کو مہرہ جانے کا حکم دیا اور ہدایت کی کہ یہ دونوں مہرہ میں ایک جگہ جمع ہو جائیں، مگر جو جو علاقے ان کے سپرد کئے گئے ہیں، ان میں وہ ایک دوسرے پر امیر رہیں گے۔

۸۔ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے شرجیل رضی اللہ عنہ بن حسنہ کو عکرمہ بن ابی جہل کے پیچھے روانہ کیا اور حکم دیا کہ یمامہ سے فارغ ہو کر تم قضاعہ کے مقابلے پر جانا اور مرتدین سے جنگ کے موقع پر تم ہی اپنے لشکر کے آزاد امیر رہو گے۔

۹۔ ایک نشان طریفہ بن حاجز کو دیا اور ان کو حکم دیا کہ وہ بنی سلیم اور ان کے ساتھی ہوازن کا مقابلہ کریں۔

۱۰۔ ایک نشان سوید بن مقرن کو دیا اور ان کو حکم دیا کہ وہ یمن کے علاقہ تہامہ کی طرف جائیں۔

۱۱۔ ایک نشان علاء بن الحضرمی کو دے کر ان کو بحرین جانے کا حکم دیا۔ یہ امراء ذی القصہ سے اپنی اپنی سمت روانہ ہو گئے۔[21]

اتنی بڑی لشکر کشی اس مسئلہ کی اہمیت کو سمجھنے کے لئے کافی ہے۔

منکرین ختم نبوت کی اقسام اور ان سے سلوک

آپ ﷺ نے منکر نبوت مسیلمہ سے بات چیت کے ذریعہ مسئلہ کا حل نکالنا چاہا، یہی وجہ ہے اس کے سفراء سے ملاقات سے انکار نہیں کیا، یہ ضرور پیغام دیا کہ اس جرم کی سزا قتل ہے اور اس کے سفراء کو جانے دیا، بلکہ ایک انصاری

تھی تو اس کی جگہ دوسرا نبی آتا تھا، لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں، البتہ خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ یعنی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔[16]

فیضان نبوت کے اجراء کی تیسری صورت مجدد علماء کی آمد ہے

بنی اسرائیل میں غیر تشریعی انبیاء آتے تھے جو موسیٰ علیہم السلام کی شریعت کی تجدید کرتے تھے، مگر آنحضرت ﷺ کے بعد ایسے انبیاء علیہم السلام کی آمد بھی بند ہے، البتہ مجدد دینِ اُمّت ضرور آئیں گے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس اُمّت کے لئے ہر صدی پر ایسے لوگوں کو کھڑا کرے گا جو اس کے لئے دین کی تجدید کریں گے۔[17] شیخ محمد سرہندی کو اسی مناسبت سے مجدد الف ثانی کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

منکرین ختم نبوت سے سلوک:

حضور ﷺ کی بعثت کے ساتھ باب نبوت مسدود ہو چکا ہے۔ اس لئے اب کسی شخص کو منصب نبوت پر متمکن نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ اگر کوئی شخص نبوت ورسالت کا دعویٰ کرتا ہے تو حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق وہ دجال، کذاب اور جھوٹا ہے۔ حضور ﷺ نے نہ صرف جھوٹے مدعیان نبوت کے بارے میں پیشگی اطلاع دے دی، بلکہ آپ ﷺ نے تو ان کی تعداد ۳۰ کہہ کر اشارہ کر دیا کثیر ہوں گے۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک تیس دجال اور کذاب پیدا نہ ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔[18] علامہ ابن خلدون علیہ الرحمہ کے حوالہ سے نقل کیا گیا ہے کہ حضور ﷺ کے وصال کے بعد امت محمدیہ میں جو پہلا اجماع ہوا، وہ عقیدہ ختم نبوت ہے اور جو دعویٰ نبوت کرے اس کو قتل کیا جائے۔[19] اسود عنسی مدعی نبوت حضور ﷺ کے حکم سے قتل کیا گیا، مسیلمہ کذاب نے بھی عہد نبوی میں نبوت کا دعویٰ کیا اور عہد صدیقی میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی زیر قیادت ان کے خلاف جہاد کیا گیا، مسیلمہ کے چالیس ہزار کے لشکر میں سے ۲۸ ہزار قتل ہوئے خود بھی قتل ہوا اسی عہد میں طلحہ نے بھی نبوت کا دعویٰ اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اسے بھی انجام تک پہنچایا۔[20] خلیفہ بن عبد الملک کے عہد میں حارث نے نبوت کا دعویٰ کیا، خلیفہ نے علماء کے فتاویٰ کے مطابق سولی کا حکم دیا، خلیفہ ہارون رشید نے بھی اپنے زمانہ کے مدعی نبوت کے ساتھ یہی معاملہ کیا۔

منکرین ختم نبوت کی سرکوبی کیلئے اسلامی افواج کی تشکیل

مورخ طبری کے مطابق، قاسم بن محمد سے مروی ہے کہ جب اسامہ رضی اللہ عنہ اور ان کی فوج نے آرام کر لیا تازہ دم ہو گئیں، تو ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مہماتی فوجیں تیار کیں اور گیارہ جماعتیں مقرر کر کے ان کو گیارہ امیروں کی قیادت میں گیارہ نشانوں علامات کے ساتھ مرتدین کے مقابلے کے لئے روانہ کیا، جس کی تفصیل یہ ہے:

مُحَمَّدٌ. وَأَنَا أَحْمَدُ. وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يُمْحَى بِيَ الْكُفْرُ. وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى عَقِبِي. وَأَنَا العاقب". والعاقب الذي ليس بعده نبي"[11]

"حضرت محمد بن جبیر بن معطم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں ماحی (مٹانے والا) ہوں کہ میرے ذریعے اللہ تعالیٰ کفر کو مٹائیں گے، اور میں حاشر (جمع کرنے والا) ہوں کہ لوگ میرے قدموں پر اُٹھائے جائیں گے، اور میں عاقب (سب کے بعد آنے والا) ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔"

ان تمام احادیث مبارکہ سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں، آپ ﷺ کے بعد اس کے اجراء کی کوئی صورت نہیں۔ البتہ خلافت ولایت، تجدید اور خوابوں کے ذریعہ فیضان نبوت جاری رہے گا۔ اس فیض کی پیش گوئی بھی خود آپ ﷺ نے فرمادی ہیں۔

فیضان نبوت کی پہلی صورت سچے خواب ہیں

جتنی شدت سے ختم نبوت کی وضاحت کی گئی، اتنی ہی شدت سے یہ سوال بھی پیدا ہوا کہ امت کی رہنمائی و حوصلہ افزائی کیسے ہو گی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا اب نبوت باقی نہیں رہی سوائے مبشرات کے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مبشرات کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اچھے خواب۔[12]

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے لوگو! مبشرات نبوت میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہا سوائے نیک خوابوں کے جسے مسلمان خود دیکھے یا کوئی دوسرا اس کے لئے دیکھے۔[13]

نبوت کے اہل بھی حامل نبوت نہ ہو سکے

آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن الخطاب ہوتے۔[14] آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آنحضرت ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم مجھ سے وہی نسبت رکھتے ہو جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے تھی، مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔[15]

فیضان نبوت کے اجراء کی دوسری صورت خلافت ہے

احادیث مبارکہ سے یہ ثابت ہے کہ اب کوئی شخص خلیفۃ الرسول تو ہو سکتا ہے مگر نبی نہیں۔ اور خلیفہ بھی ختم نبوت کے تقاضوں کی تکمیل کا ذمہ دار ہو گا۔ مزید فرمایا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اکرم ﷺ سے نقل کرتے ہیں حضور علیہم السلام نے فرمایا: بنی اسرائیل کی قیادت خود ان کے انبیاء کیا کرتے تھے، جب کسی نبی کی وفات ہوتی

"يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، إِنِّي بُعِثْتُ لَكُمْ خَاصَّةً وَإِلَى النَّاسِ بِعَامَّةٍ"[6]

"اے عبد المطلب کی اولاد! میں تمہارے لیے خاص اور عمومیت کے ساتھ تمام انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں۔"

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

عَنْ جَابِرْ بِنْ عَبْدُ الله رضي الله عنه وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً، وَبُعِثْتُ إلى الناس عامة "[7]

"انبیاء کرام کسی خاص قوم کی طرف مبعوث کئے گئے جبکہ میں تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔"

"عن أبي هريرة رضي الله أن رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ. إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهُ. فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ: هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ! قَالَ فأنا اللبنة. وأنا خاتم النبيين" [8]

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: میری اور مجھ سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی مثال ایسی ہے کہ ایک شخص نے بہت ہی حسین و جمیل محل بنایا، مگر اس کے کسی کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، لوگ اس کے گرد گھومنے اور اس پر عش عش کرنے لگے اور یہ کہنے لگے کہ یہ ایک اینٹ بھی کیوں نہ لگا دی گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں وہی (کونے کی آخری) اینٹ ہوں اور میں نبیوں کو ختم کرنے والا ہوں۔"

"عَنْ ثَوْبَانؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ الله ﷺ: إِنَّهٗ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي" [9]

"حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ: میری اُمت میں تیس جھوٹے پیدا ہوں گے، ہر ایک یہی کہے گا کہ میں نبی ہوں، حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔"

"عَنْ أَنَسِبْنِ مَالِكٍؓقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدْ اِنْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِيْ وَلَانَبِيَّ۔ "[10]

"حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: رسالت و نبوت ختم ہو چکی ہے، پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہے اور نہ نبی۔"

سَمِعَ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "أَنَا

مستغنی ہو گئی۔ اسی لئے قرآنِ کریم نے عہدِ نبوی ﷺ کے سب سے بڑے مجمع عام میں یہ اعلان کیا۔ آج کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی، اور اسلام کو دین کی حیثیت سے میں نے تمہارے لئے پسند کیا۔[1]

یہ آیت ۹ ذی الحجہ ۱۰ ہجری کو نازل ہوئی، اس میں اس بات کی بشارت تھی کہ نبوت جس کا مقصد دین کی جماعت میں کسی نہ کسی اینٹ کا اضافہ تھا، وہ آج تکمیل کو پہنچ گئی۔ اس ابدی حقیقت کی وضاحت قرآنِ کریم کی اس آیت میں بہ تمام و کمال کر دی گئی، ارشادِ ربانی ہے۔

"وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا۔ "[2]

"اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام انسانوں کے لئے خوش خبری سنانے والا اور آگاہ کرنے والا بنا کر بھیجا۔"

آپ ﷺ کی نبوت و رسالت کی آفاقیت اور عالمگیریت کے حوالے سے ارشادِ ربانی ہے:

"قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا۔"[3]

"کہہ دیجئے، اے لوگو! میں تم سب لوگوں کی طرف اللہ کا پیغام دے کر بھیجا گیا ہوں۔"

پوری کائنات اور عالم انسانیت کو آپ ﷺ کے ابدی اور مثالی پیغام کا مخاطب ارشاد ہوا:

"تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰي عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا۔"[4]

"برکت والا ہے وہ اللہ، جس نے حق و باطل میں امتیاز کرنے والی کتاب اپنے بندے (ﷺ) پر نازل کی تاکہ وہ دنیا جہاں کے لئے ہوشیار و آگاہ کرنے والا ہو۔"

قرآن کریم کی تقریباً ۱۱۰ آیات ہیں کہیں دلالۃ النص سے، کہیں اشارۃ النص سے، کہیں اقتضاء النص سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں، اس میں سورہ الاحزاب:۴۵، سورہ المائدہ:۵، سورہ الاعراف:۱۵۸، سورہ النساء، سورہ سبا، سورہ المائدہ:۶۷، سورہ التوبۃ:۳۳، سورہ الاحزاب:۲۱، وغیرہ سے آپ ﷺ کی خاتمیت اظہر من الشمس ہے۔

ختم نبوت حدیث کی روشنی میں:

ہادیِ آخر و اعظم، سید عرب و عجم حضرت محمد ﷺ پوری انسانیت کے ہادی بنا کر مبعوث فرمائے گئے، آپ ﷺ کی بہت سی احادیث میں اس ابدی حقیقت کو بیان کیا گیا ہے۔ رسول اکرم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

"بُعِثْتُ إِلَى كُلِّ أَحْمَرَ وَأَسْوَدَ"[5]

"میں کالے اور گورے (مشرق و مغرب) تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔"

ایک موقع پر آپ ﷺ نے اپنی پیغمبرانہ خصوصیت کے حوالے سے ارشاد فرمایا:

تمام عالم کے لیے مشعل راہ ہے کہ اسی روشنی کے زیر سایہ رہتے ہوئے انسان اپنی اصل منزل مقصود کو پہنچ سکتا ہے۔ اسلام کی عمارت جس بنیاد پر کھڑی ہے وہ ختم نبوت کا عقیدہ ہے، اس رکن میں معمولی سی دراڑ بھی اس عمارت کو منہدم کرنے کے لیے کافی ہے۔ کچھ لوگ مختلف تاویلات کے ذریعے مدعیان نبوت کی نبوت کے جواز کا راستہ نکالنے کی کوشش کرتے رہے ہیں لہذا اس زاویے پر تحقیق وقت کی ضرورت ہے کہ ایسی کوئی رائے یا تاویل قابل قبول نہیں ہے۔ مقالہ ہذا میں عقلی و نقلی دلائل کے ذریعے ہم نے اصل موقف کو ثابت کیا ہے اور ختم نبوت کے تقاضوں کو واضح کیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی پیغمبرانہ خصوصیات میں سب سے اہم اور نمایاں خصوصیت آپ ﷺ کا امام الانبیاء، سید المرسلین اور خاتم النبیین ہونا ہے۔ آپ ﷺ کی دعوت، آپ ﷺ کا پیغام آفاقی ہے۔ آپ ﷺ بنی نوع آدم اور پورے عالم انس و جن کے لئے دائمی نمونۂ عمل اور خاتم الانبیاء بنا کر مبعوث فرمائے گئے۔ آپ ﷺ پر دین مبین کی تکمیل کر دی گئی۔ پوری انسانیت آپ ﷺ کی امت اور آپ ﷺ پوری انسانیت کے لئے بشیر و نذیر بنا کر مبعوث فرمائے گئے ہیں۔ انبیائے کرام علیہم السلام کی بعثت کن حالات میں ہوئی، اور وہ کیا تقاضے تھے، جن کے پیش نظر دنیا کے مختلف تاریخی ادوار و اقوام میں انبیائے کرام علیہم السلام کو بھیجا گیا؟ سیرت کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ صرف چار حالتیں ایسی ہیں، جن میں انبیائے کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا گیا۔

1۔ کسی خاص قوم میں نبی بھیجنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ اس میں پہلے کبھی کوئی نبی نہیں آیا تھا یا کسی دوسری قوم میں آئے ہوئے نبی کا پیغام اس قوم تک نہیں پہنچ سکا تھا۔

2۔ نبی بھیجنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ پہلے گزرے ہوئے نبی کی تعلیم قوم نے بھلا دی تھی یا اس میں تحریف کر دی تھی اور اب اس کی پیروی کرنا ناممکن ہو گیا تھا۔

3۔ پہل گزرے ہوئے نبی کے ذریعے مکمل تعلیم و ہدایت لوگوں کو نہیں ملی تھی اور تبلیغ دین اور شریعت کی تشریح و تعبیر کے لئے مزید کسی نبی کی ضرورت تھی یا نبی کا پیغام اور شریعت نامکمل تھی۔

4۔ ایک نبی کے ساتھ اسی عہد میں اس کی مدد کے لئے ایک اور نبی کی حاجت تھی، لہٰذا نئے نبی بھیجے گئے۔

ظاہر ہے مندرجہ بالا وجوہ میں سے کوئی ایک وجہ نبی بھی اکرم ﷺ کی بعثت، آپ ﷺ کی ختم نبوت اور تکمیل دین و شریعت کے بعد اب باقی نہیں رہی ہے۔ لہٰذا آپ کے بعد کسی نبی کو نہیں بھیجا گیا۔

ختم نبوت قرآن کی روشنی میں:

ختم نبوت اور تکمیل دین رسالت محمدی ﷺ کا امتیاز اور بنیادی خصوصیت ہے۔ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس پر تمام پیغمبرانہ نعمتوں کا خاتمہ ہو گیا اور نبوت و رسالت کا سلسلہ منتہی ہو گیا، اب دنیا کسی نئے نبی اور نئے آنے والے وجود سے

ختم نبوت کے تقاضے قرآن وسنت کی روشنی میں

Requirements of the Finality of Prophethood in the light of the Quran and the Sunnah

*پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی
** مفتی حافظ طوبیٰ ثانی

ABSTRACT

The belief in the Finality of Prophethood is the belief on which the foundation of Islam stands, even a slight crack in this faith is enough to destroy Islam. The Prophet (PBUH) is a universal Prophet and He came with the universal book and law.

We have described four reasons for the End of Prophethood in this article. Although the Finality of Prophethood is proved by 110 Quranic verses, some of its examples are presented in the article. And it has also been proved through Ahadees-e-Mutawatira.

According to the famous saying, one lac and twenty-four thousand Prophets and messengers were sent to guide the people in the world. A question arises here that no prophet came after The Last Prophet Muhammad (SAWW) the Messenger of Allah, so how can the Ummah be guided now? We have answered this question in the article that prophethood has ended but its influence continues even today in the form of the caliphate, true dream, and Mujaddid scholars (Ulama).

We have also described the types of deniers of the end of prophethood in the article and made it clear that no type of denial is acceptable. A great war was fought in the history of Islam against the claimant of the end of Prophethood, Musailma Qazab, 28000 Muslims were martyred. Islam always teaches moderation; therefore, Islam has always taken the path of dialogue so that the claimants of prophethood can take the right path.

Prophet (peace be upon him) is the last and universal prophet. After them, anyone who claims prophethood and his followers are all disbelievers, but not every follower is liable to death.

KEY WORDS:

Prophet Muhammad (SAW), Ummah, Finality of Prophethood, Faith, Islam

آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں اور قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے نبی مکرم ہیں۔ آپؐ کی حیات مبارکہ

*پرنسپل، پاکستان شپ اونرز گورنمنٹ کالج نارتھ کراچی؛ صدر، گورنمنٹ کالجز پرنسپلز ایسوسی ایشن آف سندھ، پاکستان
**پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر، جامعہ کراچی، کراچی



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/
Journal QR Code

Article	ختم نبوت کے تقاضے قرآن وسنت کی روشنی میں Requirements of the Finality of Prophethood in the light of the Quran and the Sunnah
Authors	Dr. Salahuddin Sani Al-Azhari [1], Mufti Hafiza Toba Sani [2]
Affiliations	[1] Pakistan Shipowners Government College, North Nazimabad, Karachi. Pakistan. [2] University of the Karachi, Karachi, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u9
QR Code	
Citation	Al-Azhari, Salahuddin Sani, Dr., and Toba Sani, Hafiza, *"Requirements of the Finality of Prophethood in the light of the Quran and the Sunnah"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 143–157
Copyright Information:	ختم نبوت کے تقاضے قرآن وسنت کی روشنی میں Requirements of the Finality of Prophethood in the light of the Quran and the Sunnah © 2022 by Dr. Salahuddin Sani Al-Azhari & Mufti Hafiza Toba Sani is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

6۔ کیرانوی، مولانا وحید الزمان، القاموس الوحید، مطبع ادارہ اسلامیات، لاہور، 2001ء، ص 831

7۔ کیرانوی، القاموس الوحید، ص 831

8۔ اصفہانیؒ، امام راغب، غریب القرآن للاصفہانی، مطبع دار الفکر، بیروت، لبنان، س ن، 1/247

9۔ شاہ عبد العزیز، عجالہ نافعہ (اردو ترجم)، مکتبہ دار ابن بشیر للنشر والتواریخ، 2017ء، ص 110

10۔ کاندھلوی، مولانا محمد ادریس، مقدمہ سیرت مصطفیٰ، مکتبہ دار الاشاعت، کراچی، س ن، 1/34

11۔ سورۃ طہ: 20/21

12۔ سورۃ التحریم: 66/6

13۔ حافظ، عماد الدین، تفسیر ابن کثیر، مکتبہ دار الفکر بیروت، س ن، 8/188

14. *"Oxford Advanced Learners Dictionary"*, p. 510

15۔ موسوعہ فقہیہ کویتیہ، 4/223

16۔ زبیدی، محمد بن عبد الرزاق، تاج العروس من جواہر القاموس، مکتبہ دار الہدایہ، 1423ھ، 10/51

17۔ ابن منظور افریقی، جمال الدین مکرم، لسان العرب، مطبوعہ نشر الحوذۃ ایران، س ن، 11/488

18۔ ابن منظور افریقی، لسان العرب، 11/488

19۔ حجازی، عبد الوہاب، اسلامی تربیت، ناشر: ادارۃ البحوث الاسلامیہ، 2007ء، ص 23

20۔ حجازی، عبد الوہاب، اسلامی تربیت، ص 23

21۔ القشیری، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم کتاب القدر، باب معنی کل مولود یولد علی الفطرۃ وحکم موت اطفال الکفار واطفال المسلمین، دار الجیل بیروت لبنان، 1999ء، حدیث: 6755

22۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی التشدید فی الکذب، مکتبہ شاملہ کراچی، 1998ء، حدیث: 4991

23۔ القشیری، صحیح مسلم، کتاب صلوۃ المسافرین، باب الدعاء فی صلوٰۃ اللیل وقیامہ، حدیث: 1800

24۔ ترمذی، ابو عیسی محمد بن، جامع ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ والرقائق والورع عن رسول اللہ ﷺ، مکتبہ رشیدیہ، کراچی، س ن، رقم الحدیث: 2516، 4/667

25۔ بخاری، محمد بن إسماعیل، صحیح البخاری، كِتَابُ الشَّهَادَاتِ، بَابٌ: لَا يَشْهَدُ عَلَى شَهَادَةِ جَوْرٍ إِذَا أُشْهِدَ، حدیث نمبر: 2650، 3/171

26۔ بخاری، محمد بن إسماعیل، صحیح البخاری، كِتَابُ الشرب المساقاة، بَابٌ فی الشرب، حدیث نمبر: 2351، 3/109

27۔ مسلم بن الحجاج القشيري، صحیح مسلم، محقق: محمد فؤاد عبد الباقی، کتاب الزھد والرقائق، باب حدیث جابر الطویل، وقصۃ أبي اليسر، مطبعة عيسى البابي الحلبي وشركاه، القاهرة، 1374ھ/1955م، حدیث نمبر: 3009، 4/2304

28۔ ندوی، سراج الدین ندوی، رسول خدا کا طریق تربیت، اسلامک پبلیکیشنز، 2005ء، ص 144

29۔ نسائی، احمد بن شعیب نسائی، السنن، کتاب قیام اللیل، باب الترغیب فی قیام اللیل، دار السلام مراقش، حدیث: 1612

30۔ سوید، نور بن عبد الحفیظ، تربیت اولاد کا نبوی انداز اور اس کے زریں اصول، دار القلم پبلیکیشنز لاہور، س ن، ص 169

31۔ سوید، تربیت اولاد کا نبوی انداز اور اس کے زریں اصول، ص 169

وہی اس کی پیدائش کا سبب ہیں لہذا والدین کو چاہیے وہ ہر وقت بچوں کو ملامت اور عتاب سے اجتناب کریں اگر وہ ہر وقت اولاد کو زجر و توبیخ اور ملامت کرتے رہیں گے تو اس کا نفس اسے اعمال قبیحہ کی طرف ابھارے گا یوں اس کے لیے افعال بد کا ارتکاب آسان ہو جائے گا جو انتہائی مضر اور اولاد کے لیے نقصان دہ ہے۔

خلاصۃ البحث

اولاد چونکہ تمام والدین کے لیے نعمت کا ذریعہ ہے اور انبیاء و مرسلین نے بھی اس نعمت کی خواہش کی اور اللہ کے حضور دعائیں بھی کیں ہیں چونکہ موجودہ دور میں ترقی و ایجادات کا ایک سیل رواں ہے جس باعث اولاد کی تربیت خاصی متاثر ہوئی ہے والدین کی کلی طور پر توجہ معاشی میدان میں اولاد کی کامیابی پر ہے اور تعلیم کے حصول کا بھی یہی مقصد بن کے رہ گیا ہے فقط دنیا کمائی جائے اس کے ساتھ ہر شخص اس قدر مصروفیت کی دلدل میں پھنسا ہے کہ اس کے پاس اپنے پیاروں کے لیے بالکل بھی وقت نہیں ہے ایسے نفسا نفسی کے دور میں اولاد کی تربیت میڈیا کر رہا ہے جس سے مزید عملی اور اخلاقی قدریں کمزور سے کمزور تر ہوتی جا رہی ہیں ایسے والدین کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ میانہ روی اور اعتدال و توازن کا دامن تھامے رکھیں تاکہ زندگی میں نکھار پیدا ہو اور زیادہ سے زیادہ اپنی اولاد کو وقت دیں اور ان کی ہر طرح کی تربیت کا خیال رکھیں تاکہ اولاد اور معاشرہ دونوں بہتر خطوط پر استوارہ ہو سکیں اس حوالے سے والدین درج ذیل تجاویز کو اپنائیں تاکہ وہ تربیت اولاد کی غرض سے بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔

1۔ بچوں کے اندر نیکی کا داعیہ پیدا کریں

2۔ خود اخلاق و کردار کا پیکر بنیں

3۔ والدین اپنے قول و فعل میں یکسانیت پیدا کریں تاکہ ان میں کسی قسم کا تضاد نہ رہے

4۔ گھر کے ماحول میں باہم الفت و اخوت، ایثار و ہمدردی، عزت و احترام اور دوستی و تعاون کو پیدا کریں تاکہ اگر کوئی جھگڑا ہو تو اس کا مناسب حل تلاش کیا جا سکے۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ سورۃ الاحزاب: 21/33

2۔ قرطبی، محمد بن احمد، الجامع لاحکام القرآن، دار الاشاعت، بیروت، 1967ء، 14/143

3۔ بخاری، أبو عبد اللہ، محمد بن إسماعیل، صحیح البخاری، تحقیق: جماعۃ من العلماء، کتاب المغازی، بَابُ غَزْوَةِ الْخَنْدَقِ، المطبعۃ الکبری الأمیریۃ، ببولاق مصر، 1311ھ، حدیث نمبر: 4106، 5/110

4۔ سورۃ الحشر: 59/7

5۔ ابو الفضل بلیلاوی، عبد الحفیظ، مصباح اللغات، مطبع مجلس نشریات اسلام، کراچی، 1992ء، ص410

بچوں کو مناسب ماحول فراہم کیا جائے تاکہ ان میں نیکی کرنے کا جذبہ پروان چڑھایا جا سکے اور ان کو اس طرف راغب کیا جا سکے کہ وہ از خود راہ راست پر چلیں جس کا مطلب یہ ہے کہ والدین اولاد کی کامیابی کے حصول میں ان کی معاونت کر رہے ہیں جو لوگ اپنی اولاد کو نیکی کی ترغیب دیتے اور ان کو ساز گار ماحول فراہم کرتے اللہ کے رسول ان کے لیے دعائیں فرمایا کرتے تھے بلکہ بسا اوقات از خود اپنی لخت جگر سیدہ فاطمہ کے گھر تشریف لے جا کر ان کو جگاتے اور نماز و تہجد کی تلقین کرتے چنانچہ امام نسائی نے ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ:

"آپ ﷺ ایک رات حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے پاس تشریف لائے اور ان سے فرمایا کیا تم نماز تہجد نہیں پڑھتے پھر آپ ﷺ اپنے گھر تشریف لے گئے اور رات کا کافی وقت نماز پڑھتے رہے اس دوران آپ ﷺ نے دیکھا کوئی حس و حرکت نہ ہوئی تو دوبارہ ان کی طرف تشریف لائے اور بیدار کرنے کی خاطر فرمایا اٹھو نماز پڑھو۔"[29]

اس ضمن میں والدین کے کندھوں پر بڑی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کریں کہ ان کی اولاد نیک اور صالح ہو اور گمراہی و ضلالت سے محفوظ رہے اس کے لیے مختلف طریقے اپنائیں کبھی وعظ و نصیحت، کبھی ترغیب اور کبھی کبھی ہلکی پھلکی ڈانٹ سے ان کے اندر نیک کاموں کا داعیہ پیدا کیا جائے اس لیے ہم دیکھتے ہیں عہد نبوی میں صحابہ کرام اور بعد ازاں اسلاف اپنی اولادوں کو نمازوں اور دیگر نیک موقعوں پر اپنے ساتھ رکھتے ہیں تاکہ ان کو عمدہ اوصاف اور بہترین خصائل کی طرف مائل کیا جائے۔

ملامت اور عتاب کرنے سے اجتناب کرنا

والدین بچوں کو بہت زیادہ ملامت اور عتاب سے گریز کریں اور اگر ان کے کسی کام یا معمول میں ان کو کوئی شکایت بھی ہو تو اس کا حکیمانہ اور نرمی کے ساتھ تدارک کریں تاکہ اولاد کے مزاج پر گراں نہ گزرے اس ضمن میں حضرت انس فرماتے ہیں کہ:

"انہوں نے دس سال تک مسلسل رسول اللہ کی خدمت کی اور کوئی ایک موقع بھی ایسا نہیں آیا کہ رسول اللہ نے کبھی توبیخ و تنبیہ کی ہو بلکہ وہ خود فرماتے ہیں اگر کبھی مجھے رسول اللہ کوئی کام کرنے کا کہتے اور میں اس میں سستی سے کام لیتا تو کبھی آپ نے نہ ہی مجھے ملامت کیا اور نہ ہی سزا دی بلکہ اگر کبھی کوئی گھر کا فرد مجھے ملامت کرتا تو آپ فرماتے اسے چھوڑ دو۔"[30]

اسی طرح ایک واقعہ جو حضرت ابو بکر یا حضرت عمر سے منسوب ہے کہ ان کے سامنے ایک شخص نے ان دونوں میں سے کسی ایک کے سامنے اپنے بیٹے پر الزام لگایا تھا تو آپ نے فرمایا: "تمہارا بیٹا دراصل تمہارے ہی ترکش کا ایک تیر ہے۔"[31] گویا جب کوئی ماں باپ یعنی والدین اپنی اولاد پر الزام لگاتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ خود پر الزام لگا رہے ہیں چونکہ

تمام اوقات و گھڑیوں کی تلاش میں رہیں جب دعائیں قبول ہوتیں ہیں اور بد دعا دینے سے اجتناب کریں کیونکہ والدین کی دعا اولاد کے حق میں قبول ہوتی ہے اور دعاؤں کے باعث والدین اور اولاد کے درمیان عاطفت اور محبت کا جذبہ ابھرتا ہے اور دلوں میں شفقت و رحمت مزید جاگزیں ہوتی ہے یوں والدین اولاد کے مستقبل اور فلاح کے لیے مزید کوشاں رہتے ہیں اور آپ کی سیرت میں یہاں تک ملتا ہے کہ آپ نہ صرف اولاد بلکہ ان ظالموں اور اوباشوں کو دعا دیتے رہے ہیں جو آپ پر خیر خواہی کے بدلے میں پتھر برسا رہے تھے آپ نے ان مشرکین کو بد دعا کے بجائے دعا دی اور یوں ارشاد فرمایا:

مجھے اللہ سے امید ہے کہ ان کی نسل سے ضرور ایسے اشخاص پیدا ہوں گے جو اللہ کی عبادت کریں اور اسلام لائیں گے۔ اسی طرح مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا:

"لا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، وَلا تَدْعُوا عَلَى أَوْلادِكُمْ، وَلا تَدْعُوا عَلَى أَمْوَالِكُمْ، لا تُوَافِقُوا مِنْ اللَّهِ سَاعَةً يُسْأَلُ فِيهَا عَطَاءٌ فَيَسْتَجِيبُ لَكُمْ۔ "[27]

"تم اپنے آپ کو بھی بد دعا نہ دیا کرو اور اپنی اولاد کو بھی بد دعا نہ دیا کرو اور اپنے خادموں کو بھی بد دعا نہ دو اور اپنے اموال کو بھی بد دعا نہ دو کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ وقت قبولیت دعا کا ہو اور دعا قبول ہو جائے"

ان احادیث سے یہ بات واضح ہو گئی اللہ کے رسول نے اولاد کے حق میں بد دعا کی ممانعت فرمائی اور نیک دعاؤں کی تلقین فرمائی اور یہ خواہش تقریباً تمام والدین کی ہوتی ہے کہ ان کی اولاد کامیاب و کامران ہو، سو والدین کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اولاد کے حق میں دعاؤں کا اہتمام کریں خاص کر ان اوقات میں جن میں قبولیت کی زیادہ امید ہوتی ہے۔

بچوں کو ہدیہ اور من پسند اشیاء یعنی کھلونے خرید کر دینا

عمومی طور پر بچوں کو مختلف اشیاء پسند ہوتی ہیں اور ان کی خواہش بھی ہوتی ہے کہ ان کو نت نئی چیزیں خریدنے اور دلوانے سے خاصا شغف ہوتا ہے اس لیے وہ چاہتے ہیں ان کو کھلونے اسی طرز کی دیگر چیزیں دلوائی جائیں جو ان کی طبیعت کو محظوظ کرتی ہیں جن سے وہ اپنے کھیل کود میں لطف اندوز ہوتے ہیں چنانچہ رسول اللہ کی سیرت میں آتا ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ نے ابو عمیر کو دیکھا جو اپنی چڑیا سے کھیل رہا تھا اسی طرح حضرت حسن کے پاس بھی ایک پلا تھا جس سے وہ تسلی پاتے تھے۔[28]

اس پسِ منظر سے یہ بات تو واضح ہو گئی کے اولاد کو کھلونے یا ہدیے دلوانا والدین یا ان کے قریبی اعزاء کا کام ہے مگر وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچوں کو کھلونے دلواتے وقت ان کی عمر اور طبیعت کا لحاظ رکھیں اور ایسی چیزیں خرید کر دی جائیں جس سے ان کی عقل اور شعور میں اضافہ ہو اس کے ساتھ ساتھ وہ کھلونا ان کی جسمانی نشوونما اور چستی کا بھی باعث بنے موجودہ دور میں اولاد کو نئی ایجادات جوڑ توڑ اور سوچ و بچار کے حوالے سے کھلونے دلوائے جائیں تاکہ وہ کھلونا تربیتی اعتبار سے مناسب اور مفید ثابت ہو۔

نیک کاموں میں بچوں کی معاونت اور ان کو ترغیب دینا

بات پر گواہ مت بناؤ پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ وہ فرماں برداری میں برابری اختیار کریں انہوں نے کہا کہ کیوں نہیں رسول اللہ نے ارشاد فرمایا کہ پھر ایسا نہ کرو۔"[25]

اس حدیث سے تمام محدثین نے یہ بات اخذ کی ہے اگر اولاد کے درمیان برابری کو نظر انداز کیا جائے تو بچے عموماً والدین سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں اور ان کے کچے ذہنوں میں یہ بات پختہ ہونا شروع ہو جاتی ہے شاید وہ اپنے والدین کے لیے اہمیت کے حامل نہیں ہیں اور نہ ہی والدین انہیں ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو بچوں کے ساتھ ساتھ والدین کے لیے زہر قاتل ہے لہذا مربی مساوات اور عدل کے اس نبوی اصول کو ہمیشہ مد نظر رکھے تاکہ بچوں میں نفرت اور شر انگیزی کا راستہ روکا جائے۔

اولاد کے حقوق کا خیال رکھنا

بچوں کے حقوق کی ادائیگی کا خاص خیال رکھا جائے اور ان کی تمام جائز خواہشات حسب توفیق پورا کرنے کی کوشش کی جائے ایسا کرنے سے ان کی طبیعت اور مزاج پر خوشگواری مرتب ہو گی اور وہ اس بات کو اچھے طریقے سے سمجھ لیں گے زندگی کچھ لو اور کچھ دو کا نام ہے اسی طرح بچوں کو حق بات قبول کرنے میں تامل نہیں ہو گا جبکہ ان کے سامنے مربی کی صورت میں ایک بہترین نمونہ بھی ہو گا اولاد کے حقوق کے حوالے سے ان تمام شرعی احکام کا بھی خیال رکھا جائے جن کا دین متین نے حکم دیا ہے چنانچہ سیرت رسول میں اس کی کئی مثالیں ہیں۔حضرت سہل بن عبادہ سے مروی ہے:

"رسول اللہ کی خدمت میں پینے کی چیز پیش کی گئی تو آپ نے اس میں سے کچھ نوش فرمایا اس وقت آپ کی دائیں جانب ایک لڑکا بیٹھا تھا اور بائیں جانب دوسرے بزرگ حضرات بیٹھے تھے آپ نے اس لڑکے سے فرمایا کہ کیا تم مجھے اجازت دیتے ہو کہ میں ان بزرگوں کو برتن دے دوں اس لڑکے نے کہا کہ نہیں اس لڑکے نے کہا کہ نہیں یا رسول اللہ میں آپ سے بچے ہوئے اپنے حصہ پر کسی کو ترجیح نہیں دوں گا یہ سن کر رسول اللہ نے برتن اس کو تھما دیا۔ اور ایک روایت میں ہے وہ لڑکا فضل بن عباس تھے۔"[26]

اس کے علاوہ بھی آپ کی حیات مبارکہ میں ایسی بے شمار مثالیں موجود ہیں جس میں آپ نے بچوں کے حقوق کی خصوصی طور پر پاسداری کی تاکہ بچوں کے دل و دماغ پر ایسی باتوں کو مرتسم ہونے سے روکا جائے جو ان کو تربیت سے عاری بنائیں بلکہ ان کے اندر ان تمام عادات و خصائل کو پروان چڑھایا جائے جس بنیاد پر کل وہ عملی زندگی میں ایک باکردار شخص ہونے کے ساتھ تمام کے حقوق کی ادائیگی کا خیال رکھیں۔

بچوں کو دعائیں دینا اور بد دعا سے باز رہنا

والدین کے لیے تربیت کے بنیادی اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ اولاد کے لیے نیک دعائیں کریں اور ان

پہنچانا چاہیں، تو تمھیں اتنا ہی نقصان پہنچا سکتے ہیں، جتنا اللہ نے تمھارے لیے لکھ دیا ہے۔ قلم اٹھا لیے گئے اور صحیفے خشک ہو گئے۔ ایک اور روایت میں ہے: اللہ (کے حقوق) کا خیال رکھو، تم اسے اپنے سامنے پاؤ گے۔ تم خوش حالی میں اللہ کو یاد رکھو، وہ سختی کے وقت تمھیں یاد رکھے گا۔ جان لو کہ جو چیز تمھیں نہیں ملی، وہ تمھیں ملنے والی نہیں تھی، اور جو تمھیں مل گئی، وہ تمھیں ملے بغیر رہنے والی نہیں تھی۔ جان لو کہ مدد صبر کے ساتھ ہی آتی ہے اور کشادگی تنگی پر ہی آتی ہے اور یہ کہ مشکل کے ساتھ ہی آسانی ہے۔"

اس حدیث میں اللہ کے رسول نے ابن عباس کو اپنے ساتھ سواری پر بٹھایا اور کچھ دیر ساتھ لے جا کر ان کے عقائد کی درستگی انتہائی خوش اسلوبی سے کی اس کے علاوہ آپ اکثر اوقات راہ چلتے ہوئے بھی بچوں سے انتہائی مشفقانہ انداز میں گفتگو کرتے اور ان کو اعمال، عقائد اور آداب سکھانے کی کوشش کرتے چونکہ رسول خدا بچوں کی نفسیات کو بھی انتہائی احسن انداز میں سمجھتے تھے اس لیے وہ ان تمام موقعوں کا خوب فائدہ اٹھاتے بلکہ اسی سے متعلق ایک واقعہ اس یہودی بچے کا بھی ہے جس کو اللہ کے رسول نے بیماری کے عالم میں عیادت کرنے کے بعد دعوت اسلام دی اور وہ مشرف با اسلام ہوا اسی طرح عمر بن ابی سلمہ کو کھانے کے دوران انتہائی محبت بھرے انداز میں سمجھایا اور کھانے کے آداب سکھائے گویا ان وقتوں میں بچوں کی تربیت نہ صرف سود مند ہے بلکہ سیرت کی روشنی میں ان اوقات میں تربیت کے عنصر کو مد نظر رکھ کر بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

اولاد کے درمیان برابری کرنا

بچوں کی تربیت میں اس اصول کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور بچوں کو فرماں بردار اور نیک بنانے میں اس کا بڑا گہرا عمل دخل ہے بچوں کے ذہن بلکہ خیال میں بھی یہ نہیں آنا چاہیے کہ والدین یا ماں باپ میں سے کوئی ایک اس کے فلاں بھائی یا بہن کی طرف زیادہ میلان رکھتا ہے اس قسم ک خیالات کا آنا انتہائی خطرناک ہے جو انکو سرکشی اور بغاوت پر ابھارتا ہے اس کی ایک مثال قرآن حکیم میں مذکور حضرت یوسف کا واقعہ ہے جس بنیاد پر ان کے بھائیوں نے عداوت کی بنیاد پر ان کو اپنے ظلم کا شکار بنایا اسی طرح بعض والدین جنسی اعتبار سے بھی بچوں کے درمیان فرق کرتے ہیں جو نہ صرف اولاد کی دل آزاری کا باعث ہے بلکہ یہ ظلم کے درجے میں آتا ہے اور آپ کی سیرت اس معاملے میں اولاد کے درمیان عدل کا درس دیتی ہے چنانچہ اللہ کے رسول نے اس بارے میں ارشاد فرمایا:

"نعمان بن بشیر سے مروی ہے کہ ان کے والد ان کو بارگاہ نبوی میں لے گئے اور حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے اپنے اس بیٹے کو خصوصی طور پر عطیہ دیا ہے آنحضور نے پوچھا کہ کیا تم نے اس کی طرح اپنے تمام بچوں بھی کو عطیہ دیا ہے انہوں نے کہا کہ نہیں تو آپ نے فرمایا مجھے ناانصافی کی

ماتحتوں کے لیے مثالی ہونی چاہیے چنانچہ اولاد اپنے والدین کے شب و روز کو اپنے ذہنوں پر نقش کر رہی ہوتی ہے اور چونکہ بچے ابھی اس عمر میں سے گزر رہے ہوتے ہیں جب وہ دوسروں کو دیکھ کر وہی عمل اپناتے ہیں جیسا کہ مذکورہ بالا روایت میں ابن عباس کا واقعہ مذکور ہے اس لیے مربی کا باکردار اور ایک بہترین شخصیت کا حامل ہونا بچوں کے لیے انتہائی مفید اور ان کی تربیت پر خوشگوار ترین اثر چھوڑتا ہے۔

تعیین وقت

بچوں کی تربیت کے لیے مناسب وقت کا انتخاب کیا جائے تاکہ وہ اسے اپنے لیے بوجھ نہ سمجھیں اور نہ ہی اس سے اکتاہٹ کا شکار ہوں عمومی طور پر بچے تین اوقات کے بہت دلدادہ ہوتے ہیں اور ان وقتوں میں اپنے والدین اور اعزاء کی بات کو خاصی توجہ اور اہمیت دیتے ہیں وہ تین اوقات درج ذیل ہیں۔

1۔ تفریح کے وقت 2۔ کھانے کے وقت 3۔ بیماری کے وقت

ان اوقات یعنی کھیل کود، کھانے پینے اور بیماری کے وقت بچے عمومی طور پر انتہائی مسحور کن اور نرم ہوا کرتے ہیں اور اس دوران ان کو کی گئی نصیحت یا سمجھائی گئی بات ان کو انتہائی پسند بھی آتی ہے اور وہ اس پر عمل پیرا بھی ہوتے ہیں اللہ کے رسول کا معمول مبارک تھا کہ وہ ایسے موقعوں پر بچوں کو تربیتی لحاظ سے خاص طور پر مخاطب کر کے ہدایات کیا کرتے تھے۔

اسی حوالے سے ترمذی شریف میں ایک روایت حضرت عبد اللہ ابن عباس سے مروی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

"عن عبد الله بن عباس۔ رضي الله عنهما۔ قال: كنت خلف النبي۔ صلى الله عليه وسلم۔ يوماً فقال يا غلام، إني أعلمك كلمات: «احْفَظِ اللهَ يحفظْك، احفظ الله تَجِدْه تُجَاهَك، إذا سألت فاسأل الله، وإذا اسْتَعَنْتَ فاسْتَعِن بالله، واعلمْ أن الأمةَ لو اجتمعت على أن ينفعوك بشيء لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك، وإن اجتمعوا على أن يَضرُّوك بشيء لم يَضرُّوك إلا بشيء قد كتبه الله عليك، رفعت الأقلام وجفت الصحف». وفي رواية: «احفظ الله تَجِدْه أمامك، تَعرَّفْ إلى الله في الرَّخَاء يَعرِفْكَ في الشِّدة، واعلم أنَّ ما أخطأَكَ لم يَكُنْ ليُصِيبَكَ، وما أصَابَكَ لم يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، واعلم أن النصرَ مع الصبرِ، وأن الفرجَ مع الكَرْبِ، وأن مع العُسْرِ يُسْرًا۔ "[24]

"عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: میں ایک دن اللہ کے رسول ﷺ کے پیچھے سوار تھا کہ اسی درمیان آپ نے فرمایا: اے لڑکے! میں تمھیں کچھ باتیں سکھانا چاہتا ہوں۔ اللہ (کے حقوق) کی حفاظت کرو، اللہ تمھاری حفاظت کرے گا۔ تم اللہ (کے حقوق) کا خیال رکھو، اللہ کو اپنے سامنے پاؤ گے اور جب مانگو، تو اللہ ہی سے مانگو اور جب مدد طلب کرو، تو اللہ ہی سے مدد طلب کرو، اور اس بات کو جان لو کہ اگر تمام مخلوق بھی تمھیں فائدہ پہنچانا چاہے، تو تمھیں اتنا ہی فائدہ پہنچا سکتی ہے، جتنا اللہ نے تمھارے لیے لکھ دیا ہے اور اگر سب مل کر بھی تمھیں نقصان

"ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں جس طرح کہ جانور صحیح سالم بچہ جنتا ہے۔ کیا تم نے کوئی کان کٹا ہوا بچہ بھی دیکھا ہے۔"

اس حدیث مبارکہ سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر معاشرتی عوامل یا اس کا سماج اس پر اثر انداز ہوتا ہے اور ان اثرات کے زیر سایہ وہ اپنی زندگی کی راہیں متعین کرتا ہے–ایک اور حدیث میں اللہ کے رسول نے ارشاد فرمایا:

"عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ قَالَ: " دَعَتْنِي أُمِّي يَوْمًا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي بَيْتِنَا، فَقَالَتْ: هَا تَعَالَ أُعْطِيكَ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا أَرَدْتِ أَنْ تُعْطِيهِ، قَالَتْ: أُعْطِيهِ تَمْرًا، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّكِ لَوْ لَمْ تُعْطِهِ شَيْئًا كُتِبَتْ عَلَيْكِ كَذِبَة۔ "[22]

"عبد اللہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ` ایک دن میری ماں نے مجھے بلایا، جبکہ رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر بیٹھے ہوئے تھے، وہ بولیں: سنو یہاں آؤ، میں تمہیں کچھ دوں گی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے کہا: تم نے اسے کیا دینے کا ارادہ کیا ہے؟ وہ بولیں، میں اسے کھجور دوں گی تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: سنو، اگر تم اسے کوئی چیز نہیں دیتی، تو تم پر ایک جھوٹ لکھ دیا جاتا"

ایک اور حدیث امام بخاری نے ابن عباس سے نقل کی ہے

"عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بِتُّ ذَاتَ لَيْلَةٍ عِنْدَ خَالَتِي مَيْمُونَةَ، " فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلِّي مُتَطَوِّعًا مِنَ اللَّيْلِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْقِرْبَةِ فَتَوَضَّأَ، فَقَامَ فَصَلَّى، فَقُمْتُ لَمَّا رَأَيْتُهُ صَنَعَ ذَلِكَ فَتَوَضَّأْتُ مِنَ الْقِرْبَةِ، ثُمَّ قُمْتُ إِلَى شِقِّهِ الأَيْسَرِ، فَأَخَذَ بِيَدِي مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ يَعْدِلُنِي كَذَلِكَ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ إِلَى الشِّقِّ الأَيْمَنِ "، قُلْتُ: أَفِي التَّطَوُّعِ كَانَ ذَلِكَ ؟ قَالَ: نَعَمْ۔ "[23]

"سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات اپنی خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گزاری تو نبی ﷺ رات کو نفل پڑھنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے تو نبی ﷺ ایک مشکیزے کی طرف کھڑے ہوئے۔ آپ ﷺ نے وضو فرمایا۔ پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھی تو میں بھی کھڑا ہو گیا اور میں نے بھی اسی طرح کیا جس طرح میں نے آپ ﷺ کو کرتے دیکھا اور مشکیزے (کے پانی) سے میں نے وضو کیا اور میں آپ ﷺ کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا تو آپ ﷺ نے میری پشت کے پیچھے سے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اپنی پشت مبارک کے پیچھے سے دائیں طرف کھڑا کر دیا۔ میں نے کہا کہ کیا یہ کام نفل میں کیا تھا سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جی ہاں۔"

ان احادیث مبارکہ سے یہ بات مستنبط ہوتی ہے کہ والدین یا مربی کو باکردار ہونا چاہیے اور ان کی زندگی ان کے

اوصاف کو جلا بخشی جاتی ہے جو انسانیت کا امتیاز اور فخر ہیں چونکہ انسانی زندگی مختلف مراحل سے گزر کر آگے جاتی ہے جن میں ایک دور بچپن کا بھی ہوتا ہے یہ وہ دور ہوتا ہے جس میں بچے مقصد حیات کی جستجو یا عام لفظوں میں یوں کہیں کے سیکھنے کے مرحلے میں ہوتے ہیں اور وہ اپنے سرپرستوں، ماحول اور خود سے جڑی ہر ایک چیز کا اثر قبول کرتے ہیں جوں جوں ان کی عمر بڑھتی ہے توں توں وہ ایک مخصوص طرز زندگی اپنانا شروع کر دیتے ہیں گویا یہ وقت وہ ہوتا ہے جب بچے کو سخت نگہداشت اور ایک جامع نظام کے تحت تربیت کی اشد ضرورت ہوتی ہے تاکہ آنے والی زندگی میں وہ ایک کارآمد فرد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صالح متقی اور مومن شخص بھی ہو اس عمر میں اگر بچے کی مناسب تربیت کا اہتمام کر دیا جائے تو اس کی بقیہ زندگی انتہائی خوشگوار اور پر سکون گزرے گی لیکن اگر اسی عمر میں اس کی عادات بگڑ گئیں تو بعد ازاں ان کی اصلاح انتہائی دشوار کن ہو گی اللہ کے رسول کی سیرت چونکہ ولادت تا وفات ایک ایسا گنج گراں مایہ ہے جو نہ صرف راہنمائی فراہم کرتا ہے بلکہ اس میں تربیت کے حوالے سے وہ تمام اصول اور قواعد موجود ہیں جن کی پیروی کرتے ہوئے اولاد کو صالحیت، للّٰہیت اور اخلاص کا پیکر بنایا جا سکتا ہے۔ عمومی طور پر تربیت کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جن میں سے ایک ظاہری اور دوسری روحانی تربیت کہلاتی ہے اور یہ بات اکثر مشاہدے میں آئی ہے کہ تمام والدین اولاد کی ظاہری تربیت کا خاصا خیال رکھتے ہیں جبکہ ان کی روحانی تربیت سے یکسر غافل اور دور رہتے ہیں جس باعث وہ بڑھاپے میں اولاد کے حسن سلوک اور دیکھ بھال سے محروم رہتے ہیں اللہ کے رسول نے یوں تو بچوں کی فکری و نظریاتی، سیاسی و سماجی ہر طرح کی تربیت کے لیے جہاں خصوصی طور پر ہدایات فرمائیں وہیں آپ نے کچھ اجمالی اصول مقرر فرما دیئے جن کو اپنا کر انسان اپنی اولاد کو راہ راست پر بھی لا سکتا ہے اور اپنے اس سرمایہ کو خود کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک بھی بنا سکتا ہے۔

تربیت اولاد کے نبوی اصول

اللہ کے رسول انتہائی حکیمانہ مزاج رکھتے تھے اور ہر ایک کی تربیت اس کی نفسیات کے پیش نظر کیا کرتے تھے چنانچہ آپ کا معمول مبارک تھا جس کو جس وقت اور جب جب جتنی توجہ کی ضرورت ہوتی اسی وقت اس کا اہتمام فرماتے آپ کی سیرت میں اولاد کی تربیت کے حوالے سے درج ذیل اصول ملتے ہیں۔

اسوہ حسنہ

بچپن میں بچے اپنے ماں باپ کی تقلید کرتے ہیں اور اس باعث والدین کی سیرت و کردار ان پر انتہائی مثبت اثرات مرتب کرتی ہے وہ جس کو دیکھتے ہیں وہی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جو سنتے ہیں اسی کو بولنے کی بھی سعی کرتے ہیں سو اس اعتبار سے بچے کی شخصیت اور تربیت پر اس کے والدین کا بڑا گہرا ہاتھ ہوتا ہے چنانچہ اللہ کے رسول کا فرمان ہے۔

"عن ابي هريرة، انه كان يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " ما من مولود إلا يولد على الفطرة، فأبواه يهودانه، وينصرانه، ويمجسانه، كما تنتج البهيمة بهيمة جمعاء، هل تحسون فيها من جدعاء؟" [21]

علامہ زبیدی نے خاندان کی تعریف یوں کی ہے۔

"الاسرة اقارب الرجل من قبل ابيه۔ "[16]

"آدمی کے اس کے باپ کی طرف سے رشتہ داروں کو اسرۃ کہتے ہیں۔"

احکام قرآنی کی رو سے مرد کو خاندان کا سربراہ کہا جاتا ہے عربی میں اس کے لیے عیال الرجل کا لفظ بولا جاتا ہے۔ ابن منظور افریقی اس بابت لکھتے ہیں۔

"وعيال الرجل وعيله الذين يتكفل بهم۔ "[17]

"آدمی کے عیال سے مراد وہ لوگ ہیں جن کی وہ کفالت کرتا ہے۔ اور یوں بھی کیا جاتا ہے کہ"

"وقيل قام بما يحاجون اليه من قوت وكسوة وغيرهما۔ "[18]

"بعض کے نزدیک وہ لوگ جو کھانے پینے اور لباس کے لیے اس کے محتاج ہوتے ہیں۔"

مذکورہ بالا تمام تعریفات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خاندان سے مراد یہ ہے کہ وہ تمام افراد جو باہم قرابت داری میں ایک دوسرے سے منسلک ہوں اس لیے میاں بیوی، بہن، بھائی اور ماں باپ قریبی رشتوں میں منسلک ہونے کے باعث ایک ہی گھر میں اکٹھے زندگی گزار رہے ہوتے ہیں اس لیے سربراہ خاندان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عیال یعنی اولاد کی تربیت کا خاطر خواہ انتظام کرے تاکہ ان کی زندگیاں صالحیت اور پرہیز گاری کے ساتھ ساتھ حسن عمل اور ادب و رافت کا بھی نمونہ ہوں۔ اب ہم سیرت رسول میں موجود اصول تربیت کی طرف آنے سے پہلے تربیت کے لفظ کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔

تربیت کیا ہے

تربیت کا لفظ عربی زبان سے ماخوذ ہے جس کا مادہ (ر ب ی) ہے ربی یربی تربیۃ جو باب تفعیل کا مصدر ہے جس کے درج ذیل معانی ہیں بچے کی پرورش کرنا، پالنا اور مہذب بنانا۔[19] مولانا شفیق الرحمٰن علوی تربیت کی تعریف کرتے ہیں۔

> "لفظ تربیت ایک وسیع مفہوم رکھنے والا لفظ ہے، اس لفظ کے تحت افراد کی تربیت، خاندان کی تربیت، معاشرہ اور سوسائٹی کی تربیت، پھر ان قسموں میں بہت سی ذیلی اقسام بھی داخل ہیں۔ ان سب اقسام کی تربیت کا اصل مقصد عمدہ، پاکیزہ، با اخلاق اور با کردار معاشرے کا قیام ہے۔ تربیتِ اولاد بھی انہیں اقسام میں سے ایک اہم قسم ہے۔"

آسان الفاظ میں تربیت کی تعریف یوں کی جاسکتی ہے کہ برے اخلاق و عادات اور غلط ماحول کو اچھے اخلاق و عادات اور ایک صالح، پاکیزہ ماحول سے تبدیل کرنے کا نام تربیت ہے۔[20]

تربیت اولاد کے اصول سیرت رسول کی روشنی میں

تربیت دراصل وہ ہنر ہے جس کے ذریعے انسان سازی کا کام کیا جاتا ہے اس کے ذریعے ایک انسان کے اندر ان

تربیت کے کام کی ابتدا ہمیشہ خود سے کی جاتی ہے اور ان لوگوں کی تربیت پہلے کی جاتی ہے جو آپ کی سرپرستی میں آتے ہیں چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہے۔

"يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ۔"[12]

"اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں"

ابن کثیر اس آیت کی تفسیر میں حضرت علی کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ آپ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا:

"علموهم وادبوهم۔"[13]

فقہاء کرام نے اس سے یہ مراد لی کہ ہر آدمی پر اس کے عیال کے حوالے سے تربیت فرض کر دی گئی ہے اس کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان کے لیے حسن انتظام کا اہتمام کرے۔ گویا اس آیت مبارکہ میں ایمان والوں کو اس بابت متوجہ کیا گیا کہ خود کو بھی اور اپنے اہل و عیال کی بھی ان خطوط پر تربیت کرو جو انہیں حسن عمل اور صالح بنائے تاکہ وہ عذاب سے محفوظ رہ سکیں اور ان کی دنیوی زندگی گلزار کی حیثیت اختیار کرے۔

انسان کے خمیر میں یہ بات ابتداء سے ہی پائی جاتی ہے کے وہ اجتماعیت کو پسند کرتا ہے میل جول، تعلقات اور رشتوں میں منسلک رہنا اس کے لیے باعث تسکین ہوتا ہے اور اس میں اولین خاندان ہے خاندان کا وجود زوجین کے مابین نکاح سے آتا ہے اور خاندان ہی وہ واحد سماجی ادارہ ہے جہاں قوموں کی تعمیر و تشکیل کی بنیاد رکھی جاتی ہے یہیں سے تربیت و تعمیر کا آغاز ہوتا ہے تربیت انسانی وجود کے لیے لہو کی مانند ہے جس کے بنا انسانی زندگی بے رنگ اور ادھوری رہ جاتی ہے اور تربیت کا عمل یکایک شروع نہیں ہو جاتا بلکہ یہ وہ نظام ہے جو ابتداء سے انتہا تک ہر مرحلے میں انسان کے پیش نظر رہتا ہے چنانچہ انسانی زندگی کی بنیاد خاندان سے ہوتی ہے اور خاندان ہی وہ بنیادی ادارہ ہے جہاں اولاد کی پیدائش اور پھر اس کی تسکین و ضروریات کو مد نظر رکھا جاتا ہے لہذا خاندان کی ہی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کی تربیت کا خاص خیال رکھے چونکہ یہ ان کے فرائض میں شامل ہے عربی میں عائلہ کا لفظ خاندان کے لیے استعمال ہوتا ہے جس کا مادہ ع ول ہے۔ اس کے علاوہ خاندان کا لفظ عام طور پر میاں، بیوی اور اولاد پر بولا جاتا ہے۔

آکسفورڈ ایڈوانسڈ لرنرز ڈکشنری کے مطابق خاندان کی تعریف درج ذیل ہے۔

"Family: Group of parents and children all those who persons descended from common ancestors group of living things or of language with common characteristics and a common source.[14]

موسوعہ فقہیہ میں خاندان کی تعریف یوں کی گئی ہے۔

"الاسرة: عشيرة الرجل واهل البيت۔"[15]

"آدمی کے خاندان اور اس کے گھر والوں کو اسرۃ کہا جاتا ہے۔"

شاہ عبد العزیز سیرت کی تعریف میں تحریر فرماتے ہیں:

"آنچہ متعلق بوجود پیغمبر ﷺ و صحابۂ کرام رضوان تعالی علیہم وآں عظام است و از ابتداءِ تولدِ آنجناب تاغایتِ وفات آں راسیرت گویند۔"[9]

"وہ جو نبی علیہ السلام اور صحابہ کرام کے وجود سے متعلق ہو اور آپ علیہ السلام کی ولادت مبارک سے لے کر وفات تک کے حالات کو سیرت کہتے ہیں۔"

آپ ﷺ کی اصل سیرت تو تمام ذخیرۂ احادیث ہے، لیکن متقدمین کی اصطلاح میں فقط غزوات اور سرایا کے حالات اور واقعات کے مجموعے کو سیرت کہا جاتا ہے۔[10] گویا کہ آپ ﷺ کی مبارک زندگی کے حالات و واقعات کے بیان کو سیرت کہتے ہیں۔

لفظ سیرت کا استعمال قران کریم میں

لفظ سیرت پورے قرآن کریم میں صرف ایک مرتبہ ذکر ہوا ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

"سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى"[11]

"ہم اس کو (اژدھا جو موسیٰؑ کی لاٹھی سے بن چکا تھا) اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔"

ابتدائی دور میں کتب سیرت کو عموماً مغازی و سیر کی کتابیں کہا جاتا تھا۔ لفظ مغازی مغزیٰ کی جمع ہے جس کا معنی ہے؛ جنگ یا غزوہ کی جگہ و وقت۔ تاہم اب مغازی سیرت کا ایک جزء بن گیا ہے۔

سیرت اور مغازی میں فرق

مغازی کا عمومی انداز تاریخی ہوا کرتا ہے جبکہ سیرت کا انداز قانونی ہوتا ہے۔ خصوصاً جب فقہ میں سیرت کا لفظ استعمال ہو جائے تو اس سے مراد جنگ و قتال سے متعلق قوانین ہوتے ہیں مثلاً ذمی و مستامن کے احکام وغیرہ جیسا کہ امام محمدؒ کی کتابیں: السیر الکبیر، والسیر الصغیر، السیر الاوسط مشہور ہیں۔ ان میں انہی احکام و قوانین کا ذکر ہے۔ محدثین کے نزدیک سیرت کا لفظ مغازی اور جہاد دونوں میں استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ محدثین نے اپنی کتب میں کتاب السیر والجہاد کے عنوانات سے مختلف کتب کے باب باندھے ہیں۔ چونکہ سیرت بطور اصطلاح مستعمل ہے اور اس سے مراد بھی رسول خدا کی سوانح عمری ہے جبکہ رسول خدا کی حیات مبارکہ میں ہمارے لیے وہ تمام اصول موجود ہیں جو ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں راہنمائی فراہم کرتے ہیں لہذا اب ہم اولاد کی تربیت کے حوالے سے سیرت رسول میں کون کون سے اصول موجود ہیں اس کا جائزہ لیتے ہیں۔ تربیت انسانی زندگی کا ایک اہم اور لازمی جزو ہے اسی کے ذریعے انسان کی عادات و اطوار اور شب و روز کے افعال کو منظم کیا جاتا ہے تاکہ معاشرتی، سماجی اور سیاسی ہر میدان میں ایسے افراد پیدا کیے جاسکیں جو معاشرے کو امن کا گہوارہ بنا سکیں اور نبوی منہج پر چلتے ہوئے وہ فریضہ ادا کریں جو بطور امت ہماری ذمہ داری میں شامل ہے۔ اس

کی ذات کو اور آپ کے شب و روز کو اسوہ کہہ کر امت مسلمہ کے لیے بالخصوص اور ساری انسانیت کے لیے بالعموم ایک ایسے راستے کی مانند کر دیا گیا ہے جس کو سیرت کا نام بھی دیا جاتا ہے اردو اور فارسی میں یہ لفظ سیرت اور عربی میں السیرۃ استعمال ہوتا ہے ابتدائی دور میں سیرت کا لفظ عموماً مغازی کے لیے بولا جاتا تھا اور بعد ازاں سیرت بطور اصطلاح مسلمانوں کے ہاں پیغمبر اسلام کی حیات مبارکہ کے لیے بولا جانے لگا۔

سیرت کا لغوی معنی

سیرت کا اصل مادہ س ی ر ہے۔ لفظ سیرت سار یسیر سے مصدر بنتا ہے، اور اس صورت میں اس کا معنیٰ ہوتا ہے۔ چلنا، راستہ لینا، رویہ یا طریقہ اختیار کرنا، روانہ ہونا، عمل پیرا ہونا۔[5] لفظ سیرت سار یسیر سے فعلۃ کا وزن بھی ہے، جس کا معنی چلنے کا انداز و طریقہ ہے۔ جیسے ذبحۃ کا معنی ہے ذبح کا طریقہ اور قتلۃ کا معنیٰ ہے قتل کا طریقہ۔[6] اس کے علاوہ سیرت مندرجہ ذیل معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ اسلوب، چال چلن، حالت، رویہ، کردار، خصلت وعادت۔[7] یہ لفظ اگرچہ عام ہے تاہم اب یہ نبی کریم ﷺ ذات کے ساتھ خاص ہو گیا ہے۔ لفظ سیرۃ مفرد ہے اور اس کی جمع سِیَر آتی ہے جیسے امام محمدؒ کی کتابیں السیر الصغیر والسیر الکبیر وغیرہ۔ اور یہ لفظ اگرچہ آپ ﷺ کی ذات کے ساتھ خاص ہو گیا ہے یہی وجہ ہے کہ جب مطلق لفظ سیرت بولا جائے تو اس سے آپ ﷺ کی سیرت ہی مراد ہوتی ہے۔ چنانچہ مطالعہ سیرت یا کتبِ سیرت میں سیرت سے مراد آپ ﷺ کی مبارک زندگی کے حالات و واقعات ہی ہیں۔ تاہم بعض دفعہ اہم شخصیات کی سوانحِ عمری اور اہم تاریخی واقعات کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ سیرتِ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، یا سیر الصحابہ اور سیر الصحابیات، کے نام سے کتابیں مشہور و معروف ہیں۔ البتہ جب کبھی اس لفظ کی اضافت کتاب کے مصنف ومؤلف کی طرف ہو جائے تو وہاں پر آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ ہی مراد ہوتی ہے۔ چنانچہ سیرت ابن ہشام، سیرت ابن اسحاق وغیرہ میں آپ ﷺ کی سیرت ہی مراد ہے جو ابن ہشام و ابن اسحاق وغیرہ نے لکھی ہے۔

سیرت کا لفظ کبھی مطلق استعمال ہوتا ہے جبکہ اس کے علاوہ کبھی سیرت مصطفی، سیرت النبیؐ، سیرت الرسولؐ وغیرہ الفاظ کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے، نیز کبھی کبھار اظہارِ عقیدت و محبت کے لیے سیرت طیبہ، سیرت مطہرہ یا سیرت پاک وغیرہ جیسے الفاظ کے ساتھ بھی مستعمل ہوتا ہے۔

سیرت کا اصطلاحی معنی

امام راغب اصفہانی کے نزدیک سیرت کا اصطلاحی معنی مندرجہ ذیل ہے۔

"السیرۃ الحالۃ التي یکون علیہا الانسان وغیرہ غریزیاً کان او مکتسباً "[8]

"سیرت سے مراد وہ طبیعت ہے جس پر انسان قائم ہو، چاہے وہ طبعی و غیر اختیاری ہو یا چاہے وہ کسب کی گئی ہو۔"

گنوار قوم بھی ایک متمدن اور قابل رشک قوم بن گئی بلکہ تاریخ امم ایسی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے کہ وہ قوم جس نے رسول خدا کے شب و روز سے ضیاء پا کر اپنی زندگیوں کو چمکایا وہ امامت، اطاعت اور سیادت و قیادت سبھی میں بے مثال و مقتدی کے عہدے پر فائز ہوئی اسی لیے قرآن حکیم نے بھی ذاتِ رسول کو تمام کے لیے مشعل راہ اور نمونہ قرار دے کر تمام کو اس سے متمسک ہونے کا درس دیا چنانچہ اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔

"لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا۔"[1]

"بے شک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے اُس کے لیے کہ اللہ اور پچھلے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کو بہت یاد کرے۔"

علامہ قرطبی نے اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے کہ اس آیت مبارکہ میں ان لوگوں پر عتاب کیا گیا ہے جو غزوہ خندق میں رسول خدا کو چھوڑ کر چلے گئے تھے یعنی تمہارے لیے رسول اللہ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے کہ آپ نے اللہ کے دین کی نصرت کے لیے اپنی جان کو خرچ کیا اور کفار و مشرکین سے جہاد کرنے کے لیے میدان میں آئے اور بنفس نفیس خندق کھودی۔[2] اسی بابت حضرت براء بن عازب بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ غزوہ خندق کے دن مٹی کھود کر منتقل کر رہے تھے کہ آپ کا شکم مبارک غبار آلود ہو گیا اور آپ بلند آواز سے حضرت عبد اللہ بن رواحہ کے یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

اللَّهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا[3]

"اے اللہ اگر تو ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ خیرات کرتے اور نہ ہی ہم نماز پڑھتے سو تو ہم پر ضرور سکون نازل فرما اور اگر دشمن سے ہمارا مقابلہ ہو تو ہم کو ثابت قدم رکھ۔"

مذکورہ بالا اقتباسات کی روشنی میں یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ اللہ کے رسول نے اپنی تمام تر حیات مبارکہ نہ صرف شب و روز بلکہ اعمال و احوال سبھی کے سامنے رکھے گویا رسول رحمت کے شب و روز اور خصائل سبھی کے سامنے ہونے کے ساتھ ساتھ اس قدر دلنشیں و قابل اتباع ہیں کہ قرآن مجید نے واضح طور پر ارشاد فرمایا:

"وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔"[4]

"جو تمہیں رسول دیں اس کو لے لو اور جس سے منع کریں اس کو چھوڑ دو۔"

اس آیت مبارکہ کے تناظر میں رسول خدا تمام کلمہ گو مسلمانوں کے لیے ایک ایسی ہستی ہیں جن کا ہر ہر لمحہ اور ہر عمل باعث نمونہ بھی ہے اور قابل تقلید بھی آپ کی ذات مبارکہ نے دنیا میں رہتے ہوئے وہ راہنما و روشن اور انمٹ نقوش چھوڑے ہیں کہ جنہیں اگر اپنا لیا جائے تو امت کی پستی و زوال کو عروج اور دوبارہ کھویا ہوا وقار مل سکتا ہے چنانچہ رسول خدا

عصرِ حاضر میں تربیت اولاد: اسوہ رسول کی روشنی میں

Training of Children in Modern Times according to Uswa e Rasool (SAW)

*شہباز عباسی

**ڈاکٹر اشفاق احمد

ABSTRACT:

The essence of the Messenger of Allah is the great and perfect essence. In his biography, a model has been set for all human beings so that people of every age and time may find the solution to all their problems in the light of the practices of the Prophet PBUH. That is why Allah, the Exalted, announced the life of His Messenger PBUH as a perfect example (اسوہ حسنہ). And in his blessed life, there are best principles for training children that can be adapted to create a better generation. The generation today's society needs. The scarcity of time is one of many changes that have taken place in human society in recent times, due to which parents are also suffering from significant shortcomings in the training of their children. However, children are a blessing which is the support of parents in later life and good children are a source of comfort for parents as well. But in the current age of mechanization, where neurosis, psychosis, and other social ills are on the rise, cultural invasion and lack of training are also spreading in our new generation. Therefore, there is a need to improve one's future by adopting the shining principles of Seerah. The article is based on an analytical research methodology. It contains suggestions for parents as well as for anthropologists.

KEY WORDS:

Seerah, Training, Children, Training principles, Current issues, Social changes, Parental responsibility.

رسول خدا کی ذات وہ عظیم اور وقیع ہستی ہے جس کو اللہ رب العزت نے مینارہ نور بنا کر بھیجا ایک ایسا ثمر شجر بار جس کی کرنوں سے تاریک اور ظلمت کدے سبھی منور ہوئے اور رسول خدا نے ایک مسلمان کے لیے اپنی حیات مبارکہ کے ذریعے وہ تمام راہیں متعین کر دیں جن کی بدولت وہ نہ صرف دنیوی زندگی میں احسن طریقے سے سفر طے کر سکتا ہے بلکہ آخرت میں بھی کامیابی کا حصول آسان ہو جائے گا۔ پیغمبر اسلام کے اخلاق و کردار کی یہ خوبی تھی کہ عرب کی وہ اجڈ اور

*لیکچرر، الحمد اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

**اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، غازی یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان۔



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	عصرِ حاضر میں تربیت اولاد: اسوہ رسول کی روشنی میں Training of Children in Modern Times according to Uswa e Rasool (SAW)
Authors	Shahbaz Abbasi [1], Dr. Hafiz Ashfaq Ahmad [2]
Affiliations	[1] Al-Hamd Islamic University, Islamabad, Pakistan. [2] Ghazi University, Dera Ghazi Khan, Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u8
QR Code	
Citation	Shahbaz Abbasi, and Ashfaq Ahmad, Dr. *"Training of Children in Modern Times according to Uswa e Rasool (SAW)"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 127–142
Copyright Information:	عصرِ حاضر میں تربیت اولاد: اسوہ رسول کی روشنی میں Training of Children in Modern Times according to Uswa e Rasool (SAW) © June 2022 by Shahbaz Abbasi & Dr. Hafiz Ashfaq Ahmad is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

6۔ طبری، ابن جریر، محمد بن یزید بن کثیر ابو جعفر (م310ھ)، جامع البیان فی تاویل القرآن، محقق: احمد محمد شاکر، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، 2000ء، 66/20

7۔ زمخشری، ابو القاسم جار اللہ محمود بن عمر (م528ھ)، تفسیر الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، دار الکتاب العربی، بیروت، س ن، ص825

8۔ ابن کثیر، عماد الدین ابو الفداء، حافظ (م703ھ)، تفسیر القرآن العظیم، مترجم: مولانا محمد جوناگڑھی، مکتبہ قدوسیہ، لاہور، 2006ء، 184/4

9۔ ترمذی، محمد بن عیسیٰ (م279ھ)، امام، جامع الترمذی، کتاب تفسیر القرآن، باب تفسیر سورۃ الروم، دار السلام للنشر والتوزیع، ریاض، طبع الثانی 1421ھ/2000م، حدیث: 3193، ص725

10۔ منصور پوری، سید سلیمان، قاضی، رحمۃ للعالمین، مکتبہ اسلامیہ، فیصل آباد، س ن، 302/3

11۔ کاندھلوی، محمد ادریس، مولانا، معارف القرآن، مکتبہ معارف، کراچی، سندھ، 1442ھ، 125/6

12. Gibbon, Edward, *"Decline and Fall of the Roman Empire"*, Modern Library New York, 2/788

13. Rodwell, J. M. *"The Koran"*, J.M. Dent and Sons Ltd, London, 1950, p. 210

14. Michael Bonner, *"Apocalypse"*, Encyclopedia of Qur'an, Brill, Boston, 2002, 1/527

15. Wherry, E. M. A. *"THE QURAN"*, Kegan Paul, 1896, 3/284

16. Nadia Sheikh, *"Apocalypse"*, Encyclopedia of Qur'an, Brill, Boston, 2002, 2/527

17۔ سورۃ الروم: 30/1-6

18۔ ابن جزری، ابو الخیر، محمد بن محمد (م833ھ)، منجد المقرئین، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 1980ء، ص15

19۔ الزرکشی، البرھان فی علوم القرآن، 1/481

20۔ طبری، ابن جریر، محمد بن یزید بن کثیر ابو جعفر، جامع البیان فی تاویل القرآن، 66/20

21۔ قرطبی، ابی عبد اللہ محمد بن احمد بن ابی بکر القرطبی (م671ھ)، الجامع لاحکام القرآن، محقق: عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، 2006ء، 397/16

22۔ ایضاً

23۔ بیضاوی، ناصر الدین، عبد اللہ بن عمر (م1286ھ)، انوار التنزیل واسرار التاویل، مکتبہ مصطفی البانی الحلبی واولادہ مصر، 1939ء، 22/2

24۔ ابی السعود، محمد بن محمد العمادی، امام، (م901ھ)، تفسیر ابی السعود، دار احیاء التراث العربی، بیروت، س ن، 49/7-50

25۔ دہلوی، شاہ ولی اللہ، ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء، مترجم: مولانا عبد الشکور فاروقی مجددی، قدیمی کتاب خانہ، کراچی، 265/1

26۔ ایضاً

27۔ ترمذی، محمد بن عیسیٰ، امام، جامع الترمذی، کتاب تفسیر القرآن، باب تفسیر سورۃ الروم، حدیث: 3192، ص725

28۔ طبری، ابن جریر، محمد بن یزید بن کثیر ابو جعفر، جامع البیان فی تاویل القرآن، 66/20

29۔ زمخشری، ابو القاسم جار اللہ محمود بن عمر، تفسیر الکشاف، ص826

30۔ قرطبی، ابی عبد اللہ محمد بن احمد، الجامع لاحکام القرآن، 398/16

31۔ سید سلیمان ندوی، سیرۃ النبی ﷺ، 574/3-575

گئے ہیں اور اگر انجام شکست سے آغاز فتح تک جوڑیے تو بھی ۹ ہی برس ہوں گے۔"[31]

حاصل بحث

قرآن مجید ایک عظیم معجزہ ہے اور علماء کے نزدیک اعجاز قرآن کے متعدد وجوہ ہیں جن میں سے ایک اس میں مذکور پیش گوئیاں ہیں۔ غلبۂ روم کی پیش گوئی قرآن مجید میں مذکور واضح ترین پیش گوئیوں میں سے ہے جس کا وقت معیّن کے اندر پورا ہونا ایک بے مثل معجزہ ہے۔ اسی پیش گوئی کی وجہ سے مخالفین اور معاندین قرآن مجید کی حقانیت کے معترف ہو گئے اور کئی غیر مسلموں نے اسلام بھی قبول کر لیا۔

قرآنی پیش گوئیوں کو اعجاز قرآن کا ایک پہلو شمار کرنے اور ان کی اہمیت و حقانیت کو تسلیم کرنے کے حوالے مستشرقین میں مختلف رجحانات پائے جاتے ہیں۔ بعض اس کو تسلیم کرتے ہیں لیکن ایک بڑا گروہ اس پر سخت معترض اور اس کا منکر ہے جس میں روڈویل، بونر، ویری شامل ہیں۔ ان مستشرقین کا عمومی اعتراض یہ ہے کہ قرآن مجید میں فتح اور خوشی منانے کی حتمی تاریخ کا تعین نہیں کیا گیا لہٰذا یہ پیش گوئی مبہم ہے اور قرآن کریم کا اعجاز نہیں کہلائی جا سکتی۔

مسلم علماء اور محققین اس حوالے سے واضح مؤقف رکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں غلبہ روم کی پیش گوئی نہایت اہم اور قرآن مجید کے معجزات میں شمار ہوتی ہے اور اگر آیت کے الفاظ کا بنظر غائر جائزہ لیا جائے تو تمام باتیں واضح ہو جاتی ہیں اور ہر قسم کا ابہام دور ہو جاتا ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ غلبہ روم کی پیش گوئی قرآن مجید کے مخصوص انداز بیان و تخاطب کی ایک واضح نظیر ہے۔

اس پیش گوئی کے حوالے سے اگرچہ واضح تاریخوں کا تعین نہیں پایا جاتا لیکن مختلف روایات حدیث و تاریخ سے معلوم ہو جاتا ہے کہ ترجیحاً یہ پیش گوئی غزوہ بدر کے موقع پر پوری ہوئی اور اس پیش گوئی کی بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ قرآن مجید میں مذکور الفاظ اور ان کی نبوی تشریح "نو سال" کے عین مطابق نو سال کے عرصے میں پوری ہو گئی۔ اس پیش گوئی کی یہی خوبی اس کے قرآن مجید کا اعجاز ہونے کا واضح ثبوت ہے۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ البخاری، محمد بن اسماعیل (م256ھ)، الجامع الصحیح، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، باب قول النبی ﷺ بعثت بجوامع الکلم، دار السلام للنشر والتوزیع، طبع اولیٰ 1417ھ / 1997م، ریاض، حدیث: 7274، ص1524-1525،

2۔ بوصیری، محمد بن سعید بن حماد الصنہاجی، دیوان البوصیری، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفیٰ البابی الحلبی واولادہ، مصر، 1955ء، ص196

3۔ زرکشی، بدر الدین، محمد بن عبد اللہ (م794ھ)، البرھان فی علوم القرآن، دار الفکر، بیروت، س ن، 4/109

4۔ شاہ ولی اللہ، الفوز الکبیر فی اصول التفسیر، مترجم: رشید احمد انصاری، المیزان ناشران، لاہور، س ن، ص73۔72

5۔ سید سلیمان ندوی، سیرۃ النبی ﷺ، نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد، 1972ء، 3/570

فارسیوں پر فاتح ہونا ہے۔"

اسی طرح مسلم مفسرین کی ایک کثیر تعداد نے "یفرح" سے یہ ہی مراد لیا ہے کہ جس دن غزوۂ بدر کے موقعہ پر مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے کفار کے مقابلے میں کامیابی سے نوازا اسی دن رومیوں نے فارسیوں پر غلبہ پایا۔ اس بارے میں علامہ طبریؒ لکھتے ہیں:

"(وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ بِنَصْرِ اللّهِ) يقول: ويوم يغلِب الروم فارس يفرح المؤمنون بالله ورسوله بنصر الله إياهم على المشركين، ونُصْرة الروم على فارس { يَنْصُرُ } اللّهُ تعالى ذكره { مَنْ يَشاءُ } من خلقه، على من يشاء، وهو نُصرة المؤمنين على المشركين ببدر۔ "[28]

اسی طرح علامہ زمخشری[29]، علامہ قرطبی[30] اور دیگر معروف مفسرین نے جامع ترمذی کی اسی روایت کو بنیاد بنا کر غزوہ بدر والے دن ہی غلبۂ روم کی پیش گوئی کی تکمیل کا موقف اختیار کیا ہے۔ قاصد نبوی حضرت دحیہ بن کلبیؓ صلح حدیبیہ کے موقع پر اسلام کا دعوت نامہ لے کر قیصر کے پاس شام پہنچے جب قیصر رومیوں کی فتح کی خوشی میں اپنی نذر پوری کرنے کے لیے پیدل بیت المقدس میں آیا ہوا تھا تو بعض لوگوں نے قیاس کیا کہ شاید غلبۂ روم کی پیش گوئی کے پورا ہونے کا یہی زمانہ ہے۔ سید سلیمان ندویؒ نے اس مغالطے کا رد بہترین انداز میں کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

"غزوۂ بدر ہجرت کے پہلے سال اور بعثت کے چودھویں سال پیش آیا۔ اس سے ۹ برس پہلے بعثت کا پانچواں سال ہو گا۔ اس بناء پر پیش گوئی کا زمانہ ۵ بعثت اور اس کے پورے ہونے کا زمانہ ۱۴ بعثت یا ۷ھ ہے۔ بعض لوگوں نے اس پیش گوئی کے پورے ہونے کا زمانہ صلح حدیبیہ کا سال یعنی ۶ھ بیان کیا ہے، یہ صحیح نہیں۔ شاید لوگوں کا اس سے دھوکا ہوا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں ہے کہ قاصد نبوی جب اسلام کا دعوت نامہ لے کر قیصر کے پاس پہنچ گیا تو وہ اس وقت فتح کے اظہار تشکر کے لیے شام آیا ہوا تھا اور معلوم ہے کہ قاصد صلح حدیبیہ کے زمانے میں روانہ ہوئے تھے۔ اس لیے لوگوں نے یہ سمجھا کہ حصول فتح کی بھی یہی تاریخ ہے۔ مگر یہ مغالطہ بالکل ظاہر ہے کہ یہ فتح مکہ کی تاریخ نہیں بلکہ فتح کے جشن کی تاریخ ہے، رومی تاریخ کی مطابقت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ۶۰۹ء میں آپ کی بعثت ہوئی، ۶۱۰ء سے روم و فارس کی چھیڑ چھاڑ شروع ہوئی، ۶۱۳ء سے اعلان جنگ ہوا، ۶۱۴ء سے رومیوں کی شکست کا آغاز ہوا، ۶۱۶ء میں رومی شکست تکمیل کو پہنچ گئی، ۶۲۲ء سے پھر رومیوں نے حملہ شروع کیا، ۶۲۳ء سے ان کی کامیابی کا آغاز ہوا اور ۶۲۵ء میں ان کی فتح تکمیل کو پہنچ گئی۔ اس ترتیب سے دیکھیے تو ظاہر ہو گا کہ اس پیش گوئی کی خوبی یہ ہے کہ آغاز شکست سے آغاز فتح تک جوڑیے تو بھی وہی نو برس ہو گئے ہیں اور اگر انجام شکست آغاز فتح تک جوڑیے تو بھی وہی نو برس ہو

کہ مسلمان عنقریب سلطنت روم کو فتح کرلیں گے اور اس پر غلبہ پاویں گے یہ دوسری بشارت ہے جس کا اسی قراءت میں ذکر ہے اور یہ بشارت آنحضرت ﷺ کے زمانہ سعادت میں واقع اور ظاہر نہیں ہوئی بلکہ شیخین (صدیق اکبرؓ اور فاروق اعظمؓ) کے زمانۂ سعادت میں واقع اور ظاہر ہوئی اور اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ خلیفہ دوم یعنی فاروقِ اعظمؓ کے ہاتھ پر پورا ہوا مشہور قراءت میں جس پیش گوئی کا ذکر تھا وہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ سعادت میں پوری ہوئی اور قراءت شاذہ میں جس پیش گوئی کا ذکر ہے وہ فاروق اعظمؓ کے زمانہء خلافت میں پوری ہوئی۔"[25]

مزید لکھتے ہیں:

"بہر حال آیت میں دو قراءتیں ہیں اور ہر قراءت میں نئی بشارت کا ذکر ہے، پہلی بشارت یعنی رومیوں کا اہل فارس پر غلبہ یہ بشارت بدر کے دن پوری ہوئی اور دوسری بشارت یعنی رومیوں کا مسلمانوں کے ہاتھوں مغلوب ہونا یہ بشارت فاروقِ اعظمؓ کے زمانہ خلافت میں پوری ہوئی کہ مسلمان رومیوں اور فارسیوں پر بیک وقت غالب آئے اور اللہ کی ہر خبر اپنے اپنے وقت پر ظاہر ہوئی۔ غرض یہ کہ چند روز بعد دونوں پیش گوئیاں پوری ہوئیں اور ہر پیش گوئی آپ ﷺ کی نبوت کی دلیل تھی کہ مسلمان بے سروسامان تھے، مگر قیصر و کسریٰ جیسی سلطنتوں کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔"[26]

اس تمام بحث کا ماحصل یہ ہے کہ گو دونوں قراءتوں میں اختلاف اور تفاوت ہے لیکن تناقض اور تضاد نہیں، اس لیے کہ ہر قراءت میں ایک نئی بشارت کا ذکر ہے، جو اپنے اپنے وقت میں ظاہر اور پوری ہوئی۔

غلبۂ روم کی پیش گوئی کب پوری ہوئی؟

غلبۂ روم کی پیش گوئی کب پوری ہوئی اس بارے مستشرقین مخمصے کا شکار ہیں کہ آیا وہ غزوۂ بدر کا موقع تھا یا صلح حدیبیہ کا۔ جامع ترمذی میں مذکور حضرت ابو سعید الخدری سے مروی درج ذیل حدیث کے مطابق یہ پیش گوئی غزوۂ بدر کے موقع پر پوری ہوئی:

"عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ظَهَرَتِ الرُّومُ عَلَى فَارِسَ فَأَعْجَبَ ذَلِكَ الْمُؤْمِنِينَ فَنَزَلَتْ: (الم. غُلِبَتِ الرُّومُ) إِلَى قَوْلِهِ: (يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ بِنَصْرِ اللَّهِ) قَالَ فَفَرِحَ الْمُؤْمِنُونَ بِظُهُورِ الرُّومِ عَلَى فَارِسَ۔"[27]

"حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ بدر کے دن رومیوں نے فارسیوں پر فتح حاصل کی جس پر اہل ایمان بہت خوش ہوئے اور ان آیات میں يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ سے مراد رومیوں کا

بعد ازاں سَیَغْلِبُوْن کی قراءات پر بحث کرتے ہوئے علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ اس کے یاء پر فتحہ کے ساتھ پڑھنے کے بارے لوگوں کا اجماع ہے اور اس سے مراد یہی ہے کہ رومی عنقریب فارسیوں پر غالب آجائیں گے۔

"وأجمع الناس على (سيغلِبون) أنه بفتح الياء، يراد به الروم." [22]

اس کے ساتھ ساتھ بعض مفسرین نے اپنی تفاسیر میں قراءات شاذہ یعنی (غَلَبَت) بصیغہ معروف یا غین فتحہ کے ساتھ اور {سَیغْلَبُوْن} بصیغہ مجہول یا یاء ضمہ کے ساتھ پڑھا جائے تو اس پر بھی بحث کی اور کہا ہے کہ اس طرح اس آیت کا مطلب یہ ہو گا رومی ایک دفعہ تو غالب آ گئے ہیں مگر اس کے غالب آنے کے بعد رومی عنقریب مسلمانوں کے ہاتھوں مغلوب ہو جائیں گے۔ علامہ بیضاوی (م ۶۸۵ھ) نے سورۃ الروم کی ابتدائی آیات کی تفسیر کرتے ہوئے قراءات شاذہ پر بھی بحث کی ہے، اس ضمن میں وہ رقم طراز ہیں:

"وقرى غلبت بالفتح وسيغلبون بالضم ومعناه ان الروم غلبوا على ريف الشام والمسلمون سيغلبونهم۔ "[23]

ان آیات میں قراءات شاذہ کے بارے امام ابی السعود محمد بن محمد العمادی (م ۹۰۱ھ) نے بھی اسی سے ملتے جلتے الفاظ لکھے ہیں:

"قري غلبت على البناء للفاعل وسيغلبون على البنا ء للمفعول والمعني ان الروم غلبت على ريف الشام وسيغلبهم المسلمون۔ "[24]

قراءات شاذہ کی اہمیت گو کہ قراءات متواتر جیسی نہیں ہے لیکن پھر بھی اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ یہی وجہ ہے کہ شاہ ولی اللہؒ نے سورۃ الروم کی ابتدائی آیات میں موجود متواتر اور شاذ قراءات پر تفصیلی بحث کی ہے اور ان قراءات کی تطبیق یوں بیان کی ہے:

"سو جاننا چاہیے کہ ان دونوں قراتوں کے معنی اگرچہ مختلف ہیں لیکن ان دونوں معنی میں تناقض اور تضاد نہیں، اس لیے کہ ہر قراءت میں ایک نئی چیز کی خبر دی گئی ہے اور عقلاً اس میں کوئی حرج نہیں کہ ایک فریق ایک زمانہ میں مغلوب ہو اور دوسرے زمانہ میں غالب ہو مشہور قراءت میں تو یہ خبر دی گئی ہے کہ رومی یعنی اہل کتاب اگرچہ ایرانیوں کے ساتھ مغلوب ہو گئے ہیں مگر عنقریب چند سال میں رومی (اہل کتاب) ایرانیوں پر غالب آئیں گے اس خبر کا ظہور بدر کے دن ہوا یعنی جب کہ (غُلِبَت) بصیغہ مجہول اور (سَیَغْلِبُوْن) بصیغہ معروف پڑھا جاوے، اور دوسری قرات میں (غَلَبَت) بصیغہ معروف اور (سَیغْلَبُوْن) بصیغہ مجہول پڑھا جاوے تو آیت کا مطلب یہ ہو گا کہ رومی غالب آئے مگر اس غالب آنے کے بعد مسلمانوں کا روم پر فتح یاب ہونے کا ذکر ہے

مسلم مفسرین کے مطابق ان آیات میں دو قرائتیں بیان کی گئی ہیں۔

۱۔ قراءات مشہورہ / متواترہ

۲۔ قراءات شاذہ قراءات

متواترہ قراءات ایسی قرات کو کہتے ہیں جس کو روایت کرنے والی ایک بہت بڑی جماعت ہو، جس کا جھوٹ پر اتفاق کر لینا عادتاً محال ہو، اور یہ تعداد شروع سے آخر تک تمام طبقات میں پائی جائے۔ نیز ہر وہ قراءات بھی متواترہ قراءات ہو گی جو لغت عرب کی کسی وجہ کے مطابق ہو اور مصاحف عثمانیہ میں سے کسی کے رسم کے موافق ہو، خواہ وہ موافقت تقدیراً ہی ہو اور بذریعہ تواتر منقول ہو یا وہ اس قدر مشہور و مستفیض ہو کہ محققین ائمہ قراءات کے نزدیک قبول عام کا درجہ حاصل کر لے۔ نیز اس کے ساتھ کئی ایسے خارجی قرائن بھی مل جائیں جو اس کی قطعیت پر واضح دلیل ہوں۔ ایسی تمام قراءات متواتر اور قطعی کے حکم میں ہے۔[18] اس کے مقابلے میں قراءات شاذہ سے مراد ایسی قراءات جو قراءات عشرہ متواترہ کے علاوہ اور ائمہ قراء کے ضوابط اصولیہ کے خلاف ہو۔ ابو عمرو عثمان ابن صلاحؒ قراءات شاذہ کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"قراءت شاذہ وہ ہے جو بحیثیت قرآن منقول ہو، لیکن نہ تو وہ تواتر سے ثابت ہو اور نہ ہی ائمہ قراءات کے نزدیک اسے قبول عام کا مقام ہو۔"[19]

مشہور قراءت میں (غُلِبَت) بصیغہ مجہول اور (سَیَغْلِبُوْن) بصیغہ معروف ہے، اور یہی جمہور کی قراءت ہے۔ قراءت شاذہ میں (غَلَبَت) بصیغہ معروف اور (سَیُغْلَبُوْن) بصیغہ مجہول وارد ہوا ہے۔ تمام مستند مسلم مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ (غُلِبَت) غین کے ضمہ کے ساتھ ہے اور (سَیَغْلِبُوْن) یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے اور اس کا مطلب روم کا فارس پر عنقریب غلبہ مراد ہے جیسا کہ علامہ ابن جریر طبریؒ (م310ھ) اس بارے لکھتے ہیں کہ:

"لا يجوز غيره (الم غُلِبَتِ الرُّومُ) بضم الغين، لإجماع الحجة من القرّاء عليه"[20]

"(غُلِبَت) کے غین پر ضمہ کے بارے قراء میں اجماع پایا جاتا ہے۔"

علامہ قرطبیؒ (م671ھ) نے اسی بات کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے:

"(غُلِبْت) بضم الغين، وكان في هذا الإخبار دليل على نبوّة محمد ﷺ، لأن الروم غلبتها فارس، فأخبر الله عز وجل نبيه محمداً ﷺ أن الروم ستغلب فارس في بضع سنين، وأن المؤمنين يفرحون بذلك، لأن الروم أهل كتاب۔"[21]

""غلبت" غین کے ضمہ کے ساتھ ہے اور ان آیات میں غلبۂ روم کی پیش گوئی کا واضح ثبوت ہے کہ نو سال کے اندر اندر رومی فارسیوں پر غالب آجائیں گے اور اس پر مومن بہت خوش ہوں گے۔"

Hijra and the latter in the end of the sixth or beginning of the seventh year after it, When the expedition of Hudaibiah was undertaken." [15]

یعنی قرآن مجید میں غلبۂ روم کی پیش گوئی کے بارے مفسرین یہ ثابت کرنے میں ناکام رہے ہیں کہ یہ پیش گوئی کب پوری ہوئی۔ اس لیے کہ بعض مفسرین کے نزدیک یہ پیش گوئی غزوۂ بدر یعنی ۲ ہجری کو پوری ہوئی اور بعض کے نزدیک صلح حدیبیہ یعنی ۷ ہجری کو پوری ہوئی۔ اسی طرح ایک مغربی سکالر (Nadia Cheikh) سورۃ الروم میں غلبۂ روم کے بارے لکھتی ہے کہ مسلم مفسرین پر یہ بات لازم ہے کہ اس کی وضاحت کریں کہ ان آیات میں "یفرح" سے کب خوشی منانا مراد ہے؟

"Save the "Prophecies" aspect of these verses was one of the commentator's essential tasks. The fulfillment of the prophecy partially hinged on the explanation of the believers "rejoicing". Thus, those departing from the traditional interpretation made the fulfillment of the prophecy one of the basic explanations for this "rejoicing". [16]

مستشرقین کے اعتراضات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ

غلبۂ روم کی پیش گوئی کے بارے مستشرقین کے تنقیصی رویے کا جائزہ لیں تو بنیادی طور پر دو نکات ہمارے سامنے آتے ہیں۔

۱۔ قرآن مجید میں غلبۂ روم کی جو پیش گوئی کی گئی ہے اس کے اعراب میں اختلاف ہے۔

۲۔ واضح نہیں ہے کہ یہ پیش گوئی غزوۂ بدر کے موقع پر پوری ہوئی یا صلح حدیبیہ کے موقع پر۔

ذیل میں مستشرقین کے مذکورہ بالا اعتراضات کا جائزہ لیا جائے گا اور دلائل کی روشنی میں ان اعتراضات کی حقیقت واضح کی جائے گی۔

اعراب میں اختلاف

غلبہ روم کی پیش گوئی کے بارے روڈویل اور دیگر مستشرقین کا یہ کہنا کہ اعراب کے اختلاف کی وجہ سے یہ پیش گوئی مشکوک ہو گئی ہے، بالکل درست نہیں ہے، اس لیے کہ مستشرقین کے اعتراض اٹھانے سے قبل مستند مسلم مفسرین اور مصنفین اس نکتے کا جواب دے چکے ہیں۔ اب ذیل میں اس بارے مستند مسلم مفسرین نے جو موقف پیش کیا ہے اس کو تفصیل سے پیش کرتے ہیں:

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ [17]

حدیث کے مطابق پیش گوئی کے پورا ہونے کے بعد کئی غیر مسلموں نے اسلام بھی قبول کر لیا تھا لیکن مستشرقین نے قرآن مجید کی اس واضح ترین پیش گوئی کو تسلیم کرنے کی بجائے غیر مستند، ضعیف اور شاذ روایات کو بنیاد بنا کر اس کی حقانیت کو ختم کرنے کی مذموم کوشش کی۔ سورۃ الروم کی ابتدائی آیات جن میں یہ پیش گوئی کی گئی ہے پر برطانوی مستشرق روڈویل یہ اعتراض اٹھاتا ہے کہ چوں کہ ابتداء میں قرآن مجید اعراب کے بغیر لکھا گیا تھا اس لیے غلبۂ روم کی پیش گوئی کا تعلق پڑھنے اور سنانے والے پر ہے کہ وہ "غلبت" کے اعراب کو کیسے ادا کرتا ہے، یعنی وہ اس لفظ کے اعراب کو مجہول ادا کرتا ہے یا معروف۔ وہ لکھتا ہے:

> "This alludes to the defeat of the Persians by Heraclius in 625. The Muhammadans appeal to this passage as a clear proof of the inspiration of their prophet. But it should be borne in mind that the vowel points of the consonants of the Arabic word for defeated in Verse I not being originally written, and depending entirely on the speaker or reader, would make the prophecy true in either event, according as the verb received an active or passive sense in pronunciation. The whole passage was probably constructed with the view of its proving true in any event."[13]

اسی طرح مستشرق مائیکل بونر (Michael Bonner) اس بات کو تو تسلیم کرتا ہے کہ سورۃ الروم کی ابتدائی آیات ایرانیوں کی شام کے خلاف فتح سے تعلق رکھتیں ہیں، لیکن ان آیات میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ وہ فتح کب اور کیسے ہو گی؟

> "The opening Verse of Q30, Surat al-R'um thus refers to Persian successes in Syria in the 610s, although it is not clear precisely when and where."[14]

معروف مستشرق ای۔ ایم۔ ویری (E M Wherry) اسی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے لکھتا ہے کہ:

> "That this prophecy was exactly fulfilled the commentators fail not to observe, though they do not exactly agree in the accounts they give of its accomplishment, the number of years between the two actions being not precisely determined. Some place the victory gained by the Persians in the fifth year before the Hijra and their defeat by the Greeks in the second year after it, When the battle of Badr was fought; Others place the former in the third or fourth year before the

"اللہ تعالیٰ نے سورۃ الروم کی ابتدائی آیات میں دو پیش گوئیاں فرمائی ہیں۔ پہلی پیش گوئی فارس اور روم کی سلطنتوں کے متعلق تھی یعنی رومی فی الحال اگرچہ مغلوب ہیں مگر چند سالوں میں یعنی نو سال کے اندر اندر رومی فارسیوں پر غالب آجائیں گے اس پیش گوئی سے مسلمانوں کو ایک قسم کی ڈھارس بندھ گئی اور یہ پیش گوئی کوئی معمولی پیش گوئی نہ تھی اس کا تعلق دنیا کی سب سے بڑی دو سلطنتوں سے تھا پھر یہ کہ پیش گوئی ظاہر حالت کے بھی خلاف تھی جو کسی کے عقل میں نہیں آ سکتی تھی اس لیے کہ روم کی سلطنت فارس کی سلطنت کے مقابلے میں چھوٹی تھی اور جدید اور حادث بھی تھی اور فارس کی سلطنت بہت بڑی تھی اور بہت قدیم تھی ہزار ہا سال سے ایک ہی خاندان میں چلی آ رہی تھی، خزانے معمور تھے اور لشکر کی کوئی انتہا نہ تھی لہذا ایسی عظیم الشان سلطنت کے متعلق یہ پیش گوئی کرنا کہ ایک چھوٹی اور شکست خوردہ سلطنت سے عظیم الشان سلطنت مغلوب ہو جائے گی کوئی معمولی پیش گوئی نہیں بلکہ بہت بڑی پیش گوئی ہے، پھر پیش گوئی بھی ایسی کہ جو بالکل واضح اور صاف ہے جس میں کسی قسم کا اجمال اور ابہام نہیں اور نجومیوں کی پیش گوئی کی طرح گول نہیں۔ پھر سیغلبون پر سین داخل کر کے اس کے قرب کو بتلا دیا کہ عنقریب رومی غالب آجائیں گے۔ پھر بضع سنین کہہ کر یہ واضح کر دیا کہ نو سال کے اندر اندر ایسا ہو جائے گا۔ دوسری پیش گوئی حق تعالیٰ نے مسلمانوں کے متعلق فرمائی کہ چند سال میں مسلمان منظور و مظفر ہوں گے اور کافروں پر غالب آجائیں گے اس طرح مسلمانوں کو فتح اور نصرت نصیب ہونے کی بشارت دے دی۔"[11]

قرآن مجید کی اس واضح ترین پیش گوئی پر مسلم مصنفین کے ساتھ ساتھ ایک غیر مسلم امریکی محقق اور مورخ ایڈورڈ گبن (Edward Gibbon) ان آیات کی سچائی سے متحیر ہو کر یہ لکھنے پر مجبور ہوا:

"قرآن مجید کی اس پیش گوئی کے بعد بھی سات آٹھ برس تک حالات ایسے تھے کہ کوئی شخص یہ تصور تک نہ کر سکتا تھا کہ رومی سلطنت ایران پر غالب آجائے گی، بلکہ غلبہ تو درکنار اس وقت تو کسی کو یہ امید بھی نہ تھی کہ اب یہ سلطنت زندہ رہ جائے گی"[12]

غلبۂ روم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات

قرآن مجید کی پیش گوئی کہ نو سال کے اندر اندر روم فارس پر غلبہ پالے گا اور اس کا متعین وقت کے اندر اندر پورا ہو جانا ایسا بے مثل معجزہ ہے کہ جس میں اختلاف کی گنجائش ہی موجود نہیں ہے، اس لیے کہ یہی پیش گوئی تھی جس نے اس وقت کے بدترین کفار اور معاندین کو بھی حیرت میں ڈال دیا تھا اور وہ قرآن کی حقانیت کے معترف ہو گئے تھے اور

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما آیت « الم غلبت الروم في أدنى الأرض » کے بارے میں کہتے ہیں: « غَلَبَتْ » اور « غُلِبَتْ » دونوں پڑھا گیا ہے، کفار و مشرکین پسند کرتے تھے کہ اہل فارس روم پر غالب آ جائیں، اس لیے کہ کفار و مشرکین اور وہ سب بت پرست تھے جب کہ مسلمان چاہتے تھے کہ رومی اہل فارس پر غالب آ جائیں، اس لیے کہ رومی اہل کتاب تھے، انہوں نے اس کا ذکر ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کیا اور ابو بکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ سے، آپ نے فرمایا: "وہ (رومی) (مغلوب ہو جانے کے بعد پھر) غالب آ جائیں گے، ابو بکر رضی اللہ عنہ نے جا کر انہیں یہ بات بتائی، انہوں نے کہا: (ایسی بات ہے تو) ہمارے اور اپنے درمیان کوئی مدت متعین کر لو، اگر ہم غالب آ گئے تو ہمیں تم اتنا اتنا دینا، اور اگر تم غالب آ گئے (جیت گئے) تو ہم تمہیں اتنا اتنا دیں گے۔ تو انہوں نے پانچ سال کی مدت رکھ دی، لیکن وہ (رومی) اس مدت میں غالب نہ آ سکے، ابو بکر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائی۔ آپ نے فرمایا: "تم نے اس کی مدت اس سے کچھ آگے کیوں نہ بڑھا دی؟" راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ آپ کی مراد اس سے دس (سال) تھی، ابو سعید نے کہا کہ « بضع » دس سے کم کو کہتے ہیں، اس کے بعد رومی غالب آ گئے۔ (ابن عباس رضی اللہ عنہما) کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ کے قول « الم غلبت الروم » سے « ويومئذ يفرح المؤمنون بنصر الله ينصر من يشاء » تک کا یہی مفہوم ہے، سفیان ثوری کہتے ہیں: میں نے سنا ہے کہ وہ (رومی) لوگ ان پر اس دن غالب آئے جس دن بدر کی جنگ لڑی گئی تھی۔

بعض مفسرین اور محققین کے مطابق ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے دو پیش گوئیوں کا ذکر کیا ہے:

۱۔ غلبۂ روم کی پیش گوئی

۲۔ مسلمان چند سالوں میں کافروں پر غالب آ جائیں گے۔

قاضی سید سلیمان منصور پوریؒ غلبۂ روم کی پیش گوئی کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"یہاں الفاظ قرآنیہ بشارت در بشارت پر مشتمل تھے (ہیں) یعنی یہ بھی بتایا گیا تھا کہ مومنین کو بھی اسی روز نصرت الٰہی حاصل ہو گی۔ ایسا ہی ہوا اُدھر اہل کتاب نے آتش پرستوں پر فتح حاصل کی اور اِدھر بدر کے میدان میں اہل توحید کو اہل مشرک پر غلبۂ تام حاصل ہوا۔"[10]

اسی طرح برصغیر کے معروف مفسر مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے سورۃ الروم کی ابتدائی آیات کی تفسیر کرتے ہوئے اسی بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ ان آیات میں اللہ تعالی نے صرف ایک پیش گوئی کا ذکر نہیں کیا بلکہ دو پیش گوئیوں کو بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

"یہ آیت ان واضح آیات میں سے ایک ہے جو قرآن مجید کی صداقت کی گواہی دیتی ہیں، کہ یہ قرآن خدا کی طرف سے ہے، کیونکہ یہ غیب کے علم کے بارے میں خبر ہے، جسے خدا صرف جانتا ہے"

ان آیات میں بیان کی گئی پیش گوئی چونکہ واقعات کے لحاظ سے ناقابل یقین تھی اسی لیے کفار مکہ نے اس کے صحیح ہونے کی صورت میں کئی اونٹوں کے ہارنے کی مسلمانوں سے شرط لگائی۔ جیسے کہ اس بارے علامہ ابن کثیرؒ نے بیان کیا ہے کہ جب ان آیات کا نزول ہوا تو سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ان آیتوں کو سن کر مشرکین کے پاس آئے اور فرمانے لگے کہ "اپنی اس فتح پر نہ اتراؤ یہ عنقریب شکست سے بدل جائے گی اور ہمارے بھائی اہل کتاب تمہارے بھائیوں پر غالب آئیں گے۔ اس بات کا یقین کر لو اس لیے کہ یہ میری بات نہیں بلکہ ہمارے نبی کریم ﷺ کی یہ پیش گوئی ہے"۔ یہ سن کر اُبی بن خلف کھڑا ہو کر کہنے لگا اے ابو الفضل تم جھوٹ کہتے ہو۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا "اے اللہ کے دشمن تو جھوٹا ہے"۔ اس نے کہا اچھا میں دس دس اونٹنیوں کی شرط باندھتا ہوں۔ اگر تین سال تک رومی فارسیوں پر غالب آ گئے تو میں تمہیں دس اونٹنیاں دوں گا ورنہ تم مجھے دینا۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یہ شرط قبول کر لی۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے آ کر اس کا ذکر کیا تو، آپ ﷺ نے فرمایا میں نے تم سے تین سال کا نہیں کہا تھا۔ (بِضْعٌ کا لفظ قرآن میں ہے اور تین سے نو تک بولا جاتا ہے) جاؤ اونٹنیاں بھی بڑھا دو اور مدت بھی بڑھا دو۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ چلے جب اُبی کے پاس پہنچے تو وہ کہنے لگا شاید تمہیں پچھتاوا ہوا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا سنو! میں تو پہلے سے بھی زیادہ پر تیار ہو کر آیا ہوں۔ آؤ مدت بھی بڑھاؤ اور شرط کا مال بھی زیادہ کرو۔ چنانچہ ایک سو اونٹ مقرر ہوئے اور نو سال کی مدت ٹھہری اسی مدت میں رومی فارس پر غالب آ گئے اور مسلمان قریش پر چھا گئے۔[8]

مذکورہ آیات کے نزول بارے اسی سے ملتی جلتی ایک روایت سنن ترمذی میں موجود ہے جو حضرت عبد اللہ بن عباسؓ سے مروی ہے:

"عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: (الم. غُلِبَتِ الرُّومُ. فِي أَدْنَى الأَرْضِ...) قَالَ غُلِبَتْ وَغَلَبَتْ كَانَ الْمُشْرِكُونَ يُحِبُّونَ أَنْ يَظْهَرَ أَهْلُ فَارِسَ عَلَى الرُّومِ لأَنَّهُمْ وَإِيَّاهُمْ أَهْلُ أَوْثَانٍ وَكَانَ الْمُسْلِمُونَ يُحِبُّونَ أَنْ يَظْهَرَ الرُّومُ عَلَى فَارِسَ لأَنَّهُمْ أَهْلُ كِتَابٍ فَذَكَرُوهُ لأَبِي بَكْرٍ فَذَكَرَهُ أَبُو بَكْرٍ لِرَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ " أَمَا إِنَّهُمْ سَيَغْلِبُونَ " . فَذَكَرَهُ أَبُو بَكْرٍ لَهُمْ فَقَالُوا اجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ أَجَلاً فَإِنْ ظَهَرْنَا كَانَ لَنَا كَذَا وَكَذَا وَإِنْ ظَهَرْتُمْ كَانَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَجَعَلَ أَجَلَ خَمْسِ سِنِينَ فَلَمْ يَظْهَرُوا فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ " أَلاَ جَعَلْتَهُ إِلَى دُونٍ - قَالَ أُرَاهُ الْعَشْرِ " قَالَ سَعِيدٌ وَالْبِضْعُ مَا دُونَ الْعَشْرِ قَالَ ثُمَّ ظَهَرَتِ الرُّومُ بَعْدُ . قَالَ فَذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى : (الم. غُلِبَتِ الرُّومُ) إِلَى قَوْلِهِ: (يفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ. بِنَصْرِ اللَّهِ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ) قَالَ سُفْيَانُ سَمِعْتُ أَنَّهُمْ ظَهَرُوا عَلَيْهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ۔ "[9]

نبوی ﷺ کے پانچویں سال یعنی 613ء میں ان دونوں سلطنتوں میں ایک خون ریز جنگ شروع ہو گئی۔ گو کہ ان دونوں سلطنتوں میں سے کسی ایک سلطنت نے بھی اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ تاہم رومی حضرت عیسیٰؑ کے پیرو اور اہل کتاب تھے، جب کہ فارس کے عقائد مشرکین مکہ کے عقائد سے مطابقت رکھتے تھے۔ اس لیے فطری طور پر مسلمانوں کو رومیوں کے ساتھ اور مشرکین مکہ کو ایرانیوں کے ساتھ ہمدردی تھی۔ یہی وجہ تھی مکہ کے مسلمانوں اور مشرکین کو اس جنگ کے نتیجے کا شدت سے انتظار تھا۔ اس جنگ میں ایرانی رومیوں پر غالب آ گئے جس کی وجہ سے رومی سلطنت میں ہر جگہ حضرت مسیحؑ کی تعلیمات کے بجائے آگ اور سورج کی جبری پرستش کو رواج دیا گیا۔ جب اس جنگ کا نتیجہ مکہ والوں پر ظاہر ہوا تو مسلمانوں کو رنج اور کفار کو مسرت ہوئی۔ ایرانیوں کے رومیوں پر غالب آنے کے بعد مشرکین مکہ مسلمانوں کو یہ طعنہ دیا کرتے کہ جس طرح ہمارے ایرانی بھائی رومیوں پر غالب ہوئے ہیں اسی طرح اگر ہم تم سے لڑے تو ہم تم پر بھی غالب آ جائیں گے۔[5]

جب مشرکین مکہ نے مسلمانوں کو یہ طعنہ دینے شروع کیے تو مسلمان گھبرا گئے۔ ایسے حالات میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں:

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ﴿۲﴾ فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ ہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِہِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ﴿۳﴾ فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ ؕ لِلّٰہِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَ مِنۡۢ بَعۡدُ ؕ وَ یَوۡمَئِذٍ یَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴﴾ بِنَصۡرِ اللّٰہِ ؕ یَنۡصُرُ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ﴿۵﴾ وَعۡدَ اللّٰہِ ؕ لَا یُخۡلِفُ اللّٰہُ وَعۡدَہٗ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶﴾

"الم۔ رومی لوگ قریب کی سرزمین میں مغلوب ہو گئے ہیں، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب آ جائیں گے چند ہی سالوں میں۔ سارا اختیار اللہ ہی کا ہے۔ پہلے بھی اور بعد میں بھی۔ اور اس دن ایمان لانے والے اللہ کی دی ہوئی فتح سے خوش ہوں گے۔ وہ جس کو چاہتا ہے، فتح دیتا ہے اور وہی صاحبِ اقتدار بھی ہے، بڑا مہربان بھی۔ یہ اللہ کا کیا ہوا وعدہ ہے۔ اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔"

تمام مفسرین اور علماء کا اتفاق ہے کہ سورۃ الروم مکہ مکرمہ میں اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر بدترین ظلم ڈھا رہے تھے۔[6] گویا یہ آیات پیش گوئی کے ساتھ ساتھ کلام مجید کی صداقت اور منزل من اللہ ہونے کی بھی واضح طور پر گواہی دے رہی ہیں، جیسا کہ علامہ زمخشری تحریر کرتے ہیں:

"وهذه الآية من الآيات البينة الشاهدة على صحة النبوّة، وأن القرآن من عند الله لأنها انباء عن علم الغيب الذي لا يعلمه إلا الله۔"[7]

بھی معجزے سے کم نہیں۔ کتاب الٰہی کے اغراض و مقاصد اور اسرار و حِکَم کا احاطہ کرنا استطاعت بشری سے خارج ہے۔ اس لیے اعجاز القرآن کا ادراک تو کیا جاسکتا ہے مگر اس کی تعبیر و تفسیر ممکن نہیں۔[3]

شاہ ولی اللہ دہلویؒ (م۔ ۱۱۷۵ھ / ۱۷۶۲ء) نے اپنی شہرہ آفاق تصنیف "الفوز الکبیر فی اصول التفسیر" میں قرآن مجید میں اعجاز کے درج ذیل چار وجوہ بیان کیے ہیں:

۱۔ اسلوبِ بدیع

۲۔ گذشتہ تواریخ اور امم سابقہ کا تذکرہ

۳۔ پیش گوئیوں کی موجودگی

۴۔ بلاغت کا وہ مرتبہ جو انسانی طاقت سے باہر ہے۔[4]

شاہ ولی اللہؒ کے نزدیک قرآن مجید میں غلبہ روم کی پیش گوئی، دین کے غلبے کی پیش گوئی، صلح حدیبیہ و غنائم کے حصول کی پیش گوئی، قرآن مجید کی جمع و اشاعت اور تبیین کی پیش گوئی و دیگر پیش گوئیاں قرآن مجید کا اہم ترین اعجاز ہے، اس لیے کہ جن حالات میں یہ پیش گوئیاں کی گئیں اور جس طرح ان کا ظہور ہوا، اس لحاظ سے قرآن مجید دیگر کتب سے منفرد اور اعجازی وصف کی حامل کتاب قرار پائی ہے۔ قرآن مجید میں موجود پیش گوئیوں میں بظاہر اعجاز کے دو پہلو نمایاں ہیں۔

۱۔ بظاہر ناموافق حالات میں ان بعید از عقل اور اہم واقعات کی خبر و اطلاع

۲۔ اس اطلاع کے عین مطابق ان کا ظہور اور وقوع

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ ساڑھے چودہ سو سال کا ایک طویل عرصہ اس بات کی گواہی دے گا کہ قرآن مجید میں موجود تمام پیشین گوئیاں حرف بہ حرف اور ہو بہو پوری ہوئیں۔ قرآن مجید کی تمام پیش گوئیوں کی اہمیت مسلمہ ہے لیکن غلبۂ روم کی پیش گوئی کہ ایک چھوٹی اور شکست خوردہ سلطنت ایک متعین وقت کے اندر اندر عظیم الشان سلطنت پر غالب آجائے گی اس قدر محیر العقول تھی کہ مخالفین قرآن نے اس پر شرط لگائی اور بعد میں شرط ہارے۔ اس مقالے میں غلبہ روم کی پیش گوئی کا پس منظر، مسلم مفسرین کا اس بارے نقطہ نظر اور اس کے ساتھ ساتھ مستشرقین نے اس اہم ترین پیش گوئی پر جو اعتراضات وارد کیے ہیں مستند مسلم مفسرین، علماء اور محققین کی آراء کی روشنی میں ان اعتراضات کا تحقیقی و تنقیدی جواب دیا گیا ہے۔

غلبۂ روم کی پیش گوئی کا پس منظر

بعثت اسلام کے وقت روم و فارس کی حکومتیں عرب کے دونوں پہلوؤں میں تھیں۔ ایران کے حکمران کا نام خسرو اور روم کے فرماں روا کا نام ہرقل تھا۔ ان دونوں سلطنتوں میں وقفے وقفے سے لڑائیوں کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ بعثت

ان کی جادو گری کا خاتمہ ہوا۔ لیکن یہ تمام معجزات ان کے دنیا سے رخصت ہونے کے ساتھ ہی ختم ہو گئے۔ حضرت محمد ﷺ چوں کہ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں، اس لیے ان کی رسالت کا دائرہ کار بھی آفاقی اور عالمگیر رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو جہاں دیگر انبیاء کی طرح عملی معجزات عطا کیے، وہیں ایک علمی معجزہ بھی عطا کیا جو آج بھی موجود ہے اور تا قیامت موجود رہے گا۔ وہ معجزہ قرآن مجید ہے۔ قرآن مجید ایک ایسا علمی اور کلامی معجزہ ہے جس کو لکھنے اور جس کی مثل پیش کرنے سے بنی نوع انسان عاجز رہے ہیں۔ قرآن مجید کے اعجاز اور منزل من اللہ ہونے کے بارے خود نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ما من الانبياء نبي إلا اعطي من الآيات ما مثله، اومن او آمن عليه البشر، وإنما كان الذي اوتيت وحيا اوحاه الله إلي، فارجوا أني اكثرهم تابعا يوم القيامة".[1]

"پیغمبروں میں سے ہر پیغمبر کو اللہ تعالیٰ نے اِس قدر معجزات عطا کئے جن کو دیکھ کر لوگ ایمان لائے، لیکن جو معجزہ مجھے دیا گیا ہے وہ وحی (یعنی قرآن) ہے جس کو باری تعالیٰ نے مجھ پر اُتارا۔ اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے پیروکاروں کی تعداد سب سے زیادہ ہو گی۔"

علامہ بوصیریؒ (م:۶۹۶ھ / ۱۲۹۵ء) نے اسی بات کو ایک شعر میں خوب صورت انداز میں یوں سمو دیا ہے:

"دامت لدينا ففاقت كل معجزة من النبيين اذ جاءت ولم قدم"[2]

"معجزہ (قرآن) ہمارے پاس موجود ہے، یہ معجزہ دوسرے انبیاء کے معجزات سے بڑھ گیا اس لیے کہ وہ معجزے وجود میں ضرور آئے لیکن باقی نہ رہے۔"

بلاشبہ پوری دنیا کے مسلمان اس بات پر اعتقاد رکھتے ہیں کہ یہ کتاب ایک معجزہ ہے جو نبی کریم ﷺ کو نبوت کی دلیل کے طور پر عطا کیا گیا اور چوں کہ نبی ﷺ قیامت تک کے لیے نبی ہیں۔ اس لیے یہ سند نبوت بھی قیامت تک کے لیے معجزہ ہے۔ قرآن مجید کے اعجاز اور وجوہِ اعجاز کے سلسلے میں علمائے کرام کے درمیان اختلافات پائے جاتے ہیں۔ اس لیے کہ بعض علماء موضوع و مقصد کی بلندی و پاکیزگی کو بنیاد بنا کر اسے ہی قرآن مجید کی اصل وجہِ اعجاز قرار دیتے ہیں تو بعض کے نزدیک نیرنگیِ مضامین و مطالب اور پیش گوئیوں کی موجودگی اسے اعجاز کے اعلیٰ مرتبے تک لے جاتی ہے۔ اور بعض ادباء دل کش فصاحت، پر زور طرز استدلال اور حیرت انگیز بلاغت کو ہی سبب اعجاز قرار دیتے ہیں۔ گویا قرآن مجید کے وجوہ اعجاز کا احاطہ کرنا استطاعت بشری سے خارج ہے۔ اسی لیے مسلم علماء اور مفسرین کی ایک بڑی تعداد یہی موقف رکھتی ہے کہ اعجاز القرآن کی تعبیر و توضیح کرنا ممکن ہی نہیں ہے۔ بندار بن حسین الفارسی اپنے زمانے کے بہت بڑے عالم دین تھے۔ جب ان سے کسی نے سوال کیا کہ قرآن مجید کا اعجاز کس بات میں مضمر ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ سوال تو یونہی ہے جیسے دریافت کیا جائے کہ کسی انسان میں انسانیت کا جوہر کہاں ہے؟ اسی طرح قرآن کریم کی کوئی بات

الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی مطالعہ

A Critical Study of the Orientalists' Objections Regarding the Quranic Prediction of Dominance of the Roman Empire

*حافظ محمد حسان سعید

** محمد عمیر رؤف

ABSTRACT

In the Holy Qur'an, Allah Almighty has predicted some events and incidents going to happen in the future. These predictions (Domination of the religion Islam, Attainment of Hudaybiyyah treaty and acquisition of booty, Compilation, and interpretation of the Holy Qur'an) are considered the miracle of the Holy Qur'an. The prediction of "Victory and Domination of Roman Empire over the Persians" is one of such prophecies of the Holy Qur'an which was fulfilled within the period mentioned in the Holy Qur'an and so, deserves to be called a miracle of the Holy Qur'an. This clearest prophecy of the Holy Qur'an has been the subject of research by Western scholars. Well-known western researcher Edward Gibbon has acknowledged this Qur'anic prophecy and acknowledged that it was fulfilled at a time when conditions did not seem to be right. However, some Orientalists such as J.M. Rodwell, Michael Bonner, and E. M. Wherry, etc. have objected to this clear and important prediction and have sought to cast doubt on its status. In this article, the objections of the Orientalists have been critically examined and refuted on the basis of Ahadith and the opinions of Muslim scholars.

KEYWORDS

Critical, Prediction, Prophecy, Orientalist, Roman Empire, Persian Empire.

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے اس دنیا میں جتنے بھی انبیائے کرام کو مبعوث کیا، ان کو حالات اور وقت کے تقاضوں کے مطابق عملی معجزات عطا کیے، جو ان کی رب العالمین سے وابستگی کا یقینی ثبوت تھے۔ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے نمرود کی آگ کو گلزار بنانا، نمرود اور اس کی قوم کے لیے ایک بہت بڑا معجزہ تھا۔ اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو اہم عملی معجزہ عطا کیا گیا وہ یہ تھا کہ ان کے عصا کو اژدھا بنا کر ساحروں کے سامنے پیش کیا جس سے

*انسٹرکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان

**انسٹرکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی مطالعہ A Critical Study of the Orientalists' Objections Regarding the Quranic Prediction of Dominance of the Roman Empire
Authors	Hafiz Muhammad Hassaan Saeed[1], Muhammad Umair Raouf [1]
Affiliations	[1] Department of Islamic Studies, Virtual University of Pakistan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u7
QR Code	
Citation	Hassaan Saeed, Muhammad, Hafiz, and Umair Raouf, Muhammad, *"A Critical Study of the Orientalists' Objections Regarding the Quranic Prediction of Dominance of the Roman Empire"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 111–126
Copyright Information:	الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی مطالعہ A Critical Study of the Orientalists' Objections Regarding the Quranic Prediction of Dominance of the Roman Empire © 2022 by Hafiz Muhammad Hassaan Saeed, & Muhammad Umair Rauf is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

33۔ سورۃ الحجر:15/42

34۔ سورۃ النجم:53/3

35۔ سورۃ فصلت:41/42

36۔ سورۃ الأعلی:87/6

37۔ سورۃ یونس:10/15

38۔ رازی، مفاتیح الغیب:12/51

39۔ رازی، مفاتیح الغیب،12/51

40۔ الزہیلی، التفسیر الوسیط،2/1657

41۔ محمد عبد الحئ لکھنوی، ظفر الامانی فی مختصر الجرجانی، تحقیق: ڈاکٹر تقی الدین ندوی، مرکز الشیخ ابی الحسن علی ندوی للبحوث والدراسات الاسلامیۃ الھند،1430ھ، ص444۔456

42۔ عبد الحق محدث دہلوی، مدارج النبوۃ، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، 2005م،2/62

43۔ مفتی محمد شفیع مولانا، معارف القرآن، ادارۃ المعارف کراچی، پاکستان، 1423ھ/2002م،6/277

44۔ مولانا مودودی کے مطابق واقعہ غرانیق 5 نبوی میں ہوا جبکہ عتاب والی سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 73، 11 نبوی میں اور سورۃ حج کی آیت نمبر 152 ہجری میں نازل ہوئی ہیں۔ کیا کوئی صاحب عقل شخص باور کر سکتا ہے کہ آمیزش کا فعل آج ہو اور عتاب چھ سال بعد اور آمیزش کی تنسیخ کا اعلان 9 سال بعد ہو۔ دیکھئے مودودی، ابو الاعلی سید، تفہیم القرآن، ادارۃ ترجمان القرآن لاہور، 1426ھ/2005م،3/242

45۔ مودودی، تفہیم القرآن،3/243،244

46۔ حمید اللہ، محمد، ڈاکٹر، عہد نبویؐ میں نظام حکمرانی، اردو اکیڈمی سندھ کراچی، 1987م، ص226،227؛ حمید اللہ، محمد، ڈاکٹر، محمد رسول اللہ ﷺ، مترجم: پروفیسر خالد پرویز، بیکن بکس، لاہور، 2013، ص84

Hamidullah, Dr, Muhammad, *"The Life and Work of the Prophet of Islam"*, Translated by Dr. Mehmood Ahmed Ghazi, Islamic Research Institute, Islamabad, 1988, p. 88

18۔ ابن العربی، محمد بن عبداللہ، أحکام القرآن، تحقیق: محمد عبد القادر عطا، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1408ھ/1988م، 3/307، 308؛ البغوی، معالم التنزیل، ج3، ص247؛ النسفی، مدارک التنزیل، 2/120؛ انوار التنزیل، 1/447؛ ابو السعود، محمد بن محمد، ارشاد العقل السلیم الی مزایا الکتاب الکریم، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1419ھ/1999م، 4/390

19۔ سورۃ فصلت: 41/42

20۔ سورۃ الحجر: 15/9

21۔ سورۃ الحجر: 15/42

22۔ النسفی، مدارک التنزیل، 2/121

23۔ طبری، جامع البیان، 10/190؛ طبری، تاریخ الامم والملوک، 2/247؛ جصاص، احکام القرآن، 3/306، 307

24۔ قسطلانی، المواہب اللدنیۃ، 1/132

25۔ شبلی نعمانی، علامہ، سیرت النبی ﷺ، ادارۂ اسلامیات لاہور، 2002م، 3/163

26۔ ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، تفسیر القرآن، دار الضیحاء دمشق، دار السلام ریاض، 1994م، 3/253؛ احکام القرآن (ابن العربی)، 3/302 تا 205؛ الشوکانی، محمد بن علی، فتح القدیر الجامع بین فنی الروایۃ والدرایۃ من علم التفسیر، دار احیاء التراث العربی، 1418ھ/1998م، 3/494، 495؛ الرازی، محمد الرازی فخر الدین، الرازی، مفاتیح الغیب، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، 1415ھ/1995م، 12/51؛ قاضی عیاض، الشفاء بتعریف حقوقِ مصطفیٰ، تحقیق: علی محمد البجاوی، مطبعۃ عیسی البابی وشرکاہ، قاہرہ، 1398ھ/1977م، 2/750؛ ابن عادل الدمشقی، عمر بن علی، اللباب فی علوم الکتاب، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1419ھ/1998م، 14/118؛ الشنقیطی، محمد بن الحسین، اضواء البیان فی ایضاح القرآن، دار الفکر الطباعۃ والنشر والتوزیع، 1415ھ/1995م، 5/288؛ القنوجی، صدیق بن حسن، فتح البیان فی مقاصد القرآن، المکتبۃ العصریۃ، صیدا بیروت، 1412ھ/1992م، 2/69؛ ابو السعود، ارشاد العقل السلیم، 4/390؛ وھبۃ الزحیلی، ڈاکٹر، التفسیر الوسیط، دار الفکر دمشق، سوریہ، 1422ھ 2001م، 2/1657؛ ابن الجوزی، عبد الرحمن بن علی، زاد المسیر فی علم التفسیر، تحقیق: أحمد شمس الدین، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1414ھ/1994م، 5/322؛ ابو حیان، محمد بن یوسف الاندلسی، البحر المحیط فی التفسیر، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، 1412ھ/1992م، 7/526؛ الخطیب الشربینی، محمد بن أحمد، المصری، السراج المنیر فی الاعانۃ علی معرفۃ بعض معانی کلام ربنا الحکیم الخبیر، تحقیق: ابراھیم شمس الدین، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1425ھ/2004م، 2/620؛ الماوردی، علی بن محمد، ابو الحسن، أعلام النبوۃ، مکتبۃ الکلیات الأزھریۃ، ب۔ت، ص70

27۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن، 3/253

28۔ قاضی عیاض، الشفاء، 2/750

29۔ بیضاوی، انوار التنزیل، 1/447

30۔ بخاری، الجامع الصحیح، کتاب تفسیر القرآن، باب فاسجدوا للہ واعبدوا، 4581

31۔ ابن ھشام، عبد الملک، السیرۃ النبویۃ، تحقیق: مصطفی السقا، ابراھیم الأبیاری، عبد الحفیظ شلبی، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان، 1415ھ/1995م، 1/403

32۔ شبلی نعمانی، علامہ، سیرت النبی ﷺ، 1/162

6۔ محمد حسین ھیکل، حیاۃ محمد، دارالمعارف قاہرہ، ب ت، 1/185

7۔ محمد حسین ھیکل، حیاۃ محمد، 1/178، 179

8. Montgomery Watt, *"Muhammad the Prophet and States man"*, Oxford University Press, 1961, p. 161

9. Tor Andrea, *"Mohammad the Man of his Faith"*, Translated by Theophil Menzel, George Allen and Unwin Ltd. 1936, P. 26

10. William Muir, *"The Life of Mahomet"*, Elder & Co. 15 Waterloo Place, London, 1878, p. 88

11۔ محمد حسین ھیکل، حیاۃ محمد، 1/188

12۔ الطبری، محمد بن جریر، جامع البیان عن تأویل آی القرآن، دارالفکر بیروت لبنان، 1988م، 10/186۔190؛ ابن ابی حاتم، عبدالرحمن بن محمد الرازی، تفسیر القرآن العظیم، تحقیق: أسعد محمد الطیب، مکتبۃ نزار مصطفی الباز مکۃ المکرمۃ، الریاض، 1997م، 8/2500-2503؛ السیوطی، عبدالرحمن بن ابی بکر، الدر المنثور فی تفسیر المأثور، دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1990م، 4/262-264؛ الزمخشری، محمود بن عمر جاراللہ، الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الأقاویل، دارالفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، ب ت، 3/19؛ الواحدی، علی بن احمد، أسباب النزول، دار نشر الکتب الاسلامیۃ، لاہور باکستان، 1959م، ص178؛ الجصاص، أحمد بن علی الرازی، أحکام القرآن، تحقیق: محمد الصادق قمحاوی، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان، 1992م، 5/187؛ محمود بن أبی الحسن النیسابوری، ایجاز البیان عن معانی القرآن، تحقیق: ڈاکٹر علی بن سلیمان العبید، مکتبۃ التوبہ الریاض، 1997م، 2/57؛ السیوطی، عبدالرحمن بن أبی بکر، لباب النقول فی أسباب النزول، مطبعۃ مصطفی البابی الحلبی واولادہ بمصر قاھرہ، 1373ھ/1954ء)، ص152؛ طبری، تاریخ الامم والملوک، 2/247؛ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، 1/98، 99؛ السھیلی، عبدالرحمن بن عبداللہ، الروض الانف فی تفسیر السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1997م، 2/154

13۔ طبری، جامع البیان، 10/171-186؛ جصاص، احکام القرآن، 5/84؛ زمخشری، الکشاف، 3/19؛ ابن حجر، احمد بن علی العسقلانی، فتح الباری بشرح صحیح البخاری، تحقیق: عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز، المکتبۃ التجاریۃ مصطفی أحمد الباز، 1416ھ/1996ء، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الحج، 8/355؛ القسطلانی، أحمد بن محمد، المواہب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، 1996ء، 1/128

14۔ قسطلانی، المواہب اللدنیۃ، 1/128

15۔ ابن حجر، فتح الباری، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الحج، 8/355

16۔ ابن عطیہ الاندلسی، المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز، تحقیق: عبدالسلام عبدالشافی محمد، دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1422ھ/2001م، 4/129؛ البغوی، حسین بن مسعود، معالم التنزیل، دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1414ھ/1993م، 3/247؛ زمخشری، الکشاف، 3/19؛ النسفی، عبداللہ بن أحمد، مدارک التنزیل وحقائق التأویل، تحقیق: شیخ زکریا عمیرات، قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی، ب ت، 2/120؛ نظام الدین الحسن بن محمد النیسابوری، غرائب القرآن ورغائب الفرقان، دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1416ھ/1996م، 5/91

17 النسفی، مدارک التنزیل، 2/120؛ نظام الدین النیسابوری، غرائب القرآن، 5/91

ہے؟) بغیر حرف سوال کے سوالیہ آیتیں قرآن مجید میں بکثرت ہیں (مثلاً سورۃ الاعراف آیت 113 میں "إنّ لنا لأجراً") اور جب التباس کا شبہ ہوا تو یہ آیتیں منسوخ ہو گئیں جس طرح قرآن میں ایک اور جگہ بھی ہوا ہے اور نئی آیتیں نازل کی گئی ہیں جیسا کہ بعض مفسروں نے بیان کیا ہے۔"[46]

ڈاکٹر صاحب کے مطابق غرانیق کی آیات نبی کریم ﷺ نے نہیں پڑھیں اور اگر پڑھیں بھی تو سوالیہ طور پر نہ کہ مثبت انداز میں۔ اس سے مستشرقین کے اعتراض کی تردید ہو جاتی ہے کہ آپؐ نے یہ آیات قریش مکہ کا تقرب حاصل کرنے کے لیے پڑھی تھیں اور یہ کہ آپؐ ان کے ظلم و ستم سے تنگ آ چکے تھے۔

نتیجہ بحث

واقعہ غرانیق موضوعاتِ سیرت میں سے ایسا موضوع ہے جس کی صحت و ضعف کے بارے میں اربابِ سیر و مفسرین کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس واقعہ کے اوّلین راوی ابنِ سعدؒ اور علامہ ابنِ جریر طبریؒ ہیں۔ بعد ازاں متعدد مفسرین اور سیرت نگاروں نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔ علماء کے ایک گروہ نے واقعہ کی اصلیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس ضمن میں توجیہات پیش کی ہیں۔ جس توجیہ کو قدیم و جدید علماء کی اکثریت نے اختیار کیا ہے وہ یہی ہے کہ "تلک الغرانیق العلی و ان شفاعتھن لترتجی" کے الفاظ شیطان نے کہے تھے نہ کہ آپ ﷺ نے، لیکن مستشرقین نے ان الفاظ کو نعوذ باللہ نبی اکرم ﷺ سے منسوب کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ آپ ﷺ نے مشرکینِ مکّہ کا تقرّب حاصل کرنے کی کوشش کی۔ علماء کی اکثریت نے اس واقعہ کو عقلی و نقلی شہادتوں کی بنا پر موضوع اور من گھڑت قرار دیا ہے۔ عصرِ حاضر کے کئی سیرت نگاروں مثلاً محمد حسین ھیکل اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اس واقعہ کے ضمن میں مستشرقین کے اعتراضات کا مدلّل و مسکت جواب دیا ہے۔ الغرض یہ واقعہ دینِ اسلام کی بنیادی تعلیمات اور عصمتِ نبوّت کے منافی اور موضوع و من گھڑت ہے۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ الزرقانی، محمد بن عبد الباقی، شرح العلامہ الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1996م، 2/21-23

2۔ ابنِ سعد، محمد بن سعد الزھری، الطبقات الکبریٰ، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان، ب ت، 1/98؛ الطبری، محمد بن جریر، تاریخ الامم والملوک، تحقیق: عبد اَعلی مھنا، مؤسسۃ الاَعلمی للمطبوعات، بیروت، لبنان، 1998م، 3/340

3۔ سورۃ النجم: 53/19-20

4۔ سورۃ الحج: 22/52؛ ابن عباس کے مطابق "القی الشیطان فی امنیتہ" کا معنی ہے کہ "فی قرأۃ الرسول و حدیث النبی ﷺ"۔ دیکھیے: عبد اللہ بن عباس، تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباسؓ، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان، 1992م، ص354

5۔ الطبری، محمد بن جریر، تاریخ الامم والملوک، تحقیق: عبد اَعلی مھنا، مؤسسۃ الاَعلمی للمطبوعات بیروت لبنان، 1998م، 2/340

"اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ جو کوئی حضور اکرم ﷺ پر بتوں کی تعظیم کو جائز قرار دیتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ لہذا ہم عقل و نقل سے جانتے ہیں کہ یہ قصہ من گھڑت اور باطل ہے۔"[42]

مفتی محمد شفیع کہتے ہیں:

"یہ واقعہ جمہور محدثین کے نزدیک ثابت نہیں ہے۔ بعض حضرات نے اس کو موضوع، ملحدین و زنادقہ کی ایجاد قرار دیا ہے اور جن حضرات نے اس کو معتبر بھی قرار دیا ہے تو اس کے ظاہری الفاظ سے جو شبہات قرآن وسنت کے قطعی اور یقینی احکام پر عائد ہوتے ہیں ان کے مختلف جوابات دیئے ہیں۔ لیکن اتنی بات بالکل واضح ہے کہ اس آیتِ قرآن کی تفسیر اس واقعہ پر موقوف نہیں۔"[43]

مولانا مودودیؒ واقعہ غرانیق پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے اس قصہ کی اندرونی شہادتوں کی بناء پر[44] اسے لغو اور مہمل قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کوئی روایت خواہ اس کی سند آفتاب سے بھی زیادہ روشن ہو ایسی صورت میں قابل قبول نہیں ہو سکتی جبکہ اس کا متن اس کے غلط ہونے کی کھلی شہادت دے رہا ہو۔ اور قرآن کے الفاظ، سیاق و سباق، ترتیب ہر چیز اسے قبول کرنے سے انکار کر رہی ہو۔ یہ دلائل تو ایک مشکوک اور بے لاگ محقق کو بھی مطمئن کر دیں گے کہ یہ قصہ غلط ہے۔ رہا مومن تو وہ اسے ہرگز نہیں مان سکتا جبکہ وہ اعلانیہ دیکھ رہا ہے کہ یہ روایت قرآن کی ایک نہیں بلکہ بیسیوں آیات سے ٹکراتی ہے۔"[45]

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب واقعہ غرانیق پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"قرآن مجید میں ایک جگہ لات، عزیٰ اور منات تین بتوں کا ذکر ہے اور اس کے بعد بتوں کی بے بسی اور بت پرستی کی برائی کا ذکر ہے۔ قرآن کی تفسیروں میں ایک قصہ مشہور ہے کہ جب آنحضرت ﷺ نے ایک مرتبہ "اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝" کی آیتیں پڑھیں تو کسی نے قافیہ ملا کر "تلک الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجي" (یعنی وہ بڑے سردار ہیں اور ان کی سفارش کی توقع کی جا سکتی ہے) کا جملہ کس دیا اور شہر میں مشہور ہو گیا کہ آنحضرتؐ بتوں کے متعلق اس رعایت کو منظور کرتے ہیں کہ وہ خدا تو نہیں ہیں لیکن وہ خدا کے پاس سفارش کر سکتے ہیں۔ جب آنحضرتؐ کو یہ معلوم ہوا تو آپؐ نے اصل آیتیں پڑھیں اور مکے والوں کو کوئی دھوکہ نہ رہا۔ مگر ابتدائی خبر کا ایک جزو حبشہ پہنچ گیا کہ آنحضرتؐ اور مکے والوں میں صلح ہو گئی ہے۔ مجھے کبھی کبھی گمان ہوتا ہے کہ غرانیق کی آیتیں ممکن ہے آنحضرتؐ نے ہی تلاوت فرمائی ہوں۔ لیکن سوال کے طور پر (یعنی کیا وہ بڑے سردار ہیں اور کیا ان کی سفارش کی توقع کی جا سکتی

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝ [34]

"وہ نبی اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتا، وہ وہی کہتا ہے جو اس کی طرف وحی کی جاتی ہے۔"

لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ [35]

"باطل اس کتاب کے آگے اور پیچھے سے داخل نہیں ہو سکتا۔"

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى [36]

"جلد ہی ہم آپ کو پڑھا دیں گے، پھر آپ نہیں بھولیں گے۔"

قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ [37]

"کہہ دو، مجھے اختیار نہیں ہے کہ اسے اپنی طرف سے بدل دوں۔"

سنت کے حوالے سے دلائل دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ابن خزیمہ نے کہا ہے کہ یہ قصہ زنادقہ کا وضع کردہ ہے۔ علامہ بیہقی کے مطابق از روئے نقل یہ قصہ ثابت نہیں ہے۔ نیز یہ کہ بخاری و مسلم کے مؤلفین میں سے کسی نے اس قصہ کو نقل نہیں کیا۔ عقلی دلائل دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"نبی اکرم ﷺ کی سب سے بڑی کوشش بتوں کی نفی تھی۔ لہٰذا آپ ﷺ ان کے بتوں کی کیسے تعریف کر سکتے تھے۔ نیز یہ کہ اسلام کے ابتدائی زمانہ میں یہ ناممکن تھا کہ آپ ﷺ کعبہ میں اونچی آواز سے قرآن پڑھتے۔ مزید برآں یہ کہ اگر اس قصہ کو تسلیم کر لیا جائے تو شریعت پر سے اعتبار اٹھ جائے۔"[38]

امام رازی ان تمام وجوہات کا تذکرہ کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"فبهذا الوجوه عرفناه على سبيل الاجمال ان هذه القصة موضوع "[39]

"ان تمام وجوہ کی بناہ پر اجمالی طور پر ہم نے جان لیا کہ یہ قصہ موضوع ہے۔"

عصرِ حاضر میں واقعہ غرانیق کے بارے میں مستشرقین کے اعتراضات کا جواب بہت سے علماءِ مفسرین و سیرت نگاروں نے دیا ہے۔ ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی واقعہ غرانیق کے متعلق لکھتے ہیں:

"یہ قصہ غرانیق گھڑا ہوا جھوٹا ہے اسے زنادقہ نے وضع کیا ہے اور سورۃ حج کی یہ آیت بہتان لگانے والوں کے بہتان کو باطل قرار دیتی ہے۔"[40]

محمد عبد الحئ لکھنوی نے بھی اس قصہ کے تمام طرق بیان کرنے کے اور اس ضمن میں علماء کی اختلافی آراء بیان کرنے کے بعد اس قول کو ترجیح دی ہے کہ یہ الفاظ آپ ﷺ نے نہیں بلکہ شیطان نے کہے تھے۔[41] مولانا عبد الحق محدث دہلویؒ اس واقعہ کو "ایک جھوٹی افواہ کی حقیقت" کے عنوان کے تحت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اسی رائے کو اختیار کیا ہے۔[24] عصرِ حاضر کے سیرت نگاروں میں سے علامہ شبلی نعمانی نے یہی رائے اختیار کی ہے، چنانچہ لکھتے ہیں:

"آنحضرت ﷺ نے جب سورۃ النجم کی وہ آیتیں پڑھیں تو کسی شیطان (کافر) نے یہی فقرے آپ کی آواز میں ملا کر پڑھ دیئے ہوں گے۔ دور کے لوگوں (کفار میں سے) کو یہی شبہ ہوا ہو گا کہ آنحضرت ﷺ ہی نے وہ الفاظ ادا کیے، اس واقعہ کا چرچا جب مسلمانوں میں ہوا ہو گا تو لوگوں نے کہا ہو گا کہ کسی شیطان نے آپ ﷺ کی طرف سے وہ فقرے کہہ دیئے ہوں گے۔ اس واقعہ نے روایتوں میں صورت بدل بدل کر یہ صورت اختیار کر لی کہ شیطان نے آپ ﷺ کی زبان سے یہ الفاظ نکلوا دیئے، اور چونکہ عام مسلمان اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ شیطان دوسرے شخص کی زبان سے بول سکتا ہے اس لیے راویوں نے اس روایت کو تسلیم کر لیا۔"[25]

واقعہ غرانیق کو موضوع اور من گھڑت قرار دینے والوں میں علامہ ابن کثیرؒ، علامہ بیہقیؒ، ابن خزیمہؒ، ابن العربیؒ، علامہ شوکانیؒ، امام رازیؒ، علامہ آلوسیؒ، قاضی عیاضؒ، ابن عادل الدمشقیؒ، شنقیطیؒ، ابو السعودؒ، صدیق حسن قنوجیؒ اور وھبہ الزحیلیؒ شامل ہیں اور دیگر کئی علماء شامل ہیں۔[26] علامہ ابن کثیرؒ کہتے ہیں کہ جتنی سندوں سے یہ قصہ روایت ہوا ہے سب مرسل اور منقطع ہیں۔ مجھے کسی صحیح متصل سند سے یہ نہیں ملا۔[27] قاضی عیاضؒ کہتے ہیں کہ اس کی کمزوری اسی سے ظاہر ہے کہ صحاح ستہ کے مؤلفین میں سے کسی نے بھی اس کو اپنے ہاں نقل نہیں کیا اور نہ یہ کسی صحیح متصل سند اور بے عیب سند کے ساتھ ثقہ راویوں سے منقول ہوا ہے۔[28] علامہ بیضاویؒ کے مطابق یہ قصہ موضوع ہے۔ اور زنادقہ کا وضع کردہ ہے۔[29] کیونکہ امام بخاریؒ نے بھی اس واقعہ کو ذکر کیا ہے مگر اس میں غرانیق کا ذکر نہیں ہے۔[30] علامہ ابنِ ہشامؒ کی "السیرۃ النبویۃ" کا شمار سیرتِ نبوی کے اوّلین اور مستند ترین مآخذ میں ہوتا ہے۔ انہوں نے بھی امام بخاریؒ کی طرح صرف اتنا بیان کیا ہے کہ سورۃ النجم کی آیات کی تلاوت کے بعد آپ ﷺ نے سجدہ کیا اور چند کافروں کے سوا تمام جن و انس نے حضور ﷺ کے ساتھ سجدہ کیا۔[31] لیکن روایت کا باقی حصہ جسے بعض سیرت نگاروں اور مفسرین نے نقل کیا ہے، ناقابلِ ذکر ہے۔ جیسا کہ علامہ شبلی نعمانیؒ نے 'سیرت النبی ﷺ' میں ذکر کیا ہے۔[32] علامہ رازیؒ نے اس قصہ کو قرآن، سنّت اور عقلی دلائل کی بنیاد پر موضوع قرار دیا ہے۔ واقعہ غرانیق کے بطلان کے حوالے سے امام رازیؒ کے دلائل کا خلاصہ درج ذیل ہے۔:

اگر یہ کہا جائے کہ شیطان نے آپ ﷺ کی زبان پر الفاظ جاری کروا دیئے تھے تو قرآن کہتا ہے:

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ [33]

"بے شک میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہیں ہو گا۔"

"وليس كذالک بل لها أصل۔ "[14]

"اور ایسا نہیں ہے بلکہ اس قصہ کی کوئی نہ کوئی اصل ضرور ہے۔"

اس کے بعد مؤلف نے اس واقعہ کے تمام طرق اور اسناد ذکر کیے ہیں۔ ابن حجر کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ سعید بن جبیر کے طریق کے سوا باقی جن طریقوں سے یہ روایت آئی ہے وہ یا تو ضعیف ہیں یا منقطع، مگر طریقوں کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس کی کوئی اصل ضرور ہے۔[15]

واقعہ غرانیق کی جتنی بھی روایات آئی ہیں ان میں یہ الفاظ آئے ہیں۔ "فألقى الشيطان على لسانه"۔ یعنی شیطان نے (یہ الفاظ) آپ ﷺ کی زبان پر جاری کر دیئے۔ مفسرین اس جملہ سے تین معانی مراد لیتے ہیں۔ اوّل یہ کہ یہ الفاظ نبی اکرم ﷺ کی زبان سے سہواً جاری ہو گئے تھے۔[16] دوم یہ کہ یہ الفاظ شیطان نے جبرًا آپ ﷺ کی زبان پر جاری کر دیئے۔[17] سوم یہ کہ یہ الفاظ شیطان نے خود کہے تھے۔ جب آپ ﷺ مناة الثالثة الاخرى کہہ کر رکے تو شیطان نے فورًا یہ الفاظ کہے۔ لوگوں نے سمجھا کہ شاید نبی اکرم ﷺ نے خود یہ الفاظ کہے ہیں۔[18] اکثر مفسرین کا یہی قول ہے۔ علامہ نسفی کی گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ الفاظ سہواً اور غفلت سے آپ ﷺ کی زبان پر جاری ہو گئے تو یہ قول مردود ہے۔ اس لیے کہ ایسی غفلت آپ ﷺ پر جائز نہیں ہے۔ اگر جائز ہوتی تو آپ ﷺ کی بات پر اعتماد باطل ہو جاتا۔ جبکہ اللہ تعالی فرماتے ہیں:

لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾[19]

"باطل اس کتاب کے آگے اور پیچھے سے داخل نہیں ہو سکتا۔"

اور فرمایا:

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾[20]

"ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔"

اور اگر یہ کہا جائے کہ شیطان نے جبراً آپ ﷺ کی زبان پر یہ الفاظ جاری کر دیئے تھے تو یہ بھی ممتنع ہے۔ اس لیے کہ شیطان کو اس بات پر قدرت نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی کا قول ہے:

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ[21]

"بے شک میرے بندوں پر تیرا کوئی غلبہ نہیں ہو گا۔"

جب یہ ساری وجوہ باطل ہو گئیں تو اب صرف ایک وجہ باقی رہ گئی وہ یہ کہ یہ الفاظ شیطان نے کہے تھے اور شیطان نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں بولتا تھا۔ جیسا کہ غزوہ احد کے موقع پر اس نے آواز لگائی تھی کہ محمد ﷺ کو قتل کر دیا گیا ہے۔[22] علامہ ابن جریر طبری اور ابن العربی نے بھی یہی تاویل پیش کی ہے۔[23] علامہ قسطلانی نے "المواہب اللدنیة" میں

"ہم اس کہانی کو قبول کریں یا نہ کریں۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں کچھ سچائی بھی ہو۔ یقینی معلوم ہوتا ہے کہ شیطانی آیات بطور قرآن کے حصہ کے پڑھی جاتی تھیں اور انہیں منسوخ کرتے ہوئے بعد میں دوسری وحی پڑھی گئی۔"[8]

Tor Andrea لکھتا ہے:

"محمد نے یقیناً ایک دفعہ تین دیویوں کو بطور شفاعت کنندہ فرشتے تصور کیا جو کہ سورۃ 20، 26، 53 کے بعد میں ہونے والے اضافے سے ظاہر ہے اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی مگر اس وقت کہ خدا جس کے لیے چاہے اجازت بخشے اور سفارش پسند کرے۔ یہاں محمد دلالت کرتے ہیں کہ دیویاں در حقیقت فرشتے ہیں جنہیں کافروں نے اپنی جہالت کی وجہ سے مونث کا نام دیا ہے۔"[9]

ولیم میور اس واقعہ سے استدلال کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"واقعہ غرانیق بایں دلائل صحیح ہے کہ مہاجرین حبشہ جو نجاشی کے ملک میں آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کر رہے تھے، اگر انہیں محمد اور قریش کی مصالحت کی خبر نہ ملتی تو وہ حبشہ سے قیام ترک کر کے اپنے عزیزوں میں رہنے کے لیے مکہ واپس نہ آتے۔ نہ (حضرت) محمد (ﷺ) اور قریش کی مصالحت ہی اس صورت کے بغیر ہو سکتی تھی، کیونکہ محمد (ﷺ) کے مقابلہ میں قریش اس قدر طاقتور تھے کہ ان کے حلیف بھی ان کے ظلم و ستم سے محفوظ نہ تھے اور قریش کو صلح کا یہ بہانہ اچھا ہاتھ آ گیا۔"[10]

سر ولیم میور کے اعتراض کے ردّ میں محمد حسین ھیکل کی رائے کا خلاصہ یہ ہے کہ حبشہ سے مسلمانوں کی مراجعت کے در حقیقت دو اسباب تھے، ایک حضرت عمر فاروقؓ کا قبولِ اسلام کہ جس سے اسلام اور مسلمانوں کو تقویت پہنچی، دوم یہ کہ قریشی قبائل کے گھرانوں میں سے متعدد لوگ اسلام قبول کر چکے تھے۔ اس لیے ان میں سے اگر کسی کو بھی قتل کیا گیا تو عصبیت کی بنا پر ان سے وابستہ قبائل انتقام کے لیے اٹھ کھڑے ہوتے، ان حالات میں ان کے لیے سلامتی کی راہ یہی تھی کہ صلح کی کوئی تدبیر اختیار کی جائے۔[11] اکثر علماء مفسرین نے اس واقعہ کی تردید کرتے ہوئے اسے موضوع اور من گھڑت قرار دیا ہے۔ جن علماء نے اس واقعہ کی اصلیت پر بحث کی ہے ان کی توجیہات بھی مستشرقین کے اعتراضات کو لغو اور باطل قرار دیتی ہیں۔ یہ قصہ تفسیر اور سیرت کی کتابوں میں تفصیل کے ساتھ مذکور ہے۔[12] علامہ ابن جریر طبری، ابو بکر جصاص، علامہ زمخشری، علامہ قسطلانی، ابن حجر اور دیگر کئی سیرت نگار اس قصہ کو صحیح مانتے ہیں۔[13] علامہ قسطلانی نے اس قصہ کی مخالفت میں امام رازی کے دلائل نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:

اسحاق، موسیٰ بن عقبہ اور ابو معشر شامل ہیں۔[1] یہ واقعہ نہ صرف کتبِ سیرت میں مذکور ہے بلکہ مفسرین نے سورۃ نجم کی تفسیر میں اس واقعہ کو بیان کرتے ہوئے اس کے موضوع اور من گھڑت ہونے پر مفصل بحث کی ہے۔ اوّلین سیرت نگاروں میں سے علامہ ابن سعدؒ اور علامہ طبریؒ[2] نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔ واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ ایک دفعہ آپ ﷺ قریش کی ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ پر سورۃ النجم نازل ہوئی۔ آپ ﷺ نے اسے پڑھنا شروع کیا۔ جب آپؐ "اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾"[3] پر پہنچے تو یکایک آپ ﷺ کی زبان سے یہ الفاظ جاری ہوگئے۔ "تلک الغرانیق العلی وان شفاعتھن لترتجی" (یہ بلند مرتبہ دیویاں ہیں ان کی شفاعت ضرور متوقع ہے) اس کے بعد آپ ﷺ سورۃ نجم پڑھتے چلے گئے یہاں تک کہ جب اختتام سورۃ پر آپ ﷺ نے سجدہ کیا تو مشرک اور مسلمان سب سجدے میں گر گئے۔ اس بنیاد پر کہ نبی اکرم ﷺ نے ان کے بتوں کے لیے بھلائی کے الفاظ کہے ہیں۔ آپ ﷺ پریشان ہوئے کہ یہ کیا ہو گیا۔ اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٥٢﴾[4]

"اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر جب وہ کوئی آرزو کرتا تھا تو شیطان اس کی آرزو میں وسوسہ ڈال دیتا تھا۔"

تمام لوگوں کے درمیان یہ بات پھیل گئی حتیٰ کہ مہاجرینِ حبشہ تک بھی۔ بہت سے مسلمان مکہ واپس آ گئے کہ شاید اہلِ مکہ نے اسلام قبول کر لیا ہے۔[5] مستشرقین نے یہ واقعہ نقل کر کے اسے رائی کا پہاڑ بنا دیا ہے۔ بقول محمد حسین ھیکل:

"ابنِ سعد اور طبری دونوں نے "طبقات" اور "تاریخ الرسل والملوک" میں علی الترتیب یہ واقعہ نقل کیا ہے۔ دوسرے مسلمان مفسرین اور اربابِ سیر ہی کی مانند اور انہی (مصنفین) سے (مغربی) مستشرقین نے یہ واقعہ نقل کر کے اسے رائی کا پہاڑ بنا دیا ہے۔"[6]

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

"مستشرقین نے ہمارے نادان اور بے مایہ نازسیرت نویس اور اربابِ تفسیر کی زبان سے یہ روایات لپک لیں اور دل کھول کر حاشیہ آرائیاں فرمائیں۔ لیکن اس فرضی داستان کے معمولی تار و پود بکھیرنے کے لیے معمولی نقص کافی ہے، حالانکہ یہ واقعہ انبیاء کی عصمت کے بھی منافی ہے۔"[7]

مستشرقین کا خیال ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے قریش کے ظلم و ستم سے نجات حاصل کرنے اور ان کا تقرب حاصل کرنے کے لیے یہ آیات پڑھی تھیں۔

واٹ کہتا ہے:

واقعہ غرانیق: مفسرین اور اہلِ سیر کے نقطۂ نگاہ کا تجزیاتی مطالعہ

(مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں)

The Incident of Gharaniq: An Analytical Study of the Views of Quranic Commentators and Seerah Writers (In the Context of Orientalists' Objections)

*ڈاکٹر ثمینہ سعدیہ

ABSTRACT:

The incident of Gharānīq is one of the most debated topics in the biography of the Holy Prophet, and there is a difference of opinion among the commentators as to its validity. The first narrators of this incident are Ibn Sa'ad and Allāma Ibn e Jarīr Tabrī. Later, many commentators of the Holy Qur'ān and biographers of the Holy Prophet narrated this incident. A group of scholars, while acknowledging the reality of the incident, have offered justifications in this regard. The justification adopted by the majority of earlier and modern scholars is that the praising words for gods were uttered by the devil and not by the Holy Prophet, but the Orientalists have tried to prove that Prophet Hazrat Muhammad (Peace be upon Him) tried to get close to the polytheists of Makkah. In this article, it will be discussed that the majority of scholars have termed this incident as fabricated on the basis of rational and traditional evidence. Many contemporary biographers, such as Allāma Shiblī Naumanī, Muhammad Hussaīn Hekal and Dr. Muhammad Hamidullāh, have given reasoned answers to the objections of Orientalists regarding this incident. This incident contradicts the basic teachings of Islam and the infallibility of prophethood.

KEYWORDS:

Gharānīq, Orientalists, narrators, validity, fabricated, Islam.

واقعہ غرانیق کا شمار سیرت النبی ﷺ کے ان واقعات میں ہوتا ہے جن کے بارے میں مفسرین اور اہلِ سیر کے علماء کی آراء مختلف فیہ رہی ہیں، چنانچہ علماء کی ایک جماعت نے اس قصہ کو موضوع قرار دیا ہے جبکہ ایک جماعت اس کے صحیح ہونے کی قائل ہے۔ محدثین نے اس واقعہ کو نقل نہیں کیا، چنانچہ صحاحِ ستہ میں یہ قصہ موجود نہیں۔ لیکن علامہ زرقانیؒ کے مطابق بعض محدثین نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے، ان میں طبری، ابن ابی حاتم، ابن المنذر، ابنِ مردویہ، ابنِ

*اسسٹنٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/
Journal QR Code

Article

واقعہ غرانیق: مفسرین اور اہل سیر کے نقطۂ نگاہ کا تجزیاتی مطالعہ (مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں)

The Incident of Gharaniq: An Analytical Study of the Views of Quranic Commentators and Seerah Writers (In the Context of Orientalists' Objections)

Authors: Dr. Samina Sadia
Affiliations: Sheikh Zaid Islamic Center, University of the Punjab, Lahore.

Published: 30 June 2022
Article DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u6

QR Code

Citation: Samia Sadia, Dr. *"The Incident of Gharaniq: An Analytical Study of the Views of Quranic Commentators and Seerah Writers (In the Context of Orientalists' Objections)"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 99–110

Indexing

Copyright Information:

واقعہ غرانیق: مفسرین اور اہل سیر کے نقطۂ نگاہ کا تجزیاتی مطالعہ (مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں) The Incident of Gharaniq: An Analytical Study of the Views of Quranic Commentators and Seerah Writers (In the Context of Orientalists' Objections) © 2022 by Dr. Samina Sadia is licensed under CC BY 4.0

Publisher Information: Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

54۔ سورۃ التین: 95/1

55۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 5/454

56۔ ایضاً، 3/589

57۔ انور شاہ کشمیری، علامہ، العرف الشذی شرح سنن الترمذی، تصحیح: شیخ محمود شاکر، دار احیاء التراث، بیروت، س ن، 4/219

58۔ دیکھیے: انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 3/590

59۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ص117-127

60۔ مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ کیجیے: انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ص127

61۔ فغفور چین یا شہنشاہ چین (Huángdì / 皇帝) چین کے ان شاہی خاندانوں کے حکمرانوں کا لقب تھا جن کی بادشاہت کا آغاز ۲۲۱ قبل مسیح میں چن خاندان سے ہوا اور ۱۹۱۲ء میں انقلاب اور جمہوریہ چین کے قیام سے ختم ہوئی۔

(Ann Paludan, Chronicle of the Chinese Emperors, Thames and Hudson, New York, p.17-19)

62۔ دیکھیے: انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ص405؛ محمد رضوان اللہ، مولانا انور شاہ کشمیری، حیات اور علمی کارنامے، 191-192

63۔ دیکھیے: انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ص405

64۔ ابن عبد البر کی کتاب القصد والامم اور علامہ دمیری کی کتاب الحیوان کے مطابق یاجوج وماجوج یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہیں۔ شاہ صاحبؒ کی ذکر کردہ دیگر معلومات ان دونوں کتب کے مذکورہ مقامات میں موجود نہیں ہیں۔ (دیکھیے: ابو عمر یوسف بن عبد البر (463ھ)، القصد والامم في التعريف بأصول أنساب العرب والعجم، مکتبہ القدسی، قاہرہ، 1395ھ، اور ملاحظہ کیجیے: محمد بن موسیٰ بن عیسیٰ دمیری، کتاب الحیوان، ترجمہ: مولانا ناظم الدین، اسلامی کتب خانہ، لاہور، س۔ن، 2/582)

65۔ سورۃ الکہف: 18/97

66۔ سورۃ الانبیاء: 21/96

67۔ انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ص411

68۔ ایضاً، ص417

فإنَّ رسولَ الله - صلى الله عليه وسلم - كان يصومُ ثلاثةَ أيَّامٍ من كل شهرٍ، ويصومُ يومَ عاشوراء، فأنزلَ الله: {كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ * أَيَّامًا مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ} [البقرة:183 - 184]، فكان مَن شاء أن يصومَ صام، ومن شاء أن يُفطِرَ ويُطعِمَ كل يوم مسكيناً أجزأه ذلك، فهذا حَوْلٌ، فأنزل الله: {شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ} [البقرة: 185] فثبتَ الصيامُ على مَن شَهِدَ الشهرَ، وعلى المُسافِرِ أن يقضيَ، وثبت الطعامُ للشيخ الكبير والعَجوزِ اللَّذين لا يستطيعان الصومَ

38۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 3/321

39۔ سورۃ الزمر: 39/30

40۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 5/177

41۔ محمد یوسف بنوری، علامہ، یتیمۃ البیان المشکلات القرآن، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان، 1978ء، ص79

42۔ اسی موضوع پر ان کا موقف دیکھیے: انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 3/320-323

43۔ انظر شاہ کشمیری، نقش دوام، ص346

44۔ محمد بن طیب بن محمد بن جعفر قاضی ابو بکر باقلانی، شیخ السنۃ، لسان الأمۃ کے القاب سے ملقب، مالکی فقیہ، ابو الحسن اشعری کے بعد اشاعرہ کے امام، اور چوتھی صدی ہجری کے مجدد بھی شمار کیے گئے۔ (دیکھیے: الصفدي، صلاح الدين خليل بن أيبک (م764ھ)، الوافي بالوفيات، تحقيق: أحمد الأرناؤوط، دار إحياء التراث العربي، بیروت، 1420ھ/2000م، 3/147

45۔ احمد بن حسین بن حسن بن عبد الصمد جعفی، کندی، کوفی، متنبی مشہور عربی شاعر 303ھ میں کوفہ میں پیدا ہوا دیکھیے: الصفدي، الوافي بالوفيات، 3/208)

46۔ عبد القاہر بن عبد الرحمٰن ابو بکر جرجانی، نحوی، ادیب مصنف، شافعی، اشاعری۔ (دیکھیے: الصفدي، الوافي بالوفيات، 19/34-35

47۔ انظر شاہ کشمیری، نقش دوام، ص356

48۔ ایضاً، ص334

49۔ ایضاً،، ص346

50۔ ایضاً، ص348۔ اسی سے ملتی جلتی تحریر علامہ کشمیری نے اپنی کتاب "خاتم النبیین" میں آیت: ماکان محمد۔۔۔ کی تفسیر کے ذیل میں کی ہے۔ (ملاحظہ کیجیے: علامہ انور شاہ کشمیری، خاتم النبیین، مترجم: علامہ یوسف لدھیانوی، عالمی مجلس تحفظ نبوت، ملتان، ص197)

51۔ اسی بنیاد پر انہوں نے اپنی کتاب "خاتم النبیین" میں لفظ "خاتم" اور "عقیدۃ الإسلام فی حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام" میں لفظ "توفی" پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ (ملاحظہ کیجیے: علامہ انور شاہ کشمیری، خاتم النبیین، ترجمہ اردو از علامہ یوسف لدھیانوی، ملتان: عالمی مجلس تحفظ نبوت، ص متن فارسی: 66 ص، ترجمہ: 197۔ اور دیکھیے: علامہ انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ترجمہ: مولانا ابو طلحہ محمد صغیر، کراچی: زمزم پبلشرز، ص127 اور بعد، فیض الباری، 5/257)

52۔ سورۃ الانعام: 6/100، دیکھیے: علامہ انور شاہ کشمیری، عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسی علیہ السلام، ترجمہ: مولانا ابو طلحہ محمد صغیر، کراچی: زمزم پبلشرز، ص: ۱۲۷ اور بعد، فیض الباری، 5/257

53۔ انظر شاہ کشمیری، نقش دوام، ص355

14۔ سالم قدوائی، ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں، ص347

15۔ محمد مزمل بدایونی، مولانا، مشکلات القرآن اردو ترجمہ دوسری قسط در رسالہ ماہنامہ: "محدث عصر" ص11

16۔ سورۃ الفاتحہ:1/5

17۔ سورۃ الانعام:6/90

18۔ یہ حدیث امام طحاوی نے شرح مشکل الآثار میں میسرۃ الفجر سے روایت کی ہے۔ عَنْ مَيْسَرَةَ الْفَجْرِ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى كُنْتَ نَبِيًّا؟ قَالَ: " كُنْتُ نَبِيًّا وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوحِ وَالْجَسَدِ" (ملاحظہ کیجیے: احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی (م 321ھ)، شرح مشکل الآثار، تحقیق: شعیب الأرنؤوط، مؤسسۃ الرسالۃ، 1415ھ/1994ء، 15/321)

19۔ علامہ انور شاہ کشمیری، مشکلات القرآن،، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان، ص13؛

اسی مضمون کے لیے دیکھیے: علامہ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، 2005، 5/261

20۔ سورۃ البقرۃ:2/28

21۔ علامہ انور شاہ کشمیری، مشکلات القرآن، ص15

22۔ سورۃ البقرۃ:2/30

23۔ سورۃ محمد:47/33

24۔ سورۃ النساء:4/64

25۔ یہ حدیث امام مسلم نے صحیح مسلم میں روایت کی: عن عدي بن حاتم، أن رجلا خطب عند النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: من يطع الله ورسوله، فقد رشد، ومن يعصهما، فقد غوى، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " بئس الخطيب أنت، قل: ومن يعص الله ورسوله ". قال ابن نمير: فقد غوي۔ (مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب صلوۃ المسافرین وقصرھا، باب تخفیف الصلاۃ والخطبۃ، حدیث:870)

26۔ سورۃ طٰہٰ:20/14

27۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الأذان، باب وجوب القراءۃ للإمام والمأموم فی الصلوات کلھا، حدیث:756

28۔ علامہ انور شاہ کشمیری، مشکلات القرآن، ص20

29۔ سورۃ الحج:22/52

30۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 5/330-331

31۔ سورۃ البقرۃ:2/183

32۔ انور شاہ کشمیری، فیض الباری، 5/330

33۔ سورۃ البقرۃ:2/184

34۔ سورۃ البقرۃ:2/183

35۔ سورۃ البقرۃ:2/184

36۔ سورۃ البقرۃ:2/185

37۔ ابو داؤد سلیمان بن اشعث (م 275ھ)، سنن ابی داؤد، کتاب الصلوۃ، باب کیف الأذان، حدیث:507۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

2۔ انظر شاہ کشمیری، ، مولانا، نقشِ دوام، شاہ بکڈپو، دیوبند، یوپی، انڈیا، س ن، ص ۵۷، (علامہ اقبال نے شاہ صاحبؒ کی وفات پر لاہور میں ہونے والے تعزیتی پروگرام میں یہ گفتگو فرمائی)

3۔ مصری عالم، مفکر، ادیب، مفسر تھے۔ تفسیر "المنار" تحریر کی اور مدیر مجلہ "المنار" تھے۔ ملاحظہ کیجیے: (رائد جمیل عکاشۃ، محمد رشید رضا، جھودہ الإصلاحیۃ ومنھجہ العلمي، 2007م، س ن، ص 17-18.

4۔ گیلانی، مناظر احسن، مولانا، نظام تعلیم وتربیت، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، 2008ء، ص 292

5۔ تفصیلی حالات دیکھیے: عمر کحالہ، معجم المؤلفین، دار إحیاء التراث، بیروت، س ن، 3/302

6۔ قاضی زین العابدین سجاد، مولانا، حضرت محدث کشمیری کا ذوق تفسیری، ماہنامہ محدث عصر، جامعۃ الامام محمد انور شاہ، دیوبند، فروری/مارچ، 2017، جلد 18، شمارہ 2، ص 12

7۔ دیکھیے: مولانا انظر شاہ کشمیری، نقشِ دوام، ص 127؛ البنوري، محمد یوسف بن السید محمد زکریا، نفحۃ العنبر في حیاۃ إمام العصر الشیخ أنور، معہد انور، دیوبند، س ن، ص 18۔19

8۔ ملاحظہ کیجیے: محمد رضوان اللہ، مولانا انور شاہ کشمیری، حیات اور علمی کارنامے، مسلم یونیورسٹی پریس، علی گڑھ، 1974ء، ص 141

9۔ ایضاً، ص 140

10۔ انظر شاہ کشمیری، نقش دوام، ص 298

11۔ قاضی زین العابدین، حضرت محدث کشمیری کا ذوق تفسیری، ص 12

12۔ علامہ کشمیری کے تلامذہ کی جانب سے مرتب کیے گئے اہم علمی اور مفید نکات پر مشتمل دروس، ان کی مستقل تالیفات اور رسائل کی تعداد چالیس تک بتائی جاتی ہے (محمد یوسف بنوری، نفحۃ العنبر في حیاۃ إمام العصر الشیخ أنور، ص 19)؛
نقش دوام میں متن میں مذکور بائیس (۲۲) تالیفات کو ہی ذکر کیا گیا ہے۔ تاہم ان میں سے چند ایک یہ ہیں: 1-فیض الباری علی صحیح البخاری، 2- العرف الشذی علی جامع الترمذی، 3- انوار المحمود علی سنن أبي داؤد، 4- مشکلات القرآن، 5- فصل الخطاب فی مسألۃ أم الکتاب (قراءۃ خلف الإمام)، 6- خاتمۃ الخطاب فی فاتحۃ الکتاب (فارسی)، 7- نیل الفرقدین فی رفع الیدین، 8- بسط الیدین لنیل الفرقدین، 9- کشف الستر عن مسألۃ الوتر، 10- إکفار الملحدین في ضروریات الدین، 11- عقیدۃ الإسلام بحیاۃ عیسی علیہ السلام، 12- تحیۃ الإسلام في حیاۃ عیسی علیہ السلام، 13- التصریح بما تواتر في نزول المسیح، 14- خاتم النبیین (فارسی)، 15- سھم الغیب في کبد أھل الریب (فارسی)، 16- الإتحاف لمذھب الأحناف علی کتاب "آثار السنن" (مولانا ظہیر الحسن شوق نیموی کی آثار السنن پر حوشی وتعلیقات مفیدہ)، 17۔ ضرب الخاتم علی حدوث العالم (وجود باری کے اثبات، اللہ تعالی کے علم محیط، بے پناہ قدرت اور ارادۂ ازلی پر چار سو اشعار پر مشتمل تالیف)، 18۔ مرقاۃ الطارم لحدوث العالم (تتمہ ضرب الخاتم)، 19۔ کتاب فی الذب عن قرۃ العینین (شاہ ولی اللہؒ کی کتاب "قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین" پر شیعہ عالم کے رد کا جواب)، 20۔ النور الفائض علی نظم الفرائض (بانوے اشعار پر مشتمل علم میراث سے متعلق رسالہ)، 22۔ دعوت حفظ ایمان (چار صفحات پر مشتمل اپنا آخری پیغام)، 22۔ خزائن الاسرار؛
متعدد کتب سے جمع کیے گئے علمی نکات کے لیے دیکھیے: صلاح الدین ثانی، علماء دیوبند کی قرآنی خدمات ۱۸۶۶ء سے ۱۹۸۸ء تک (مقالہ پی ایچ ڈی اسلامک اسٹڈیز)، جامشورو ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اسٹڈیز، یونیورسٹی آف سندھ جامشورو، ص 46

13۔ دیکھیے: سالم قدوائی، ڈاکٹر، ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں، ادارہ معارف اسلامی، لاہور، 1993ء، ص 347؛ صلاح الدین ثانی، علماء دیوبند کی قرآنی خدمات 1866ء سے 1988ء تک، ص 46

کا مفہوم ہے[67] اور یہ خروج حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد ہو گا۔ جیسا کہ صریح احادیثِ متواترہ اس پر دال ہیں۔[68]

نتائجِ تحقیق

اس مطالعہ کا ماحصل یہ ہے کہ:

۱۔ علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے قرآن اور علوم القرآن میں اگرچہ کوئی مستقل تصنیف تو تحریر نہیں کی لیکن ضمناً جہاں بھی بحث کی ضرورت پڑی ہے اس میں انہوں نے دیگر علماء کی آراء کے ساتھ اپنے موقف کو بیان کیا ہے۔

۱۔ بہت سی آیاتِ قرآنی کی تفسیر کے ساتھ ساتھ انہوں نے دیگر علوم القرآن جیسے اعجاز القرآن، اقسام القرآن، ناسخ و منسوخ اور سبعہ احرف سے متعلق تفصیلی مباحث تحریر کی ہیں۔

۲۔ علومِ اسلامیہ کے باقی میادین خاص طور پر علم حدیث کی طرح انہوں نے مطالعاتِ قرآنی میں بھی اجتہادانہ روش اختیار کی اور بہت سے مقامات پر اپنی خاص رائے قائم کی۔

۳۔ قرآنی مطالعات میں علماء کے درمیان اختلاف کی صورت میں جمع، ترجیح، موافقت اور مختلف رائے دینا بھی علامہ کشمیریؒ کے اسلوب میں شامل ہے۔

۴۔ علامہ انور شاہ کشمیریؒ کا اندازِ تحریر مشکل ہے جس کی بناء پر ان کے مواقف کو سمجھنے مشکل بھی پیش آتی ہے اور کئی مباحث ایسی ہیں جن میں انہوں نے ایک سے زائد مقامات پر مختلف انداز سے قلم اٹھایا ہے جس کی بناء پر ان کے موقف میں کچھ ابہام سا نظر آتا ہے اور قاری کے لیے ان مقامات کو حل کرنے میں کافی مشکل پیش آتی ہے۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ علامہ انور شاہ کشمیری ۲۷ شوال ۱۲۹۲ھ کو کشمیر کے علاقے لولاب میں پیدا ہوئے۔ ساڑھے چار سال کی عمر میں اپنے والد محترم سید معظم شاہ سے ناظرہ قرآن کا آغاز کیا۔ ڈیڑھ سال میں ابتدائی فارسی کتب پڑھیں۔ تین سال تک ہزارہ کے مختلف مدارس سے دینی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ ۱۳۱۰ھ میں دارالعلوم دیوبند کا سفر کیا اور ۱۳۱۴ھ میں فراغت پائی۔ فراغت کے بعد علامہ رشید گنگوہی سے علم حدیث، تصوف کے ساتھ ساتھ خلافت حاصل کی۔ بعد ازاں مدرسہ امینیہ دہلی میں تدریس کا آغاز کیا۔ ۱۳۲۰ھ میں کشمیر واپس آ کر مدرسہ فیض عام کی بنیاد رکھی۔ ۱۳۲۳ھ میں حج بیت اللہ کا شرف حاصل ہوا اور کچھ عرصہ وہاں رہ کر استفادہ کیا۔ ۱۳۲۷ھ میں دیوبند آئے تو اساتذہ نے انہیں وہیں تدریس پر مامور کیا۔ ۱۳۳۳ھ میں جب شیخ الہند علامہ محمود الحسن جب حجاز روانہ ہوئے تو علامہ کشمیری کو اپنا جانشین بنایا۔ ۱۲ سال تک آپ دارالعلوم کی مسند صدارت پر فائز رہے۔ ۱۳۴۷ھ میں دارالعلوم دیوبند سے علیحدہ ہو کر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل تشریف لے گئے جہاں ۱۳۵۱ھ تک درس حدیث دیتے رہے۔ پھر وہ واپس دیوبند آئے اور وہیں ان کا وصال ۳ صفر ۱۳۵۳ھ میں ہوا۔ (محمد ظفیر الدین، مفتی، مشاہیر علمائے دارالعلوم دیوبند، دیوبند: دفتر اجلاس صد سالہ، 1400ھ/1980ء، ص54۔55)

یہ موقف اختیار کیا ہے کہ جب تک کوئی قطعی دلیل ذوالقرنین کے نبی ہونے پر دلالت نہ کرے، ہم انہیں نبی نہیں مان سکتے۔ اس لیے اس کے نبی ہونے کے بارے میں ہماری خاموشی ہی بہتر ہے۔[62] سد ذوالقرنین کی جہت کے تعین کے بارے میں علامہ کشمیریؒ کا کہنا ہے کہ چونکہ قرآن مجید میں ذوالقرنین کے دو جہات یعنی مشرق اور مغرب کی طرف سفر کا ذکر آیا ہے تیسرے سفر کی جہت کا کوئی تذکرہ نہیں اور کوئی ایسا قرینہ بھی نہیں جس سے جہت جنوب راجح ہو سکے اس لیے یقیناً وہ سفر شمال کی طرف ہو گا اور اسی جانب اس کی تعمیر کردہ دیوار ہے۔ جو کوہ قاف کے پہاڑوں میں واقع ہے۔ اسی طرح اور بھی بعض دیواریں مختلف ادوار میں تعمیر ہوئی ہیں جن میں شاہانِ چین کی تعمیر کردہ دیوارِ چین (جس کا مقصد وہی تھا جو سد ذوالقرنین کا تھا) اور باب الابواب (دربند) شامل ہیں اور یہ سب کی سب دیواریں شمال ہی کی جانب ہیں۔[63]

یاجوج ماجوج کے تعین کے لیے بہت سے مؤرخین نے رائے دی ہے۔ ابن عبد البر نے اپنی کتاب "کتاب القصد و الامم" میں لکھا ہے کہ ماجوج یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہے، اس نے وہیں سکونت اختیار کی اور جوج (یاجوج) بعد میں اس سے جاملا۔[64] کسی نے روسی اقوام کو یاجوج کہا، تو کسی نے برطانوی قوم کو ماجوج کہا۔ بقول نصاریٰ کے کہ ارسطو نے کتاب الحیوان میں سد ذوالقرنین اور یاجوج ماجوج کا ذکر کیا ہے تو پھر یہود کا ان کے بارے میں سوال تحصیلِ حاصل ہے تو علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے ابن حزم کی کتاب "الفصل فی الملل والنحل" کے حوالے سے اس کا جواب دیا کہ قرآن مجید میں مذکور یہود کا سوال سد اور ذوالقرنین کی شخصیت کے بارے میں نہیں تھا، بلکہ یہ سوال ان کی تعیین اور مصداق کے بارے میں تھا۔ شاہ صاحبؒ کے مطابق یاجوج ماجوج کی جو صفت قرآن مجید میں مذکور ہے وہ "المفسدون فی الأرض" ہے۔ اس صفت کے مفہوم برطانوی، روسی اور دیگر اقوام جو یاجوج ماجوج سے مراد لی جاتی ہیں، پر صادق نہیں آتا اس لیے کہ افساد فی الارض کا مفہوم کھیتوں اور نسلوں کو تباہ و برباد کرنا، ملک کو تہ و بالا کرنا، لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا بازار گرم کرنا ہے، نہ کہ سیاست و تدبیر کے ذریعے حکومتوں پر تسلط و قبضہ کرنا۔ جب کہ یہ اقوام تو سیاست و تدبیر کے ساتھ متصف ہیں اور دوسرا یہ کہ یاجوج ماجوج ان کا لقب بھی نہیں رہا اس لیے اب ان کی شناخت افساد فی الارض کی صفت سے ہی ہو گی۔ جہاں تک یاجوج ماجوم کی تعداد کا تعلق ہے تو وہ بمطابق روایات کثرت سے ہوں گے اور ان کا خروج کئی بار ہو گا۔ دیوار نے انہیں ہر طرف سے نہیں روک رکھا اور نہ ہی دیوار کے نہ گرنے کی وجہ سے ان کا نکلنا نہیں ہو گا۔ کیونکہ قرآن مجید کی آیت: "فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا"[65] (پھر نہ چڑھ سکیں اس پر اور نہ کر سکیں اس میں سوراخ) تو دیوار کی تعمیر کے وقت اور اس کے بعد ایک عرصہ دراز تک کے بارے میں ہے۔ رہا اس کے بعد ان کا خروج، تو وہ کئی بار ہے، ملاحظہ ہو ارشادِ باری تعالیٰ: "حَتَّىٰ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ"[66] اس مقام پر "فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ" کہا گیا نہ کہ "فتح الردم" کہا گیا۔ اور قرب قیامت کی نشانیوں میں سے دیوار کا ریزہ ریزہ ہونا نہیں ہے بلکہ یاجوج ماجوج کا آخری مرتبہ خروج ہے جو اس آیت

ہے۔ نہ کہ فقط رفع جسمانی۔ اس لیے کہ آیت کریمہ کی پہلی اور حقیقی مراد رفع جسمانی ہی ہے جس کی دلیلِ قطعی یہ ہے کہ بالاتفاق علماء تاریخ وحدیث، یہ آیتیں وفدِ نجران کی بابت ان کے عقیدے کی اصلاح کے لیے نازل ہوئیں اور ان کے سامنے پڑھ کر سنائی گئیں۔ اسی طرح اسلام میں داخل ہونے والے اہلِ کتاب نے بھی اسی معنی کی تصدیق کی اور پھر کتبِ حدیث میں آثار بھی اس معنی کی بابت منقول ہیں تو اس لفظ کو اس کے معنی اصلی سے وہی پھیر سکتا ہے جس کے دل میں ایماں ہی نہ ہو اور وہ کافروں میں سے ہو۔ علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے تفسیر البحر المحیط کے حوالے سے اس مقام پر آیت میں ترتیب فصاحت و بلاغت کا آئینہ دار قرار دیا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس بات کی خبر دی کہ میں آپ کو پورا پورا لینے والا ہوں۔ ان کو آپ پر غلبہ و قدرت حاصل نہیں ہو گی، بلکہ یہ آپ تک پہنچ بھی نہ سکیں گے بچانے کی کیا صورت ہو گی فرمایا۔ آپ کو رفع الی السماء، ملائکہ کے ساتھ سکونت اور وہاں ایک طویل زمانے تک اپنے رب کی عبادت کرنے کی خوشخبری، ثالثاً رفع الی السماء کی وجہ سے کفار کے ناپاک ہاتھوں سے ہمیشہ کے لیے پاک رہنے کی خبر اور رابعاً آپ کے پیروکاروں کی برتری اور ہر منکر پر فوقیت و غلبہ کی خوش خبری دی گئی۔ البحر المحیط کے قرآن کی ترتیب فصاحت و بلاغت کا ذکر کرنے کے بعد علامہ کہتے ہیں اس کے بارے میں صرف یہی کہا جاسکتا ہے کہ علوم قرآنی میں سے ہے اور ان علومِ وہبیہ میں سے ہے جو علمائے اسلام کو ملک علام کی جانب سے عطا ہوئے ہیں۔ بات ہے تو صرف یہی ہے ورنہ پھر کچھ بھی نہیں ہے۔

ذوالقرنین اور یاجوج ماجوج کے بارے موقف

ذوالقرنین کا معاملہ بہت سی جہات سے مبہم ہے۔ وہ کون تھا؟ نبی تھا یا نہیں؟ اس کا تعلق کس علاقے سے تھا؟ مشرق اور مغرب میں اس کی سیر و سیاحت سے کیا مراد ہے؟ سدِ ذوالقرنین (دیوار ذوالقرنین) سے کیا مراد ہے؟ یہ دیوار کس علاقے میں ہے؟ اسی طرح یاجوج ماجوج کون تھے؟ ان کا تعلق کس علاقے سے تھا اور قربِ قیامت ان کے نکلنے سے کیا مراد ہے؟ شاہ صاحبؒ نے ان تمام سوالات کے جوابات دیئے ہیں اور اپنے معاصرین پر کئی مقامات پر صراحتاً اور کہیں اشارتاً جرح بھی کی ہے۔ ذوالقرنین کے بارے میں انور شاہؒ کشمیری کا موقف یہ ہے کہ وہ ایک صالح بادشاہ تھا۔ وہ نہ تو اہلِ مشرق سے تھا اور نہ وہ فغفور چین تھا[61] جس نے چین میں بارہ سو میل لمبا بند تعمیر کرایا تھا جو پہاڑوں اور دریاؤں پر سے گذرا کیوں کہ اگر وہ مشرق کا رہنے والا ہوتا تو اس کے مغرب کے سفر کے بعد کہا جاتا کہ وہ مشرق کی طرف لوٹا۔ لیکن قرآن مجید میں یہ مذکور نہیں ہے جس سے معلوم ہو کہ مشرق و مغرب کے کسی درمیانی علاقے کا رہنے والا تھا۔ اور یہ کہنا بھی غلط ہو گا کہ وہ سکندر بن فیلقوس تھا کیوں کہ سکندر کافر تھا اور ذوالقرنین مسلمان۔ اس کا تعلق اہلِ یمن سے بھی نہیں ہے اور نہ یہ عجم کا بادشاہ کیقباد ہے لہٰذا صحیح بات یہ ہے کہ کا نسب عرب سامیین سے ملتا ہے وہ نبی نہیں تھے اس سلسلہ میں مولانا ابو الکلام آزادؒ کا موقف یہ تھا کہ ذوالقرنین نبی تھے لیکن شاہ صاحب نے ان کا رد کرتے ہوئے

ہشام کی متواتر قراءتیں۔ باقی رہا یہ سوال کہ پھر سات کے عدد کا کیا مطلب ہے؟ تو ابن الجزریؒ نے کہا ہے کہ سارے اختلافات اور تغیرات سات قسم کے ہیں۔ اب یہ سوال کہ تمام حروفِ سبعہ مصحف میں موجود ہیں یا ان میں سے بعض منسوخ ہو گئے تو جان لو کہ جبرئیل علیہ السلام نے جو حروف رسول اللہ ﷺ کے سامنے آخری رمضان کے آخری دورہ میں پڑھے تھے وہ سب کے سب مصحفِ عثمانی میں موجود ہیں اور ابن جریر پر چونکہ حروف سبعہ کے معنے واضح نہیں ہو سکے تھے اس لیے انہوں نے یہ مذہب اختیار کیا کہ چھ حروف منسوخ ہو چکے اور ایک حرف باقی رہ گیا ہے۔[58]

عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی اور ان کے رفع جسمانی کے بارے میں علامہؒ کی توجیہات

آیت قرآنی: "يَا عِيسَىٰ إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ" کے ضمن میں مندرجہ بالا امور کے بارے میں علامہ نے تفصیل سے ان مسائل اور ان پر قادیانیوں کے عقائد کا رد پیش کیا ہے۔ علامہ کشمیریؒ کا اسلوب یہ ہے کہ کسی اہم مسئلہ کو ذکر کرنے یا کسی لفظ کے معنیٰ کی تعیین سے پہلے اس سے متعلق اہم بنیادی تمہیدی مباحث تحریر کرتے ہیں اس مقام پر انہوں نے حقیقت، مجاز اور خاص کر کنایہ کو بہت سے اہل لغت کے حوالے سے تفصیلاً ذکر کیا ہے[59]۔ اس تمہید کے بعد اس آیت کی تفصیل میں انہوں نے لفظ "مُتَوَفِّيكَ" کی توضیح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ لفظ توفی اپنے دیگر نظائر کی طرح لینے اور حاصل کرنے کے معنی میں ہے، جیسے وفاء وعدہ، دین لازم کا ایفاء اور مدت مقررہ کو پورا کرنا۔ اس کی دلالت موت پر نہ تو لفظ کے اعتبار سے ہے اور نہ استعمال کے اعتبار سے۔ اگر ارشادِ باری "مُتَوَفِّيكَ" میں متوفی بمعنی ممیت ہوتا تو "وَرَافِعُكَ إِلَيَّ" کی ضرورت نہ ہوتی اس وقت توفی جو موت کے معنی میں مشہور ہے وہ کنایۃً ہے نہ کہ وضعاً بلکہ میں تو کہتا ہوں کہ یہ کنایہ بیانیہ نہیں ہے بلکہ توفی کے لفظ میں کنایہ اصولیہ ہے بالکل اسی طرح جیسے حنفیہ کے ہاں طلاق کنائی ہوتی ہے کہ اس کے الفاظ، معنیٔ طلاق میں خود اثر انداز ہوتے ہیں اور بینونت کی صلاحیت رکھتے ہیں، نہ یہ کہ وہ طلاق کی تعبیر ہوتے ہیں کہ ان سے طلاق رجعی واقع ہو جیسا کہ شوافع کہتے ہیں۔ اس لیے میری تحقیق یہ ہے کہ لفظ کا اصل مفہوم ہی بتقاضائے بلاغت لفظ کا مصداق ہوتا ہے۔ تو آیت کا مفہوم یہ ہوا کہ میں آپ کو وہ پوری مدت دے دوں گا جو آپ کے لیے مقدر ہے، آپ کے دشمن آپ کے قتل پر قادر نہ ہو سکیں گے، بلکہ میں آپ کو طبعی موت دوں گا۔[60]

"وَرَافِعُكَ إِلَيَّ" کی توضیح میں علامہ کشمیریؒ تحریر کرتے ہیں کہ ہر وہ شخص جو قرآن و حدیث پر ایمان رکھتا ہے اور اس بات کا اعتقاد رکھتا ہے کہ پوری کی پوری امت محمدیہ کسی باطل عقیدے پر جمع نہیں ہو سکتی، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس پر بھی ایمان رکھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفع، رفعِ جسمانی ہے قرآن مجید کی آیات سے اس کا قطعی ثبوت ملتا ہے جب کہ اجماع امت قرآن کے قطعی الدلالت علی المعنی پر ہو چکا ہے، آسمان کی طرف رفعِ جسمانی آپ کی معراج

طرح شارحینِ حدیث کے قول پر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ اگر لغتِ قریش میں تھوڑی سی تبدیلی جائز تھی تو پھر حضرت عمر فاروقؓ اور ہشام بن حکیم بن حزامؓ کے درمیان کیا نزاع تھا حالانکہ وہ تو دونوں اہلِ قریش میں سے تھے۔ اسی طرح تیسرے قول کہ جس میں ایک لفظ کی بجائے دوسرے اس کے متقارب المعنیٰ دوسرے لفظ کے مستعمل ہونے کا تعلق ہے تو یہ تو سماعی دلیل پر موقوف ہے جبکہ ہمارے پاس اس کی کوئی نقلی اور سماعی دلیل نہیں۔ مذکورہ بالا تینوں اقوال پر اشکالات وارد کرنے کے بعد علامہ کشمیری نے ان مواقف کو جمع کرتے ہوئے اپنا موقف ان الفاظ میں بیان کیا:

"أقول يجمع بين الأقوال الثلاثة و يقال: إن المراد القراءات التي هي متواترة تنتهي إلى الإمام أي مصحف ذي النورين كيف ماكان جمع ذو النورنين ما أتى به جبرائيل في العرضة الأخيرة من المجازات و نسخ ماكان التوسيع قبلها من المجازات، ولا تنحصر القراءات في السبع بل تزيد و أمّا الإشكال الذي كان على المنسوب إلى النحاة فزعموا أنّ السبع ممتازة إمتيازا بينا، و الحال أن المراد الاختلاف اليسير فالاختلاف ليس اختلاف المادّة مثل الجلمود و الصخر بل المادّة متحدة والاختلاف في الباب و في المجرد و المزيدو هذه لغات متعددة۔"[57]

"اور میں (علامہ انور شاہ کشمیری) کہتا ہوں کہ ان تینوں اقوال کو جمع کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ قراءات سے مراد قراءات متواترہ ہی ہیں جو مصحف عثمانی کی طرف راجع ہیں۔ عثمان غنیؓ نے ان تمام جائز قراءات کو جمع کیا جو آخری مرتبہ جبرئیل علیہ السلام لے کر آئے تھے۔ اور پھر دیگر جائز قراءات کو منسوخ قرار دیا گیا۔ اور قراءات سات تک محدود نہیں ہیں بلکہ وہ تو سات سے زائد ہیں۔ جہاں تک نحویوں کے موقف پر اشکال کا تعلق ہے تو وہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے یہ گمان کیا کہ سات قراءات مکمل طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہیں حالانکہ ان کے درمیان تو معمولی سا فرق ہے نہ کہ کوئی بڑا فرق جیسے لفظ کے مادے کا فرق جیسے لفظ صخر اور جلمود کے درمیان فرق بلکہ مادہ اور اصل لفظ تو متحد ہے اور اختلاف باب اور مجرد و مزید فیہ میں ہے اور یہی متعدد لغات ہیں۔"

فیض الباری میں علامہ نے قراءات اور سبعہ احرف کے درمیان تعلق کو مزید واضح کیا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ سبعہ احرف (سات حروف) سے مراد سات مشہور قراءات نہیں ہیں بایں معنی کہ ہر حرفِ قرآن ان قراءات میں سے ایک قراءت ہو میری مراد یہ ہے کہ قراءاتِ سبع اور احرفِ سبعہ میں اس طرح مکمل طور پر انطباق نہیں ہے جیسے کہ دونوں مقام پر لفظ سبعہ سے خیال آتا ہے بلکہ ان دونوں کے درمیان عموم و خصوص من وجہ کی نسبت ہے۔ تمام متواتر قراءات احرف سبعہ میں شامل ہیں اور قراء سبعہ کی شاذ قراءتیں احرف سبعہ میں شامل نہیں ہیں اور بعض متواتر قراءات سبعہ میں تو شامل نہیں ہیں مگر حروفِ سبعہ میں شامل ہیں۔ جیسے قراء ثلاثہ ابو جعفر، یعقوب اور خلف بن

تعالیٰ کی مخلوقات کی قسم کھانے کے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کی قسم کھانا اس چیز کی عظمت پر دلالت نہیں کرتا بلکہ یہ قسم سے مستفاد معنی یعنی تاکید پر دلالت کرتا ہے۔ اور اگر وہ ترجمہ ان الفاظ سے کرتے: "تین (انجیر) کی شہادت اور زیتون کی شہادت"[54] اور قسم والا (انجیر کی قسم، زیتون کی قسم) کا ترجمہ نہ کرتے تو اس پر کوئی اعتراض وارد نہ ہوتا۔ اور نحویوں کے لیے مناسب تھا کہ اسے واو قسم کی بجائے کوئی اور نام دیتے۔"[55]

اس سے ایک بات تو یہ معلوم ہوتی ہے کہ علامہ کشمیری ان مقامات میں واو کو واو قسم قرار دینے میں نحویوں کو قصور وار ٹھہراتے ہیں اور دوسرا ان کے نزدیک اس قسم کا مستفاد معنی یعنی شہادت مراد ہے نہ کہ قسم لہذا ترجمہ یہ ہو گا کہ انجیر کی شہادت اور زیتون کی شہادت۔

۴۔ سبعۃ احرف کی مراد میں علامہ کشمیری کا موقف

العرف الشذی شرح سنن الترمذی میں علامہ انور شاہ کشمیری نے سبعۃ حروف کی مراد کی تعیین میں فرمایا: "اس حدیث کے بارے میں علماء کے اقوال پینتالیس (۴۵) تک پہنچتے ہیں جنہیں سیوطیؒ نے اتقان میں نقل کیا اور ان میں سے صحیح تین ہیں: فیض الباری میں لکھتے ہیں کہ صحیح اقوال تین ہیں یا چار۔[56]

۱۔ نحویوں کی طرف منسوب قول: کہ سبعۃ احرف سے مراد عرب کے سات قبائل جیسے بنی ھذیل، بنی تمیم، بنی قیس وغیرہ کی سات قراءتیں مراد ہیں۔

۲۔ شارحین حدیث کا قول: اس سے مراد قراءات میں اختلاف ہے نہ کہ حلال و حرام میں اختلاف بلکہ یہ مجرد و مزید فیہ، دو ابواب کے ایک لفظ میں اختلاف جیسے "[illegible]" یعنی ایک قراءت میں سین کے فتح کے ساتھ جب کہ دوسری قراءت میں سین کے کسرہ کے ساتھ اور جیسے [illegible] کا اختلاف۔

۳۔ اور اتقان میں ابن مسعودؓ سے منقول ہے کہ یہ اختلاف (قریب المعانی) الفاظ کا اختلاف جیسے [illegible] اور [illegible]۔ ابو داؤد میں ہے کہ جس نے [illegible] کی جگہ [illegible] پڑھا تو یہ جائز ہے جب تک کہ آیتِ رحمت کو آیتِ عذاب سے نہ ملایا جائے یا آیتِ عذاب کو آیتِ رحمت کے ساتھ نہ ملایا جائے۔

ان اقوال کے بعد علامہ کشمیریؒ نے مذکورہ اقوال پر اشکالات کرتے ہوئے فرمایا کہ نحویوں کی جانب منسوب قول پر اشکال یہ ہے کہ عثمان ذوالنورینؓ نے مصاحف کو لغتِ قریش پر پڑھایا باقی رہا مسئلہ غیر قریش کی لغات کا تو سوال یہ ہے کہ کیا غیر قریش کی لغات بغیر سماعت کے جائز ہیں یا نہیں؟ اگر تو وہ جائز ہیں تو ان پر کوئی دلیل ہونی چاہیے اور اگر ناجائز ہیں بلکہ سماعت پر موقوف ہیں تو پھر سہولت کہاں گئی کیونکہ سات کی اجازت تو سہولت دینے کی غرض سے تھی۔ اسی

مفردات میں اعجاز سے علامہ انور شاہ کی مراد یہ ہے کہ جب کسی امر کی حقیقت کے اظہار میں اہل عقل مختلف ہوتے ہیں اور باہمی کشاکش رونما ہوتی ہے عقلمند تعبیر میں الجھ جاتے ہیں حقیقت مشتبہ ہو کر رہ جاتی ہے اور کوئی مخلص باقی نہیں رہتا تو اس وقت قرآن مجید اس ساری قیل و قال میں ایک ہی ایسے لفظ کا انتخاب کرتا ہے کہ اس لفظ سے بڑھ کر کوئی حقیقت کا ترجمان، مقصد کی ادائیگی میں کامل اور اس مقام کے مناسب نہیں ہو سکتا اگر جن وانس اس لفظ کے بجائے کوئی دوسرا لفظ وہاں رکھ دیں اور چاہیں کہ اس منتخب لفظ سے قرآن کے لفظ کی قائم مقامی ہو جائے تو اس مہم میں انس و جن کو شدید ناکامی ہو گی۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام دنیا جس مقصد کی ترجمانی کے لیے طول وطویل تعبیرات اختیار کرنے کے باوجود کامیاب نہیں ہوتی وہاں قرآن صرف ایک لفظ سے بھرپور کامیابی کے ساتھ سب کچھ کہہ گزرتا ہے۔"[50] مثلاً جاہلیت کے اعتقاد میں موت پر "توفّی" کا اطلاق درست نہ تھا کیونکہ ان کے اعتقاد میں نہ بقاء جسد تھی نہ بقاء روح۔ "توفّی" وصول کرنے کو کہتے ہیں ان کے عقیدہ میں موت "توفی" نہیں ہو سکتی۔ قرآن مجید نے موت پر "توفّی" کا اطلاق کیا اور بتایا کہ موت سے وصول یابی ہوتی ہے نہ کہ فناء محض۔ اس حقیقت کو ایک ہی کلمہ سے واضح کر دیا اور کہیں اس لفظ کا اطلاق اپنے معنٰی سے جسد مع الروح کے وصول کرنے پر کیا۔[51]

اسی طرح ترکیب وترتیب کے اعجاز کی نسبت سے وہ فرماتے ہیں کہ جیسے "وَجَعَلُوا لِلّٰهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ"[52] ظاہر قیاس یہ تھا کہ عبارت یوں ہوتی: وجعلوا الجن شركاء الله لیکن مراد یہ ہے کہ انہوں نے خدا کا شریک ٹھہرا کر کوئی معمولی جرم نہیں کیا اور وہ شریک بھی کون (جن) پس یہ مراد اسی ترتیب اور نشست الفاظ سے حاصل ہو سکتی ہے۔

مقاصد میں اعجاز سے علامہ کی مراد مخاطبین کو سبق دینا یا لینا ہے جیسا علماء کرام نے اسماء حسنٰی کی شروح میں لکھا ہے کہ مقاصد قرآن حکیم کے وہ ہونے چاہئیں جس سے مبدأ و معاش و معاد اور فلاح و نجاح دنیا و آخرت وابستہ ہو۔

حقائق میں اعجاز سے متعلق علامہ صاحب کی مراد وہ امور غامضہ ہیں جن سے عقول وافکار قاصر رہے اور تجاذب وجوانب اور نزاع عقلاء باقی رہا جیسے مسئلہ "خلقِ افعال عباد" کہ عبد کا ربط فعل سے کیا ہے اور کیسے ہے اور اس فعل کا ربط قدرت ازلیہ سے کیا ہے۔ قرآن مجید ایسے مقام میں وہ تعبیر اختیار فرمائے گا جس سے اوفیٰ بالحقیقت طوق بشر سے خارج ہو۔[53]

۳۔ علامہ کشمیری اور اقسام قرآن

سورۃ التین کی تفسیر کے تحت اقسام قرآن کے بارے میں انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں:

> "جہاں تک جواب قسم کا تعلق ہے تو اگر نحویوں نے اس طرح کے مقامات میں مستعمل واو کو واو قسم کا نام نہ دیا ہوتا، تو ہم ان اشکالات سے نکل سکتے تھے۔ کیونکہ واو ان مواقع میں محض استشہاد اور افادۂ تاکید کے لیے ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ مخلوقات جب اللہ تعالیٰ کے سامنے ہیچ ہیں تو ان کا اس باری تعالیٰ کے مبارک نام کی قسم کھانا اس کی عظمت پر دلالت کرتا ہے برخلاف اللہ

"اور شیخ (انور شاہ کشمیریؒ) فرمایا کرتے تھے کہ قرآن متلو میں کوئی ایسی چیز [آیت یا آیت کا جزء] موجود نہیں جس کا حکم اس طرح منسوخ ہو کہ وہ کسی وجہ اور کسی محمل کے اعتبار سے بھی باقی نہ رہا ہو بلکہ اس کا حکم کسی نہ کسی وجہ سے، کسی نہ کسی مرتبہ میں، کسی نہ کسی حال میں اور کسی نہ کسی وقت میں ضرور مشروع اور زیر عمل رہے گا۔"

قرآن مجید کے منسوخات میں کوئی منسوخ چیز ایسی نہیں کہ کسی نہ کسی درجہ میں اس کا حکم باقی نہ رہا ہو یقیناً منسوخ بھی کسی حال میں یا کسی زمانہ میں یا کسی محل پر کار آمد، مفید، مؤثر اور بار آور ہو گا۔ فرمایا کہ میں تو اس کا بھی یقین رکھتا ہوں کہ قرآن کریم میں ایک حرف بھی زائد نہیں ہے۔[42]

۲۔ علامہ کشمیری اور اعجاز القرآن

قرآن مجید کا اعجاز کیا ہے؟ اس پر بہت سے علماء کی آراء متعدد آراء ہیں۔ علامہ کشمیری نے قرآن مجید کے اعجاز سے متعلق بھی اپنی ایک رائے پیش کی ہے۔ چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے میرے قلب میں بلاغت و اعجازِ قرآن کی معرفت کا ایسا ذوق عطا فرمایا ہے کہ میں اس فن میں کسی کا مقلد نہیں بلکہ خود اپنی رائے رکھتا ہوں۔"[43] امام باقلانیؒ (م ۴۰۲ھ)[44] نے متنبی (م ۳۵۴ھ)[45] کے ایک شعر کو معیار فصاحت و بلاغت سے گرا ہوا قرار دیا جسے شاہ صاحب نے رد کیا اور فرمایا: "اسی لیے میں امام باقلانیؒ (م ۴۰۲ھ) کو اعجاز القرآن کے بارے میں سند قرار نہیں دیتا وہ ایک تجربہ کار متکلم تو ہو سکتے ہیں مگر اعجازِ قرآن میں ذوق سلیم نہیں رکھتے۔ یہ فن علامہ قاہر جرجانی (م 471ھ)[46] اور علامہ زمخشری کا ہے"[47] اور باوجود عاجزی و انکساری کے اعجاز القرآن کے میدان کا تیسرا شہسوار وہ اپنے آپ کو قرار دیتے ہیں۔[48]

دوسرے مقام پر علامہ کشمیری فرماتے ہی: "اعجاز قرآن کا مسئلہ میرے لیے میرے لیے طلوع پذیر آفتاب سے زیادہ صاف اور واضح ہے بلکہ اعجاز قرآن میں مجھے کوئی شبہ و تردد نہیں جبکہ طلوع آفتاب میں شبہ ہو سکتا ہے۔ چونکہ کبھی آفتاب خود طلوع نہیں ہوتا بلکہ وجود آفتاب کی عکس ریزیوں کو آفتاب سمجھ لیا جاتا ہے۔ تو طلوع آفتاب مشتبہ ہو سکتا ہے مگر اعجاز قرآن میرے لیے ہر گز شبہ انگیز نہیں۔"[49]

علامہ انور کشمیری کے فرزند علامہ سید انظر شاہ کشمیری نے ان کی تحریرات سے قرآنی اعجاز کی مندرجہ ذیل تقسیم کی ہے:

۱۔ مفردات قرآنی میں اعجاز
۲۔ مرکبات قرآنی میں اعجاز
۳۔ ترتیب کلمات میں اعجاز
۴۔ مقاصدِ قرآن میں اعجاز
۵۔ حقائق قرآن میں اعجاز

ان متعدد امور میں اعجاز قرآن سے علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی کیا مراد ہے؟ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

ہوتی ہے کیونکہ وہ روزے (ایام بیض کے) پہلی امتوں پر بھی فرض تھے نہ کہ رمضان کے روزے۔ آیت کی اس معنیٰ سے فدیہ والی آیت میں تاویل کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی جیسا کہ بعض مفسرین نے یطیقونه سے پہلے لائے نفی اور بعض نے اسے (أطاق یطیق سے) سلب ماخذ کی خاصیت کے ساتھ نفی کے معنی (وہ اس (روزہ رکھنے) کی طاقت نہیں رکھتے) میں لیا۔ علامہ کشمیری کے مطابق اس تاویل کی صورت میں کلام پر سے اعتماد اٹھ جائے گا اور مثبت اور منفی کا فرق باقی نہیں رہے گا اور جو چاہے گا مثبت کو منفی بنالے گا اور یہ بات نحوی قواعد کے مطابق بھی نہیں کیونکہ نحویوں کے ہاں حرف نفی کو تب مقدر مانا جائے گا جب جواب قسم فعل مضارع مثبت ہو اور یہاں تو اس طرح کی کوئی صورت بھی نہیں ہے۔

اب سوال یہ باقی رہ جاتا ہے کہ یطیقونه میں معنی تو نفی کا ہی مطلوب ہے تو اس سے وہ حاصل کیسے ہو گا؟ تو اس پر علامہ کشمیری نے جار اللہ زمخشری کے حوالہ سے بیان کیا کہ إطاقة کا لفظ اس کام کے لیے بولا جاتا ہے جس کی انجام دہی مشکل سے ہو جیسے کہا جاتا ہے کہ: میں اس بھاری پتھر کو اٹھانے کی طاقت رکھتا ہوں یا روزے رکھنے کی یا ساری رات نماز پڑھنے کی طاقت رکھتا ہوں۔ اور یہ کبھی نہیں کہا جاتا کہ تو لقمہ اپنے منہ میں اٹھانے کی طاقت رکھتا ہے یا یہ قلم اپنے کان تک اٹھانے کی طاقت رکھتا یا اس جیسے اور اشیاء کے بارے میں جن میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی۔ تو اسی سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہ سمجھ میں آیا کہ اس میں طاقت کی نفی کا معنیٰ اس انداز سے پایا جائے گا اور اس کا مطلب یہ ہو گا کہ جن لوگوں کو روزے رکھنے میں بہت مشقت ہوتی ہے وہ معذور متصور ہوں گے اور ان پر فدیہ ہو گا۔[38]

"إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ"[39] کی تفسیر میں بیان کیے گئے مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ اہل لغت نے کہا کہ اگر میت مخفف ہو تو یہ اس شخص کے لیے بولا جاتا ہے جو فوت ہو گیا جب کہ مشدد اس شخص کے لیے بولا جاتا ہے جو زندہ ہو اور عنقریب اسے مر جانا ہے۔ جب کہ میرے نزدیک واو کے تین معانی ہیں لیکن نحویوں نے یہ ذکر نہیں کیا لیکن جب میرے نزدیک خارج میں یہ معانی ثابت ہو گئے تو مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ انہوں نے اسے تحریر کیا ہے یا نہیں۔ پہلا معنی عطف؛ دوسرا معنیٰ معیت اور تیسرا معنیٰ ایضاً (بھی) ہے۔ اور یہی تیسرا معنی یہاں مراد ہے تو معنیٰ ہو گا تو میت ہے اور وہ بھی میت ہیں۔[40]

علامہ کشمیری اور علوم القرآن

ا۔ ناسخ و منسوخ سے متعلق شاہ صاحب کا نظریہ

نسخ کے بارے میں ان کی رائے ان کے تلمیذ خاص علامہ یوسف بنوریؒ نے ان الفاظ میں بیان کی ہے:

"والشيخ رحمه الله كان يقول لا يكاد يوجد شيء في القرآن المتلو منسوخا في الحكم بحيث لا يبقى حكمه في وجه من الوجوه أو محمل من المحامل بل لا جرم يوجد حكمه مشروعا في مرتبة من المراتب وحال من الأحوال و زمان من الأزمان"[41]

ناکام بنانے کے لیے امت کے دلوں میں مختلف اقسام کے وسوسے ڈالتا ہے اور انہیں راہ ہدایت سے روکنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے جو کہ "أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ" سے مترشح ہے۔ یہ وسوسے ویسے تو سب ہی کے دلوں میں ڈالے جاتے ہیں لیکن جن کے دل زنگ آلود ہوں فطرت الہیہ کے مطابق ان کے دلوں میں یہ وسوسے پروان چڑھتے رہتے ہیں حتیٰ کہ انہیں کافر بنا لیتے ہیں جبکہ وہ دل جو قبول حق کی صلاحیت سے بہرہ ور ہوں، اللہ تعالیٰ ان کے دلوں سے ان فتنہ کی جڑوں کو اکھاڑ پھینکتا ہے اور اپنی آیات کی صداقت اور دین کی حقانیت کو ان پر واضح کر کے انہیں ایمان ویقین کی دولت عطاء کرتا ہے آیت کے آخری جز "فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ" کا یہی مفہوم ہے۔[30]

اسی طرح آیت "كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ"[31] کے ضمن میں فرماتے ہیں: "ذهب عامة المفسرين إلى أن تلك الآيات نزلت في شهر رمضان و عندي لا مساس لها برمضان و إنما هي في الأيام البيض و عاشوراء، فريضة قبل رمضان و لذا قال: أياما معدودات" فتعبيره بالأيام أدل و أصدق على تلك الأيام من رمضان، كما يشهد به الذوق الصائب"[32]

عام مفسرین کا موقف یہ ہے کہ یہ آیات ماہ رمضان کے بارے میں نازل ہوئی ہیں لیکن میرے نزدیک ان کا رمضان سے کوئی تعلق نہیں یہ تو ایام بیض اور عاشوراء کے بارے میں نازل ہوئی ہیں کہ جن کے روزے رمضان کے روزوں سے پہلے فرض تھے۔ اسی وجہ سے "أياما معدودات" [33] فرمایا۔ ایام کی تعبیر رمضان سے زیادہ ان ایام پر دلالت کرتی ہے اور ان پر صادق آتی ہے جیسا کہ ذوق سلیم اس کی گواہی دیتا ہے۔ اور "عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ" کا تعلق بھی ایام بیض سے ہے نہ کہ رمضان سے۔ اس پر معاذؓ سے روایت کردہ ابوداؤد کی یہ روایت دلالت کرتی ہے کہ جس میں انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ہر ماہ کے تین ایام اور یوم عاشوراء کا روزہ رکھا کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: "كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ"[34] "طَعَامُ مِسْكِينٍ"[35] تک تو جو روزہ رکھنا چاہے وہ رکھے اور جو نہ رکھنا چاہے اور ہر دن ایک مسکین کو کھانا کھلا سکتا ہے تو وہ یہ اس کے لیے کافی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آیت: "شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ" سے "أَيَّامٍ أُخَرَ"[36] تک نازل کی۔ تو اس شخص کے لیے روزے فرض کر دیئے گئے جس نے ماہ رمضان کو پایا اور مسافر کے لیے یہ ہے کہ وہ روزوں کی قضاء کرے۔ اور شیخ فانی اور بوڑھی جو روزے کی طاقت نہیں رکھتے ان کے لیے روزہ ترک کرنے کی اجازت ہے۔[37]

پھر علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے فرمایا: یہ اس بات میں نص ہے کہ یہ آیات ایام بیض سے متعلق ہیں۔ اور رمضان کے روزے تو "شَهْرُ رَمَضَانَ" سے فرض کیے گئے یہیں سے "كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ" کی وجہ بھی معلوم

سکھائے اور شرف و فضیلت، بندگی اور رجوع اِلی اللہ میں ہے اور اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کے بارے میں سوال نہیں ہو سکتا اور بندوں سے ہر چیز کا سوال کیا جائے گا اور اس میں ایجاب و اختیار کا مسئلہ اور مراحم خسروانہ و شاہانہ کا بیان ہے اور یہ آخری تدبیر ہے جو ہر گناہ گار کو حاصل ہو گی کیونکہ اللہ کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لیے ہوئے ہے اور اس میں تمام لوگوں کے مقابل انبیاء کرام کی فضیلت کا بیان ہے اور قرآن کریم کے معجزات میں سے یہ بھی ہے کہ وہ مؤثر اوصاف ذکر کرتا ہے اور ان پر عمل کی صورت حدیث مبارک کے حوالے چھوڑ دیتا ہے۔ پھر وہ اوصاف نہ صرف یہ کہ اعتقاد کے اعتبار سے ظہور پذیر ہوتے ہیں بلکہ بعض صورتوں میں عملی حیثیت سے بھی ظاہر ہوتے ہیں جیسا کہ "وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي"[26] اور حدیث شریف: "فإنه لا صلاة لمن لم يقرأ بها"[27] میں ہوئے ہیں۔[28]

علامہ کشمیری کی دیگر کتب سے تفسیر کی مثالیں

"وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ"[29]

مذکورہ بالا آیت میں نبی کے تمنا کرنے سے کیا مراد ہے؟ القاء شیطان سے کیا مراد ہے؟ کیا تمنا سے مراد پڑھنا ہے جس کا مطلب یہ ہو گا کہ جب بھی کوئی نبی اللہ تعالیٰ کی آیات پڑھ کر لوگوں کو سناتا ہے تو شیطان اس میں مداخلت کر کے نبی سے کچھ اور کہلوا دیتا ہے۔ جیسا کہ بعض مفسرین نے اس آیت کی تفسیر میں قصہ غرانیق کو نقل کیا ہے۔ یا یہ لفظ آرزو و خواہش کے معنیٰ میں ہی ہے اور مطلب یہ ہے کہ نبی کی آرزو یا خواہش میں شیطان مداخلت کرتا ہے یا خواب میں شیطان کچھ غلط سمت القاء کر دیتا ہے۔ آیت کے یہ معنی مفسرین کے لیے اشکال کا باعث بنے اور انہیں عصمت انبیاء کے مسلمہ اصول کے پیشِ نظر ظاہری معنی سے ہٹ کر دوسرے معنی مراد لینا پڑے۔ علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے اس آیت کے معنیٰ میں ایک خاص رائے قائم کی ہے۔ جس کے مطابق نہ تو آیت میں لفظ تمنیٰ کو اس کے حقیقی لفظ سے پھیرنا پڑتا ہے اور نہ ہی عظمت نبوت میں کسی قسم کا کوئی حرف آتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اس آیت کا جو ترجمہ اور تفسیر بیان کی وہ مندرجہ ذیل ہے:

> "کوئی نبی نہیں ہے کہ جس نے امید نہ باندھی ہو اپنی امت کے متعلق کہ ان کو ہدایت ہو گی تو شیطان نے ان لوگوں کے قلوب میں زیغ پیدا کر کے ان کی آرزو کو پورا نہ ہونے دیا ہو اور اس میں رکاوٹ نہ ڈال دی ہو۔"

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر نبی امت پر نہایت شفیق ہونے کی بناء پر یہ خواہش لیے ہوتا ہے کہ میری ساری قوم میری دعوت اصلاح و ہدایت کو قبول کرے۔ آیت کے لفظ "تَمَنّٰى" کا یہی مفہوم ہے۔ مگر شیطان اس کی اس خواہش کو

یُحْیِیکُمْ۔ "کو جمہور مفسرین نے اس حیات پر محمول کیا ہے جو قیامت کے بعد حشر کے دن انسان کو دی جائے گی لیکن بعض مفسرین نے اس کو حیات قبر پر محمول کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ حیات حشر کا بیان "ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ" میں ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا بعض مفسرین کی یہ رائے درست ہے؟ حضرت شاہ عبد العزیزؒ اس رائے کی تردید فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اگر اس رائے کو درست مانا جائے تو دو خرابیوں میں سے ایک خرابی ضرور لازم آئے گی یا تو یہ خرابی لازم آئے گی کہ جب قبر میں حیات دی جاچکی تو حشر میں دوبارہ زندہ کیے جانے کا کیا مطلب؟ اس سے تو باحیات کو حیات دینا لازم آتا ہے جو یقیناً خلاف عقل اور باطل ہے یا پھر یہ کہا جائے کہ حیات قبر کے بعد پھر موت دی جائے گی اور پھر حشر میں حیات ہو گی تو یہ خلاف اجماع ہو گا کیوں کہ قبر اور حشر کے درمیان موت آنے کا کوئی قائل نہیں ہے۔ اس لیے "ثُمَّ يُحْيِيكُمْ۔ "کو حیات قبر پر محمول کرنا درست نہیں ہے، پھر حضرت شاہ عبد العزیزؒ نے یہ فرمایا ہے کہ قبر میں حیات در حقیقت نہیں ہوتی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں: ''بلکہ تحقیق یہ ہے کہ حیات کے معنی ہیں روح کا بدن سے تعلق ہونا اور قبر میں روح کا بدن سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے بلکہ روح کے بدن سے جدا ہونے کے بعد بھی روح والا شعور اور ادراک بدن کے ساتھ باقی رہتا ہے اسی کو حیات سے تعبیر کر دیتے ہیں۔[21]

۳۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً"[22] "اور جس وقت ارشاد فرمایا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ ضرور میں بناؤں گا زمین میں ایک نائب۔" اس ارشاد باری میں اللہ پر ایمان کے بعد نبوت کا مسئلہ مذکور ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ایسا بندہ بھیجیں گے جس کی اطاعت فرض ہو گی اور یہ کہ اللہ کی وہی اطاعت معتبر ہو گی جو اللہ کے ہی حکم سے غیر اللہ کی اطاعت کے ذریعہ ہو اور وہ (اطاعت غیر) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے حق میں فاصلہ اور واسطہ ہو گی، یہی معنیٰ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: "أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ"[23] اور "إِلَّا لِيُطَاعَ" کے ہیں اور قرآن کریم سے ہی اخذ کر کے انہیں دونوں چیزوں کو الگ سے ظاہر کرنے کے لیے "قل ومن یعص اللہ ورسولہ" والی حدیث آئی ہے اور شاید اپنی عقل کے تقاضے سے کسی کی اطاعت خود اپنے نفس کی اطاعت ہو گی (کہ اپنی عقل و نفس نے جس کی اطاعت سمجھا دی اسی کی اطاعت میں لگ گئے) اور غیر اللہ کی اطاعت کی پہچان ذات مطاع کے حکم سے ہو گی اور اس آیت میں اس بات کا بھی بیان ہے کہ حسن و قبح شرعی ہے یا عقلی؟ نیز شہرستانی کے ذکر کے مطابق اس میں عدل و جور، اسماء و احکام اور وعدہ و وعید کا بھی بیان ہے اور اس میں خیر و شر کی تقدیر کا نیز اس بات کا بیان ہے کہ (ہر چیز) کی انتہاء اللہ تعالیٰ کے علم پر ہے اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اسماء

حصہ ذکر کیا اور ساتھ ہی اس میں پائے جانے والے اشکال کا ذکر کیا ہے۔

۴۔ کئی مقامات پر علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے بہت طوالت سے کام لیا اور کہیں انتہائی اختصار سے کام لیا ہے۔ تاہم طوالت کے باوجود مقامات غموض کی وجہ سے تشریح طلب ہیں۔

۵۔ کتاب کے محقق و مرتب کی جانب سے کتاب کی تخریج و تحقیق کی گئی ہے لیکن کئی مقامات پر اندراج صرف صفحات نمبر کے ہیں کتاب کا نام درج نہیں، جو ہنوز تخریج طلب ہیں۔[15]

۶۔ زیر بحث کتاب میں کسی خاص موضوع سے متعلق آیات پر بحث نہیں کی گئی بلکہ ہر قسم کے موضوعات سے متعلق آیات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

مشکلات القرآن سے کچھ مثالیں

۱۔ آیت: "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ"۔ کی آیت کو: "أُولَٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ"۔ والی آیت پیش نظر رکھ کر سمجھیں۔ اگر آپ یہ معلوم کریں کہ آپ سابق انبیاء کرام کے محمود تھے۔ تو اس پر قرآن کریم سے کیا دلیل ہے؟ تو میں عرض کروں گا کہ اس کی دلیل فرمان باری تعالیٰ: "أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ" یہ وہ لوگ تھے جن کو ہدایت کی اللہ نے سو تو چل ان کے طریقے پر۔ یعنی ان کا طریقہ دراصل آپ کا ہی وہ طریقہ ہے جو باطنی طور پر آپ ﷺ سے ان کی طرف سرایت کیا ہوا ہے۔ اس لیے جب آپ ﷺ ان کے طریقہ کو اختیار کریں گے یہ ان کا آپ کے ہی طریق کو اختیار کرنا ہے۔ اس لیے کہ باطنی طور پر آپ ﷺ کو اولیت اور ظاہری طور پر آپ کو اخرویت حاصل ہے۔ اور اگر "[illegible]" سے مراد اس کے علاوہ کچھ اور ہوتا جو ہم نے لکھا ہے تو "فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ" ہوتا اور حدیث شریف: "کنت نبیا۔"۔ پہلے آچکی ہے۔ لہذا ہر وہ نبی جو آپ کے وقت ظہور سے پہلے آیا ہے، وہ اس شریعت کے لانے میں آپ کا ہی نائب ہے۔ اور اس کی تائید حضور ﷺ کی ایک حدیث میں اس ارشاد سے بھی ہوتی ہے: "کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ میری دونوں چھاتیوں کے درمیان رکھا۔" یعنی جیسا کہ باری تعالیٰ کے شایان شان تھا تو مجھے اولین و آخرین کا علم حاصل ہو گیا۔ کیونکہ اولین سے مراد وہی انبیاء ہیں جو آپ ﷺ کے جسد شریف کے پس پردہ ہونے کے وقت ظہور میں آپ سے پہلے ہیں۔[19]

۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: "كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ"۔ اس آیت کے ذیل میں حضرت انور شاہ کشمیری علیہ الرحمہ نے تفسیر فتح العزیز سے ایک اقتباس نقل کیا ہے اس کو سمجھنے کے لیے قدرے وضاحت کی ضرورت ہے وہ یہ کہ آیت کریمہ: "ثُمَّ

اپنی دوسری تالیفات میں ضمناً قرآن اور متعلقات قرآن کے کئی پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ جس سے ان کی قرآن اور علوم القرآن سے متعلق آراء کا پتہ چلتا ہے۔ انہوں نے جن کتب میں ضمناً قرآن کا مطالعہ پیش کیا ہے ان میں:

۱۔ صحیح بخاری کی شرح فیض الباری کی "کتاب التفسیر"

۲۔ انوار المحمود علی سنن ابی داؤد کے "باب فی القرآن" کے تحت۔

ان کے تفسیری نکات محض کتاب التفسیر یا باب فی القرآن تک ہی محدود نہیں بلکہ جہاں شرح حدیث کے دوران کسی بھی مقام پر آیت در آئی تو اس کی تفسیر اور ضرورت کے مطابق تفسیری نکات بھی بیان کیے گئے ہیں۔

۳۔ "خاتم النبیین" چھیانوے صفحات پر آیت: ماکان۔۔۔ کی فارسی تفسیر

۴۔ "عقیدۃ الاسلام فی حیاۃ عیسیٰ علیہ السلام" میں عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق اور ضمناً یاجوج ماجوج سے متعلق آیات کی تفسیر، قرآن اور علوم قرآن میں گہرائی پر شاہد ہے۔

ذیل میں اولاً "مشکلات القرآن" کا تعارف اور اس سے کچھ نمونہ جات اور ثانیاً علامہ کشمیری کی دوسری تالیفات سے تفسیری افادات پیش کیے جارہے ہیں:

مشکلات القرآن

کتاب "مشکلات القرآن"[13] میں علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے قرآن مجید کی ۴۸ سورتوں سے ۱۹۰ آیات کا مطالعہ پیش کیا ہے۔ انہوں نے اس کتاب میں ان آیات پر قلم اٹھایا ہے جن کے معانی سمجھنے میں مشکل پیش آتی ہے اور جن آیات کے معانی میں مفسرین کا اختلاف پایا جاتا ہے۔ یہ کتاب ۲۹۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتاب عربی زبان میں ہے لیکن کچھ مقامات فارسی میں بھی بیان کیے گئے ہیں۔ علامہ یوسف بنوریؒ نے مشکلات القرآن کا ۱۳۲ صفحات پر پھیلا ہوا مقدمہ بعنوان "انحاء علامۃ الکشمیری" تحریر کیا ہے۔ اس مقدمہ میں علامہ کشمیری کے حالات، علوم قرآنی و رموز تفسیر اور تفسیری قواعد و ضوابط کو تفصیلاً بیان کیا ہے۔ ڈاکٹر سلیم قدوائی نے مولانا یوسف بنوری کا نام دیکھ کر خیال "مشکلات القرآن" کا مرتب کیا ہے[14] حالانکہ کتاب کی ترتیب اور تفصیل طلب مقامات کی تخریج مولانا سید محمد محمد رضا بجنوری نے حواشی میں کی ہے۔

مشکلات القرآن میں علامہ کشمیری کا منہج

علامہ کشمیری نے مشکلات القرآن میں جو طریقہ کار اختیار کیا ہے اس کا بیان درج ذیل ہے:

۱۔ مشکلات القرآن میں جن آیات کو پیش کیا گیا ہے ان میں سے کئی آیات کے اشکال کا حل علامہ کشمیری نے پیش کیا ہے جب کہ بعض مقامات میں انہوں نے اشکال کے حل کے لیے دیگر مصادر کی نشاندہی کی ہے۔

۲۔ مشکلات القرآن میں علامہ کشمیری نے آیات کے اشکال کے ازالہ کے لیے دیگر آیات، احادیث اور آثار سے مدد لی گئی ہے۔

۳۔ زیر نظر کتاب میں علامہ موصوف نے قدیم مصنفین کے طریقہ کار کو اپنایا ہے۔ قرآنی آیت یا آیت کا کوئی

کے محتویات کو دیکھتے ہوئے اس کی علمی اہمیت اور معنویت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ علامہ کشمیری کے علمی مقام کا زمانہ معترف ہے۔ علامہ اقبال نے ان کی علمی حیثیت بیان کرتے ہوئے فرمایا: "اسلام کی آخری پانچ سو سالہ تاریخ مولانا انور شاہ کشمیری کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ہے۔ فقہ کی تدوین میرے پیش نظر تھی اس کے لیے مناسب شخصیت ان کے سوا عالم اسلام میں کوئی نہ تھی۔"[2] ۱۳۲۰ھ میں علامہ رشید رضا مصری (۱۹۳۵ء)[3] مدیر "المنار" دیوبند تشریف لائے اور علامہ انور شاہ کشمیری کی برجستہ عربی زبان میں محدثانہ و محققانہ گفتگو سنی تو بار بار کرسی سے اٹھتے تھے اور فرماتے تھے: "[illegible]"[4] عالم اسلام کے عہد حاضر کے ایک اسکالر علامہ زاہد الکوثری (۱۹۵۲ء)[5] ترکی کے حنفی عالم، صاحب تصانیف کثیرہ نے شاہ صاحب کی تصنیفات کا مطالعہ کرنے کے بعد فرمایا: "احادیث سے دقیق مسائل کے استنباط میں شیخ ابن ہمام صاحب فتح القدیر کے بعد ایسا محدث و عالم امت میں نہیں گزرا۔"[6] وہ کمال درجے کا حافظہ رکھتے تھے۔ ضخیم اور کئی کئی جلدوں میں پھیلی ہوئی کتابوں کے ایک بار مطالعہ سے اس قدر ازبر ہوتیں کہ جب چاہتے اس سے استفادہ کرتے۔ انہیں چلتا پھرتا کتب خانہ کہا جاتا تھا۔[7] جہاں تک علامہ کشمیریؒ کے قرآن اور متعلقاتِ قرآنی کی بابت مطالعے کا تعلق ہے تو ڈاکٹر رضوان اللہ (استاد شعبہ سنی دینیات: ۱۹۷۴ء) نے لکھا ہے کہ زندگی کے آخری ایام میں قرآن حکیم اور اس کے متعلقہ علوم سے ان کا شغف غیر معمولی طور پر بڑھ گیا تھا وہ خود فرماتے تھے کہ اگر آدمی صحیح بصیرت سے احادیث میں غور و فکر کرے تو اس کو معلوم ہو گا کہ اکثر و بیشتر احادیث قرآن کے اجمال کا بیان اور اس کے اشارات کی توضیحات ہیں بلکہ کثرت سے ایسی احادیث ہیں جن میں تعمیرات قرآنی کے لطیف اشارات ملتے ہیں۔[8] مذکورہ بالا سطور میں علامہ کشمیریؒ کے بارے میں علماء کی آراء سے ان کے قرآنی افادات و نگارشات کے مطالعہ کی اہمیت پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے اور اس لائق ہے کہ ان افادات کا تحقیقی مطالعہ کیا جائے۔ ذیل کی سطور میں ان افادات کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا جا رہا ہے۔

علامہ انور شاہ کشمیری کا مطالعہ قرآن

علامہ انور شاہ کشمیریؒ کا علم کسی ایک فن تک محدود نہ تھا۔ انہیں تمام علومِ متداولہ میں درجۂ اجتہاد حاصل تھا۔ اپنی زندگی کے آخری ایام میں قرآن مجید اور اس کے متعلقہ علوم سے اس کا شغف غیر معمولی طور پر بڑھ گیا تھا۔[9] علامہ کشمیریؒ باکمال حافظہ کے باوجود حافظ قرآن نہیں تھے اس حقیقت کے پیش نظر علامہ کشمیری کے تلمیذ رشید علامہ مناظر احسن گیلانی نے ان سے قرآن مجید کے حفظ نہ کرنے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے جواب دیا: "قسمت، بخت، واللہ اعلم۔" مگر۔ ایک موقع پر اسی سوال کے جواب میں فرمایا: "قرآن کھول کر بیٹھتا ہوں تو اس کے بلاغت و اعجاز، معانی و جزالت، شوکت و دروبست میں محویت اس قدر ہوتی ہے کہ ایک آیت سے بھی آگے بڑھ نہیں سکتا۔"[10] قاضی زین العابدین سجاد کہتے ہیں کہ: "مجھے یقین ہے کہ اصل بات یہی تھی۔"[11]

علامہ کشمیری نے "مشکلات القرآن" کے علاوہ قرآنیات پر کوئی مستقل کتاب[12] تو تحریر نہیں کی لیکن انہوں نے

برصغیر کے علماء کا قرآنیات میں حصہ

(علامہ انور شاہ کشمیری کے افادات کا اختصاصی مطالعہ)

Contribution of Scholars of Subcontinent towards Qur'anic Studies

(Special Study of Allama Anwar Shah Kashmiri's Illuminations)

*ڈاکٹر محمد طیب خان

** ڈاکٹر ثناء اللہ حسین

ABSTRACT:

Anwar Shah Kashmiri (1875-1933) was one of the prominent scholars of the sub-continent who, although not primarily secondary, did a remarkable job in the study of the Qur'an and its sciences. Most of his work was on Hadith, but his work on the Qur'anic Verses those apparently hard to comprehend in "Mashiklat al-Qur'an", is considered his main work on the Qur'an.

In his commentary on the primary sources of Hadiths, he unveiled various points and ideas on Qur'anic sciences. He took up the issues while explaining the Hadiths related to exegeses, the I'jaz al-Qur'an, Abrogation (Naskh) in the Qur'an, Qur'anic Oaths and their understanding, and the meanings of the Seven Letter (Sab'ah ahruf).

His other work on this subject lies in his book "Katam al-Nabiyyin", in which his exegeses on a verse about the finality of the Prophet (PBUH) covers ninety-six (96) pages. His views in his book "Aqeedah al-Islam fi Hayat Isa (A.H.)" about the life of Jesus (A.H.) and Yajuj Majuj are also related to Quranic sciences and a piece of strong evidence of his interaction with a profound understanding of the Quranic Studies. This article discusses Allama's Contribution to Quranic Sciences.

KEYWORDS:

Quranic Studies, Sub-Continent, Muslim Scholars, Allama Anwar Shah, Contribution,

برصغیر کے علماء میں علامہ انور شاہ کشمیریؒ[1] کا جو مطالعہ قرآن منظرِ عام پر موجود ہے وہ ہے تو ضمنی نوعیت کا لیکن اس

*لیکچرر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

**چیئرمین شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code

Article	برصغیر کے علماء کا قرآنیات میں حصہ (علامہ انور شاہ کشمیری کے افادات کا اختصاصی مطالعہ) Contribution of Scholars of Subcontinent towards Qur'anic Studies (Special Study of Allama Anwar Shah Kashmiri's Illuminations)
Authors	Dr. Muhammad Tayyab Khan[1] Dr. Sana Ullah Husain[1]
Affiliations	[1] Department of Quran & Tafseer, Allama Iqbal Open University, Islamabad.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u5
QR Code	
Citation	Tayyab Khan, Muhammad, Dr. and Sanaullah Husain, Dr. *"Contribution of Scholars of Subcontinent towards Qur'anic Studies (Special Study of Allama Anwar Shah Kashmiri's Illuminations)"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 77–97
Copyright Information:	برصغیر کے علماء کا قرآنیات میں حصہ (علامہ انور شاہ کشمیری کے افادات کا اختصاصی مطالعہ) Contribution of Scholars of Subcontinent towards Qur'anic Studies (Special Study of Allama Anwar Shah Kashmiri's Illuminations) © June 2022 by Dr. Muhammad Tayyab Khan & Dr. Sana Ullah Husain is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

28۔ جلال الدین السیوطی، عبد الرحمٰن بن ابی بکر، الآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ دار المعرفۃ، بیروت 2/163

29۔ ابن قیم الجوزیہ، المنار المنیف، ص56

30۔ ابن قیم الجوزیہ، المنار المنیف، ص139

31۔ ابن عراق، علی بن محمد بن عراق الکنانی، تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ، دالکتب العلمیۃ، بیروت، س ن، 1/283

32۔ ابن الجوزی، ابی الفرج عبد الرحمٰن بن علی بن محمد، کتاب الموضوعات، مکتبۃ اضواء السلف، الریاض، س ن، 1/106

33۔ ابن عراق، تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ، 1/250

34۔ ابن عراق، تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ، 1/6

35۔ الشوکانی، محمد بن علی، الفوائد المجموعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، دالکتب العلمیۃ، بیروت، س ن، ص11

36۔ السخاوی، محمد بن عبد الرحمٰن، فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث، مکتبہ دار المنہاج، الریاض، س ن، 1/269

37۔ ابن قیم الجوزیہ، المنار المنیف، ص50

38۔ ابن عراق، تنزیہ الشریعۃ المرفوعہ، 1/7

39۔ الشوکانی، الفوائد المجموعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، ص206

40۔ ابن قیم الجوزیہ، المنار المنیف، ص102

41۔ ابن قیم الجوزیہ، المنار المنیف، ص102

42۔ السباعی، مصطفیٰ حسنی، السنۃ ومکانتھا فی التشریع الاسلامی، المکتب الاسلامی، بیروت، ص154

43۔ السخاوی، محمد بن عبد الرحمٰن، المقاصد الحسنۃ، دالکتب العلمیۃ، بیروت، س ن، 1/153

44۔ ابن الجوزی، الموضوعات، 1/106

45۔ السخاوی، المقاصد الحسنۃ، 1/182

46۔ البخاری، الجامع الصحیح، کتاب المحاربین، باب من اظہر الفاحشۃ واللطخ والتہمۃ بغیر بینۃ، حدیث:6856

47۔ عبد الرؤف قادری داناپوری، اصح السیر، نور محمد اصح المطابع کارخانہ تجارت کتب کراچی، 1932ء، ص:256

حواشی وحوالہ جات

1۔ الافریقی، ابن منظور، لسان العرب، موسسۃ الاعلمی للمطبوعات، س ن، 1/1266

2۔ ابن حجر العسقلانی، احمد بن علی، نزھۃ النظر شرح نخبۃ الفکر فی مصطلح اھل الاثر، مکتبۃ الرشد، الریاض، س ن، ص55

3۔ السیوطی، عبد الرحمٰن بن ابی بکر، تدریب الراوی، 911م، دار ابن الجوزی، بیروت، س ن، 1/22

4۔ سورۃ النور:24/12

5۔ ابنِ کثیر، ابو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر، 774ھ، تفسیر القرآن العظیم، 5، دار السلام، لاہور، س ن، 3/273

6۔ ابن حجر عسقلانی، احمد بن علی بن محمد، نزھۃ النظر، مکتبۃ البشریٰ، لاہور، س ن، ص56

7۔ اَبو داوٗد، امام، سلیمان بن الاشعث السجستانی، سنن اَبی داوٗد، کتاب الطہارۃ، باب فی اسباغ الوضوء، دار الحدیث، بیروت، حدیث:97

8۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب الزکوۃ، باب الصدقۃ بالیمین، دار الحدیث، بیروت، س ن، حدیث:165

9۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب الزکوۃ، باب الصدقۃ بالیمین، حدیث:1423

10۔ مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب فضل إخفاء الصدقۃ، دار الحدیث، بیروت، س ن، حدیث:1031

11۔ مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الصیام، باب قضاء الصیام عن المیّت، حدیث:1148

12۔ احمد امام، احمد بن حنبل، مُسْنَدُ الْاَنْصَارِ، حَدِیثُ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، دار الفکر، المکتب الاسلامی، بیروت، س ن، 35/497

13۔ ابن منظور افریقی، لسان العرب، دار الکتب العلمیہ، بیروت، س ن، 9/91

14۔ ابن الصلاح، ابو عمرو عثمان بن عبد الرحمن، مقدمۃ ابن الصلاح فی علوم الحدیث، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، س ن، ص143

15۔ البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الطب، باب الجذام، حدیث:5707

16۔ البخاری، الجامع الصحیح، کتاب الطب، باب الجذام، حدیث:5707

17۔ العثیمین، محمد بن صالح، الاصول من علم الاصول، دار الایمان، بیروت، 2001م، ص40

18۔ مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح، کتاب الجنائز، بَابٌ: اسْتِئْذَانُ النَّبِیِّ رَبَّہُ عَزَّوَجَلَّ فِی زِیَارَۃِ قَبْرِ أُمِّہِ، حدیث:977

19۔ نسائی، احمد بن شعیب، السنن، کتاب صفۃ الوضوء، باب ترک الوضوء مما غیرت النار، دار الحدیث، بیروت، س ن، حدیث:185

20۔ ترمذی ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ، الجامع، ابواب الصوم عن رسول اللہ، باب کراھیۃ الحجامۃ للصائم، دالحدیث، بیروت، س ن، حدیث:774

21۔ ترمذی، الجامع، ابواب الصوم عن رسول اللہ، باب ماجاء من الرخصۃ فی ذلک، حدیث:706

22۔ البخاری، الجامع الصحیح، کتاب جزاء الصید، باب تزویج المحرم، حدیث:1837

23۔ مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح، کِتَابُ النِّکَاحُ، بَابُ تَحْرِیمُ نِکَاحِ الْمُحْرِمِ، وَکَرَاھَۃُ خِطْبَتِہِ، حدیث:1411

24۔ احمد بن حنبل، المسند، مِنْ مُسْنَدِ الْقَبَائِلِ، حَدِیثُ أَبِی رَافِعٍ، دار الفکر المکتب الاسلامی، بیروت، س ن، 45/173

25۔ العثیمین، الاصول من علم الاصول، ص63

26۔ احمد بن حنبل، المسند، مُسْنَدُ الْمَکِّیِّینَ، حَدِیثُ أَبِی أُسَیْدٍ السَّاعِدِیِّ. 25/456

27۔ ابن القیّم الجوزیۃ، المنار المنیف، دار عالم الفوائد، بیروت، س ن، ص:80

"جس طرح یہ ضروری ہے کہ موضوع اور جھوٹی احادیث رد کر دی جائیں اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی صحیح تعلیم ترک نہ ہونے پائے۔ اس لیے تحقیق کی اصل چیز اسانید ہیں۔ کیوں کہ یہ اسانید ثقہ اور معتبر لوگوں کی شہادتیں ہیں۔ جو روایتیں مستند اور صحیح الاسناد ہوں ان کو قبول کرنا واجب ہے۔"

مزید لکھتے ہیں:

"محدثین تو احادیث کا محض عقل و قیاس کی بنا پر کیا انکار کریں گے۔ بہت سے محدثین امام ابو حنیفہ کو صاحب قیاس و اہل الرائے کہتے ہیں مگر وہ بھی یہی کہتے ہیں کہ جب صحیح رسول اللہ ﷺ کی حدیث مل جائے تو قیاس و رائے کو ترک کر دو۔ فقہ حنفی کی کتابیں اٹھا کر دیکھو صدہا مسائل میں وہ لکھتے ہیں، اگرچہ قیاس کا اقتضاء مگر فلاں حدیث کی وجہ سے قیاس ترک کر دیا۔"[47]

اس سے معلوم ہوا کہ حدیث کے رد و قبول میں متن کے ساتھ سند اور سند کے ساتھ متن دونوں قسم کے اصولوں کی ملحوظ رکھا جائے گا صرف ایک سے نہیں بلکہ دونوں کی روشنی میں قبول اور رد و قبول کا فیصلہ ہو گا اور صحیح الاسناد روایات کے رد سے اجتناب ضروری ہے۔

خلاصہ بحث

محدثین نے کسی بھی حدیث کی جانچ پڑتال کرنے اور اس کی صحت کو جانچنے کے لیے سند اور متن دونوں کو پرکھنے کا اہتمام کیا ہے۔ جہاں سند کے راویوں کی عدالت اور ضبط کو پرکھا گیا وہیں متن میں یہ دیکھا گیا کہ یہ روایت دیگر احادیث کے مخالف تو نہیں۔ جہاں سند کے اتصال کو صحتِ حدیث کے لیے ضروری سمجھا گیا وہیں منسوخ یا مرجوح متن کو مردود کی اقسام میں شمار کیا گیا۔ جہاں صحتِ حدیث کے لیے سند کا علت اور شذوذ سے عاری ہونا شرط قرار دیا گیا وہاں یہ ہی شرط متن کے لیے بھی عائد کی گئی۔ الغرض محدثین نے صحتِ حدیث میں متن کی جانچ پڑتال کا بھی اسی قدر اہتمام کیا ہے جتنا سند کا کیا ہے۔ اس کے علاوہ متن کے لیے کئی ایسی ظاہری علامات بھی ذکر فرمائیں جو ضعفِ حدیث کے قرآئن بن سکتے ہیں۔ لہٰذا کسی بھی حدیث پر قبول یا عدم قبول کا فیصلہ سند اور متن دونوں کی تحقیق کے بعد ہو سکتا ہے یہ دونوں چیزیں ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ البتہ کسی بھی صحیح السند اور صحیح المتن روایت کو صرف اس بناء پر رد کرنا قطعاً درست نہیں کہ یہ عقل کے خلاف یا منافی ہے کیوں کہ بعض شرعی احکامات اور روایات ایسی بھی ہیں جو عقل سے بالاتر ہیں یعنی انسان کی عقل کے لیے مشکل ہے کہ پوری طرح ان کا احاطہ کر سکے۔ سو انہیں من و عن تسلیم کرنا بھی درایتی اصولوں کے منافی نہیں۔

ہو چکے تھے اور حضرت امیر معاویہؓ تو خیبر کے موقع پر مسلمان ہی نہیں ہوئے تھے وہ اس موقع پر نبی ﷺ کے کاتب کیسے ہو سکتے تھے۔ دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ خیبر کے موقع تک تو جزیہ کا حکم ہی نازل نہیں ہوا تھا یہ حکم تو غزوۂ تبوک کے بعد 9 ہجری میں نازل ہوا۔

9۔ جو روایت شہوت و فساد کی داعی ہو۔[42]

اس کی مثال میں وہ غیر معتبر روایت آئے گی جس میں عورتوں کے بارے میں ہے "عقولهن فی فروجهن۔ "[43]

10۔ جو روایت حکمت و اصولِ اخلاق سے متعارض ہو۔[44]

اس میں وہ روایت آسکتی ہے جس میں ہے:

"لو اغتسل اللوطي بماء البحر لم يجيء يوم القيامة الا جنبا" [45]

کیا محض درایت یا عقل کی بنا پر حدیث پر حکم لگ سکتا ہے؟

محدثین کرام سے کوئی بھی ایسی حدیث آج تک نقل نہیں کی جا سکی، جس میں سند سے بحث کیے بغیر محدثین نے متن میں صرف علامت کی موجودگی کی بنا پر حدیث پر مردود کا حکم لگایا ہو۔ ذوق و تجربہ حدیث کی صحت و ضعف کی پہچان کے لیے ایک اضافی علامت تو بن سکتا ہے مگر صرف اسی کو درایت کے لیے معیار ٹھہرانا اور اس پر انحصار کرتے ہوئے انسانی عقل و فراست کی بنیاد پر حدیث کا رد کسی صورت درست نہیں کیوں کہ فیصلے کے لیے اعتبار بینۃ کا ہوتا ہے محض عقل و تجربے کا نہیں۔

جیسے نبی ﷺ نے لعان والے واقعہ میں صاف فرمایا تھا:

"لو رجمت احدا بغير بينة رجمت هذه" [46]

اور جن احادیث کو محدثین نے اصول درایت کی رو سے رد کیا ہے ان کی اسناد میں بھی ضرور ایسے سقم اور نقص موجود ہیں جس کی بنا پر وہ روایت متعبر نہیں ٹھہرتی۔ ان کو بیان کرنے والے رواۃ کی عدالت مجروح ہے یا ان کے ضبط میں خفت پائی جاتی ہے۔ سند میں انقطاع، شذوذ یا علت موجود ہے۔ ایسا ہو ہی نہیں سکتا کہ کوئی حدیث سند کے اعتبار سے بھی محدثین کے اصولِ صحت پر پوری اترتی ہو اور اس کے معنیٰ میں مذکورہ سقم پایا جائے یا وہ قرآن، حدیث، اجماع وغیرہ کے خلاف ہو۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ پڑھنے اور سمجھنے والے کے فہم اور استدراک سے اصل معنیٰ بالاتر ہو۔ بعض لوگوں کا یہ طرز عمل بھی ہے انہوں نے شریعت میں ذکر کردہ بہت سے ایسے امور جو بہ ظاہر عقل سے بالاتر ہیں انہیں خلافِ عقل کا نام دے کر رد کرنے کی روش کو اپنایا ہے۔ مثلاً انبیاء کے معجزات، خرقِ عادت واقعات، بعض احادیث وغیرہ۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ احادیث میں بیان کردہ کئی چیزیں انسانی عقل سے بالاتر ضرور ہیں لیکن انہیں خلاف عقل نہیں کہا جا سکتا۔ صحیح حدیث کی قبولیت کی بابت عبد الرؤف قادری داناپوریؒ لکھتے ہیں:

"يحشر اولاد الزنا (يوم القيمة) في صورة القردة والخنازير"[28]

یہ روایت قرآنی آیت "وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ" کے صریح خلاف ہے۔

2۔ جو روایت بالصراحۃ سنت کے خلاف ہو[29]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

"اذا دعت احدكم وهو في الصلوة فليجب واذا دعاه ابوه فلا يجب۔ "[30]

3۔ جو روایت اجماعِ امت کے خلاف ہو[31]

اس کی مثال ہر وہ روایت ہے جس میں علیؓ کے وصی اور خلیفہ بلافصل ہونے کا ذکر ہے کیوں کہ امت کا اجماع ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے بعد بالصراحۃ خلافت کے لیے کسی کی بھی نامزدگی نہیں فرمائی۔

4۔ جو روایت عقل عام کے خلاف ہو[32]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

"ان سفينة نوح طافت بالبيت سبعا وصلت عند البيت ركعتين "[33]

5۔ جو روایت حس، مشاہدہ اور عادت کے خلاف ہو[34]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

"السواك يزيد الرجل فصاحة "[35]

6۔ جس روایت میں معمولی عمل پر بہت بڑے اجر کا ذکر ہو[36]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

"من صلي الضحى كذا وكذا ركعة اعطى ثواب سبعين نبيا "[37]

7۔ جس روایت میں معمولی گناہ پر بہت بڑی وعید کا ذکر ہو[38]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

"من قرض بيت شعر بعد العشاء الاخرة لم تقبل صلاته اربعين يوما۔ "[39]

8۔ جو روایت تاریخی حقائق کے خلاف ہو۔[40]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں ہے:

"رسول اللہ ﷺ نے اہلِ خیبر سے جزیہ معاف فرمادیا اور اس کے شاہد سعد بن معاذؓ اور کاتب معاویہؓ ہیں۔"[41]

تاریخی شواہد کے مطابق یہ روایت باطل ہے کیوں کہ حضرت سعد بن معاذؓ تو خیبر سے پہلے خندق کے موقع پر شہید

ہے جس میں فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ نے جب میرے ساتھ نکاح کیا اس وقت آپ محرم نہیں بلکہ حلال تھے[23] اسی طرح حضرت ابو رافعؓ جو اس رشتے میں فریقین کے وکیل تھے ان کا قول بھی سیدہ میمونہؓ کے قول کا موید ہے[24] ایسی صورتِ حال میں سیدہ میمونہؓ اور ابو رافعؓ کی بات کو ابنِ عباسؓ کی بات پر ترجیح دی جائے گی کیوں کہ میمونہؓ صاحبِ قصہ ہیں اور ابو رافعؓ تمام معاملات میں چشم دید ہیں پس ان کی بات دوسروں سے معتبر ہے۔

عالمِ عرب "الشیخ محمد بن صالح العثیمینؒ" نے ان اصولوں کا تذکرہ کیا ہے جن کی بناء پر کسی بھی حدیث کو ترجیح دی جاتی ہے۔ آپؒ لکھتے ہیں:

> "کسی بھی حدیث کو ترجیح دینے میں نصؓ کو ظاہر پر، ظاہر کو مؤول پر، منطوق کو مفہوم پر، صاحبِ قصہ کی بات کو دوسروں پر، عام محفوظ کو عام مخصوص پر اور جس حدیث میں صفاتِ قبول زیادہ ہوں اسے کم والی پر ترجیح دی جائے گی۔"[25]

5. ظاہری علامات

اصولِ درایت کے ضمن میں سند و متن کی جانچ پڑتال میں محدثین نے اصولوں کے ساتھ کچھ ایسی ظاہری علامات کا تذکرہ کیا ہے جو حدیث کے متن میں صحت و ضعف کی پہچان کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔ یاد رہے کہ ذیل میں جتنی بھی علامات کا تذکرہ کیا جائے گا وہ ظاہری کے ساتھ ساتھ اضافی بھی ہیں اس لیے کہ جن روایات میں یہ علامات پائی گئی ہیں ان میں اوّلاً سند میں شدید ضعف موجود ہے ساتھ میں مزید ایسی ظاہری علامات بھی پائی گئی ہیں جنہیں دیکھتے ہی ان کے ضعف میں مزید پختگی پیدا ہو گئی ہے۔ ایک مرفوع روایت میں بھی ایسی کچھ ظاہری علامات کا تذکرہ کیا گیا جو متن کی جانچ پڑتال معاونت کر سکتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

> "اذا سَمِعتُم الحديثَ عنّي تَعرِفُه قُلوبُكُم، وتَلينُ له أشْعارُكُم وأبْشارُكُم، وتَرَوْن أنَّه منكم قَريبٌ، فأنا أوْلاكُم به، وإذا سَمِعتُم الحديثَ عنّي تُنكِرُه قُلوبُكُم، وتَنفِرُ منه أشْعارُكُم وأبْشارُكُم، وتَرَوْن أنَّه منكم بَعيدٌ، فأنا أبْعَدُكُم منه"[26]
>
> "جب تم کوئی ایسی حدیث سنو جس سے تمہارے دل مانوس ہوں اور تمہارے بال کھال نرم رہیں اور تم اسے اپنے سے قریب سمجھو تو میں اس کا تم سے زیادہ حق دار ہوں اور اگر تم ایسی حدیث سنو جسے تمہارے دل قبول نہ کریں اور تمہارے بال اور کھال اس سے متوحش ہوں اور تم اسے اپنے سے دور خیال کرو تو میں تم سے بڑھ کر اس سے دور ہوں۔"

ذیل میں محدثین کی ذکر کردہ کچھ ظاہری علامات کا تذکرہ کیا جاتا ہے:

1۔ جو روایت بالصراحۃ قرآن کے خلاف ہو[27]

اس کی مثال وہ روایت ہے جس میں مذکور ہے:

اذن و حکم کے ساتھ ایسا ہونے کا امکان بتایا گیا ہے اور احتیاط کی ترغیب دی گئی ہے۔

3. نسخ الحدیث

نسخ کے لغوی معنی ختم کرنا، زائل کرنا اور مٹا دینا ہے اور اصطلاحِ شریعت میں اس کی حقیقت یہ ہے کہ شارع کی جانب سے حکم سابق کی مدت ختم ہو جانے کو بتلانا؛ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں بعض احکام موقت ہوتے ہیں، مدت کے پورے ہونے پر انتہا کو پہنچ جاتے ہیں اور حکم سابق کی جگہ دوسرا حکم دیا جاتا ہے۔ الشیخ محمد بن صالح العثیمینؒ لکھتے ہیں:

"النسخ لغة: الازالة والنقل۔ واصطلاحا: رفع حكم دليل شرعي او لفظه بدليل من الكتاب والسنة۔ "[17]

دلیلِ نسخ درج ذیل صورتوں میں ہوتی ہے:

1. کسی مرفوع حدیث میں وارد ہوتی ہے، جیسے حدیث مرفوع جس کے راوی حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا میں تم کو قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو، میں نے تم کو قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے کو منع کیا تھا، اب تم اس کو جتنے دن چاہو رکھو، میں تم کو چمڑوں کے مشکیزوں کے علاوہ میں نبیذ بنانے سے منع کیا تھا، اب تم جس برتن میں چاہو بناؤ مگر نشہ کا مشروب نہ پینا۔[18]
2. کئی دفعہ صحابی کے قول سے نسخ کا علم ہوتا ہے۔ جیسے حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آگ پر پکی ہوئی چیز سے وضو کرنا اور نہ کرنا دونوں رسول اللہ ﷺ کا عمل تھا اور بعد والا عمل وضو نہ کرنا ہے۔[19]
3. تاریخ کے ذریعہ بھی کسی حدیث کے نسخ کا علم ہوتا ہے، جیسے حضرت شداد بن اوسؓ کی حدیث کہ سینگی لگانے اور لگوانے والا دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔[20] جو معارض ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے روزے اور احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے۔[21] پس روزہ ٹوٹنے والی بات پہلے کی ہے اور ابن عباسؓ کی حدیث حجۃ الوداع کے موقع کی ہے پہلے والی منسوخ اور بعد والی ناسخ کہلائے گی۔

4. ترجیح الحدیث

جب کوئی حدیث کسی دوسری صحیح حدیث کے متن سے اس طرح متعارض اور مخالف ہو کہ دونوں کے مابین جمع و تطبیق ممکن ہو اور نہ ہی نسخ کی کسی صورت سے وہ اختلاف رفع ہو سکے تو متن کے ایسے اختلاف کو دور کرنے کے لیے ایک حدیث کو دوسری پر ترجیح دی جاتی ہے جس حدیث کو قبول کیا جائے وہ راجح جب کہ دوسری مرجوح کہلاتی ہے۔ جیسے سیدنا عبد اللہ بن عباسؓ نبی کریم ﷺ کی اپنی خالہ حضرت میمونہ کے ساتھ نکاح کی بابت فرماتے ہیں کہ آپ نے ان کے ساتھ نکاح فرمایا اس حال میں کہ آپ حالتِ احرام میں تھے[22] جب کہ دوسری روایت کو خود سیدہ میمونہؓ نے روایت کیا

2. مختلف الحدیث

لغت میں لفظ 'مختلف' اختلاف اور التخالف سے ماخوذ ہے جو اتفاق کی ضد ہے۔ ابن منظور لکھتے ہیں:

"تخالف الأمران، واختلفا: لم يتفقا، وكل ما لم يتساوى فقد تخالف واختلف" [13]

"دو معاملے آپس میں ایک دوسرے کے ناموافق ہو گئے اور مختلف ہو گئے یعنی متفق نہ ہو سکے، اسی طرح ہر وہ چیز جو برابر نہ ہو، تو وہ مختلف ہوتی ہے۔"

اِصطلاح میں اس علم سے مراد دو ایسی مقبول احادیث ہیں جو بظاہر باہم متعارض ہوں، لیکن ان میں تطبیق ممکن ہو، چنانچہ ابنِ صلاحؒ لکھتے ہیں:

"ان يمكن الجمع بين الحديثين ولا يتعذر إبداء وجه ينفي تنافيهما، فيتعين حينئذ المصير إلى ذلك والقول بهما معًا۔ "[14]

"دو حدیثوں کے مابین جمع (یعنی تطبیق) ممکن ہو اور کسی ایسی وجہ کا ظاہر ہونا مشکل نہ ہو جو دونوں حدیثوں کی باہمی مخالفت کی نفی کر دے، تو ایسی صورت میں تطبیق دینا طے شدہ امر ہے اور فتویٰ ان دونوں پر مبنی ہو گا۔"

بیان کردہ تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کوئی حدیث اس وقت تک علوم حدیث کی اس قسم میں شمار نہیں کی جائے گی جب تک اس میں درج ذیل چار شرائط نہ پائی جائیں:

1. حدیث مقبول ہو۔
2. جس حدیث سے اختلاف ہے وہ دوسری حدیث ہو جو پہلی حدیث کے ساتھ ظاہراً متعارض ہو۔ ایسی اَحادیث اور آثار کو 'مختلف الحدیث' میں شمار نہ کیا جائے گا جن کا پہلا حصہ دوسری حدیث کے آخری حصہ سے یا آخری حصہ پہلے حصے سے متعارض ہو۔ اس قسم کی اَحادیث کو 'مشکل الحدیث' میں شمار کیا جاتا ہے۔
3. متعارض حدیث قابلِ احتجاج ہو اگرچہ وہ رتبہ میں (صحیح اور حسن کے لحاظ سے) اپنے معارض کے برابر نہ بھی ہو۔
4. دو متضاد احادیث میں جمع و تطبیق ممکن ہو۔

جیسے حدیث "لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ "[15] اور حدیث "وَفِرَّ مِنْ الْمَجْذُومِ كَمَا تَفِرُّ مِنْ الْأَسَدِ"[16] دونوں حدیثیں باہم متعارض ہیں کیونکہ پہلی حدیث کے مطابق مرض کا تعدیہ نہیں ہوتا جب کہ دوسری کے مطابق تعدیہ ہوتا ہے۔ اور مختلف الحدیث کی مذکورہ تمام شرائط بھی اس میں موجود ہیں دونوں الفاظ ایک ہی حدیث کے ہیں جو قبولیت میں اعلیٰ ترین ہیں کیوں کہ صحیح بخاری میں مذکور ہیں۔ اختلاف بھی ظاہری ہے اور تطبیق بھی ممکن ہے اور وہ یہ ہے کہ مرض یا بیماری خود بخود متعدی ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتی جیسا کہ مشرکین مکہ کا یہ اعتقاد تھا۔ جب کہ دوسری روایت میں اللہ کے

کا تذکرہ کیا جاتا ہے:

1. متن میں شذوذ

اصطلاح محدثین میں متن میں شذوذ یہ ہے کہ ثقہ راوی (متن میں) اپنے سے زیادہ ثقہ راوی کی مخالفت کرے۔[6] اسے اصطلاح میں مخالفۃ الثقات کا نام بھی دیا جاتا ہے ثقہ کی روایت کو شاذ جب کہ اوثق کی روایت کو محفوظ کہا جاتا ہے۔ متن میں شذوذ کے اعتبار سے اس کی چار صورتیں ہو سکتی ہیں۔

ا۔ مدرج المتن

حدیث کے متن میں ایسا اضافہ جو بظاہر مرفوع حدیث کا حصہ معلوم ہو لیکن حقیقت میں وہ کسی راوی کی کہی گئی بات ہو مدرج المتن کہلاتا ہے اور ایسا عام طور پر حدیث کے آخر میں ہوتا ہے۔ البتہ متن کے شروع یا درمیان میں بھی ادراج ہو سکتا ہے۔ مدرج المتن کی مثال وہ روایت ہے جسے ابوہریرہؓ مرفوعاً بیان کرتے ہیں: "اسبغوا الوضوء، ویل للأعقاب من النار "[7] یہ پوری روایت مرفوع معلوم ہوتی ہے جب کہ میں وضاحت ہے کہ اسبغوا الوضوء [8] کے الفاظ ابوہریرہؓ کے ہیں جبکہ ویل للأعقاب من النار کے الفاظ نبی کریم ﷺ کے ہیں۔

ب۔ مقلوب المتن

راوی کا سہو یا غلطی سے حدیث کے متن میں کوئی تبدیلی کر دینا مقلوب المتن کہلاتا ہے جیسے بخاری کی ایک روایت کے مطابق عرش کا سایہ پانے والے سات لوگوں میں ایک آدمی جس نے چھپا کر صدقہ کیا حتیٰ کہ اس کا بایاں ہاتھ بھی نہیں جانتا کہ اس نے کیا خرچ کیا ہے۔[9] جب کہ مسلم میں دائیں کی بجائے بائیں کا ذکر ہے[10] جو کہ مقلوب المتن ہے۔

ج۔ اضطراب الحدیث

قوت میں برابر روایات کا باہمی ایسا ٹکراؤ جن میں نہ توجمع و تطبیق ممکن ہو اور نہ ہی ایک دوسرے پر ترجیح اضطراب الحدیث کہلاتا ہے۔ جیسے صحیح مسلم کی ایک روایت جس میں ایک آدمی کے نبی کریم ﷺ سے اپنی فوت شدہ والدہ کے روزوں کی قضا سے متعلقہ سوال کا ذکر ہے[11] جب کہ بعض دوسری روایات میں عورت کے سوال کرنے کا ذکر ہے اور ایک روایت میں بہن کے فوت ہونے کا ذکر ہے۔ یہ اضطراب الحدیث ہے۔

د۔ مصحف المتن

غلطی پر مبنی ایسے تغیر و تبدل کا نام ہے جس کی وجہ سے روایت اوثق کے مخالف ہو جائے۔ جیسے مسند احمد کی ایک روایت میں احتجم رسول الله ﷺ وهو في المسجد ہے جب کہ اصل لفظ احتجر رسول الله ﷺ[12] ہے اوثق رواۃ کی روایت سے اس کی تصدیق ہوتی ہے۔ یہ مصحف فی المتن ہے۔

غيري إذا اعلمه۔ "[1]

"دري يدري کے معنی کسی چیز کو جاننے کے ہیں جیسے کہا جائے کہ فلاں شخص بغیر درایت (علم) کے اس معاملے کو پہنچا۔ اسی طرح معرفت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح اس لفظ کا استعمال کسی کو کوئی چیز معلوم کروانے کے لیے بھی ہوتا ہے۔"

علم درایت کی تعریف کے ضمن میں حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

"علم الحديث دراية: هو علم بقوانين يعرف بها احوال السند والمتن"[2]

"درایتِ حدیث کا تعلق ایسے قوانین و اصول سے ہے جن کے ذریعے سند اور متن کے کل قسم کے احوال پر سیر حاصل بحث کی جا سکے۔"

مزید وضاحت کرتے ہوئے دوسری جگہ لکھتے ہیں:

"معرفة القواعد المعرفة بحال الراوي والمروي "[3]

"درایت، راوی اور روایت کی پہچان کروانے والے ضابطوں کو کہتے ہیں۔"

تو گویا درایت، حدیث کو صرف عقلی پیمانوں پر پرکھنا نہیں بلکہ سند کے ساتھ متن کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لینے کا نام ہے۔

علمِ درایت کی اہمیت اور قرآن

کسی بھی بات کی تحقیق کرتے ہوئے حالات و قرائن کی روشنی میں اس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے اور اس پر غور کرنے کی تعلیم قرآن مجید نے دی ہے۔ واقعۂ اِفک کے ضمن میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تربیت کے مختلف اصولوں کو ذکر کیا وہاں ایک یہ بھی تھا:

"لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ "[4]

"ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے (تہمت کی) اس بات کو سنا تو مومن مردوں اور عورتوں نے ایک دوسرے کے بارے اچھا گمان کیا ہوتا اور سب کہتے کہ یہ تو واضح بہتان ہے۔"

اس آیت سے معلوم ہوا کہ کچھ باتیں اور روایات و واقعات اس قدر باطل اور جھوٹے ہوتے ہیں کہ ان کے ظاہری الفاظ اور مفہوم ہی ان کے بطلان کو واضح کر رہا ہوتا ہے۔ اسی لیے تو حضرت ابو ایوب انصاریؓ نے جب اس بات کو سنا تو اپنی بیوی سے کہنے لگے: "یہ سراسر جھوٹ ہے۔ اے ام ایوب! کیا تم ایسا کر سکتی ہو؟" انہوں نے کہا: "واللہ نہیں" تو کہنے لگے: "اللہ کی قسم! عائشہؓ تم سے بہتر ہے۔"[5]

درایتِ حدیث میں اسلامی اصولِ تحقیق

محدثین نے درایتِ حدیث یعنی کسی بھی روایت کے متن کی تحقیق کے لیے جن اصولوں کو مد نظر رکھا ذیل میں کچھ

درایت حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا تجزیاتی مطالعہ

Analytical study of Islamic principles of research in the context of Hadith

*حافظ عرفان شفیق

** ڈاکٹر عتیق الرحمٰن

ABSTRACT:

The Muhadditheen has considered both, the certificate and the text (Matan), necessary to check the authenticity of Hadith. There are rules by which the text of any Hadith can be tested along with the certificate. Sometimes a Hadith meets all the authenticity criteria according to its certificates, but in its text, there is a mistake from Ravi which does not make his Hadith at the level of acceptance. So, the scholars of Hadith also considered "Dirayat" to declare the Hadith as an authentic one. "Dirayat" helps to test any Hadith on the parameters of reason, observation, and experience. According to scholars, the text of the Hadith should be researched not only on the basis of reasoning but also from all angles.

In this article, an attempt has been made to highlight the importance of knowledge in the Islamic principle of research and it has been presented that the decision to accept or reject any hadith can be made after researching both the certificate and the text. These two things are inseparable from each other

KEY WORDS:

Muhadditheen, Hadith, Dirayat, Text of the Hadith, Matan, Sanad, Islamic Principles of research

درایتِ حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا جائزہ لینے سے پہلے علم درایت کی لغوی و اصطلاحی تعریف اور اس علم کی اہمیت کے بارے مختصر وضاحت ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔

علم درایت کی تعریف

لغت میں درایت کے معنٰی جاننے اور معرفت کے ہیں۔ لسان العرب میں اس کی لغوی تشریح یوں بیان کی گئی ہے:

"دري: دري الشيء دريا ودريا عن اللحياني، ودرية ودريانا ودراية: علمه، ويقال: اتى هذا الامر من غير درية اى من غير علم، ويقال: دريت الشيء ادريه عرفة، ودرية

*پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور

**ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code:

Article	درایت حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا تجزیاتی مطالعہ Analytical study of Islamic principles of research in the context of Hadith
Authors	Hafiz Irfan Shafiq[1] Dr. Atiq ur Rehman[1]
Affiliations	[1] Department of Islamic Studies, University of Engineering & Technology, Lahore.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u4
QR Code	
Citation	Irfan Shafiq, Hafiz. and Atiq-ur-Rehman, Dr. *"Analytical study of Islamic principles of research in the context of Hadith"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 65–76
Copyright Information:	درایت حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا تجزیاتی مطالعہ Analytical study of Islamic principles of research in the context of Hadith © 2022 by Hafiz Irfan Shafiq & Dr. Atiq ur Rehman is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

35۔ پلوٹارک کلاڈیٹس کے عہد حکومت میں بیوشا میں تھئینز کے قریب کے قریب کیرونیا میں 46ق م کو پیدا ہوا اور 120ق م میں وفات پائی۔ پلوٹارک یونی سوانح نگار اور مؤرخ تھا۔ فلسفہ میں کمال مہارت رکھتا تھا۔ اس نے ڈومیشان کے دور میں اخلاقیات پر خطبات دیئے، جس کی وجہ سے اس کے کچھ مداح بن گئی مگر اصل شہرت سوانحی تحریروں سے ملی۔

36۔ لکرگس، اسپارٹا کا مشہور قانون دان تھا۔ تاہم اس کے حالات زیادہ معلوم نہیں۔ پلوٹارک نے اس کے قوانین وخیالات پر مبنی پورا باب "مشاہیر یونان وروما" میں لکھا ہے۔

37۔ پلوٹارک، مشاہیر یونان روما، مترجم: سید ہاشمی، مطبع انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ، 1919ء، 1/113، 114

38۔ ہولم، تاریخ یونان قدیم، 1/244

39۔ امیر علی، روح اسلام، ص223

40۔ منوشاستر، باب پنجم: 54-164

41۔ ہیوبارٹ، سلطنتوں کا انجام،، جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن، 1974ء ص129

42۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن،، ص102

43۔ ایضاً، ص103

44۔ پلوٹارک، مشاہیر یونان روما، مترجم: سید ہاشمی، ص113

45۔ مودودی، ابو الاعلیٰ سید، پردہ، اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، 2003، ص14

46۔ ول ڈیورانٹ، انسانی تہذیب کا ارتقاء، ص86

47۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص103

48۔ ہیوبارٹ، سلطنتوں کا انجام، ص141

49۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص104

50۔ منوشاستر، باب ہشتم، 417

51۔ یسین مظہر صدیقی، پروفیسر، تاریخ تہذیب اسلامی (عہد جالہ وعہد نبوی)، انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹو اسٹڈیز، نئی دہلی، 2016، 1/57

52۔ ایضاً، 1/58

53۔ امیر علی، روح اسلام، ص228

54۔ سورۃ الروم: 30/41

55۔ سورۃ القلم: 68/4

56۔ امام بخاری، الجامع الصحیح، کتاب المناقب، باب صفۃ النبی ﷺ، حدیث نمبر 3559

57۔ امام ابو داؤد، سنن ابو داؤد، کتاب الادب، باب فی حسن الخلق، حدیث نمبر 4799

58۔ امام ابو داؤد، سنن ابو داؤد، کتاب الادب، باب فی حسن الخلق، حدیث نمبر 4798

59۔ امام مسلم، الجامع الصحیح، باب تفسیر البر والاثم، حدیث نمبر 2553

نتائج) سے ڈرو۔ وہ پروردگار جس نے تمہیں اکیلی جان سے پیدا کیا (یعنی باپ سے پیدا کیا) اور اسی سے اس کا جوڑا بھی پیدا کیا (یعنی جس طرح مرد کی نسل سے لڑکا پیدا ہوتا ہے، لڑکی بھی پیدا ہوتی ہے) پھر ان دونوں کی نسل سے مردوں اور عورتوں کی بڑی تعداد دنیا میں پھیلا دی (اور رشتوں اور قرابتوں کا بہت بڑا دائرہ ظہور میں آگیا)۔ پس دیکھو جس کے نام پر ایک دوسرے سے (مہر و الفت کا) سوال کرتے ہو۔ قرابت داری کے معاملہ میں بے پرواہ نہ ہو جاو۔ یقین رکھو کہ اللہ تم پر (تمہارے اعمال کا) نگہبان ہے۔" نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یا ایھا الناس ان ربکم واحد و اباکم واحد الا لا فضل لعربی علی عجمی ولا لعجمی علی عربی ولا اسود علی احمر ولا احمر علی اسود الا بالتقویٰ۔ (امام بیہقی، شعب الایمان، حدیث نمبر 4760) "اے لوگو! تم سب کا خدا ایک ہے تم سب ایک ہی باپ کی اولاد ہو سنو کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کسی سیاہ کو سرخ پر کسی سرخ کو سیاہ پر کوئی فوقیت نہیں (نسل و رنگت کے سب امتیازات ہیچ ہیں) فضیلت کا دارومدار صرف تقویٰ اور خوف خدا پر ہے"۔

15۔ جبلتیں ایسے فطری یا موروثی میلانات ہیں جو تمام فکر و عمل کے مبتدا اور محرک ہوتی ہیں، خواہ یہ انفرادی ہوں یا اجتماعی ہوں۔ یہ ایسی بنیادیں ہیں جن پر افراد اور قوم کا کردار تدریجی طور پر تعمیر ہوتا ہے۔ (کمنڈ انلڈ، سماجی نفسیات، ص19)

16۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص27

17۔ ول ڈیورانٹ، انسانی تہذیب کا ارتقاء، مترجم: تنویر جہاں، فکشن ہاؤس، لاہور، 1993ء، ص85

18۔ ایضاً، ص88

19۔ ایضاً، ص82

20۔ ایضاً، ص86

21۔ سورۃ الرعد: 13/38

22۔ النور: 34/32

23۔ ہولم، تاریخ یونان قدیم، 1/244

24۔ ول ڈیورانٹ، انسانی تہذیب کا ارتقاء، ص84

25۔ ہولم، تاریخ یونان قدیم، 1/218

26۔ تسنویس، تاریخ ملل قدیمہ، مترجم: سید محمود اعظم فہمی، مسلم یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ، علی گڑھ، 1921ء، ص153، 154

27۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص104

28۔ امیر علی، روح اسلام، ص224

29۔ امیر علی، روح اسلام، ص224

30۔ یٰسین مظہر صدیقی، پروفیسر، تاریخ تہذیب اسلامی (عہد جالہ و عہد نبوی)، انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹو اسٹڈیز، نئی دہلی، 2012، 1/58

31۔ گستاؤلی بان، تمدن ہند، مترجم: سید علی بلگرامی، مقبول اکیڈمی، لاہور، ص245

32۔ ول ڈیورانٹ، انسانی تہذیب کا ارتقاء، ص84

33۔ ہولم، تاریخ یونان قدیم، 1/243

34۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص94

تہذیب میں اخلاقیات پر اتنا زور دیا گیا ہے اور سماجی زندگی میں اخلاقیات کے حوالے مکمل تعلیم بھی ملتی ہے اور نبی کریم ﷺ کا اسوہ بھی موجود ہے۔ آج اسلامی تہذیب کو حقیقی معنوں میں اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ جدید تہذیبی اثرات سے نہ صرف خود کو بچایا جاسکے بلکہ سماجی زندگی کا حقیقی اور فطری تصور بھی دیا جاسکے۔ انسانی سماج میں میں اخلاقیات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سماجی اخلاقی اقدار کو بھی اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام افراد کی تربیت کرتے ہوئے سماج کو اخلاقی طور پر بھی مضبوط بنایا جاسکے۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ سورۃ بنی اسرائیل:17/17

2۔ امام غزالی، احیاء علوم الدین، مترجم: محمد احسن صدیقی، دار الاشاعت کراچی، 1979، 3/39

3۔ شاہ ولی اللہ، حجۃ اللہ البالغہ، مترجم: خلیل احمد، اسلامی اکادمی، لاہور، 1977، ص254

4۔ حفظ الرحمٰن سیوہاروی، مولانا، اخلاق اور فلسفہ اخلاق، فاروقی پریس، دہلی، طبع دوم 1950ء، ص16

5۔ ایضاً، ص20

6۔ ایضاً، ص24

7۔ محمد مجیب، تاریخ تمدن ہند،، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند، نئی دہلی، ص14

8۔ جان ایس ہائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، مترجم: سید مبارز الدین رفعت، انجمن ترقی اردو دہلی، طبع اول، 1994ء، ص27

9۔ یونان کے جس قدیم زمانے کو عہد کلاسک کہتے ہیں اس میں اور ایطالیہ کے دور ترقی میں شہر سے مراد ریاست ہوتی تھی مگر ہمیشہ سے یہ شہر یا ریاستیں موجود نہ تھیں کیونکہ عصر قدیم میں ایک وقت ایسا تھا کہ زمین ایسے گروہوں کے قبضے میں ہوتی تھی جو تمدن کی بالکل ابتدائی حالت میں ہوتے تھے، ان گروہوں کو یونانی زبان میں ایتھنی کہتے تھے۔ ان کے پاس شہر یا ریاست قائم کرنے کے لیے کوئی علاقہ نہ تھا۔ (ولیم اسکاٹ فرگسن، یونانی شہنشایت، مترجم: محمد عنایت اللہ، جامع عثمانیہ، حیدر آباد، دکن، 1994ء، ص6)۔ یونانی شہر چھوٹے چھوٹے مقامات تھے، ان میں سب سے بڑا اور مشہور ترین شہر ایتھنز تھا۔ ایتھنز ہلینی نسلوں یا قبیلوں میں سے ایک یعنی ایونی یونانیوں کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ (جان ایس یائی لینڈ، مختصر تاریخ تمدن، ص65)

10۔ ہولم، تاریخ یونان قدیم، مترجم: ہاروں خان شیروانی، جامعہ عثمانیہ، حیدر آباد، دکن، 1/247

11۔ امیر علی، روح اسلام، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور 1992ء، ص260

12۔ آرتھر کرسٹن سین، ایران بعہد ساسانیاں، مترجم: ڈاکٹر محمد اقبال، انجمن ترقی اردو، دہلی 1941ء، 427

13۔ سورۃ الحجرات، 49/13

14۔ اس حوالے سے قرآن کریم کی بہت سی آیات اور احادیث مبارکہ میں تفصیل دیکھی جاسکتی ہے۔ مثال کے طور پر یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا۔ (سورۃ النساء:4/1) "اے انسانو! اپنے پروردگار (کی نافرمانی کے

کیا۔ انسان کو زندگی گزارنے کا ایسا طریقہ بتا دیا جن پر عمل پیرا ہو کر نہ صرف زندگی کو اسلامی بنیادوں پر گزار سکتے ہیں بلکہ سماج کو بھی اعلیٰ اخلاقی اقدار پر قائم کیا جا سکتا ہے۔

خلاصہ بحث

انسانی زندگی کا جائزہ لیا جائے تو انسانی تہذیبوں میں سماجی زندگی بہت اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اسی سے سماج ارتقاء کرتا ہے۔ اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ سماجی زندگی ایسی ہو کہ تمام انسان باہم مل جل کر مہذب زندگی بسر کر سکیں، اس لیے تہذیب بھی انسانی زندگی میں اولین حیثیت رکھتی ہے۔ اسی تہذیب سے انسان کا طرز معاشرت بھی منعکس ہوتا ہے اور قوموں کا سماجی عروج و زوال بھی اسی تہذیب و تمدن کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ سماجی عروج میں اقدار اور اخلاقیات کا عنصر سب سے اہم ہوتا ہے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سماجی زندگی کی حقیقی نوعیتوں اور رعنائیوں کا انسانی زندگی پر کس قدر غلبہ ہے۔

قدیم انسانی تہذیبوں (یونانی، رومی، ایرانی اور مصری) کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی سماجی زندگی آزادانہ طرز پر مبنی تھی، اخلاقیات کا کوئی تصور نہ تھا، طاقتور کمزور پر غالب سمجھا جاتا تھا، حقوق و فرائض کا بھی کوئی تصور نہ تھا، مرد حاکم اور عورت محکوم سمجھی جاتی تھی۔ سماجی روایات طبقاتی تقسیم کا شکار تھیں، کمزور طبقوں کو اپنی مرضی سے جینے کی آزادی نہیں ہوتی تھی اور غلاموں کے ساتھ تو بدتر سلوک کا تصور ملتا ہے۔ لونڈیوں کو اپنی ملکیت تصور کیا جاتا تھا اور ان کے ساتھ جیسا چاہتے سلوک کرتے تھے۔ عورتوں کو جنسی تسکین کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا، مرد جتنی چاہتا شادیاں کر سکتا تھا اور جب چاہتا ان کو چھوڑ سکتا تھا۔ کچھ معاشروں میں عورتوں کو بچے پیدا کرنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی اور بچوں کی تعلیم و تربیت کا بھی کوئی اعلیٰ نظام موجود نہیں تھا۔ بچوں کی تربیت کی زیادہ تر ذمہ داری غلاموں کے سپرد ہوتی تھی جو خود بد اخلاق ہوتے تھے، جس کا اثر بچوں پر بھی ہوتا تھا اور یہی بچے جب بڑے ہوتے تو سماج اخلاقی خرابیوں کا شکار ہو جاتا تھا۔

اسلامی تہذیب میں سماجی زندگی کے حوالے سے باقاعدہ اصول و ضوابط دیئے گئے، سماجی زندگی میں معاشرے کے تمام افراد کو بطور انسان حقوق عطا کیے گئے اور سماجی اخلاقیات کا اعلیٰ تصور بھی سامنے آیا۔ انسانی تہذیب کی بنیاد پر اخلاقی اقدار قائم رہ سکتی ہیں، اور انسانی تہذیبوں میں اسلامی تہذیب وہ عملی طریقہ ہے جس سے شخصیت کی نشو و نما ہوتی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام قدیم تہذیبوں کی معاشرتی زندگی کا جائزہ لیتے ہوئے اس میں سماجی اخلاقیات کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ اسلام نے جس اخلاقیات کا تصور دیا ہے اس پر عمل کر کے سماجی زندگی کو کس قدر مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ جدید سماجی نظام میں نئے نئے رجحانات جنم لے رہے ہیں اور مغربی تہذیب کی رعنائیاں بھی مشرقی تہذیب اور اس کی سماجی زندگی کو متاثر کر رہیں ہیں۔ ذرائع ابلاغ کے اس دور میں اخلاقی اقدار ختم ہوتی جا رہی ہیں اور ان کی جگہ قانونی اقدار لینے کی سعی کر رہی ہیں۔ اخلاق انسان کے سماج کا ایک لازم جزو ہے اس لیے اسلامی

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ[55]

"اور تمہارے اخلاق بہت اعلیٰ ہیں"۔

جب ہم نبی کریم ﷺ کے اسوہ کی بات کرتے ہیں تو آپ کی پوری زندگی ہمارے لیے کامل نمونہ ہے۔ یہ اعلیٰ نمونہ آپ ﷺ کے اوصاف حمیدہ، عادات مطہرہ اور کمالات جلیلہ کی وجہ سے ہے۔ حدیث میں اخلاق کی اہمیت یوں بیان کی گئی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا۔ [56]

"عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے بہترین لوگ وہی ہیں جو اپنے اخلاق میں دوسروں سے اچھے ہیں۔"

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ۔[57]

"ابو درداءؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن میزان میں کوئی چیز بھی اچھے اخلاق سے زیادہ وزنی نہ ہو گی۔"

عنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ يَقُولُ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ۔[58]

"حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بندہ مومن حسن اخلاق سے وہی درجہ حاصل کر لیتا ہے جو دن کے روزوں اور رات کی نمازوں سے حاصل ہوتا ہے"۔

اسی بات کی وضاحت ہمیں دیگر احادیث میں بھی ملتی ہے۔ جیسا کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

البر حسن الخق والاثم ماحاک فی صدرک وکرہت ان یطلع علیه الناس[59]

"نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو برے دل میں کھٹکے اور تو لوگوں کو اس پر باخبر ہونے کو ناپسند کرے"۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اخلاق سے ہی انسان کے کردار کی تطہیر ہوتی ہے اور یہ اخلاق انسان کے کردار پر اثر انداز ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی شخصیت میں اخلاق اور اخلاقی اقدار کی حیثیت مسلمہ ہے۔ اسلامی تہذیب نے سیرت و کردار اور سماجی نظام کے لیے اعلیٰ اخلاقیات کا بھی تصور دیا۔ طبقاتی تقسیم کا خاتمہ کرتے ہوئے مساوات کا تصور دیا، عورتوں کو حقوق دیتے ہوئے ان سے حسن سلوک کی تعلیم دی۔ والدین کا مقام و مرتبہ متعین کرتے ہوئے ان کی عزت و تکریم اور حسن سلوک کا حکم دیا، بچوں کی تعلیم و تربیت کا جامع نظام دیا اور غلاموں کے حقوق بھی متعین کر کے انہیں سماج میں ایک خاص مقام دیا۔ اسلامی تہذیب نے معاشرے سے تمام سماجی برائیوں کا خاتمہ کر کے اخلاقی اقدار کو قائم

عورت کا وجود ایک الگ حیثیت اور پہچان رکھتا ہے، کیونکہ سماجی ارتقاء میں عورت کا غالب حصہ ہوتا ہے اور یہ اس کا فطری تصور بھی ہے۔ مجموعی طور پر انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا کوئی اعلیٰ تصور نہیں ملتا، اس لیے ان اخلاقی خرابیوں نے انسانی تہذیبوں کے مختلف سماجوں سے فطری زندگی کا تصور چھین لیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بعد میں اسلامی تہذیب میں اخلاقی اقدار کا تصور ملتا ہے اور سماجی اخلاقیات کا ایک جامع اور مربوط نظام بھی موجود ہے۔ انسانی زندگی کا فطری تصور بھی یہی ہے کہ جس مقصد کے لیے انسانی تخلیق ہوئی ہے اس کو ان مقاصد اور ان حدود و قیود میں گزارا جائے تو انسانی زندگی حسن اخلاق کا اعلیٰ نمونہ بھی پیش کرتی ہے۔

9۔ اسلامی تہذیب اور سماجی اخلاقیات

اگر انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کریں تو روئے زمین پر کوئی قوم ایسی نہیں تھی جو من حیث القوم صالح کہی جاسکے اور کوئی معاشرہ ایسا نہیں تھا جو اخلاق کی اعلیٰ اقدار کا حامل تصور کیا جاتا ہو۔ اس عالمگیر تاریکی کا نقشہ سورہ روم میں کھینچا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ[54]

"خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے تاکہ خدا اُن کو اُن کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے عجب نہیں کہ وہ باز آجائیں"

انسانی تہذیبوں میں اخلاقی بگاڑ کی یہ حالت دیکھ کر اس بات کی ضرورت تھی کہ ایک ایسی تہذیب ہو جو تمام انسانوں کو سماجی شعور دے تاکہ وہ معاشرے میں عزت و تکریم کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ سماجی تعلقات کی ایسی نوعیت ہو کہ آپس میں پیار و محبت کے رشتے قائم ہوں، ان رشتوں میں دوام ہو اور ایسے جذبے شعوری طور پر پیدا ہوں جس سے ان کی سماجی زندگی میں اعلیٰ اخلاقی اقدار قائم ہوں۔ اخلاق کا تعلق انسانی کردار و اعمال کی پختگی سے ہے، جب یہ اعمال درست ہوں گے تب انسان کی سماجی زندگی میں بھی اخلاقی اقدار قائم ہو جائیں گی۔

جہاں تک اسلامی تہذیب میں اخلاق کا تعلق ہے تو اخلاق سے مراد کسی شخص کے کردار اور عادات کے ہیں۔ انسان کا کردار ہی اس کے لیے بھلائی یا برائی کا سبب بنتا ہے۔ اس سے مراد ایسا کردار بھی ہے، جس سے انسانی روح کی بالیدگی میں اس کا اثر نمایاں ہوتا ہے جس کے نتیجے میں انسان اچھے اعمال کی طرف راغب ہوتا ہے اور اخلاقی اقدار اور اخلاقی معیارات کی تنفیذ اس کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ کردار کی پختگی میں ایسا نشو و ارتقاء ہوتا ہے جس کی بنیاد پر اچھے اور برے کی تمیز سے روشناس ہو کر صرف اچھائی کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ جہاں تک اخلاق اور اس کی اہمیت کا تعلق ہے تو نبی کریم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں بھی وضاحت ملتی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"رومی سلطنت ایک بے تہذیب و تمدن کی ہیبت ناک تقدیر بن کر رہ گئی تھی۔ ایسا تمدن جو محض ظاہری شان و شوکت اور عیش و نشاط کی کھوکھلی نمائش تھی جس کے اندر بے اندازہ خود غرضی اور بد اخلاقی چھپی ہوئی تھی"۔[49]

غلاموں اور کمزوروں کے ساتھ یہاں بھی وہی کچھ ہوتا تھا جو دنیا کے دوسرے معاشروں میں ہوتا رہا۔ انسانیت کی عظمت و برتری کا احساس یہاں بھی مفقود نظر آتا ہے۔ غلام کی موجودگی شرف کی علامت تھی۔ کوئی شخص جتنے غلاموں کا مالک ہوتا اتنا ہی معزز و محترم شمار ہوتا۔ رومیوں کی طرح یہاں بھی معمولی جرائم پر غلام کی جان لے لینا ایک عام سی بات تھی۔ منوشاستر میں لکھا ہے:

"برہمن بلا عذر وقت ضرورت اپنے غلام شودر کا مال بہ جبر لے سکتا تھا کیونکہ غلام صاحب جائیداد نہیں ہو سکتا اس کی کل املاک مالک کا مال ہے"۔[50]

پروفیسر یٰسین مظہر صدیقی "تاریخ تہذیب اسلامی" میں قبل از اسلام عربوں کی تہذیبی حالت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"سماجی اقدار عالیہ کے پہلو بہ پہلو بد و اور متمدن عربوں دونوں میں بہت سی سماجی اور اخلاقی خرابیاں بھی پیدا ہو گئی تھیں۔ دولت کی بہتات اور غربت و جہالت کی لعنت نے ان میں شراب عام کر دی تھی۔ دوسری برائی جوئے اور قمار بازی کی تھی اور اس کی بہت سی قسمیں تھیں جن میں عرب مبتلا تھے۔ یہاں تک کہ وہ بسا اوقات بیوی بچوں کو جوئے میں داؤ پر لگا دیتے تھے"۔[51]

"دولت کی فراوانی اور خوف خدا کی کمی نے عربوں میں کمزور طبقات پر ظلم کرنے اور ان کا استحصال کرنے کی روایت بھی ڈال دی تھی۔ بیوہ یتیم، بے سہارا، اجنبی اور کمزور عام طور سے ان کے ظلم و ستم کا شکار ہو گئے تھے"۔[52]

سید امیر علی لکھتے ہیں:

"بے حیائی کی یہ حالت تھی کہ سب سے نامور شاعر امراء القیس ایک قصیدہ میں اپنی پھوپھی زاد کے ساتھ اپنی بدکاری کا قصہ مزے لے لے کر بیان کرتا ہے اور یہ قصیدہ کعبہ پر آویزاں کیا جاتا ہے"۔[53]

سماجی نظام کی یہ وہ اخلاقی خرابیاں تھیں جو مختلف انسانی تہذیبوں میں دیکھی جا سکتی ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہاں زندگی کا کیا تصور موجود تھا۔ انسانی تہذیبوں میں ان کی سماجی زندگی معاشرتی ناہمواریوں کا شکار تھی، سماجی زندگی طبقات میں منقسم تھی اور اخلاقی لحاظ سے مرد غالب سمجھا جاتا تھا۔ اسلام سے قبل کے تمام معاشروں میں عورت مغلوب و محکوم سمجھی جاتی تھی مرد اس کے ساتھ جیسا چاہتے سلوک کرتے تھے۔ حقیقت میں انسان کی سماجی زندگی میں

ہوا تو پھر ان میں زناکاری عام ہوئی۔ یہ وہ دور ہے جس میں طوائف کلچر کو خوب فروغ ہوا۔ رومی سماج کی اخلاقی خرابیوں کے حوالے سے مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ لکھتے ہیں:

"رنڈی کا کوٹھا یونانی سوسائٹی کے ادنیٰ سے لے کر اعلیٰ طبقوں تک ہر ایک کا مرکز و مرجع بنا ہوا تھا۔ فلاسفر، شعراء، مؤرخین، اہل ادب اور ماہرین فنون، غرض تمام سیارے اس آفتاب کے گرد گھومتے تھے۔ وہ نہ صرف علم و ادب کی محفلوں کی صدر نشین تھی، بلکہ بڑے بڑے سیاسی معاملات بھی اس کے حضور میں طے ہوتے تھے۔ قوم کی زندگی و موت کا فیصلہ جن مسائل کے ساتھ وابستہ تھا ان میں اس عورت کی رائے وقیع سمجھی جاتی تھی جس کی دو راتیں بھی کسی ایک شخص کے ساتھ وفاداری میں بسر نہ ہوتی تھیں"۔[45]

غیر متمدن انسان جنسی حسد کے ساتھ نہیں بلکہ ملکیت کے تصور کے ساتھ جیتا تھا۔ اسے یہ بات پریشان نہیں کرتی تھی کہ اس کے پاس آنے سے پہلے اس کی بیوی کے دوسروں کے ساتھ کس قسم کے تعلقات تھے یا اب وہ اس کے مہمان کے پاس سوئی ہوئی ہے وہ اس کا مالک تھا نہ کہ عاشق۔ اسے جو چیز پریشان کرتی تھی وہ یہ تھی کہ وہ اس کی مرضی کے بغیر یا اپنی مرضی سے کسی اور انسان کے پاس نہیں رہ سکتی تھی۔ بعض افریقی خاوند اجنبیوں کو کچھ رقم یا اشیاء کے بدلے اپنی بیویاں ادھار دے دیتے۔[46]

اسپارٹا کی نوجوان عورتوں کے برہنہ جلوس نکلا کرتے تھے جس میں وہ ناچتی اور ورزش کرتی تھیں اور مردوں کو تاکید تھی کہ وہ ان برہنہ جلوسوں کا نظارہ کریں تاکہ ان میں شادی کا شوق پیدا ہو۔ جو مرد زیادہ عرصہ شادی نہ کرتا اس کے حقوق شہریت ساقط ہو جاتے تھے۔ جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب مختصر تاریخ تمدن میں اہل روم کی اخلاقی حالت بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"اخلاقی تنزل کی سب سے خطرناک علامت یہ تھی کہ شادی ایک بے حقیقت اور تمسخر بنتی جا رہی تھی۔ معمولی سے معمولی بات پر طلاق دی جانے لگی۔ لوگوں کی بڑی اکثریت شادی کرتی ہی نہ تھی۔ نوزائدہ بچوں کو مار ڈالنا یا انہیں پھینک دینا بہت عام تھا"۔[47]

ہیوبارڈ اپنی کتاب سلطنتوں کا انجام میں لکھتا ہے:

"اولاد نہ ہونے کے فائدے اتنے کثیر تھے کہ سنیکار (ایک زبردست فلسفی اور مدبر) ایک ماں کو جس کا اکلوتا بیٹا مر گیا تھا یہ یاد دلا کر اسے تسلی دیتا ہے کہ اب اس کی اس سے بھی زیادہ قدر و منزلت ہوگی۔ جو شخص شادی کر لیتا اس کی عقل اور حواس پر شبہ کیا جاتا تھا"۔[48]

جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب مختصر تاریخ تمدن میں اہل روم کی معاشرتی زندگی کا خلاصہ ان الفاظ میں لکھتا ہے:

جیسا چاہیے پیشہ اختیار کرلے اور اسلام نے سماج میں ہر فرد کے ساتھ مساوی حسن سلوک کی تعلیم دی ہے۔ اس کا اثر نہ صرف ہر فرد کی انفرادی زندگی پر ہوتا ہے بلکہ سماج بھی اخلاقی طور پر ترقی کرتا ہے۔

۴۔ نسلی خودکشی کا خاتمہ

جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب مختصر تاریخ تمدن میں اہل روم کی معاشرتی حالت کو بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"نسلی خودکشی کے عمل کو روکنے کے قانونی ذرائع سے انتہائی جدوجہد کی گئی۔ صاحب اولاد لوگوں کے محصول معاف کر دیے گئے تمام ملازمتوں میں ترقی دینے کے لیے خاص طور پر ان ہی لوگوں کو منتخب کیا گیا۔ ترکہ پانے کے لیے انہیں خاص حقوق دیے گئے۔ شادیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے عام طور پر سختی سے قانون نافذ کیے گئے لیکن یہ سب اپنے مقصد میں ناکام رہے"۔[43]

۵۔ حسن پرستی کا تصور

یونانیوں کی یہ حسن پرستی غیر انسانی، ظالمانہ اور غیر اخلاقی تھی کیونکہ لکرگس کے قانون کے مطابق ناجائز بچے اگر خوبصورت اور متناسب ہوں تو وہ جائز اور قانونی سمجھے جائیں گے۔ لکرگس اسپارٹا کے سن رسیدہ مردوں کو اس بات کی تلقین کرتا ہے کہ اپنی جوان بیٹیوں کو خوبصورت اور ایماندار مردوں سے متعارف کرائیں اور ان سے بچے حاصل کریں تاکہ خوبصورت اور اعلیٰ نسل کے بچے دستیاب ہو سکیں۔ اسی طرح اگر کوئی مرد کسی شادی شدہ خوبصورت عورت کے اچھے چال چلن اور خوبصورت بچے دیکھ کر عاشق ہو جائے تو اس کے لیے بھی جائز تھا کہ بے تکلف زن مذکور کو اس کے شوہر سے مانگ لے تاکہ اپنے لیے خوبصورت اور لائق بچے حاصل کر سکے۔[44]

مندروں کے محافظ و منتظم بداخلاقی کا سرچشمہ تھے اور بہت سی عبادت گاہیں اخلاقی جرائم کا مرکز تھیں۔ محلات و درباروں میں بے تکلف شراب کا دور چلتا اور سرمستی میں اخلاقی حدود کا خیال نہ کیا جاتا۔ اس تن پروری اور نفس پرستی کے بالکل متوازی نفس کشی، ریاضت، مجاز (یوگ و تپسیا) کا سلسلہ بھی جاری تھا جس میں حد درجہ غلو اور انتہا پسندی سے کام لیا جاتا۔

8۔ماج کی اخلاقی خرابیاں

یونانی اپنے دورِ عروج میں اخلاقی خرابیوں کا شکار تھے۔ مرد اخلاقی اعتبار سے آزاد تھے۔ ان سے پاکیزگی اور عصمت کی توقع نہیں کی جاتی تھی۔ طوائفوں سے تعلق رکھنا ان کے ہاں معیوب نہ تھا البتہ عورتوں سے عصمت و شرافت کی توقع کی جاتی تھی۔ وہ ایک مرد سے وابستہ رہتیں اور طوائف بننا قابل قبول تھا۔ اس دور میں عورتیں گھروں میں رہتی اور مخلوط مجالس میں شریک نہ ہوتیں۔ ان کے گھروں میں مردوں اور عورتوں کے الگ حصے ہوتے۔ یونانیوں کے ہاں پردے کا بھی رواج تھا۔ اس طور پر انہیں معاشرتی اعتبار سے بلند درجہ حاصل تھا۔ لیکن یونانیوں کے ہاں جب اخلاقی تنزل شروع

ہو گی اور گیڈر کے پیٹ میں جنم لے گی۔ اس گناہ کے پاداش میں وہ انواع و اقسام کے امراض میں مبتلا ہو گی"۔[40]

اس بت پرستی کے ساتھ ساتھ جس چیز نے ہندوستان کو اخلاقی انحطاط میں مبتلا کیا وہ جنسی بحران تھا۔ شہوانی جذبات اور جنسی میلان کو ابھارنے والے عناصر مذہبی صورت میں جس قدر ہندوستان کی تہذیب میں ہیں غالباً کسی دوسری تہذیب میں نہیں۔ ہندوؤں کی اخلاقی گراوٹ کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے یہاں دیویوں اور دیوتاؤں کے باہمی اختلاط کی حکایتیں مذہبی طور پر سنی اور سنائی جاتی تھیں۔

۳۔ پیشے اختیار کرنے کی قید

انسانی تہذیبوں میں معاشی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے معاشرے کے افراد مختلف پیشے اختیار کرتے تھے، تاکہ سماج کی معاشی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ ابتدائی تمدنی زندگی میں بھی اس کا تصور ملتا ہے کہ سماج کے مختلف افراد مختلف پیشے اختیار کر لیتے جس سے باہمی اشیاء کا تبادلہ کر کے ایک دوسرے کی معاشی ضروریات کی تکمیل کرتے تھے۔ بعد کے مہذب معاشروں میں یہ مختلف پیشے مختلف ناموں سے مشہور ہوئے۔ جہاں تک انسانی تہذیبوں میں مختلف پیشوں کا تعلق ہے تو پروفیسر ہیوبارٹ اپنی کتاب سلطنتوں کا انجام میں اہل روم کی ریاستی تنظیم میں مزدوروں کی تنظیم سازی کے حوالے سے لکھتا ہے:

> "اگر کوئی شخص کسی رکن ادارے کی بیٹی سے شادی کر لے تو اس پر لازم تھا کہ وہ اپنے خسر کے کام میں شریک ہو جائے (بعد میں اپنے ادارے سے باہر شادی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں تھی) اس طرح سلطنت ایک بڑا قید خانہ بن گئی جہاں تمام آدمی اپنے مزاج کے مطابق نہیں بلکہ جبراً کام کیا کرتے تھے"۔[41]

جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب مختصر تاریخ تمدن میں اہل روم کی معاشی زندگی کے حوالے سے لکھتا ہے:

> "رومی سلطنت میں لوگوں کو باپ دادا کے پیشے اختیار کرنے پر مجبور کر کے اور مختلف طبی میلانات اور مدارج زندگی میں ان پیشوں کی آزادانہ گردش کو روک کر سماج کو غیر متحرک اور لکیر کا فقیر بنا دینے کا میلان پیدا ہو گیا تھا"۔[42]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی تہذیبوں میں کمزور طبقات کو اپنی مرضی سے کوئی بھی پیشہ اختیار کرنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔ جو اس کے باپ دادا کا پیشہ ہوتا تھا اس کو اختیار کرنا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سماج اخلاقی طور پر اتنا پست تھا کہ کسی بھی شخص کو اپنی صلاحیتوں کے استعمال کا موقع نہیں دیا جاتا تھا۔ اسلامی تہذیب میں ہر شخص کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا مساوی موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ ہر شخص اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے

صحت کے حوالے بھی عجیب روایات موجود ہیں۔ کمزور بچوں کو صحت پر توجہ دینے کی بجائے ان کو معاشرے کے لیے ناسور تصور کیا جاتا تھا اور اس کے وجود کو ریاست اور معاشرے کے لیے معدوم تصور کرتے تھے۔ اس لیے کمزور بچوں کو سماجی زندگی کا حق ہو سکتا ہے یا نہیں اس حوالے سے کافی افسانوی زندگی کا تصور بھی ملتا ہے مثال کے طور پر شراب سے نہلانے کی روایات وغیرہ۔

یہ سماجی روایات بھی عقل سے بالاتر معلوم ہوتی ہیں کی صحت اور زندگی کا یہ تصور بہت عجیب معلوم ہوتا ہے۔ اسلامی تہذیب میں بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف خصوصی توجہ دی گئی۔ لڑکے اور لڑکیوں کے لیے الگ الگ تربیت کے حوالے سے ہدایات موجود ہیں اور ان کی تربیت کی ذمہ داری بھی والدین پر عائید کی گئی۔ اگر بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی صحت پر خصوصی توجہ دی جائے اور ان کو اخلاقی اقدار کی تعلیم دی جائے تو سماج بھی اعلیٰ اخلاقی اقدار کا گہوارہ بن جاتا ہے۔

۲۔ عورت کا مقام و مرتبہ

عورت کے تصور کے بغیر کوئی بھی سماج قائم نہیں رہ سکتا، اس لیے انسانی زندگی میں عورت کا وجود کسی نعمت مطہرہ سے کم نہیں سمجھا جاتا۔ جہاں تک سماجی روایات کا تعلق ہے تو اس میں عورت کی عزت و تکریم اس انداز میں نہیں کی جاتی جیسی ہونی چاہیے، انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کرنے سے بھی مختلف سماجی روایات سامنے آتی ہیں۔ اسپارٹی تہذیب میں عورتوں کی سماجی روایات سے متعلق پروفیسر ہولم اپنی کتاب تاریخ یونان میں لکھتا ہے:

> "مساویانہ تعلیم و تربیت کی وجہ سے عورت اور مرد کا رتبہ دیگر یونانی ممالک کی بہ نسبت مساویانہ تھا اور یہاں عورت کا مملکت پر بہت بڑا اثر تھا جس کی وجہ سے بعض مرتبہ اسپارٹی حکومت کو حکومت تنوریہ یا لہنگا شاہی حکومت کہا جاتا تھا"[38]

اہل ایتھنز کے یہاں (جو از منہ قدیم کی تمام قوموں سے زیادہ مہذب اور شائستہ سمجھے جاتے تھے) بیوی محض ایک اثاثہ تھی جس کی خرید و فروخت کی جا سکتی تھی جو محض گھر بار چلانے اور بچے پیدا کرنے کے لیے ضروری تھی۔ ایتھنز کے شہریوں کو بے حد و حساب بیویوں کی اجازت تھی چنانچہ ڈیمو سیتھنز فخریہ بیان کرتا ہے کہ اس قوم میں عورتوں کے تین طبقے تھے جن میں سے دو طبقے نکاحی بیاہی اور نیم نکاحی بیاہی عورتیں مہیا کرتے تھے۔[39]

عورت کو ہر حال میں شوہر کی وفاداری کی تلقین اور دوسری صورت میں شدید سزا کی وعید سنائی جاتی تھی۔ منو شاستر میں اس کی تفصیل دیکھی جا سکتی ہے:

> "اگرچہ شوہر بد چلن اور اوصاف حمیدہ سے خالی ہو اور عیاش بھی ہو، تاہم زوجہ کو چاہیئے کہ دیوتا کی طرح اس کی پرستش کرے۔ جو زوجہ شوہر کے فرائض کو پورا نہ کرے وہ مرنے کے بعد رسوا

اور سماجی روایات بھی موجود ہیں۔ پروفیسر ہولم اپنی کتاب تاریخ یونان قدیم میں اہل سپارٹا کی سماجی حالت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ایک خاص سن کو پہنچ کر زہریوں کو بچوں کو تنبیہ کرنے کا اختیار ہو جاتا تھا اور بشرط ضرورت ان کی زدوکوب بھی کی جاسکتی تھی جس کی وجہ سے اسپارٹی بچے ہمیشہ مؤدب و مہذب رہتے تھے۔ لڑکیوں کی تعلیم بھی بالکل لڑکوں کی طرح ہوتی تھی لیکن ان کی تربیت گاہیں بالکل جداگانہ تھیں اور کبھی انہیں لڑکوں کی ورزش دیکھنے اور کبھی لڑکوں کو ان کی ورزش دیکھنے کی اجازت مل جاتی تھی۔ انہی اسباب کی بناپر اسپارٹی عورتیں اپنی قوت اور حسن میں جملہ ممالک یونان میں سب سے ممتاز سمجھی جاتی تھیں"۔[33]

جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب مختصر تاریخ تمدن میں اہل روم کے حوالے سے لکھتا ہے:

"قدیم زمانے میں رومی خاندان میں نظم وضبط پر بہت زور دیا جاتا تھا کیونکہ رومی جانتے تھے کہ کوئی قوم حکومت نہیں کر سکتی جب تک کہ اسے خود اطاعت کرنی نہ آئے۔ بچوں کی تعلیم وتربیت کا کام زیادہ تر غلاموں پر چھوڑ دیا گیا۔ یہ غلام عموماً بد اخلاق اور آوارہ ہوتے تھے"[34]

پلوٹارک (Plutarch)[35] اسپارٹی سماج سے متعلق لکھتا ہے:

"لکرگس[36] بچوں کو والدین کی بجائے ریاست کی امانت سمجھتا تھا۔ بچوں کے سلسلہ میں بھی اسپارٹا کا رویہ انتہائی غیر انسانی تھا۔ ان کے یہاں جب کوئی بچہ پیدا ہوتا تو سب سے پہلے اسے قبیلہ کے بزرگوں کے سامنے پیش کیا جاتا اگر بچہ صحت مند و توانا ہوتا تو یہ بزرگ اس کی پرورش اور تعلیمات کے سلسلہ میں ہدایات جاری کرتے اور اگر بچہ کمزور یا معذور ہوتا تو وہ اسے کوہ ٹیگٹس کے نزدیک گہرے غار میں پھنکوا دیتے کیونکہ اس کی زندگی سے ریاست اور عوام کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اسی طرح اسپارٹا کی عورتیں نومولود بچوں کو پانی کی جگہ شراب سے نہلاتیں تاکہ اگر بچہ کمزور ہے تو اسی تجربہ کے دوران جاں بحق ہو جائے اور اگر توانا و صحت مند ہے تو بچ جائے"۔[37]

یونانی تہذیب میں بچوں کی تعلیم وتربیت کی طرف خاص توجہ دی جاتی مگر لڑکے اور لڑکیوں کے لیے تربیت کا کوئی الگ نظام موجود نہیں تھا۔ کچھ معاشروں میں بچوں کی تعلیم وتربیت کا زیادہ تر کام غلاموں سے لیا جاتا ہے۔ ان میں سے زیادہ تر غلام بد اخلاق ہوتے ہیں جس کا اثر ان بچوں کی تعلیم وتربیت پر بھی نمایاں ہوتا۔ بچوں کی اس تربیت کی وجہ سے بچوں کی اخلاقیات بھی متاثر ہوتی تھیں، جس کی وجہ سے وہ سماجی برائیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ بچوں کی ان بری عادتوں کا اثر پھر مجموعی طور سماج پر بھی پڑتا ہے اس لیے سماجی اخلاقیات میں زوال شروع ہو جاتا ہے۔ کچھ معاشروں میں بچوں کی

تصور ملتا ہے یہ انسانی زندگی سماجی طور پر ترقی کرتے ہوئے اخلاقیات کے اعلیٰ مقام پر نظر آتی ہے۔ ڈاکٹر گستاولی بان "تمدن ہند" میں لکھتے ہیں:

> "برصغیر کے رگ ویدی عہد میں معاشرتی طور پر مکمل سماجی مساوات قائم تھی۔ عورتوں کو معاشرے میں قابل تعظیم درجہ حاصل تھا۔ وحدۃ الازواج کی روایت تھی اور لڑکیوں کو اپنے شوہروں کے انتخاب کی پوری آزادی حاصل تھی۔"[31]

دور شجاعت کی تہذیب (۱۵۰۰ق م تا ۱۰۰۰ق م) میں قدیم آریائی معاشرہ میں عورت کو جو عزت و مرتبہ حاصل تھا اگرچہ اس میں تھوڑی کمی آگئی تھی تاہم پھر بھی وہ اس عہد میں سماج کا باوقار کردار ادا کرتی نظر آتی ہے۔ طلاق اور بچپن کی شادی کا رواج نہیں تھا۔ بیوہ کو دوسری شادی اور اونچے گھرانے کی لڑکیوں کو بعض اوقات سوئمبر کے ذریعہ اپنے خاوند کے انتخاب کا حق حاصل تھا۔[32]

اگر برصغیر کے معاشروں کی سماجی حالت کا جائزہ لیں تو یہ دیگر تہذیبوں سے زیادہ متمدن ملتے ہیں۔ یہاں پر وادی سندھ کی تہذیب، گندھارا اور ٹیکسلا تہذیب کے جو آثار ملتے ہیں اس سے اس خطے کی سماجی حالت کا بھی پتہ چلتا ہے۔ اگر برصغیر کے مختلف ادوار کا جائزہ لیں تو یہاں سماجی مساوات کا تصور ملتا ہے، عورتوں کی عزت و تکریم اور شادی میں پسند و ناپسند کا تصور موجود ہے۔ رگ ویدی دور میں سماجی اخلاقیات کا اعلیٰ تصور موجود تھا مگر دور شجاعت میں اس میں قدرے کمی واقع ہوئی مگر اس کے باوجود عورتوں کی برابر عزت و تکریم کی جاتی تھی اور انہیں شادی کا حق حاصل تھا جبکہ ہندی تہذیب طبقاتی تقسیم کا شکار رہی اور سماج اخلاقی طور پر زوال کا شکار ہوا۔

سماجی اخلاقی روایت

کوئی بھی سماج اس وقت تک ترقی نہیں کر تا جب تک اس سماج میں اخلاقیات اور اخلاقی اقدار کو اپنی سماجی زندگی کا حصہ نہ بنالیا جائے۔ اس لیے ہر دور کی ہر تہذیب میں سماجی اخلاقی روایات کا تصور ملتا، مگر یہ اک الگ بحث ہے کہ انسانی تہذیبوں میں سماجی روایات اخلاقی اقدار پر مبنی تھیں یا اخلاقی زوال پر مبنی تھیں۔ ان روایات کا تب پتہ چلتا ہے جب کسی بھی تہذیب اور انسانی معاشروں کے سماجی حالات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ذیل میں مختلف تہذیبوں میں سماجی اخلاقی روایات کا جائزہ لیتے ہیں۔

ا۔ بچوں کی تعلیم و تربیت

سماجی لحاظ سے بچے بہت اہمیت رکھتے ہیں، کیونکہ بچے ہی سماجی ارتقاء کی اہم کڑی تصور ہوتے ہیں۔ گویا بچے ہی سماجی نظام میں معمار کی حیثیت بھی رکھتے ہیں جن کی اچھی تربیت سماج کو صحت بند بنا دیتی ہے اور ان کی بری عادات سے سماج تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اگر انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کریں تو بچوں کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے تعلیمات بھی ملتی ہیں

کوشش بھی ناکام رہی کیونکہ اہل روم نے سماجی زندگی کو فطری تقاضوں کے برعکس گزارنا پسند کیا تھا۔ سماجی زندگی بنیادی طور پر فطری طریقوں سے آگے بڑھتی ہے اور اخلاقی طور پر بہترین طریقہ شادی بیاہ کا تصور ہے، اسی شادی بیاہ کو نسل بڑھانے کے لیے اختیار کیا جاتا ہے اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی طرف رہنمائی کی جاتی ہے اور اسی سے سماج اخلاقی طور پر بھی ترقی کرتا ہے۔

رومی تہذیب میں جہاں تک تعدد ازدواج کا تصور ہے تو ایک سے زائد بیویوں کا تصور موجود ہے مگر پہلی بیوی کو قانونی طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور ان کے بچوں کے قانونی حقوق بھی پورے کیے جاتے اور انہیں وراثت میں بھی وارث سمجھا جاتا۔ پہلے بیوی کے علاوہ جتنی بیویاں آپ چاہیں رکھ سکتے ہیں مگر ان کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہو گی اور نہ ہی ان کے بچوں کا کوئی قانونی حق ہوتا۔ شادی کرتے ہوئے یہ بات علی الاعلان کی جاتی ہے بلکہ اس شرط کو تسلیم بھی کیا جاتا ہے کہ کوئی بھی بیوی پہلی بیوی کے بعد اپنے لیے اور اپنے بچوں کے لیے کوئی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گی۔ اسلامی تہذیب ہی ان مسائل کا حل پیش کرتی ہے کہ آپ قانونی طور پر جتنی بیویاں رکھ سکتے ہیں۔ شرعی طور پر سب برابر کی حق دار ہیں اور ان کی اولاد و بچے بھی مساوی حقوق رکھتے ہیں اول یا مابعد ہونے کی حیثیت سے کسی کو کسی پر کوئی فضیلت نہیں۔ مرد کے ذمے تمام بیویوں کے سماجی اور معاشی حقوق پورے کرنے اور تمام اولاد کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ پروفیسر یٰسین مظہر صدیقی "تاریخ تہذیب اسلامی" میں قبل از اسلام عربوں کی سماجی حالت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "شادی بیاہ میں یہ افراط تھی کہ ایک مرد جتنی بیویاں چاہتا کر سکتا تھا اور بے شمار باندیاں بھی رکھ سکتا تھا۔ نکاح کے دو اور خراب پہلو بھی تھے جو زیادہ عام نہ تھے لیکن بہر حال موجود تھے وہ یہ کہ اپنی سوتیلی ماں سے باپ کے مرنے کے بعد شادی کر لینا اور بیک وقت دو یا زیادہ سگی بہنوں کو نکاح میں جمع کر لینا۔ اسی طرح بعض اور محرمات سے بھی شادی کرنے کا رواج تھا"۔[30]

اگر قبل از اسلام عربوں کی تہذیبی زندگی کا مطالعہ کریں تو سماجی اخلاقیات کا تصور ویسا ہے جیسے قدیم تہذیبوں میں ملتا ہے۔ ایک مرد لاتعداد شادیاں کر سکتا تھا، اس کے ساتھ ساتھ بے شمار لونڈی اور باندیاں بھی رکھ سکتا تھا۔ سوتیلی ماں سے اور دو سگی بہنوں سے شادی کرنا کوئی معیوب کی بات نہیں سمجھی جاتی تھی۔ ان حالات میں اس بات کی ضرورت تھی کی ایک ایسی تہذیب ہو جو سماجی اخلاقیات کا اعلیٰ تصور پیش کرے جس سے سماج ترقی کرتا ہوا اخلاقی اقدار کو اختیار کر کے مہذب معاشروں کی بنیاد رکھے۔ اسلامی تہذیب میں یہ تمام تصورات موجود تھے جہاں پر اخلاقیات کی نہ صرف تعلیم دی گئی بلکہ نبی کریم ﷺ کا اسوہ بھی ہمارے سامنے موجود ہے۔ اس تہذیب میں عورتوں کی عزت و توقیر کی تعلیم ملتی ہے، محرم رشتوں کا تصور ملتا ہے، طبقاتی تقسیم کا خاتمہ ہوتا ہے اور معاشرے کے تمام افراد کے لیے حقوق و فرائض کا

جہاں تک شادی بیاہ کا تعلق ہے تو اسلام نے اس کے لیے نہ صرف اخلاقی قوانین دیئے بلکہ نبی کریم ﷺ نے اپنا اسوہ بھی پیش کیا۔ اسلامی تہذیب میں لاتعداد شادیوں کا کوئی تصور نہیں، بلکہ ایک حد تک شادیاں کی جاسکتی ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ بیویوں کی سماجی حقوق بھی پورے کیے جائیں گے، ان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے گا۔ شادی کو محض جنسی تسکین کے برعکس اولاد کا تصور موجود ہے، ان کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے مکمل تعلیمات ہیں یہاں تک وارث ہونے کی صورت میں ان کے تمام معاشی حقوق کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

جہاں تک رومی معاشرت کا تعلق ہے تو اس حوالے سے سید امیر علی لکھتے ہیں

"رومی معاشرہ میں غلام اور لونڈی کی باہمی شادی قانوناً تسلیم نہیں کی جاتی تھی جب کہ غلام مرد کی شادی آزاد عورت سے اور آزاد مرد کی شادی غلام عورت سے قطعاً ممنوع تھی۔ اگر کوئی آزاد عورت کسی غلام سے شادی کرلیتی تو اس کے لیے سزاؤں میں سے ایک سزا یہ تھی کہ وہ قتل کر دی جائے اور غلام کو زندہ جلا دیا جائے۔ اخلاقی انحطاط کی ایک خطرناک علامت یہ تھی کہ ان کے درمیان شادی ایک بے معنی رسم بن گئی تھی جبکہ قوانین مملکت کی تائید حاصل کر کے داشتہ بازی ایک ایسا ادارہ بن گئی تھی جو مراعات خاص کا مستحق تھا"۔[28]

جہاں تک روم کی سماجی زندی کا تعلق ہے تو سید امیر علی اس کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"رومی معاشرے میں بیویوں کی حالت بھی زیادہ خوشگوار نہیں تھی۔ پہلی بیوی کے سوا کسی کو قانونی حقوق حاصل نہیں تھے۔ ان حقوق سے محروم بیویوں کے بچے بھی جائز نہیں سمجھے جاتے تھے اور وہ اپنے باپ کی جائیداد میں سے ایک حصہ کے بھی حق دار نہیں ہوتے تھے اور سماج میں ذات پات سے خارج شمار کیے جاتے تھے اونچے طبقے کے مرد اگر نچلے طبقے کی عورت سے شادی کرتے تو شرائط نکاح میں سے ایک شرط یہ ہوتی کہ اولاد کو کوئی حق وراثت نہیں پہنچے گا۔ ایسی شادیوں کی علامت یہ ہوتی تھی کہ دولہا اپنا بایاں ہاتھ دلہن کو تھما دیتا تھا گویا ہونے والی اولاد کو وراثت کا حق نہیں ہو گا"۔[29]

اہل روم کی سماجی زندگی طبقاتی تقسیم کا شکار تھی۔ سماجی اخلاقیات کا یہ تصور تھا کہ غلام اور لونڈی آزاد مرد و عورت سے شادی نہیں کرسکتے تھے اور نہ ہی اعلیٰ طبقات کے لوگ کم تر میں شادی کرسکتے تھے۔ اہل روم میں مجموعی طور شادی کا رجحان زیادہ نہیں تھا، جو شادی تو کر لیتے مگر بچوں کی فطری خواہش سے محروم ہوتے تھے۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ رومی معاشرے کی آبادی کم ہونے لگی تو اس کے ازالے کے لیے بچوں کی پیدائش کا حکم ہوا اور ان پر انعام و اکرام کی نوازشیں بھی ہونے لگی یہاں تک کہ بچوں کے اخراجات کے لیے وظیفے بھی مقرر ہونے لگے۔ مگر رومی تہذیب میں یہ

پروفیسر ہولم اپنی کتاب تاریخ یونان قدیم میں لکھتے ہیں:

"عام طور پر لوگ ایک ہی بیوی پر قناعت کرتے، قاعدے کے مطابق دلہن کے باپ کو خواہ روپیہ ورنہ خدمات کی شکل میں معاوضہ ملتا اور خود دلہن کو بھی مہر ادا کیا جاتا تھا"۔[25]

یونانی تہذیب جو سب سے قدیم تصور کی جاتی ہے اس لیے سماجی کی بنیادیں بھی اس دور سے ملتی ہیں۔ یونان میں دو ریاستوں کا تصور ملتا ہے ان میں ایک ایتھنز اور دوسری اسپارٹا ہے۔ ان کے ہاں سماجی اخلاقیات کا یہ تصور تھا ہر شخص اپنی مرضی سے جس عورت سے چاہتا نکاح کر لیتا تھا اور اگر اولاد نہ ہوتی تو اس کو طلاق دے کر چھوڑ دینا معیوب نہیں سمجھا جاتا تھا۔ کچھ قبیلوں میں تو عورت صرف اس مرد سے شادی کرتی تھی جو طاقتور اور قاتل ہو اور اپنے اس کام میں شہرت بھی رکھتا ہو۔ گویا طاقت اور خون ریزی ہی مردانگی کی نشانی سمجھی جاتی تھی اور وہ عورتیں یہ اس لیے کرتیں تاکہ ان کے بچے بھی اس طرح بہادر ہوں۔ کچھ معاشروں میں تو سماجی اخلاقیات کا یہ تصور تھا کہ شادی بیاہ کے لیے لڑکی والدین کو مال و دولت یا خدمت دے کر لڑکی کو خرید لیا جاتا تھا پھر لڑکی کو حق مہر بھی دیا جاتا تھا۔ دور جدید کے معاشروں میں بھی ایسی رسمیں ابھی تک موجود ہیں جہاں شادی کے لیے باقاعدہ طور پر مالی لین کے ذریعے لڑکی کو زر خرید غلام بنا لیا جاتا ہے اور پھر اس کے ساتھ جیسا چاہیے سلوک کیا جاتا ہے، گویا لڑکی ہمیشہ کے لیے اس کی محکوم بن جاتی ہے۔

مصری تہذیب میں آشوری اور کلدانی (جو ایک کاشتکار قوم تھی) قومیں بہت مشہور تصور کی جاتی ہیں۔ آشوری آداب و تمدن میں بالکل کلدانیوں کے مقلد تھے۔ اگر ان کے طرز معاشرت پر نظر ڈالیں تو بادشاہ اور امراء کئی کئی بیویاں رکھتے تھے اور ان کو گھروں میں قیدیوں کی طرح رکھتے تھے۔ کوئی ان کے سامنے نہیں جا سکتا تھا اور نہ وہ عورتیں مکان سے باہر نکل سکتی تھیں[26]۔

رومی مؤرخ ٹیاسی ٹس لکھتا ہے:

"پہلی صدی عیسوی میں شادی بیاہ اور پرورش اولاد بالکلیہ فیشن کے خلاف سمجھی جاتی تھی، اپنے بعد وارث ہونے کے لیے بچے نہ رکھنے کا فائدہ نافرمانی کی سزا سے زیادہ سمجھا جاتا تھا"۔[27]

اہل مصر میں شادی بیاہ کے حوالے سے سماجی اخلاقیات کا یہ تصور تھا کہ بادشاہ کی کئی کئی بیویاں ہوتی تھیں جن کو قیدی بنا کر رکھا جاتا تھا اور ان کو گھر سے باہر جانے کی بھی اجازت نہیں ہوتی تھی۔ کوئی بھی شخص اپنی، قبیلے، ذات اور برادری کے باہر شادی نہیں کر سکتا تھا گویا طبقاتی تقسیم کا اعلیٰ نظام موجود تھا اور اسی کو سماجی اقدار کا نام دیا جاتا تھا۔ کچھ معاشروں کی سماجی حالت یہ تھی کہ شادی محض جنسی تسکین کا ذریعہ بن کر رہ جاتی تھی۔ خواتین سے اولاد کو پیدا کرنے یا ان کی پرورش کرنے کا اختیار ان سے چھین لیا جاتا تھا۔ جو شخص اپنے وارث کی خواہش کرے اس کو معاشرے کے لیے نافرمان تصور کیا جاتا تھا۔

انفرادی تمدنی ضرورت بھی ہے جسے تمام معاشروں نے تسلیم کیا ہے لیکن قرآن وسنت نے اس پہلو کے علاوہ اسے سماجی زندگی میں اخلاقی ضرورت بھی قرار دیا ہے اور اس کے قیام پر بہت زور دیا ہے۔ قرآن کریم نے تو اسے سنت انبیاء قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّن قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً[21]

"اور ہم نے یقیناً آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے اور ہم نے ان کو بیویاں اور بچے بھی دیئے"۔

اسی لیے میاں بیوی کے تعلق کے لیے اسلام نے جو اصلاح متعارف کرائی ہے اس کو نکاح کا نام دیا ہے۔ نکاح ہی وہ قانونی ضابطہ ہے جس کے تحت زوجین (میاں بیوی) معاشرے میں باعزت طریقے سے رہ سکتے ہیں اور پھر ان کی ہونے والی اولاد کے لیے بھی قانونی جواز کے تمام تقاضے پورے کر دیئے ہیں۔ یہ وہ معاشرتی تقاضے ہیں جو خاندان کی مضبوطی اور استحکام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ نکاح کی اہمیت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ اَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ[22]

"اور اپنے غیر شادی شدہ آزاد افراد اور اپنے غلاموں اور کنیزوں میں سے باصلاحیت افراد کے نکاح کا اہتمام کرو کہ اگر وہ فقیر بھی ہوں گے تو خدا اپنے فضل و کرم سے انہیں مالدار بنا دے گا کہ خدا بڑی وسعت والا اور صاحب علم ہے"۔

اگر ہم قدیم انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کریں تو تمام انسانی تہذیبوں میں شادی کا تصور مختلف انداز میں نظر آتا ہے۔ ذیل میں ان کا جائزہ لیتے ہیں۔

پروفیسر ہولم اپنی کتاب تاریخ یونان قدیم میں اہل اسپارٹہ کے ہاں رسم نکاح کے حوالے سے لکھتا ہے:

"ہر زمیندار اور شہری کو نکاح کرنا لازمی تھا اور اگر اولاد نہ ہوتی تو طلاق لازمی آتی تھی۔ اسپارٹی شادی بیاہ کو بالکل اسی نظریے سے دیکھتے تھے جیسے کوئی کاشتکار اپنے مویشی کی نسل کو دیکھتا ہے"[23]

ول ڈیورانٹ "انسانی تہذیب کا ارتقاء" میں لکھتا ہے۔

"متعدد قبیلوں میں کوئی عورت اس وقت تک کسی مرد سے شادی نہیں کرتی تھی جب تک اس نے جائز یا ناجائز طریقے سے کسی شخص کو قتل نہ کیا ہو۔ چنانچہ سر کا شکار کرنے کا دستور آج بھی فلپائن میں موجود ہے۔ وہ ڈیاک جو ایسے شکار میں سب سے زیادہ سر اتار لاتا وہ اپنے گاؤں کی کسی بھی لڑکی کو منتخب کر کے شادی کر سکتا تھا۔ وہ اس کی نظر عنایت کی طلب گار تھیں کیونکہ اس کے پیچھے یہ احساس کارفرما تھا کہ اس کے ذریعے وہ بہادر اور مردمار قسم کے بچوں کی ماں بن سکیں گی"[24]

تہذیبوں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ متمدن اور غیر متمدن تہذیبوں میں سماجی روابط کی مختلف نوعیتیں سامنے آتی ہیں۔ ول ڈیورانٹ "انسانی تہذیبوں کا ارتقاء" میں سماجی روابط کے حوالے سے رقم طراز ہے:

> "غیر متمدن انسان ہم عصر انسان کے مقابلے میں اپنے ساتھیوں کی مدد کے لیے زیادہ آمادہ رہا تھا، اس میں سماجی یگانگت زیادہ پیدا ہوئی کیونکہ اسے زیادہ خطرات کا سامنا تھا اور اس کے اپنے گروہ کے ساتھ زیادہ مفادات وابستہ تھے۔ اس کے پاس ملکیت کم تھی جو اسے دوسرے ساتھیوں سے جدا کرتی۔ فطری انسان زور آور اور لالچی تھا، لیکن وہ مہربان اور فیاض بھی تھا۔ اجنبیوں کے ساتھ شراکت پر اور مہمانوں کو تحفے دینے میں خوشی محسوس کرتا۔ بہت سے غیر متمدن قبیلوں میں مہمان نوازی اس انتہا پر تھی کہ میزبان اپنے مہمان کو بیوی یا بیٹی پیش کر دیتا تھا۔ ایسی پیش کش کو ٹھکرا دینا نہ صرف میزبان بلکہ اس عورت کی بھی ہتک شمار ہوتی"۔[20]

اس سے سماجی اخلاقیات کی دو نوعیتیں ہمارے سامنے آتی ہیں ایک تو سماجی روابط بڑھانے کے لیے مہمان نوازی کا تصور ملتا ہے، جس سے آپس میں محبت کے رشتے قائم ہوتے ہیں اور سماج اخلاقی ترقی کرتا ہے۔ دوسری نوعیت اخلاق زوال کی طرف پیش قدمی کی ہے، جہاں کچھ معاشروں میں سماجی روایت کے مطابق میزبان مہمان کو ضیافت کے ساتھ ساتھ اپنی بیوی یا بیٹی بھی بطور تحفہ پیش کرتا ہے۔ مہمان کا اس تحفہ سے انکار معیوب سمجھا جاتا تھا۔ اگر مہمان اس تحفہ کو قبول نہ کرتا تو میزبان اپنے لیے یہ کم تری محسوس کرتا تھا۔ اس وجہ سے محرم رشتوں کی تقدیس پامال ہونے لگی اور اس سے سماج بھی اخلاقی زوال کا شکار ہو گیا۔ اسلام نے جہاں مہمان نوازی کی تعلیم دی وہیں اس کے اصول و آداب بھی بتا دیئے تاکہ اس باہمی رشتے کے ذریعے سماج میں اخلاقی اقدار کو قائم کیا جاسکے۔

جہاں تک سماجی روابط کا تعلق ہے تو ایک تعلق جس کا ہر معاشرے میں تصور ملتا ہے وہ ہے جنس کی بنیاد پر تعلق قائم کرنا۔ مختلف معاشروں میں اس کی شکلیں مختلف رہی ہیں، مگر ہر دور میں مرد اور عورت نے ایک دوسرے سے تعلق قائم کیا اور جنسی تسکین حاصل کی۔ کچھ تہذیبوں میں عورت محض جنسی تسکین کا ذریعہ سمجھی گئی اور اس کو معاشرے میں وہ مقام اور عزت نہیں دی گئی جس کے لیے اس کی تخلیق ہوئی۔ اگر ہم اسلامی تہذیب کا مطالعہ کریں تو اسلام نے عورت کو وہ مقام اور عزت دی جو دیگر معاشروں میں نہیں ملتی۔

ا۔ شادی بیاہ کا تصور

سماجی روابط کا ایک اہم ذریعہ شادی بیاہ کا تصور ہے، اس سے سماجی رشتے وجود میں آتے ہیں اور خاندان کی بنیادیں ملتی ہیں۔ اسلامی معاشرہ میں خاندان کی ابتداء ایک مرد اور عورت کے نکاح سے ہوتی ہے۔ نکاح ہی خاندانی نظام کی بنیادی اکائی کے طور پر سامنے آتا ہے، اس لیے اس کی اہمیت اور سماجی حیثیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ نکاح ایک

اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ جدید انسان کی اخلاقیات لازمی طور پر غیر متمدن انسان سے اعلیٰ نہیں۔ اگرچہ دو ضابطوں کے گروہ اپنے موضوع، عمل اور پیشے میں ایک دوسرے سے خاصے مختلف ہو سکتے ہیں۔ لیکن جدید اخلاق کو عام حالات میں پہلے کی نسبت زیادہ انسانوں تک وسعت دی جاسکتی ہے۔ جوں جوں قبیلے زیادہ بڑی وحدت ریاست میں اکٹھے ہوتے گئے اخلاقیات قبائلی حد بندیوں سے باہر نکل گئی اور جوں جوں ذرائع ابلاغ اور مشترکہ خطرے سے ریاستیں متحد ہوئیں تو اخلاق سرحدوں سے باہر نکلا اور بعض افراد اپنے احکام کا اطلاق تمام یورپیوں، تمام سفید فاموں اور آخر کار تمام انسانوں پر کرنے لگے"۔[18]

وہ مزید لکھتا ہے۔

"اخلاقی ضابطے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ نامتبدل یا بتدریج تغیر پذیر انسانی فطرت کے ہیجانات کو معاشرتی زندگی کی متغیر ضرورتوں اور حالات کے مطابق بنائے۔ لالچ اکتسابیت، بے ایمانی، ظلم اور تشدد جانوروں اور انسانوں کی بہت ساری نسلوں میں بہت مفید تھا جسے ہمارے تمام قوانین، تعلیم، اخلاقیات اور مذاہب ختم نہ کر سکے۔ ان میں سے بعض آج بھی موجود ہیں۔ جانور خوب ٹھونس کر کھاتا ہے کہ کیونکہ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اسے دوبارہ کھانا کب ملے گا۔ یہ بے یقینی لالچ کی بنیاد ہے"۔[19]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سماجی زندگی میں اخلاقیات اور اخلاقی ضوابط کا محدود تصور تھا، کچھ تہذیبوں میں تو انسان تہذیبی شعور سے بھی آگاہ نہیں تھے بلکہ زندگی کا کل وقتی مقصد خوراک کا حصول تھا۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایسے معاشرے فطرت کے بنیادی اصولوں کو سمجھنے سے بھی قاصر رہے۔ اہل ایتھنز کے ہاں اس کی مثالیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ قدیم تہذیبوں میں کچھ معاشرے ایسے بھی تھے جو اخلاقی تصور سے آگاہ تھے مگر اس کو اپنی زندگی کا مقصد اور نصب العین نہیں بنایا تھا۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے جیسے معاشرہ ترقی کرتا گیا اور سماجی زندگی کا نظام وسیع ہوا تو متمدن قوموں میں اخلاقیات کا شعور بھی اجاگر ہوتا گیا اور وہ اپنی زندگی کو اصول وضوابط کے سانچوں میں ڈھالتے گئے۔

سماج کے اخلاقی روابط

اجتماعی زندگی میں انسانی روابط بھی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ سماجی زندگی ایک دوسرے کے بغیر مکمل نہیں ہوتی اس لیے سماجی زندگی کی تکمیل کے لیے انسانی روابط وجود میں آتے ہیں۔ جہاں تک انسانی تہذیبوں میں ان روابط کا تعلق ہے تو ان میں یہ دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ انسانی روابط کن بنیادوں پر قائم ہوتے ہیں اور یہ بنیادیں انسانی اخلاقیات پر کس حد تک اثر انداز ہوتی ہیں۔ یہ تو ہم سب جانتے ہیں کہ انسانی روابط کی نوعیت مختلف اوقات میں مختلف ہوتی ہے۔ قدیم اور جدید

معاشرہ ایک اخلاقی ضابطہ سکھاتا ہے اور فرد کے اندر معاشرتی مزاج پیدا کرتا ہے جو زندگی کی فطری جنگ کو دباتا ہے۔ ان خوبیوں یا عادات کو جو معاشرے کے لیے فائدہ مند ہوتی ہیں اچھائیاں کہہ کر فرد کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جبکہ ان کے برعکس عادات کو برائیاں کہہ کر ان کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔ اس طرح فرد خارجی اعتبار سے معاشرتی انسان اور جانور شہری بن جاتا ہے"۔[17]

اگر ہم اسلامی تہذیب کی بات کریں تو اس میں انسانی تخلیق ایک خاص مقصد کے تحت ہوئی، اس کو ہدایات دے کر اس دنیا میں بھیجا گیا تاکہ وہ اللہ کے احکامات کی تعمیل کرتے ہوئے باہمی تعلقات قائم کرے اور اپنی نسل کو آگے بڑھائے۔ گویا افزائش نسل کے لیے نکاح کا تصور دیا، ایک دوسرے کی پہچان کے لیے ذاتیں، برادریاں اور قبیلے بنا کر ایک قوم کا تصور دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ سماجی شعور دے کر اخلاقی رویوں کی پہچان دی تاکہ انسان اپنی عزت و تکریم کو قائم رکھتے ہوئے سماجی زندگی گزارے۔

سماجی اخلاقی ضوابط

منظم زندگی گزارنے کے لیے انسان ایسے اصول و قواعد بناتا ہے جن کے تحت زندگی کو اس انداز میں گزارے کہ اس سے اس کی خوبیاں نکھر کر سامنے آئیں۔ یہ کائنات بھی ایک اصول و ضابطے کے تحت وجود میں آئی اور انسانی تخلیق بھی ایک خاص مقصد کے تحت ہوئی۔ پھر انسان کو شعور دے کر اس دنیا میں بھیجا تاکہ وہ اپنے ان شعوری رویوں سے زندگی گزارنے کے طریقے دریافت کرے اور پھر ان طریقوں کو منظم کرتا رہے۔ منظم زندگی گزارنے کے لیے انسان نے اپنے طور پر کچھ اصول و ضوابط بنائے اور پھر وقت کے ساتھ ساتھ جب انسانی تہذیبیں متمدن ہونا شروع ہوئیں تو پھر اللہ کی طرف سے ہدایات بھی آنے لگیں ان ہدایات میں زندگی گزارنے کے کچھ اخلاقی اصول و ضوابط بھی دیئے گئے جن کی تکمیل اسلامی تہذیب سے ہوئی۔

اگر انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کریں تو ان تہذیبوں میں انسانی زندگی ان اصول و ضوابط کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی، کیونکہ طاقتور اپنی طاقت کا استعمال کر کے اور با اختیار اپنے اختیارات کا استعمال کر کے اپنی مرضی سے زندگی گزار لیتا ہے۔ اس میں مفاد پرستی، لالچ، حرص اور حسن پرستی جیسی صفات بھی شامل ہو جاتی ہیں۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ قدیم تہذیبوں میں آزادانہ زندگی کا تصور موجود تھا، تمام انسانی معاشروں میں ہر شخص اپنے انفرادی تشخص کو قائم کرنے کے لیے ہر وہ فعل سر انجام دیتا تھا جس کو وہ اپنے لیے ضروری سمجھتا تھا۔ ان میں خود ساختہ قدریں تو موجود تھیں مگر یہ بات ضروری تھی کہ ان کی زندگی میں اصول و ضوابط بھی متعارف کرائے جائیں تاکہ وہ ان حدود قیود کے ساتھ زندگی بسر کریں اور سماجی زندگی میں اخلاقی اقدار کو فروغ بھی دیں۔ ول ڈیورانٹ "انسانی تہذیب کا ارتقاء" میں لکھتا ہے:

"تاریخ میں اخلاقی ترقی ضابطوں کی اصلاح سے زیادہ اس علاقے کی توسیع پر منحصر ہے۔ جس میں

اصل یہی وہ سماجی اخلاقی تقاضے ہیں جس کی بار بار تعلیم دی جاتی ہے۔ قدیم انسانی تہذیبیں اس سماجی اخلاقیات سے عاری نظر آتی ہیں کیونکہ وہ طبقات میں منقسم تھیں ہر طبقے کا اپنا معیار تھا جس سے وہ کم ہونے کا نام نہیں لیتا تھا، عورتوں، غلاموں اور مزدوروں کے ساتھ ظلم و جبر سے پیش آتے تھے۔ اسلامی تہذیب نے نہ صرف اس طبقاتی تقسیم[14] کو ختم کیا، بلکہ عورتوں اور غلاموں کو معاشرے میں ایک مقام دیا اور اخلاقی اقدار کی تعلیم دی۔

سماجی زندگی کا حقیقی مقصد

اگر ہم انسانی تہذیبوں میں سماجی زندگی کی بات کریں تو یہ زندگی مختلف نوعیتوں میں بکھری نظر آتی ہے۔ ان تہذیبوں میں معاشرتی زندگی کو قائم و دائم رکھنے کے لیے سماجی زندگی کا تصور ملتا ہے جس میں رہن سہن، جنسی تسکین، افزائش نسل اور سماجی تعلقات وغیرہ شامل ہیں۔ جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب "مختصر تاریخ تمدن" میں انسانی طرز حیات کے بارے میں لکھتا ہے:

> "انسان نے اپنے ماقبل مورثوں سے بہت سی جبلتیں[15] ورثے میں پائی ہیں اور یہ جبلتیں اب تک افراد اور جماعتوں کی زندگی اور سرگرمی میں پوشیدہ ہیں۔ اگرچہ انہیں ان کے اثر کا شعور نہیں مگر ایسی جبلتیں انسان کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ موت سے بچے اور اپنے آپ کو زندہ رکھنے کی سعی کرے۔ یہ انسان کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ بچوں کی پرورش کے ذریعے نسل کو برقرار رکھے اور وہ انسان کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ ہر اس چیز کی مدافعت کرے جو اس کی یا اس کے بچوں اور دوستوں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالے۔ یہ انسان کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ باہم مل کر خاندان، قبیلہ اور قوم کی صورت اختیار کرے تاکہ بہتر سے بہتر طریقے پر تحفظ ذات اور آسودگی حاصل کرے"۔[16]

ول ڈیورانٹ "انسانی تہذیب کا ارتقاء" میں زندگی کی حقیقت، تہذیب کے مقاصد اور اخلاقی اقدار کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے:

> "لالچ کو کفایت شعاری، تشدد کو استدلال، قتل کو قانونی چارہ جوئی اور خودکشی کو فلسفے میں تبدیل کرنا تہذیب کے مقاصد کا حصہ رہا ہے۔ جب طاقت ور نے کمزور کو قانونی طریقے سے کھانا شروع کیا تو ایک لحاظ سے یہ بہت بڑی ترقی تھی۔ کوئی بھی معاشرہ اس صورت میں قائم نہیں رہ سکتا اگر وہ اپنے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ اسی سلوک کی اجازت دے جو وہ دوسرے گروہوں کے ساتھ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ خارجی مقابلے کے لیے داخلی تعاون پہلا قانون ہے، جہد بقاء امداد باہمی پر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ گروہ کو منتقل کی جاتی ہے۔ دوسرے حالات کے ساتھ ساتھ دشمن گروہوں سے مقابلہ کرنے کی اہلیت متحد ہونے کی انفرادی اور خاندانی اہلیت کے متناسب ہو گی۔ چنانچہ ہر

بھی تھا۔ گویا معلوم ہوتا ہے کہ رومی معاشرت طبقاتی تقسیم کا شکار تھی جس میں کمزور طبقے کو اخلاقی روایات کے برعکس کم تر تصور کیا جاتا تھا۔ رومی معاشرے کا جائزہ لیں تو تین طبقات میں بٹا ہوا نظر آتا ہے۔ سید امیر علی "روح اسلام" میں رومی معاشرت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> "رومی معاشرہ واضح طور پر تین طبقات میں بٹا ہوا تھا۔ پہلا طبقہ ہونیسٹائرز (Honestoires) یعنی امرا، دوسرا طبقہ ہیمولائرس (Humeloires) یعنی عوام کا اور تیسرا طبقہ سروی (Servi) یعنی زرعی مزدوروں اور غلاموں کا تھا۔ "رومیوں کے یہاں اولین ایام سے غلام چلی آرہی تھی، غلام خواہ ملکی ہوں یا غیر ملکی، جنگ میں ہاتھ آئے ہوں یا خریدے گئے ہوں۔ خالی خولی مال و اسباب سمجھے جاتے تھے۔ ان کے آقاؤں کو ان کی موت و زندگی کا اختیار تھا"۔[11]

رومی قانون نے جو طبقاتی تقسیم کی تھی اسی طرح کی تقسیم ایرانیوں کے ہاں بھی ملتی ہے، ایرانی معاشرہ چار طبقات پر مشتمل تھا:

۱۔ مذہبی طبقہ (آذرواں) ۲۔ فوجی طبقہ (ارتشتیاراں)

۳۔ عمال گروہ (دبیراں) ۴۔ ہنر مندی کا شکار (استر بوشال و دہتخشاں)

ہر گروہ کے ذمہ کام تھے اور ایک طبقہ کا شخص دوسرے طبقہ میں شامل نہیں ہو سکتا تھا۔ چوتھے طبقہ کا کوئی شخص نہ سرکاری ملازم ہو سکتا تھا اور نہ اعلیٰ طبقات کی جائیداد خرید سکتا تھا۔[12]

اگر ہم اسلامی تہذیب کا مطالعہ کریں تو اسلام نے طبقاتی تقسیم کو ختم کر کے تمام انسانوں کو مساوی درجہ دیا۔ امیر و غریب، حاکم و محکوم کی تقسیم ختم کی اور معاشرے کے تمام افراد کو برابر مواقع دے کر حقوق و فرائض کا تصور بھی دیا۔ ہر طبقے کو اس کے حقوق سے متعلق آگاہ کر کے اسے دوسروں کے فرائض میں شامل کر دیا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

يَآيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا[13]

> "اے لوگو ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور پھر تم میں شاخیں اور قبیلے بنائے تاکہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچان سکو"۔

اس سے معلوم ہوا کہ ذاتیں، قبیلے اور برادریاں سب محض ایک دوسرے کی پہچان کے لیے ہیں۔ اصل مقصد انسانیت کی تکریم ہے تاکہ سماجی زندگی میں تمام افراد ایک دوسرے کا خیال رکھیں اور پھر اسی سے محبت و اخوت اور رواداری کے جذبے بھی فروغ پاتے ہیں۔ سماجی اخلاقیات کا یہ تقاضا ہے کہ معاشرے کے تمام افراد کے درمیان مساوی سلوک کیا جائے تاکہ کسی بھی شخص کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور ایک دوسرے کی عزت و احترام بھی برقرار رہے۔ در

دروزہ گری کی۔ مگر سیاست، تنظیم اور استقلال کی ایک مثال قائم کر گئے جس سے دنیا صدیوں تک سبق لیتی رہی"۔[7]

یہ تو ان قوموں کے احوال تھے جنہوں نے دنیا میں عروج حاصل کیا اور بہت سے نقوش چھوڑے۔ یہ نقوش زندگی کے ہر پہلو کے حوالے سے قدیم تاریخی کتب میں مل جاتے ہیں۔ مگر جہاں تک شہری اور سماجی زندگی کا تعلق ہے تو جان ایس ہائی لینڈ اپنی کتاب "مختصر تاریخ تمدن" میں اہل یونان کی شہری زندگی کے بارے میں لکھتا ہے۔

"یونانی شہری ریاست کے باشندے اپنے آپ کو ایک مشترک مورث اور بانی کی اولاد اور آپس میں ایک دوسرے کو اپنا رشتے دار تصور کرتے تھے۔ یہ لوگ اپنے شہر کے حسن و جمال، شہر کی عبادت گاہوں اور نفیس عمارتوں، اس کے اداروں، اس کی آزادی، اس کے قدیم مشاہیر اور اس کے مشہور کارناموں پر بڑا فخر کیا کرتے تھے اپنے شہر کے لیے لڑائی میں اپنی جانیں خوشی سے نثار کر دیتے تھے۔ یونانی شہری ریاست اگرچہ چھوٹی ہوتی تھی اور اس کے اغراض و مقاصد نہایت محدود تھے، تاہم وہ حقیقی تہذیب کا گہوارہ تھی۔ یہ ریاست ساری دنیا کے لیے اس بات کی مثال تھی کہ کس طرح عملی اداروں اور نہایت اچھی طرح وضع کیے ہوئے قانون کے ذریعے ایسی تہذیب کی نشو نما اور تکمیل ہو سکتی ہے"۔[8]

اگر اہل یونان کا جائزہ لیا جائے تو ان کے ہاں ابتدائی معاشرت مختلف معیارات پر قائم تھی۔ اہل یونان میں ایتھنز[9] اور اسپارٹا کا تصور واضح طور پر ملتا ہے، ان میں ایتھنز کے مقابلہ میں اہل اسپارٹا زیادہ متمدن سمجھے جاتے ہیں۔ پروفیسر ہولم اپنی کتاب تاریخ یونان قدیم میں اہل اسپارٹا کی طرز معاشرت اور علوم و فنون کے حوالے سے رقم طراز ہے:

"یہ درست ہے کہ اسپارٹی تعلیم اور اسپارٹی علوم و فنون کی نوعیت ایک مدرسے کی سی تھی اس کے لیے جو بھی طریقے استعمال کیے جاتے تھے وہ انسان کے شریفانہ اور کشادہ دلی کی امنگ کو ابھارتے، اس میں زندگی کی سادگی، خودداری، فطری اور معاشرتی بزرگوں کا پاس و لحاظ اور وسیع ترین معنوں میں اعلیٰ قوتوں کے سامنے سر تسلیم خم کرنا سکھایا جاتا تھا۔ ان سب باتوں کا رتبہ قانون کا تھا اور ان پر نہایت سختی سے عمل درآمد ہوتا تھا۔ یہ کہنا مبالغہ نہ ہو گا کہ اسپارٹا نہ ہوتا تو یونان کی اخلاقی زندگی کی تصویر نامکمل رہ جاتی"۔[10]

انسانی تہذیبوں میں رومی تہذیب زیادہ متمدن معلوم ہوتی ہے، مگر ان کی معاشرتی و سماجی زندگی کا مطالعہ کریں تو ان کا مختلف طرز معاشرت سامنے آتا ہے۔ رومی معاشرت آزاد اور غلام کی تقسیم کا شکار تھی، جرائم اور سزاؤں میں اس تفریق کا خاص لحاظ رکھا جاتا تھا۔ آزاد کے جرم کی سزا کم اور غلام کی سزا زیادہ تھی، اسی طرح اشراف اور رعایا کا معاملہ

ساتھ زندگی گزارنے کو سماجیات کا نام دیا جاتا ہے اور اس سماجی زندگی میں رہن سہن، باہمی تعلقات، ازدواجی نظام اور معاشرے کے دیگر افراد کے ساتھ ان کے ربط و تعلق کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ مختلف معاشروں میں لوگ سماجی زندگی میں کن رویوں کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ان رویوں میں ان کی کون سی خصوصیات غالب ہیں، انہی خصوصیات کی بنا پر ان کی پہچان ہوتی ہے۔ یہ وہ اوصاف و خصوصیات ہیں جو انسان کی سماجی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ انسانی تہذیبوں کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام غیر متمدن اور متمدن معاشروں کے افراد مختلف اوصاف اور خصوصیات رکھتے تھے۔ ان اوصاف میں سے کچھ کا تعلق انسانی رویوں کے ساتھ تھا اور کچھ کا تعلق سماجی زندگی کے نظام حیات سے تھا۔

جب ہم سماجی زندگی میں اخلاق کی بات کرتے ہیں تو یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ اخلاق عادات، طور اطوار اور کردار کا نام ہے، اس لیے سماجی نظام زندگی میں یہ دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ سماجی زندگی میں انسان کن عادات، طور اطوار اور کس کردار کے تحت زندگی بسر کرتا ہے۔ انسان کی معاشرتی زندگی میں سماج کی اپنی اہمیت اور شناخت ہے اور سماج میں انسان باہم مل جل کر خاندانی نظام کے تحت زندگی گزارتے ہیں۔ ہر خاندانی نظام میں خاندانی رشتے ہوتے ہیں اور پھر ان رشتوں کی اساس پر خاندانی زندگی پروان چڑھتی ہے۔ سماجی ارتقاء میں بھی خاندانی نظام اپنی اہمیت رکھتا ہے اور خاندان کا ارتقاء شادی بیاہ کے تصور سے مربوط ہے۔ یہی وہ نظام ہے جس سے سماج کی عملی تکمیل بھی ہوتی ہے، اس لیے پوری سماجی زندگی میں اچھی عادات اور مثالی کردار کے تحت زندگی گزارنے کو سماجی اخلاقیات کا نام دیا جاتا ہے۔

اخلاق وہ بنیادی لائحہ عمل ہے جو سماجی زندگی میں اعلیٰ معیارات کے قیام کا باعث بنتا ہے اور تمام انسانی تہذیبوں میں انسان کی سماجی زندگی بہت اہمیت کی حامل اس لیے بھی ہوتی ہے کہ اسی زندگی سے معاشرے میں ان کا مقام پیدا ہوتا ہے اور یہی سماجی زندگی تہذیبی شعور کے ادراک اور تمدنی زندگی کے فہم کو بھی اجاگر کرتی ہے۔ اگر ان انسانی تہذیبوں کو تمدنی حوالے سے دیکھا جائے تو یہ تہذیبیں وقت کے بہاؤ میں اتار چڑھاؤ کا شکار رہی ہیں اس لیے انسان کی تہذیبی زندگی بھی روایات کا شکار رہی ہے۔ ہر ایک تہذیب میں سے انسان کی سماجی زندگی میں اخلاقیات اور ان کے طرز معاشرت کی عکاسی بھی ہوتی ہے۔ محمد مجیب "تاریخ تمدن ہند" میں لکھتے ہیں:

> "انسانی زندگی تمدن اور تہذیب کے اعتبار سے کبھی ہموار نہیں رہی، آج کل کی طرح پہلے بھی بعض قومیں ایسی تھیں جنہوں نے بہت ترقی کر لی تھی اور بعض ایسی جو بالکل وحشی تھیں، ترقی کرنے والی قوموں میں ہر ایک کی رفتار الگ تھی۔ بعض قومیں برابر ترقی کرتی رہیں، اور بعض کی ترقی ایک حد تک پہنچ کر رک گئی۔ قدیم یونانیوں نے تھوڑی سی مدت میں فکر اور عمل، فن اور ادب کے لاجواب کرشمے دکھائے اور دنیا سے رخصت ہو گئے۔ رومیوں نے علم اور فن میں

عمل دخل ہوتا ہے انہی اقدار کی وجہ سے انسانی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور بہترین کردار سازی سے اچھے عمل کی بھی پہچان کی جاتی ہے۔ انسانی اعمال و افکار اور طرز زندگی میں حسن بیان کی اہمیت بھی اسی اخلاق اور اخلاقی اقدار کی وجہ سے ہی تسلیم کی جاتی ہے۔ جہاں تک علم الاخلاق کا تعلق ہے تو مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی لکھتے ہیں:

"اس سے مراد وہ علم جو بھلائی اور برائی کی حقیقت کو ظاہر کرے اور اس کو بیان کرے کہ انسانوں کو آپس میں کیسے معاملہ کرنا چاہیے اور اس کو واضح کرے کہ لوگوں کو اپنے اعمال میں کس منتہائے نظر اور مقصد عظمیٰ کو پیش نظر رکھنا چاہیے اور مفید اور کار آمد باتوں کے لیے دلیل راہ بنے"۔[4]

گویا علم الاخلاق کا موضوع دو قسم کے اعمال پر مشتمل ہے: اول: وہ اعمال جو انسان کے اختیار و ارادہ سے صادر ہوتے ہوں اور عمل کے وقت جن کے بارے میں وہ خوب جانتا ہو کہ وہ کیا کر رہا ہے۔ دوم: وہ اعمال جو عمل کے وقت اگرچہ بغیر ارادہ صادر ہوتے ہیں لیکن اختیار، شعور اور ارادہ کے وقت ان کے متعلق احتیاط برت سکتا ہے۔ اور یہی وہ اعمال ہیں جن پر خیر اور شر یا اچھے اور برے ہونے کا حکم لگایا جاتا ہے۔[5] ایک اور جگہ پر مولانا سیوہاروی اسی امر کی وضاحت ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"نفس انسانی اپنے کردار میں تین امور میں سے کسی ایک امر سے متعلق ہوتا ہے۔ ایک طبیعت، دوسرا حال اور تیسرا ملکہ ہوتا ہے۔ طبیعت جبلت کا نام ہے جس میں تغیر و تبدل کا قطعی امکان نہیں، حال نفس کی اس کیفیت کا نام ہے جس سے استبداد قبول کی بنا پر نفس متکیف ہوتا مگر جلد ہی زوال بھی قبول کر لیتا ہے، جب کہ ملکہ اس کیفیت یا قوت کا نام ہے جو نفس انسانی میں راسخ ہو جاتی ہے اور اس کا زوال ہو تو سکتا ہے لیکن بمشکل اور بتاخیر۔ اس کے بعد یہ واضح ہے کہ خلق ان تینوں کیفیات میں سے نفس کی اس کیفیت سے متعلق ہوتی ہے جو ملکہ کہلاتی ہے اور اس کا حال مزاج سا نہیں ہے۔ لہذا علم الاخلاق کے ذریعے اس کی تہذیب و اصلاح ممکن ہے"۔[6]

گویا علم الاخلاق سے مراد وہ انسانی اوصاف و کمالات اور کردار جس کے متعلق بحث کی جاتی ہے تاکہ ان اوصاف کی بنیاد پر انسانی شخصیت کی پہچان ہو سکے اور انہی اوصاف کی بنیاد پر انسانی شخصیت میں نکھار پیدا ہو جو انسانی شخصیت میں توازن کے معیار کو بھی برقرار رکھے۔

سماجی اخلاق کا تصور

معاشرتی زندگی میں انسانوں کا باہم مل جل کر رہنا فطری سمجھا جاتا ہے اور اجتماعی زندگی میں تمام انسان باہمی تعلقات بھی بنائے رکھتے ہیں۔ انہی تعلقات میں سے ایک تعلق ازدواجی زندگی سے متعلق بھی ہے، معاشرتی زندگی میں جب ازدواجی تعلقات قائم ہوتے ہیں تو پھر مختلف رشتوں کا تصور بھی وجود میں آتا ہے۔ ان ابدی اور وقتی رشتوں کے

انسان کی تہذیبی داستان اور تمدنی سفر میں جن اقوام کو سربلندی حاصل رہی ہے ان میں یونانی، رومی، مصری، ایرانی اور ہندی نمایاں ہیں۔ گو ابتدائی معاشرت کے نمونے اب بھی دنیا کے مختلف حصوں میں پائے جاتے ہیں لیکن جن اقوام نے اپنے اجتماعی نظام قائم کیے ان کے نام تاریخ میں محفوظ رہے۔ لہذا ضروری ہے کہ ان قدیم تہذیبوں کے سماجی نظام اور ان کے رہن سہن کا جائزہ لیا جائے کہ وہ کس حد تک متمدن تھے اور ان کی سماجی زندگی میں ایک دوسرے کے ساتھ کیسے روابط تھے۔ ان کی سماجی زندگی میں اخلاقیات کا کیا تصور تھا، کیونکہ اخلاق ایک ایسی صفت ہے جس سے قوموں کی تمدنی زندگی کی حقیقی رعنائیوں کا پتہ چلتا ہے۔ اس تحقیقی آرٹیکل میں قدیم انسانی تہذیبوں میں بھی اسی سماجی اخلاقیات کا جائزہ لیا جائے گا۔

انسانی تہذیبوں کا مطالعہ کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ پہلے اخلاق کے تصور کی وضاحت کر لی جائے کہ اخلاق سے کیا مراد ہے اور اس صفت کا انسانی زندگی سے کیا تعلق ہے۔

اخلاق کا معنی و مفہوم

جہاں تک اخلاق کا تعلق ہے تو اخلاق خلق کی جمع ہے جس کے معنی اچھی عادات، تہذیب انسانیت، ملنساری، مروت کے ہیں، یعنی وہ علم جس میں تہذیب نفس اور معاشرتی معاملات کے اصولوں سے بحث کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی تہذیب میں اچھے طور طریقوں کا اختیار کرنا، اس کے مطابق زندگی گزارنا اور عام معاشرتی معاملات کو اس کے مطابق ڈھالنا وغیرہ شامل ہے۔ سماجی زندگی میں ایسا طریقہ وضع کرنا جو اسے دوسرے تمام انسانوں سے بھی ممتاز کر دے۔ امام غزالی نے احیاء علوم الدین میں خلق کی بڑی عمدہ تعریف کی ہے وہ فرماتے ہیں:

> "خلق نفس کی اس ہیت راسخہ کا نام ہے جس سے تمام افعال بلا تکلیف صادر ہوں اگر یہ افعال عقلاً اور شرعاً عمدہ اور قابل تعریف ہوں تو اس ہیت کو خلق نیک، اگر برے اور قابل مذمت ہوں تو اس ہیت کو خلق بد کہتے ہیں۔"[2]

یہ فکری سوچ جب ارتقاء کرتے ہوئے ان کے مابعد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی تک پہنچی تو انہوں نے اخلاق کی تعریف ان الفاظ میں کی:

> "خلق انسان کی اس کیفیت کا نام ہے جو اس کی طبیعت کے مختلف اوصاف کی جد وجہد کر کے اپنی جانب راجع کرے"۔[3]

گویا خلق نام ہے انسان سے سرزد ہونے والے افعال و اعمال میں کسی خاص خوبی یا وصف کا، اور ایسی خوبی جو معاشرے کے دیگر افراد کو اپنی طرف متوجہ کرے۔ یہ صفت یا خوبی اچھائی یا برائی دونوں حوالوں سے ہو سکتی ہے اور انہی خصوصیات کی بنا پر انسانی تہذیبوں اور ان کے تمدن کی بھی پہچان ہوتی ہے۔ انسانی سیرت و کردار میں اخلاق اور اخلاقی اقدار کا بہت

مہارتوں کا استعمال کیا اور ایسے اصول وضوابط بنائے جس سے انسان کی معاشرتی زندگی میں نکھار پیدا ہوا اور یہیں سے اس کی معاشرتی زندگی میں تہذیبی شعور کا بھی آغاز ہوا۔ اس کے بعد انسانی زندگی تہذیب وتمدن کا گہوارہ بنتی چلی گئی۔

تہذیب کسی بھی معاشرے کی طرز زندگی اور فکر و احساس کی آئینہ دار ہوتی ہے، چنانچہ رہن سہن، سماجی رشتے، اخلاق و عادات، رسوم و رواج اور خاندانی تعلقات سب تہذیب کے مختلف مظاہر ہیں۔ اگر تہذیب کو وسیع معانی میں دیکھیں تو یہ وہ معاشرتی ترتیب ہے جو ثقافتی تخلیق کو فروغ دیتی ہے، جس سے انسانی زندگی نکھر کر سامنے آتی ہے۔ جہاں تک انسانی زندگی کا تعلق ہے تو اس کی بنیاد پانچ چیزوں پر استوار ہوتی ہے، جس میں قابل ذکر معاشرتی زندگی، معاشی استحکام، سیاسی تنظیم، اخلاقی روایات اور علم و فن کی جستجو وغیرہ شامل ہیں۔ ان سب میں معاشرتی زندگی بہت اہم ہے کیونکہ طرز حیات سے کسی بھی انسانی زندگی کی پہچان ہوتی ہے اور اسی پہچان کو تہذیب کا نام دیا جاتا ہے۔

جہاں تک انسان کی تہذیبی زندگی کا تعلق ہے تو تہذیب ہی انسانی شخصیت و کردار کی عکاس ہوتی ہے۔ انسانی زندگی بہت سے افعال و اعمال کا مجموعہ ہوتی ہے اور انہیں افعال و اعمال سے انسان کی متمدن زندگی کا تصور ملتا ہے۔ افعال میں حسن خلق سب سے اہم عنصر تصور کیا جاتا ہے کیونکہ اخلاق ہی انسانی کردار کی تکمیل میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اخلاق ہی وہ اساسی رویہ ہے جس سے شخصیت انسانی کی نشو و نما ہوتی ہے، انسانی طرز زندگی بھی اسی سے منعکس ہوتی ہے اور اس کی سنہری کرنیں انسان کی معاشرتی زندگی پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔ گویا اخلاق ایک ایسے علم کا نام بھی ہے جو انسان کے کردار و افعال، طرز حیات اور شخصیت سازی میں نکھار پیدا کرتا ہے اور اسی سے انسان کی سماجی زندگی کی تعمیر و توقیر ہوتی ہے۔ انسان کی سماجی زندگی کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے طرز زندگی میں اچھے کردار، بہترین شخصیت، حقوق و فرائض کی ادائیگی، سماجی تحفظ کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے اور ان سب کی بنیادی اساس جس کو تسلیم کیا جاتا ہے اس کو اخلاقیات کا نام دیا جاتا ہے۔ گویا اخلاق ایک جامع تصور کا نام ہے جو پوری انسانی زندگی کے ہر پہلو کو محیط ہے۔

انسان معاشرت پسند ہے، اس کی سب سے بڑی دلیل موجودہ اور قدیم انسانی معاشرے میں تہذیب کی رعنایاں اور تمدن کی جو فشانیاں ہیں۔ انسان کی معاشرت پسندی نے انسانی اجتماعیت کو جنم دیا اور یہ چھوٹی سی خاندانی تنظیم بڑھ کر معاشرتی زندگی کو تشکیل دینے میں کامیاب ہوئی۔ انسان کی طویل اجتماعی زندگی میں بے شمار اجتماعی نظام معرض وجود میں آئے اور لاتعداد قومیں آباد ہوتی رہیں، لیکن تمام اقوام اور ان کے نظام ہائے معاشرت اپنی اصلی بنیادوں پر قائم نہ رہ سکے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَ كَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا [1]

"اور نوح کے بعد ہم نے کتنی بستیاں ہلاک کر دیں اور آپ کا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں پر خبیر و بصیر ہونے کے لیے کافی ہے"۔

انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا تصور: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں

The Concept of Social Ethics in Human Civilizations: In the light of Islamic Teachings

*سید افتخار علی گیلانی

** ڈاکٹر فیاض احمد فاروق

ABSTRACT:

Civilization depicts the manners of life, sense, and thought of any society. Hence ways of living, social relations, ethics, habits, norms, and customs are phenomena of civilization. As human civilized life is concerned, civilization is the reflection of human personality, character thus ethics occupied a dignified status in the fulfillment of human character. From the study of human social life, we come to know that good character, noble personality, implementation of duties, responsibilities, and social safety is necessary for better ways of life. Ethics is considered the fundamental base of all these items. Thus, it was necessary to highlight the concept of social ethics after studying all human civilizations. In this article, the concept of social ethics is explained after defining the meaning of ethics. Besides it, social ethical rules and relations are described; the concept of marriage is prominent among the social ethical shortcomings. Islamic civilization and social ethics are explained in the end.

KEYWORDS:

definition of ethics, social ethical norms, social ethical relations, social ethical shortcomings.

تعارف

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر عزت و توقیر سے نوازا اور پھر اس کو زمین پر اتارا تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی تعمیل کرتے ہوئے اپنی منظم زندگی بھی بسر کرے۔ انسانی فطرت میں یہ بات بھی ودیعت کر دی گئی کہ اس کے لیے تنہا زندگی گزارنا مشکل امر ہے، اس لیے وہ باہم مل جل کر زندگی بسر کریں اور جب مختلف لوگوں نے مل جل کر رہنا شروع کیا تو یہیں سے انسان کی معاشرتی زندگی کا بھی آغاز ہوا۔ انسان نے معاشرتی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف

* سینئر لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب، ملتان

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب، ملتان



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code:

Article	انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا تصور: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں The Concept of Social Ethics in Human Civilizations: In the light of Islamic Teachings
Authors	Syed Iftikhar Ali Gillani[1] Dr. Fayyaz Ahmad Farooq[1]
Affiliations	[1] Department of Islamic Studies, Institute of Southern Punjab, Multan.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u3
QR Code	
Citation	Iftikhar Ali Gillani, Syed, and Fayyaz Ahmad Farooq, Dr, *" The Concept of Social Ethics in Human Civilizations: In the light of Islamic Teachings"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 35–63
Copyright Information:	انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا تصور: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں The Concept of Social Ethics in Human Civilizations: In the light of Islamic Teachings © 2022 by Syed Iftikhar Ali Gillani, and Dr. Fayyaz Ahmad Farooq is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

17. Marx, K., *"The Circulation of Money. In A Contribution to the Critique of Political Economy"*, Progress Publishers, Moscow, 1859/1970, p. 73

18۔ سورۃ البقرۃ:2/261

19. The Express Tribune (September 2, 2017) "*The Religious Tourism: The White Gold of Saudi Arabia"*, Retrieved from: https://tribune.com.pk/story/1497494/religious-tour.
20. Khan, A. Sh. *"Billions to be spend on Sacrificial Animals in Pakistan"*, Dawn News, Karachi, September 1, 2016, Retrieved from: www.dawn .com
21. Korman, Sophia M., "*Examining the Effect of Religion on Economic Growth: A Partial Replication and Extension. Honors Theses",* 2015, Paper 89, Retrieved from: htp://digitalcommons.csbsju.edu/honors_theses/89

22۔ سورۃ المائدہ:5/32

23۔ مودودی، ابولاعلیٰ، تفہیم القرآن، جلد اول، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، 1993، سورۃ المائدہ، حاشیہ 109، 1/501

24۔ مودودی، ابولاعلیٰ، تفہیم القرآن، سورۃ البقرۃ، حاشیہ 320، 1/214 تا 216

25. McCleary, R. M., Baroo, R. J., *"Religion and Economy"*, Journal of Economic Perspectives, American Economic Association, New York, Vol. 20 (20), 2006-spring, pp. 49-72
26. Campante, F., Drott, D. Y., "Does Religion Affect Economic Growth and Happiness? Evidence from Ramadan", Faculty Research Working Paper Series, Harvard Kennedy School, Harvard, 2013, December, p. 2
27. McCleary, *"Religion and Economy"*. Journal of Economic Perspectives, Vol. 20 (2), spring 2006, pp. 40-72
28. Ibid
29. Ritzer, G., "*Contemporary Sociological Theory and Its Classical Roots: The Basics"*, McGraw-Hill, New York, 2009, pp. 35-37
30. McCleary, *"Religion and Economy"*. Journal of Economic Perspectives, Vol. 20 (2), spring 2006, pp. 40-72
31. Turner, B. S., "*The Cambridge Dictionary of Sociology"*, Cambridge University Press, Cambridge, 2006, p. 497
32. Azzi, C., Ronald Eh., *"Household Allocation of Time and Church Attendance"*, Journal of Political Economy, University of Chicago Press, Chicago, Vol. 83, February 1975, pp. 27-56
33. Finke, R., Rodney St., "*The Churching of America, 1775-2005: Winner and Losers in Our Religious Economy"*, Rutgers University Press, New Jersey, 2005, p. 9
34. Davie, G., "*Religion in Britain Since 1945: Believing Without Belonging"*, Blackwell Publishers, New York, 1994, p. 94
35. McCleary, *"Religion and Economy"*. Journal of Economic Perspectives, Vol. 20 (2), spring 2006, pp. 40-72

کہ معاشی ترقی کے ساتھ مذہبی نظامِ معیشت زوال پذیر ہو جائے گا اور یہ بات آج کے حالات میں درست دکھائی دیتی ہے۔ تاہم یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ تمام تر معاشی ترقی کی باوجود مذہب کے ساتھ لوگوں کا تعلق خواہ وہ جزوی ہی کیوں نہ ہو کم نہیں ہوا۔ دوسری طرف اگر دیکھا جائے تو مذہبی روایات میں سے اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو اقتصادی امور میں ایک واضح سماجی اور قانونی رہنمائی اپنے ماننے والوں کو فراہم کرتا ہے۔ اسلام نے جہاں ذریعہ معاش کے اہداف بیان کیے ہیں وہیں حاصل شدہ وسائل کے استعمال کے باب میں بھی انسانوں کو راہنمائی فراہم کی ہے۔ اسلام کے پیشِ نظر انسانی زندگی کے انفرادی، اجتماعی، مادی اور روحانی پہلوؤں میں توازن قائم کرنا ہے اور یہ بات درست ہے کہ اسلامی نظامِ معیشت کے تحت بہت سے جدید معاشی فوائد کو چھوڑنا ہو گا۔ اس اعتبار سے اسلام سرمایہ دارانہ اصولوں پر قائم معیشت کے لیے اپنے اندر منفی رجحان رکھتا ہے۔

حواشی و حوالہ جات

1. National Council of Churches of Christ in the U.S.A. "*Yearbook of American Churches-1987"*, Constant H., Nashville (eds.), Abingdon National Council of the Churches, Virginia, 1987, p. 247
2. Johnstone, R. L. "*Religion in Society: A Sociology of Religion"*, PHI Learning Pvt, New Delhi, 2007, p. 217

3۔ خالد، سلیم منصور، دینی مدارس میں تعلیم، انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد، 2004ء، ص 156

4. David O., Moberg, "*The Church as a Social Institution*", Prentice Hall, New Jersey, 1962, p. 169
5. National Council of Churches of Christ in the U.S.A., *"Yearbook of American Churches-1987*", p. 280
6. American Association of Fund-Raising Council, *"Contributions by Type of Recipient Organization*". 2003, Retrieved from: www.asfrc.org on 10-01-2018
7. Johnstone, R. L., "*Religion in Society: A Sociology of Religion"* 2007, p. 208
8. Patanjali Ayurved Limited, India. Retrieved from: http://patanjaliayurved.org/ Retrieved on 20-01-18
9. World Tourism Organization, "Introduction. *Annual Report 2016"*, 2017 Retrieved from: http://media.unwto.org/en/annual-reports on 15-01-18
10. World Tourism Organization, *"Guidebook: Sustainable Tourism for Development*", Retrieved from: http://icr.unwto.org/content/guidebook. on 24-01-18
11. *"Holy Bible: Mathew"* 5:5. The New King James Version, Nashville: Thomas Nelson Publishers, p. 850
12. *"Holy Bible: Mathew"* 19:24, p. 866
13. Harvey, P., "*An Introduction to Buddhism"*, Cambridge University Press, Cambridge, 2004, p. 224

14۔ سورۃ الحدید: 57/60

15. Weber, M., "'Translator's Introduction', *The Protestant Ethics and the Spirit of Capitalism"*, Parsons, T. (tr.), Rutledge, New York, p. xxxix

16۔ سورۃ الاسراء: 17/35،34

افراد کو اپنی طرف مائل کرنے کے لیے ایک قسم کی مسابقت جاری رہتی ہے اور ہر مذہبی روایت اپنے آپ کو لوگوں کے لیے زیادہ قابلِ قبول بنانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ افراد کو اپنے دائرہ اثر میں لا سکے۔[33] یہ نتائج محققین نے امریکہ اور یورپ میں لوگوں کی مذہبی وابستگی کو پیش نظر رکھ کر مرتب کیے ہیں۔ اس نظریے کے حامی محققین کے مطابق جب حکومتیں کسی خاص مذہب کو سرکاری یا قومی مذہب قرار دیکر اس کی سرپرستی کرنے لگتی ہے تو مذہبی مسابقت ختم ہو جانے کی وجہ سے مذہب کا معیار گر جاتا ہے جبکہ اس کے تحت فراہم کی جانی والی خدمات میں تنوع باقی نہیں رہتا، نتیجتاً لوگوں کی مذہبی سرگرمیوں میں دلچسپی کم ہو جاتی ہے اگرچہ مذہبی اعتقادات پر اس کے اثرات اتنے نمایاں نہ بھی ہوں۔ مثلاً، برطانیہ میں سرکاری سطح پر منعقد ہونے والی مذہبی تقریبات میں لوگوں کی شمولیت کا رجحان بہت کم ہے اگرچہ برطانیہ میں مذہب کو ماننے والوں کی اکثریت ہے۔[34] دوسری طرف امریکہ ایک ایسی سرزمین ہے جسے مذاہب کی مارکیٹ کہا جاسکتا ہے جس میں مختلف مذاہب ایک قسم کی مسابقت کا حصہ ہیں، چنانچہ امریکہ میں مذہبی سرگرمی زیادہ تنوع کی حامل ہے جس وجہ سے امریکی باشندوں کو اپنی اپنی ترجیحات کے مطابق مذہبی روایت منتخب کرنے میں آسانی ہے۔[35] اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مسابقت کارکردگی میں بہتری لانے کا ذریعہ ہے، یہ مسابقت بعض اوقات مذاہب کے مابین جبکہ اکثر و بیشتر کسی ایک مذہبی روایت سے منسلک مختلف فرقوں کے درمیان دیکھی جاسکتی ہے۔ یہ مسابقت علمی اور رفاہی خدمات دونوں میں دیکھی جاسکتی ہے جو کہ معاشی نقطہ نظر سے بھی اہم ہے۔ مثلاً، پاکستان میں رفاہی خدمات کے حوالے سے مسابقت عیدین کے موقع پر دیکھی جاسکتی ہے جب فطرانہ اور چرم ہائے قربانی جمع کیا جاتا ہے۔ یہ رقوم مذہبی جماعتوں کے زیرِ اہتمام چلنے والے مختلف رفاہی اداروں میں خرچ کی جاتی ہے، ان میں تعلیمی اور طبی سہولیات فراہم کرنے والے ادارے نمایاں ہیں۔ اس مسابقت کی وجہ سے نہ صرف نئے ادارے وجود میں آتے ہیں جس سے لوگوں کو روزگار ملتا ہے بلکہ عام لوگوں کو معاشی فوائد حاصل ہوتے ہیں، جیسا کہ مفت علاج و معالجہ اور تعلیم۔

خلاصہ بحث

جدید مغربی سماجیات میں 'مذہب' اور 'معیشت' کے باہمی تعلق کو دو نسبتوں سے سمجھا گیا ہے: مذہب بطور غیر متغیر عامل یا عنصر (Independent Variable) جس کے تحت مذہب کے معیشت پر مثبت اور منفی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے، جبکہ مذہب بطور تابع عنصر (Dependent Variable) کے تحت کسی معاشرے میں پائے جانے والے معاشی نظام کے مذہب پر اثرات کو بیان کیا گیا ہے۔ جدید ماہرین سماجیات مذہب کی معاشی افادیت کے جزوی طور پر قائل ہیں جس میں مذہب محض ایک مددگار سماجی عنصر کے طور پر کام کرتا ہے اور افرادِ معاشرہ میں ایسے رویے تشکیل دینے میں کردار ادا کرتا ہے جو بحیثیت مجموعی سرمایہ دارانہ نظام میں قابلِ قبول ہیں مگر مذہب کی معاشی اور سماجی تعلیمات کو عموماً معیشت کے باب میں رکاوٹ سمجھا گیا ہے، یہی وجہ ہے کہ دورِ جدید کے اکثر مفکرین اس بات پر متفق دکھائی دیتے ہیں

جوڑا ہے۔[30]

سماجیات کے ان ابتدائی مغربی مفکرین کی آراء بعد میں آنے والوں کو متاثر کرتی رہیں اور اس سلسلے کی ایک اہم پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب بیسویں صدی کے دوسرے نصف میں مذہب اور معیشت کے باہمی تعلق کو Rational Choice Theory (نظریہ منطقی انتخاب) کی روشنی میں پیش کیا گیا۔ نظریہ منطقی انتخاب (Rational Choice Theory) میں ماہرینِ معاشیات افرادِ معاشرہ کے اجتماعی انتخاب کی منطقی وجوہات بیان کرتے ہیں جس کے مطابق افراد معاشرہ (actors) ایک ایسے آزادانہ اور مسابقتی لین دین کا حصہ بنتے ہیں جس میں ہر فرد زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کی کوشش میں ہوتا ہے۔ اس صورتِ حال کو آزاد منڈی (free market) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔[31] اس نظریے کے مطابق کسی بھی فرد کے پاس آزادانہ لین دین میں یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ دستیاب اشیاء میں سے کسی ایک کو ترجیحی بنیادوں پر منتخب کرلے، جسے منطقی انتخاب کہا گیا ہے۔ اس منطقی انتخاب میں فرد کے لیے اشیاء میں موجود افادیت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مغربی مفکرین Corry Azzi اور Ehrenberg نے منطقی انتخاب کے اس نظریے کا انطباق مذہب کی معاشرتی طلب پر کرتے ہوئے مذہبی اور معاشی سرگرمیوں کے بارے میں مغربی معاشروں میں پائے جانے والے رویوں کی وضاحت کی ہے۔ ان مفکرین کی تحقیق کے مطابق جدید مغربی معاشروں میں افراد، مذہبی فوائد اور مذہبی سرگرمیوں میں صَرف ہونے والے وقت کا موازنہ معاشی مفادات اور معاشی سرگرمیوں میں صَرف ہونے والے وقت کے ساتھ کرتے ہیں۔ چنانچہ معاشی سرگرمیوں میں گزرے وقت سے حاصل ہونے والے زیادہ فوائد اُنہیں مذہبی سرگرمیوں کا رخ نہیں کرنے دیتے اور جوں جوں لوگوں کی معاشی مراعات بڑھتی جاتی ہیں ان کا مذہب کی طرف رجحان کم ہوتا چلا جاتا ہے۔ ان کے مشاہدے کے مطابق مذہبی سرگرمیوں، انفرادی و اجتماعی، میں زیادہ تر وہ لوگ مصروف رہتے ہیں جن کے نزدیک وقت کی معاشی قدر و قیمت کم ہوتی ہے جیسا کہ گھریلو خواتین، ملازمت سے سبکدوش ہونے والے افراد وغیرہ۔[32] اگر دیکھا جائے تو مشرقی معاشروں میں بھی صورتِ حال کم و بیش ایسی ہی ہے، سرمایہ دارانہ نظام کے تحت بڑھتی ہوئی معاشی سرگرمیاں مذہبی سرگرمیوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ البتہ یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ نظریہ مذہبی اعتقادات کے بارے میں بھی اتنا ہی مؤثر ہے جتنا کہ مذہبی اعمال کے بارے میں۔

معیشت کے مذہب پر اثرات کے باب میں اصولِ طلب کے مقابل اصولِ رسد (Demand Side) کی وضاحت بیسویں صدی کی آخری دہائی میں پیش کیے جانے والے The Religion Market Model سے ہوتی ہے۔ اس نمونے (Model) کے مطابق افراد کی طلب سے زیادہ اہم بات خود مذہب اور مذہب کے تحت فراہم کی جانے والی خدمات کا معیار ہے۔ یعنی اگر ترسیلات عمدہ اور جاندار ہیں تو لوگ انہیں قبول کریں گے ورنہ مذہب کو پذیرائی نہیں ملے گی۔ ان مفکرین کے خیال میں وہ معاشرے جو مذہبی تکثیریت پر مبنی ہیں وہاں مختلف مذہبی روایات کے مابین

معاشی ترقی کے مذہب پر اثرات

معاشی ترقی کے مذہب کے پر اثرات کے ضمن میں بنیادی سوال جو ماہرین سماجیات کے پیشِ نظر رہا ہے وہ یہ کہ معاشی ترقی کے نتیجے میں مذہبی رویے اور مذہبی اعتقادات میں کس قسم کی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ اس بحث میں مغربی مفکرین نے مذہب کو ایک متغیر عنصر (Variable) کے طور پر لیا ہے جس کا انحصار کسی معاشرے کی معاشی ترقی یا تنزلی پر ہے اور وہ عموماً اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مذہب اور معیشت میں راست معکوس کا تعلق ہے، یعنی ایک کے بڑھنے سے دوسرا تنزلی کا شکار ہو جاتا ہے۔[27] مذہب کے معاشی ترقی پر انحصار کے نظریے کا حاملین نے جدید معاشیات کے اصولِ طلب و رسد (demand and supply) کو پیش نظر رکھا ہے۔ چنانچہ ان میں سے بعض مغربی ماہرین سماجیات نے مذہب اور معیشت کے باہمی تعلق کو اصولِ طلب (Demand side) جبکہ بعض نے اسے اصولِ رسد (Supply side) کے تناظر میں سمجھا اور بیان کیا ہے۔

اصولِ طلب (demand side) کی روشنی میں مذہب اور معیشت کا تجزیہ کرنے والے مفکرین انسانی زندگی میں نظمِ اجتماعی کے سیکولر نمونے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ان مفکرین کے مطابق کسی بھی معاشرے میں ہونے والی معاشی ترقی فرد کے مذہبی رویے اور مذہبی اعتقادات کو کمزور کرنے کا باعث بنتی ہے نیز معاشی سرگرمیوں میں تیزی کی وجہ سے فرد کی مذہبی سرگرمیوں میں شرکت کم ہوتی چلی جاتی ہے، نتیجتاً ملکی سیاست اور حکومت پر منظم مذہبی گروہوں کے اثر انداز ہونے کے امکانات محدود ہو جاتے ہیں۔[28] جدید مغربی ماہرینِ سماجیات اس بحث کا آغاز معروف جرمن مفکر میکس ویبر (Max Weber, 1864-1920 A.D.) کے اس نظریے سے کرتے ہیں جس میں اس نے جدید معاشی ترقی اور پروٹسٹنٹ مسیحی فرقے کی مذہبی تعلیمات کے مابین منطقی ربط قائم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کے خیال میں پروٹسٹنٹ مسیحیت، کیتھولک مسیحیت اور دیگر مذاہب کے مقابلے میں منطقی اور عقلی استدلال میں منفرد ہونے کی وجہ سے جدید مغرب میں سرمایہ دارانہ نظام کی بنیاد بن گئی۔[29] اس طرح وہ یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ 'روایت' کے مقابلے میں 'عقل' کا سفر آگے بڑھانے میں پروٹسٹنٹ مسیحیت نے کردار ادا کیا اور جوں جوں عقلی استدلال (Rationalism) کی روایت آگے بڑھتی جائے گی مذہب کا روایتی کردار محدود ہوتا چلا جائے گا۔ معاشی ترقی کے ساتھ مذہب کے زوال اور سیکولرازم کے حمایت میں جارحانہ نظریات رکھنے والوں میں ہیوم (David Hume, 1711-1776 A.D) اور فرائڈ (Sigmund Freud, 1856-1930 A.D) نمایاں ہیں۔ ان دونوں کے نزدیک مذہب حقیقت میں 'خوف' اور 'جہالت' کی پیداوار ہے۔ چنانچہ وہ خیال کرتے ہیں کہ تعلیم اور سائنس میں پیش رفت کے ساتھ جب لوگوں کی معاشی حالت بہتر ہو جائے گی تو مذہب خود بخود زوال کا شکار ہو جائے گا۔ کارل مارکس (Karl Marx, 1818-1883 A.D.) نے بھی عقلیت پر مبنی نظامِ معیشت کی ترقی کو مذہب کے زوال کے ساتھ

اعتبار سے سرکاری اداروں سے کسی طور کم نہیں ہیں۔ عموماً غیر معمولی حالات میں مذہبی تنظیمیں اور رفاہی ادارے ہی حکومت کا ہاتھ بٹانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس طرح حکومتیں مالیات کا بڑا حصہ بچانے میں کامیاب ہو جاتی ہیں۔[21] مذہبی رفاہی اداروں میں کام کرنے والے افراد معاشی مفادات کے علاوہ مذہبی جذبات کے زیرِ اثر بھی ہوتے ہیں۔ جب کوئی فرد اپنے 'کام' کو ایک مقدس فریضہ سمجھ کر سرانجام دیتا ہے تو اس کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً اسلام میں انسانی جان کو محترم قرار دیا گیا ہے، کسی ایک انسان کی زندگی بچانے کے عمل کو پوری انسانیت بچانے کے برابر جبکہ کسی انسان کے ناحق قتل کو پوری انسانیت کے قتل کے برابر قرار دیا گیا ہے۔[22] یہ تعلیمات ایک مسلمان ڈاکٹر اور لوگوں کی حفاظت پر معمور مسلمان سپاہی کو غیر معمولی طور پر اپنے فرض کی ادائیگی کے لیے تیار کرتی ہیں۔

چہارم: مذہبی سماجی تعلیمات اور معیشت

عموماً ہر مذہب کی اپنی سماجی و معاشی تعلیمات ہوتی ہیں جن کے تحت بعض معاشی سرگرمیوں کو جائز جبکہ بعض کو ناجائز قرار دیا جاتا ہے۔ بعض مذاہب کا کردار اس حوالے سے محدود جبکہ بعض مذاہب نے بہت واضح اور معاشی اعتبار سے دور رس اثرات کے حامل اخلاقی ضابطے پیش کیے ہیں۔ مثلاً اسلام میں شراب پینے اور جوا کھیلنے کو حرام قرار دیا گیا، چنانچہ شراب کی تجارت اور جوئے کے اڈے قائم کرنے کی بھی ممانعت ہے۔[23] اسی طرح زنا سے منع کیا گیا تو قحبہ گری کے پیشے کو بھی حرام قرار دیا گیا۔ سودی لین دین سے روکا گیا اور سودی کاروبار میں حصہ لینے سے بھی منع کیا گیا۔[24] شراب، جوا اور اس کی مختلف اقسام، قحبہ گری، اور سودی کاروبار آج کے سرمایہ دارانہ نظام میں نہ صرف قابلِ قبول ہیں بلکہ ان میں سے بعض پر تو اس پورے نظام کا انحصار ہے۔ چنانچہ مغربی ماہرین سماجیات کے نزدیک اسلام کی معاشی تعلیمات آج کے سرمایہ دارانہ نظام سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں رکاوٹ ہیں۔

اسی طرح سماجی سطح پر مرد و عورت کی ذمہ داریوں کی تقسیم بھی معاشی نقطہ نظر سے اہم ہے جیسا کہ اسلامی معاشروں میں عمومی طور پر عورت کے ذمہ امورِ خانہ داری جبکہ مرد کے ذمہ ضروریاتِ زندگی کی فراہمی ہے۔ جدید ماہرینِ سماجیات کے نزدیک مذہبی تعلیمات اور اخلاقی ضابطے سرمایہ دارانہ معیشت پر منفی اثرات مرتب کرتے ہیں، بطور خاص جب وہ قانونی ضابطوں کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔[25] اسلام کے معاشی نظام میں واضح طور پر آمدن کے بعض ذرائع سے منع کیا گیا ہے جیسا کہ سود۔ جدید سماجی محققین کی جانب سے کیے گئے بعض جائزے اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ مذہبی اخلاقیات اور مذہبی معاشی قوانین کے علاوہ بعض عبادات بھی معاشی کارکردگی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اس ضمن میں انہوں نے مسلم معاشروں میں ماہِ رمضان میں ملازمین کی کارکردگی کو جانچنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ 'روزے' سے ملازمین کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔[26]

سات بالیں اُگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں۔ اور اللہ جس کے اجر کو چاہتا ہے اور زیادہ کرتا ہے اور اللہ کشائش والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے۔"

اسلام کی یہ تعلیمات ایک مسلمان کو اس بات پر آمادہ کرتی ہیں کہ وہ اپنے مال میں سے زیادہ سے زیادہ خرچ کرے چنانچہ عمومی مشاہدے کی بات ہے کہ دنیا میں بغیر کسی منفعت کے دیئے جانے والے عطیات کے پیچھے قومی، لسانی یا نسلی جذبات کے مقابلے میں مذہبی جذبات کا عمل دخل زیادہ ہوتا ہے۔

دوم: دولت کی گردش

مذہبی نکتہ نظر سے خصوصی ایام کے اہتمام کا چلن ہر معاشرے میں پایا جاتا ہے۔ ان ایام پر لوگ خصوصی اہتمام کرتے ہوئے عمومی ایام سے زیادہ خرچ کرتے ہیں، جیسا کہ مسلمانوں میں عیدین اور رمضان، مسیحیوں میں کرسمس اور ہندوؤں میں 'ہولی' اور 'دیوالی' وغیرہ۔ مذہبی اہمیت کے حامل ان ایام میں خصوصی بازار لگتے ہیں جن میں سستے داموں اشیاء فروخت کے لیے پیش کی جاتی ہیں جس کی وجہ سے بھی ان ایام میں کاروباری تیزی آ جاتی ہے، جبکہ بعض صورتوں میں 'طلب' بڑھنے اور 'رسد' کی کمی کی وجہ سے اشیاء مہنگی ہو جاتی ہیں جیسا کہ ہم پاکستان میں ماہِ رمضان میں اس کا تجربہ رکھتے ہیں۔ مذہبی تقدس کے حامل ایام میں لوگ نہ صرف مختلف اشیاء کی خریداری کرتے ہیں بلکہ مختلف مقامات کی طرف سفر بھی کرتے ہیں۔ خصوصی ایام پر ہونے والا یہ خرچ معاشرے میں دولت کی گردش کا سبب بن کر کاروبار اور روزگار کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتا ہے جس کا اندازہ ہم سعودی چیمبر آف کامرس کے صدر کے اس بیان سے لگا سکتے ہیں جس کے مطابق 2017ء میں حج کے موقع پر حجاج نے بیس سے پچیس بلین ریال مختلف ضروریات پوری کرنے کے لیے خرچ کیے۔ حج سے آمدن میں اضافے کے لیے حج مقامات کی توسیع اور سہولیات کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے جس کے نتیجے میں افراد کی ایک بڑی تعداد کو روزگار میسر آرہا ہے۔ سعودی حکومت کے ویژن 2030ء کی اقتصادی پالیسی میں تیل کی بجائے مذہبی سیاحت کو زیادہ اہمیت حاصل ہوگئی ہے، اس منصوبے کے تحت 2030ء تک حاجیوں کی تعداد ساٹھ لاکھ تک بڑھانے کا پروگرام ہے جو آج بیت اللہ کی زیارت کرنے والوں کی تعداد کے دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔[19] حج کے علاوہ مسلمان عید الاضحی کے موقع پر جانوروں کی قربانی کرتے ہیں، رمضان میں خصوصی خریداری کرنے کے علاوہ میلاد النبی پر ایک بڑا کاروبار ہوتا ہے۔ 2016ء کی عید قربان پر صرف پاکستان میں 150 بلین روپے خرچ کیے گئے۔ اس عمل سے جن لوگوں کو کاروبار میسر آیا ان میں جانوروں کے پالنے والے، ان کے لیے چارہ اگانے والے، ٹرانسپورٹر، قصاب، کھالوں کا کاروبار کرنے والے شامل ہیں۔[20]

سوم: سستی اور ہنر مند افرادی قوت

شماریاتی جائزوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عوامی خدمت میں مذہبی ادارے اپنی کارکردگی اور مہارت کے

مذہبی اخلاقی صفات کے تعلق کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ ایسی صفات جو کاروباری لین دین میں اہم ہیں جیسا کہ ایفائے عہد، سچائی، دیانت داری وغیرہ۔

۲۔ وہ صفات جو معاشرے میں دولت کی گردش کو ممکن بناتی ہیں جیسا کہ صدقہ و خیرات اور مذہبی سیاحت وغیرہ۔

مذہبی اخلاقی تعلیمات، جیسا کہ دیانت، امانت، سچائی، عہد کی پاسداری وغیرہ کے انسانی معیشت کے ساتھ تعلق کو مذاہب میں پائے جانے والے اُخروی نجات (Salvation) کے تصور سے سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ تصور ایک طرف تو دنیاوی اسباب کی ناپائیداری انسانی ذہن میں بٹھاتا ہے تو دوسری طرف اس دنیا میں کیے جانے والے اعمال کو 'اُخروی نجات' کے کا ذریعہ بھی بتاتا ہے۔ چنانچہ ایک مذہبی شخص اپنے معاملات میں امانت و دیانت اور ایفائے عہد کا اہتمام اس لیے کر رہا ہوتا ہے کہ وہ مرنے کے بعد دوسری زندگی میں مؤاخذے سے بچ جائے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْؤُلًا، وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ. [16]

"اور اپنے عہد پورے کرو کہ عہد کے بارے ضرور پرسش ہو گی اور جب کوئی چیز ناپ کر دینے لگو پیمانہ بھرا کرو اور جب کوئی چیز تول کر دینے لگو تو ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔"

اللہ کا یہ حکم اور آخرت میں جوابدہی کا احساس ایک مسلمان تاجر کے لیے زندگی میں لین دین کے معاملات کو درست سمت میں رکھنے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے اور یہ معلوم بات ہے کہ عہد کی پاسداری، ناپ تول میں دیانت داری اُن صفات میں سے ہے جو کامیاب تجارت میں راہنما اصولوں کے طور پر تسلیم کی گئی ہیں۔ اسلامی تعلیمات میں دیانت داری کا اطلاق محض لین دین پر نہیں ہوتا بلکہ اس کا دائرہ وسائل اور اختیارات کے درست استعمال تک پھیلا ہوا ہے۔

دوسری قسم کی صفات کا تعلق معاشرے میں دولت کی گردش کے ساتھ ہے جس کے بارے میں جدید معاشی ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ دولت معاشرے میں خون کی مانند ہے جس کی گردش کسی معاشرے کی معاشی زندگی ضمانت ہے۔ دولت کی گردش ہی کے ذریعے ماہرین معیشت اندازہ لگاتے ہیں کہ کسی ملک کا معاشی نظام درست چل رہا ہے یا نہیں۔[17] سبھی مذاہب بالعموم اور اسلام بالخصوص اپنے ماننے والوں کو دولت خرچ کرنے کی ترغیب دیتا ہے جو کہ معاشی اعتبار سے ایک زبردست عامل ہے جو دولت کی گردش کو ممکن بناتا ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق دنیا میں خرچ کی گئی دولت کا اخروی فائدہ (incentive) سات سو گنا تک ہو سکتا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّاْةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ. [18]

"جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کے مال کی مثال اس دانے کی سی ہے جس سے

(وستائش) اور مال و اولاد کی ایک دوسرے سے زیادہ طلب (وخواہش) ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے بارش کہ (اس سے کھیتی اُگتی ہے اور) کسانوں کو کھیتی بھلی لگتی ہے پھر وہ خوب زور پر آتی ہے پھر (اے دیکھنے والے) تو اس کو دیکھتا ہے کہ (پک کر) زرد پڑ جاتی ہے پھر چورا چورا ہو جاتی ہے۔ اور آخرت میں (کافروں کے لیے) عذابِ شدید اور (مومنوں کے لیے) اللہ کی طرف سے بخشش اور خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی تو متاعِ فریب ہے۔"

مختلف مذاہب کے مذکورہ حوالوں سے یہ تاثر ملتا ہے کہ دنیاوی زندگی کے اہم پہلو 'معاشی سرگرمی' کے بارے میں مذاہب کا عمومی رویہ مزاحمت کا ہے مگر دوسری طرف تمام مذاہب صدقہ و خیرات کی مختلف صورتوں کے لیے اپنے ماننے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور اگر کوئی امیر ہو جاتا ہے تو اسے دوبارہ غریب ہونے کی ترغیب نہیں دی جاتی۔ سبھی مذاہب اپنے ماننے والوں کو مذہبی عبادت گاہیں تعمیر کرنے، غریبوں اور ضرورت مندوں پر خرچ کرنے کی تلقین کرتے ہیں اور یہ ایک طرح سے بالواسطہ اپنی آمدن بڑھانے کی ترغیب ہی تو ہے۔ ماہرینِ سماجیات کے لیے یہ اہم ہے کہ مذہبی تعلیمات فرد میں معاشی سرگرمیوں کے لیے کس قسم کا رویہ پیدا کرتی ہیں اور اس رویے کے اجتماعی سطح پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کسی معاشرے کی معاشی ترقی یا تنزلی میں مذہبی تعلیم اور مذہبی رویے کا کتنا عمل دخل ہے، وغیرہ۔

سماجیاتی نکتہ نظر سے کوئی بھی منظم مذہب اقتصادی امور سے اپنے آپ کو الگ نہیں رکھ سکتا۔ اپنی مالی ضروریات کے پیشِ نظر، چاہتے یا نہ چاہتے ہوئے، مذاہب اپنے پیروکاروں کے لیے اقتصادی معاملات میں شامل ہونے کی گنجائش پیدا کر لیتے ہیں۔ اگر ہم مذہب کے فرد کی معاشی سرگرمیوں پر اثرات کا جائزہ لیں تو اس کے چار نمایاں پہلو بیان کیے جا سکتے ہیں۔ ماہرینِ سماجیات کے نزدیک ان میں سے کچھ پہلو آج کی سرمایہ دارانہ معیشت کے لیے فائدہ مند جبکہ بعض معاشی ترقی میں رکاوٹ ہیں، ذیل میں مذہب اور معیشت کے باہمی تعلق کے ان پہلوؤں کا مختصراً ذکر کیا جاتا ہے۔

اول: شخصی صفات اور رویے

سبھی مذاہب اپنے پیروکاروں سے مالی معاملات میں امانت و دیانت اور صداقت و ایفائے عہد جیسی صفات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ یہ صفات جہاں سماجی تعلقات کی بہتری میں اہم کردار ادا کرتی ہیں وہیں ان کے اقتصادی اثرات کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ جرمن ماہرِ سماجیات میکس ویبر (Max Weber, 1864-1920 A.D) کے مطابق مذہب ایک ایسا مستقل اور غیر متغیر (Independent) سماجی عنصر ہے جو کسی معاشرے کی معاشی سرگرمیوں پر اثر انداز ہوتا ہے کیونکہ مذہب افراد کے اندر ایسی صفات (traits) کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، جیسا کہ اخلاق، دیانت، قناعت، خیرات، میزبانی، جو کسی معاشرے کی معاشی بہتری میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔[15] انسانی معیشت کے ساتھ

فروغ کے منصوبے بھی بناتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے کثیر زرِ مبادلہ حاصل کیا جاسکے۔ اس کی معاشی اہمیت کے پیشِ نظر 1975ء میں اقوامِ متحدہ کے زیرِ اہتمام World Tourism Organization کے نام سے ایک ذیلی ادارہ وجود میں لایا گیا جس کے مقاصد میں سے ایک مقصد دنیا بھر میں سیاحت کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مقامی معیشتوں کی ترقی کی منصوبہ بندی کرنا ہے۔[9] اس ادارے کی رپورٹ کے مطابق مذہبی سیاحت میں درجہ بندی کے اعتبار سے اسلامی مقدس مقامات کو باقی مذاہب کی مقابلے میں اول درجہ حاصل ہے۔ جدید ذرائع مواصلات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بڑھتے رجحان نے مذہبی سیاحت اور معیشت کے مابین نئے روابط استوار کر دیئے ہیں۔ 2011ء میں شائع ہونے والے ایک جائزے کے مطابق اُس ایک سال میں 32 مختلف مذہبی مقامات کی طرف 155 ملین افراد نے سفر کیا تھا جبکہ WTO کے مطابق اب مذہبی سیاحوں کی سالانہ تعداد 300 سے 350 ملین کے درمیان پہنچ چکی ہے جو کہ مقامی سطح پر مذہب کے بطور ذریعہ معاش کے بڑھتے ہوئے کردار کے طرف اشارہ کرتا ہے۔[10]

مذہب کے معیشت پر اثرات

انسان کی معاشی سرگرمیوں میں مذہب بظاہر دو مختلف اور متضاد رویوں کی تشکیل کرتا دکھائی دیتا ہے۔ ایک طرف مذاہب غربت کو ایک اخلاقی بلندی طور پر پیش کرتے رہے ہیں اور اپنے ماننے والوں کو دنیاوی آسائش و آرام سے دور رہنے کی ترغیب دیتے رہے ہیں۔ مثلاً، بائبل میں ہے:

"Blessed are the poor, for they shall inherent the earth" [11]

(غریب خوش نصیب ہیں، [اس غربت] کی وجہ سے وہ زمین کی میراث پائیں گے۔)

ایک دوسری جگہ پر امیر آدمی کی اُخروی کامیابی کے بارے میں کہا گیا:

"How hard it is for a rich man to enter the kingdom of heaven" [12]

(امیر آدمی کے لیے خدا کی بادشاہت میں داخل ہونا کتنا مشکل ہے۔)

بدھ مت میں راہبوں سے اس بات کا تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ دنیاوی معاملات سے دور رہیں۔[13] قرآنِ مجید میں بھی دنیا کے عیش و آرام کو 'متاعِ غرور' یعنی دھوکے کی اصطلاح سے تعبیر کیا ہے:

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ تَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّ مَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ؕ وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾[14]

"جان رکھو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زینت (و آرائش) اور تمہارے آپس میں فخر

ادارے قابلِ ترجیح رہے ہیں۔ علاوہ ازیں مسیحی مذہبی ادارے اور انجمنیں بعض ایسی معاشی سرگرمیوں میں بھی مشغول ہوتی ہیں جو نوعیت کے اعتبار سے خالص مذہبی نہیں ہیں مگر ان سے حاصل ہونے والی آمدن سے مذہبی اخراجات پورے کیے جاتے ہیں، مثلاً، عمارتوں کے کرائے، فیکٹریاں، پرائز بانڈ، بینک سے حاصل ہونے والا سود، وغیرہ۔ ان سے حاصل ہونے والی آمدن سے مذہبی عملے کی تنخواہیں اور ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن وغیرہ دی جاتی ہے۔[7] تاریخی اعتبار سے مسلم معاشروں میں مذہبی اداروں اور تنظیموں کی آمدن کا زیادہ تر انحصار عطیات پر رہا ہے اور اس کے ساتھ 'وقف' بطور ذریعہ آمدن کے اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ وقف کی عمارات یا زمینوں کا کرایہ اور نقد عطیات آج بھی اہم ذریعہ ہیں مگر جدید مسیحی تنظیموں کی طرح کاروبار کر کے آمدن حاصل کرنے کا رجحان نہیں پایا جاتا۔ مسیحی تنظیموں کے دیکھا دیکھی یہ طریقہ آمدن آج کی ہندو مذہبی تنظیموں میں بھی رجحان پکڑ رہا ہے جس کی مثال معروف مذہبی بابا 'رام دیو' کے زیرِ نگرانی چلنے والے ادویہ ساز ادارے Patanjali Ayurved Limited کی ہے جو ہندو مذہبی کتب میں مذکور ادویات کے علاوہ مصالحہ جات اور کاسمیٹکس کا سامان تیار کرتے ہیں۔[8] اس کمپنی کے تحت تیار ہونے والی اشیاء کی فروخت میں مذہبی جذبات کا بڑا عمل دخل ہے۔ اس کے مقابل مسلمانوں کے ہاں طبِ نبوی کے نام سے ایک وسیع کاروبار موجود ہے جس میں پیغمبرِ اسلام کے زیرِ استعمال غذاؤں اور سیرت کی کتابوں میں مذکور جڑی بوٹیوں پر مشتمل ادویات تیار کر کے فروخت کی جاتی ہیں نیز طب نبوی پر وافر مقدار میں لٹریچر طبع ہو کر فروخت ہوتا ہے۔ ان دونوں مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ مذہبی ادویات اور غذاؤں کے کاروبار کی نہ صرف معاشرتی مانگ موجود ہے بلکہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد کا روزگار بھی اس سے وابستہ ہے۔ پاکستانی معاشرے میں آبِ 'زم زم' اور خاص مدینے میں پیدا ہونے والے کھجور کا کاروبار بھی زور پکڑ رہا ہے۔

مذہب بطور ذریعہ معاش کا ایک اہم پہلو 'مذہبی زیارات کا سفر' ہے جس کا حجم آمدن اور ذریعہ معاش فراہم کرنے کے اعتبار سے سب سے زیادہ ہے۔ جسے جدید معاشی اصطلاح میں مذہبی سیاحت (Religious Tourism) کہا جاتا ہے۔ مذہبی سیاحت (Religious Tourism) سے مراد وہ سفر ہے جو لوگ انفرادی یا اجتماعی طور پر کسی مذہبی مقام کی زیارت یا تبلیغ کی غرض سے کرتے ہیں۔ مذہبی مقامات کی تاریخی اہمیت کے پیشِ نظر ایسے افراد بھی ان مقدس مقامات کی زیارت کے لیے جاتے ہیں جو اپنی عملی زندگی مذہبی تعلیمات کے مطابق نہیں گزار رہے ہوتے۔ یہ مقامات ایسی جگہیں بن گئے ہیں جہاں تقدیس، تاریخ اور تفریح جمع ہو گئے ہیں۔ مذہبی سیاحت نہ صرف مذہبی اداروں سے وابستہ افراد کے لیے معاشی طور پر فائدہ مند ہے بلکہ یہ بہت سے لوگوں کے لیے جو بالواسطہ اس کے ساتھ وابستہ ہیں کے روزگار کا ذریعہ بھی ہے، جس کا اندازہ مسلم معاشروں میں 'حج و عمرہ خدمات' کے نام سے ہونے والے وسیع کاروبار سے لگایا جا سکتا ہے۔ 'مذہبی سیاحت' کی اہمیت کے پیشِ نظر سبھی ممالک عمومی سیاحت کے ساتھ ساتھ مذہبی سیاحت کے

منسلک افراد کی تعداد ساڑھے چھ لاکھ ہے۔[2] مگر ان اعداد و شمار کو بھی حتمی تسلیم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ مسیحی عبادت گاہوں کے علاوہ دیگر منظمات کے اعداد و شمار اس تعداد میں شامل نہیں ہیں جیسا کہ مسیحی خانقاہوں کا عملہ، چرچ سیکرٹریز، مذہبی لٹریچر کی طباعت کرنے والے اداروں کے کارکنان، مذہبی تعلیم دینے والے اساتذہ اور مذہبی رفاہی اداروں کا عملہ وغیرہ۔ صرف امریکہ کے اس عمومی جائزے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ لاکھوں نہیں بلکہ دنیا میں بسنے والے کروڑوں خاندانوں کا معاشی انحصار مذہب کے تحت دی جانے والی ملازمتوں پر ہے۔ اگر ہم پاکستانی معاشرے کا جائزہ لیں تو صورتِ حال کم و بیش یہی منظر پیش کرتی ہے۔ وزارتِ تعلیم اسلام آباد کی رپورٹ کے مطابق 1988ء میں دینی مدارس میں اساتذہ کی تعداد 12544 تھی جو 2000ء میں بڑھ کر 30125 ہو گئی۔[3] اگر ان اعداد و شمار میں مساجد کے ائمہ، خطیب، مؤذنین و خدام، اسلامی کتب شائع کرنے والے اداروں کے کارکنان، کالجز اور جامعات میں اسلامیات پڑھانے والے اساتذہ، درباروں اور خانقاہوں سے وابستہ افراد، مذہبی سیاسی جماعتوں کے کل وقتی کارکنان، مذہبی رفاہی اداروں کا عملہ، نعت خواں، مجالس پڑھنے والے ذاکرین، میڈیا پر مذہبی پروگرام پیش کرنے والے میزبان اور تکنیکی ٹیم وغیرہ شامل کر لیے جائیں تو یہ تعداد کئی گنا بڑھ جائے گی۔ باوجود اس کے کہ اسلامی روایت میں پیشہ وارانہ مذہبی طبقہ اقتصادی اعتبار سے اتنا منظم اور مضبوط نہیں رہا جتنا کہ جدید مسیحی اور ہندو مذہبی روایات میں دیکھا گیا ہے مگر اس کے باوجود آج کے مسلم معاشروں میں ایک بڑی تعداد ایسی موجود ہے جن کا معاشی انحصار مذہب پر ہے۔

دوسری طرف اگر ہم مذہبی عبادت گاہوں اور مذہبی انجمنوں کی ملکیت کا جائزہ لیں تو مذہب ایک طاقتور معاشی عنصر کے طور پر سامنے آتا ہے جس کی ملکیت میں زمین، عمارات اور مختلف اثاثہ جات ہیں۔ 1957ء کے اعداد و شمار کے مطابق امریکہ میں مسیحی عبادت گاہوں کی ملکیتی جائیداد کا اندازہ 13.7 بلین امریکی ڈالر لگایا گیا تھا۔[4] جبکہ صرف 1987ء میں چرچ کے تحت ہونے والی تعمیرات کے اخراجات کا تخمینہ 2753 ملین امریکی ڈالر لگایا گیا ہے۔[5] مسلم معاشروں میں سے اگر ہم پاکستان کی صورتِ حال کا جائزہ لیں تو یہ ایک معلوم بات ہے کہ جس زمین پر مسجد، مدرسہ، یا خانقاہ قائم ہوتی ہے وہ اِنہیں کے لیے مخصوص ہو جاتی ہے جو کہ ایک اعتبار سے اُس مسجد، مدرسہ یا خانقاہ کا اثاثہ ہوتا ہے۔ مذہب کی اقتصادی اہمیت صرف اس اعتبار سے نہیں ہے کہ یہ زمینی ملکیت کا حامل ہے بلکہ یہ کھربوں روپے کی گردش یعنی جمع کرنے اور پھر اسے دوبارہ معاشرے میں تقسیم کرنے کا ذریعہ بھی ہے جس کا اندازہ مذہب کے نام پر جمع ہونے والے عطیات سے لگایا جا سکتا ہے۔ امریکی تنظیم (The American Association of Fund-Raising Council) کے ایک جائزے کے مطابق 2003ء میں امریکی مذہبی گروہوں کو 86.39 بلین ڈالر کے عطیات موصول ہوئے جو امریکہ میں رضاکارانہ خرچ (خیرات) کی گئی رقم کا 35.9 فیصد تھا۔ جبکہ تعلیمی ادارے 31.50 بلین ڈالر کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے۔[6] اس سے پتا چلتا ہے کہ رضاکارانہ خرچ میں امریکیوں کے لیے مذہبی

انحصار پر قائم ہے۔ مذہب اور اقتصادی امور کے باہمی تعلق کو سمجھنے کے لیے درج ذیل سوالات ماہرین سماجیات کے پیشِ نظر رہے ہیں:

1. مذہب اور اس کے زیر اثر پروان چڑھنے والے رویے کس طرح ایک فرد کی معاشی سرگرمیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں؟ مذہبی تشخص کے حامل معاشرے کیسے غیر مذہبی معاشروں سے معاشی ترقی کے اعتبار سے مختلف ہیں؟
2. کسی فرد یا معاشرے میں آنے والی معاشی تبدیلی کس طرح مذہبی رویوں پر اثر انداز ہوتی ہے؟ مال و دولت اور سہولت و آسائش کس طرح فرد اور معاشرے کے مذہبی رجحانات کو بدل دیتی ہے؟
3. مذہبی سرگرمیوں کی معاشی افادیت کیا ہے؟ جیسا کہ مذہب بہت سے لوگوں کے لیے روزگار کا ذریعہ ہے، مذہبی تعلیمات کے تحت خرید و فروخت ہوتی ہے، مذہب کے زیرِ اثر ادارے اور انجمنیں زمینوں پر ملکیت اور دیگر وسائل جمع کرتی ہیں۔ ان تمام سرگرمیوں کے نتیجے میں مجموعی قومی پیداوار میں مذہب کس طرح حصہ لیتا ہے؟ وغیرہ۔

اس فصل میں ان تینوں پہلوؤں سے مذہب کے سماجی کردار کو سماجیاتی نکتہ نظر سے بیان کر کے مذہب کے سماجی کردار کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مذہب بطور ذریعہ معاش

مذہب کے بطور ذریعہ معاش سے مراد ایسا سماجی ادارہ ہے جس سے لوگوں کا روزگار وابستہ ہے، اس اعتبار سے مذہب دو طرح سے اپنا سماجی کردار ادا کرتا ہے۔ اول: مذہب بطور آجر (Employer) بہت سے لوگوں کی خدمات حاصل کرتا ہے اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات کے جواب میں انہیں حقِ خدمت ادا کرتا ہے۔ اس طرح مذہب پیشہ ور مذہبی طبقے اور ان کے خاندانوں کے لیے ذریعہ معاش کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ دوم: زمین اور اثاثہ جات کی ملکیت: مذہبی عبادت گاہوں، خانقاہوں، تعلیمی اداروں اور انجمنوں کی زیرِ ملکیت زمین اور مذہب کے زیر اہتمام چلنے والے مختلف رفاہی ادارے وغیرہ۔ بطورِ آجر اور بطور مالکِ زمین و اثاثہ جات کی وجہ سے کسی بھی معاشرے میں مذہب کے اقتصادی کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

مذہبی ملازمین (religious professionals) کی حتمی تعداد بتانا تو مشکل ہے البتہ مختلف ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ کس طرح مذہب بطورِ آجر سماج کے لیے اہم ہے۔ مثلاً، امریکہ میں مسیحی عبادت گاہوں کے انتظام و انصرام کی نگرانی کرنے والے ادارے National Council of Churches کے تحت شائع ہونے والے اعداد و شمار کے مطابق 1987ء میں مسیحی عبادت گاہوں سے منسلک ملازمین کی تعداد 530, 763 تھی۔[1] ایک دوسرے اندازے کے مطابق صرف امریکہ میں مسیحی عبادت گاہوں کے ساتھ بطور ملازم

مذہب اور معیشت: مذہبی سماجیات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

Religion and Economy: An Analytical Study in the light of Socio-Religious Perspective

*ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن ضیاء

** ڈاکٹر یاسر عرفات

ABSTRACT

Religion and economy is one of the major topics in the sociology of religion. Religion has two-way interactions with the political economy. As a dependent variable, the basic question is how economic growth in a society affects religious behavior. With religion viewed as an independent variable, the central question is how the religiosity of a person or a group affects individual characteristics, such as work ethics and thereby influences economic performance. In this paper, we sketch this two-way interaction of religion with the economy by focusing on the following questions: How does religion affect an individual's economic activities? How do societies with religious identities differ from non-religious societies in terms of economic development? How does an economic change in an individual or a society affect religious attitudes? And how do wealth and comfort change the religious tendencies of the individual and society? Is there any economic significance of religious activities? Etc.

KEYWORDS:

religion, economy, demand and supply, work ethics, employer, religious professionals, medicine and religion, religious tourism, economic traits, circulation of money

معیشت کا تعلق وسائل پیداوار اور ان کی تقسیم کے ساتھ ہے جبکہ مذہب ثقافتی اقدار کا مجموعہ ہے جو انسان کو زندگی گزارنے کا طریقہ سکھاتا ہے۔ معیشت کسی بھی معاشرے کے طرزِ زندگی کا لازمی جزو ہے اور مذہب بطورِ عقیدہ اور نظامِ زندگی فرد کی معاشی سرگرمیوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ مذہب کے معیشت پر اثرات اور معاشی ترقی و تنزلی کے مذہب پر اثرات مطالعہ مذہب کی سماجی جہت کے اہم موضوعات میں سے ہے جس کے تحت ماہرین سماجیات نے مذہب کے سماجی اثرات کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ مغربی مفکرین کے مطابق مذہب اور دیگر معاشرتی اداروں کا تعلق باہمی

*لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

**اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code:

Article	مذہب اور معیشت: مذہبی سماجیات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ Religion and Economy: An Analytical Study in the light of Socio-Religious Perspective
Authors	Dr. Zia ur Rehman Zia[1], Dr. Yasir Arfat[1]
Affiliations	[1] Department of Islamic Studies, Government College University, Faisalabad.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u2
QR Code	
Citation	Zia ur Rehman, Dr. and Yasir Arfat, Dr. *"Religion and Economy: An Analytical Study in the light of Socio-Religious Perspective"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 19–33
Copyright Information:	مذہب اور معیشت: مذہبی سماجیات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ (Religion and Economy: An Analytical Study in the light of Socio-Religious Perspective) © 2022 by Dr. Zia ur Rehman, and Dr. Yasir Arfat is licensed under CC BY 4.0
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

31۔ ابن ابی شیبہ، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، 1/144

32۔ ایضاً، 1/382

33۔ ایضاً، 14/68

34۔ ایضاً، 9/104

35۔ ایضاً، 11/20

36۔ ایضاً، 11/22

37۔ ایضاً، 11/75

38۔ ایضاً، 11/17

39۔ ایضاً، 11/20

40۔ ایضاً، 11/24

41۔ ایضاً، 11/27

6۔ ابن منظور الافریقی، ابو الفضل، محمد بن مکرم، لسان العرب، بیروت: دار صادر، مصدر: ت۔ ز، 1/310

7۔ ابن ابی شیبہ، ابو بکر عبد اللہ بن محمد، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ و ابراہیم اللحیدان، مکتبۃ الرُشد، ریاض، 2004، 1/168

8۔ ایضاً، 6/243

9۔ ایضاً، 1/7

10۔ ایضاً، 1/212

11۔ سورۃ النساء: 4/43

12۔ ابن ابی شیبہ، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، 1/166

13۔ ایضاً، 1/20

14۔ ایضاً، 12/344

15۔ ایضاً، 10/12

16۔ ایضاً، 1/14

17۔ ایضاً، 1/159

18۔ ایضاً، 2/160

19۔ ایضاً، 2/52

20۔ ایضاً، 3/139

21۔ ایضاً، 1/3

22۔ المقدسی، عبد اللہ بن أحمد بن محمد بن قدامۃ، ابو محمد، المغني ویلیہ الشرح الکبیر، تحقیق: محمد رشید رضا، دار الکتاب العربي للنشر والتوزیع، 1/159، 2010

23۔ ابن ابی شیبہ، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، 2/34

24۔ المقدسی، عبد اللہ بن أحمد، المغنی والشرح الکبیر، تحقیق: محمد رشید رضا، 1/278

25۔ ابن ابی شیبہ، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، 4/87

26۔ مدینہ منورہ جانے والے راستے پر تنعیم کے مقام پر حرم مکہ کی حدود ختم ہوتی ہیں۔ یہاں ایک مسجد ہے جو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے موسوم ہے۔ اسے مسجد تنعیم بھی کہا جاتا ہے۔

27۔ المقدسی، عبد اللہ بن أحمد، المغنی والشرح الکبیر، تحقیق: محمد رشید رضا، 3/310

28۔ ابن دقیق العید، محمد بن علي بن وهب، تقي الدین أبو الفتح، إحکام الأحکام شرح عمدۃ الأحکام، تحقیق: أحمد محمد شاکر، ناشر: عالم الکتب، 1/24، 1987

29۔ ابن ابی شیبہ، مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، 1/7-11

30۔ المقدسی، عبد اللہ بن أحمد، المغنی والشرح الکبیر، تحقیق: محمد رشید رضا، 1/129

ہوتے ہیں اور ان کے اقوال کے مطابق ابواب قائم کیے ہوتے ہیں، اس طرح کبھی حدیث عام ہوتی ہے اور ترجمہ خاص ہوتا ہے۔

خلاصہ بحث ونتائج

امام ابن ابی شیبہؒ اپنے عہد کے عظیم محدث وفقیہ تھے۔ امام ابن ابی شیبہؒ کی فقاہت اور جلالت علمی کا انداز ان کے تراجم ابواب (احادیث پر لگائے گئے عنوانات اور سرخیاں) سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ عجیب اشارات و کنایات اور باریک بینی سے احادیث سے مسائل مستنبط کرتے ہیں، جہاں بڑے بڑے ائمہ وفقہاء کی رسائی نہیں ہوتی۔ ان تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا تفقہ، استنباط اور دِقت رسی اور نکتہ آفرینی کا اظہار ہوتا ہے، امام ابن ابی شیبہؒ سے پہلے کسی مصنف نے اس قسم کے تراجم ابواب قائم نہیں کئے اور بعد کے محدثین اور مصنفین نے آپؒ کے ہی منہج پر تراجم ابواب قائم کیے ہیں، امام موصوفؒ نے اپنی تصنیف لطیف "المصنف" میں بے متعدد انواع پر مشتمل تراجم ابواب قائم کئے ہیں۔ جن میں تراجم ظاہرہ، مفردہ، مرسلہ بمعنیٰ مطلقہ، خفیہ یا استنباطیہ شامل ہیں۔ تراجم ظاہرہ وہ ہیں جو اپنے مضامین میں ظاہر ہوں، اس قسم کے تحت انہوں متعدد انداز میں ترجمۃ الباب قائم کئے ہیں۔ جن میں صیغہ خبریہ عامہ، صیغہ خبریہ خاصہ، قرآنی آیات، الفاظ حدیث اور آثار صحابہ واقوال وفتاویٰ تابعین کے ساتھ ترجمۃ الباب قائم کرنا شامل ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے اس ضمن میں اختلافی مسائل پر مبنی آراء کے ساتھ ساتھ فعل شرط، استفہامیہ انداز میں بہت سارے تراجم ابواب قائم کئے ہیں۔ امام ابن ابی شیبہؒ تراجم مفردہ میں صرف ترجمہ قائم کر دیتے ہیں اور اس کے تحت کوئی حدیث نہ لاتے بلکہ معلق ہی رہنے دیتے ہیں یا صرف کوئی آیت درج کرتے ہیں اور چند ایک آثار نقل کرتے ہیں۔ اور تراجم مرسلہ میں صرف لفظ "باب" ذکر کرتے ہیں، اس لیے ان تراجم کو مطلقہ کہا جاتا ہے۔ امام ابن ابی شیبہؒ کے نزدیک تراجم خفیہ یا استنباطیہ وہ ہیں جن میں حدیث کی باب سے مطابقت مخفی ہوتی ہے جو غور وفکر سے ظاہر ہوتی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ الذھبی، ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن احمد، سیر اعلام النبلاء، تحقیق: شعیب ارناؤوط، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، 1982، 11/128

2۔ الرامہرمزی، حسن بن عبدالرحمٰن، المحدث الفاصل بین الراوی والواعی، تحقیق: عجاج الخطیب، دارالفکر، بیروت، 1994ء، ص614

3۔ ابن کثیر، ابوالفداء اسماعیل بن کثیر، البدایۃ والنہایۃ، دار المعرفۃ بیروت، 2005ء، 10/763

4۔ الرامہرمزی، المحدث الفاصل بین الراوی والواعی، ص414

5۔ ابن ابی شیبہ، ابو بکر عبداللہ بن محمد، مقدمۃ المحقق مصنف ابن ابی شیبۃ، تحقیق: دکتور حمد الجمعہ وابراہیم اللحیدان، مکتبۃ الرُشد، ریاض، 2004، 1/102

الله او مع الايمان عمل؟ فقال ترضع مما رزقك الله، او يوضع مما رزقه الله" [38]

پھر ترجمہ باب کے تحت متعدد احادیث و آثار نقل کرنے کے بعد اگلا ترجمہ باب "باب" سے قائم کرتے ہیں اور اس کے تحت سابقہ مضمون کے تکملہ کے تحت احادیث نقل کرتے ہیں جیسا کہ "عن ابی هريرة، قال: قال رسول الله ﷺ :مثل المؤمن مثل الزرع لاتزال الريح تميله، ولايزال المؤمن يصيبه البلاء، ومثل الكافر كمثل شجرة الارزة لا تهتز حتى تستحصد" [39]

امام ابن ابی شیبہؒ نے ترجمہ سابقہ کے تحت جو حدیث ذکر کی ہے اس میں بہت سے فوائد ہیں کہ مؤمن کے جسم، مال اور اہل خانہ کو قدرتی آفات و بلیلات پہنچتی ہیں وہ سب اس لیے ہوتی ہیں کہ اس کے گناہوں کو مٹائے اور درجات کو بلند کرے۔ لیکن جو حدیث میں "مثل الکافر" کی زیادتی ہے۔ یہ زیادتی پہلے باب کے لیے فصل کی حیثیت رکھتی ہے جس میں متعدد فوائد مضمر ہیں۔

2. بعض جگہ ان جیسے ابواب میں یہی ہوتا کہ مابعد باب کا تعلق ماقبل باب سے اصل موضوع میں برابر ہوتا ہے۔ جیسا کہ "کتاب الایمان والرویا" میں ہے۔ اس کے تحت تراجم ابواب کو مرسل باب کے تحت بیان کیا ہے اور پھر اس کے باب دوسرا باب بھی مرسل ہی بیان کیا ہے۔ اس میں حضرت ابن عباس سے حدیث بیان کی ہے "عن ابن عباسؓقال: قال رسول الله ﷺ : ما يؤمن من بات شبعان و جاره طاو الى جنبه" [40] اور اس کے بعد دوسری حدیث اس مضمون سے متصل حدیث بیان کی ہے جو حضرت عائشہؓ سے مروی ہے:"عن عائشةؓ قالت: قال رسول الله ﷺ اكمل المؤمنين ايماناً احسنهم خُلقاً" [41]

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مومنوں کا ایمان اس وقت کامل ہو گا جب اس کا اخلاق اچھا ہو گا"

پس دونوں حدیث اصل موضوع یعنی "ایمان" سے متصل ہیں، اس لیے دونوں سابقہ ابواب کے درمیان لفظ باب کے ساتھ فصل ہے۔

4. تراجم خفیہ یا استنباطیہ

امام ابن ابی شیبہؒ کے نزدیک تراجم خفیہ یا استنباطیہ وہ ہیں جن میں حدیث کی باب سے مطابقت مخفی ہوتی ہے جو غور و فکر اور تدبر سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس طرح کے ابواب قائم کرنے کا مقصد طالب کے ذہن کو تیز کرنا اور اُس میں اجتہاد کا ملکہ پیدا کرنا ہوتا ہے۔ امام ابن ابی شیبہؒ کی "المصنف" کے ابواب کی تفصیل مجمل، تاویل، عام اور عام سے خاص مراد لینا یا خاص سے عام مراد لینا کی کافی مثالیں ہیں۔ کبھی ایسے ابواب قائم کرتے ہیں جن کا بظاہر کوئی فائدہ نظر نہیں آتا لیکن بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو ان کا بھی فائدہ ہوتا ہے وہ یہ کہ امام ابن ابی شیبہؒ بعض اہل علم کا رد کرنا چاہتے ہیں جو اس بات کے قائل نہیں ہوتے ہیں جن کے اقوال پہلی کتب حدیث مثلاً جامع سفیان ثوری، مصنف عبد الرزاق وغیرہ میں درج

امام ابن ابی شیبہؒ کے تفردات میں سے ہے کہ اس طرح کے تراجم ابواب کتبِ احادیث میں کسی بھی کتاب میں نہیں ملتے ہیں۔ تراجم ابواب کی اس نوع سے متعلق مصنف ابن ابی شیبہ میں مستقل طور پر ایک کتاب "کتاب الاوائل" کے نام سے لکھی۔ اس کتاب میں ایک ترجمہِ باب "باب اول من فعل و من فعله"[33] کے عنوان سے قائم کیا ہے جس کے تحت متعدد احادیث و آثار نقل کی ہیں۔

2. تراجم مفردہ

تراجم مفردہ سے مراد ایسا ترجمۃ الباب ہے کہ جس میں صرف ترجمہ قائم کر دیتے ہیں اور اس کے تحت کوئی حدیث نہ لاتے بلکہ معلق ہی رہنے دیتے ہیں یا صرف کوئی آیت درج کرتے ہیں اور چند ایک آثار نقل کرتے ہیں۔ امام ابن ابی شیبہؒ کی تصانیف میں تراجم ابواب کی اس نوع سے متعلقہ ایک ہی مثال مصنف ابن ابی شیبہ کی "کتاب الادب" میں مذکور ہے جیسے: من كره ان يقول: ليس فی البيت احد ولا باس ان يقول: ليس فی البيت احدمن الناس"[34] "یہ کہنا درست نہیں کہ گھر میں کوئی نہیں ہے بلکہ اس طرح کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ گھر میں لوگوں میں سے کوئی نہیں ہے"۔

اس ترجمہ باب کے تحت کوئی بھی مرفوع متصل، منقطع اور آثار صحابہ نقل نہیں کی ہیں۔

3. تراجم مطلقہ یا مرسلہ

ان تراجم میں صرف لفظ "باب" ذکر ہوتا ہے۔ اس لیے ان تراجم کو مطلقہ کہا جاتا ہے۔ مصنف ابن ابی شیبہ میں تین مقام پر لفظ "باب" سے امام ابن ابی شیبہ نے ترجمۃ الباب قائم کیا ہے۔کتاب الايمان والرؤيا میں تینوں باب مذکور ہیں: وقولہ "باب" کے ساتھ قائم کیا ہے۔[35] وقولہ "باب"[36] وقولہ "باب"[37]

ان تراجم ابواب کے قائم کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جو احادیث و آثار ان ابواب کے تحت رقم کی جاتی ہیں وہ اپنے معنی مرادی پر ظاہر الدلالۃ ہوتی ہیں۔

تراجم مرسلہ کی اقسام

تراجم مرسلہ کی دو اقسام ہیں

1. ایسا باب یا تو سابقہ باب کا تکملہ ہوتا ہے یعنی اس مضمون سابق باب کے مضمون کے لیے تکملہ کی حیثیت رکھتا ہے اور اس میں ایک سے زائد فوائد مضمر ہوتے ہیں جس کی بناء پر اس کو الگ ذکر کیا جاتا ہے اس طرح یہ سابقہ باب کے لیے ایک فصل کا درجہ رکھتا ہے۔ جیسا کہ کتاب الایمان کے باب "باب ما ذكر فيما يطوي عليه المؤمن من الخلال" میں ہے۔ حضرت ابوذر سے مرفوعا روایت کرتے ہیں۔"عن ابی ذرؓ قال: سألت رسول الله ﷺ ماذا ينجي لعبد من النار؟ فقال: الايمان بالله، قال: قلتُ: حسبي

اعضاء کو کتنی مرتبہ دھویا جائے گا۔ مزید برآں ان روایات کی تفصیل اور ان کی تطبیق میں صاحب شرح الکبیر ائمہ کرام کے اقوال نقل کرتے ہیں: فذهب اكثر اهل العلم الى ان الوضوء مرة واحده يجزي، والثلاث افضل، الّا مالكاً فانه لم يؤقت مرة ولا ثلاثا، وقال: انما قال الله تعالى: فاغسلوا وجوهكم وقال الاوزاعي و سعيد بن عبد العزيز: الوضوء ثلاثا ثلاثاً، الا غسل الرجلين فانهما ينقيهما"[30]

ط. فعل شرط کے ساتھ تراجم ابواب قائم کرنا

اس ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ امام ابن ابی شیبہؒ ترجمہ باب میں فعل کی شرط ذکر کرتے اور جواب شرط کو حذف کر دیتے ہیں۔ پھر اس کے بعد جواب شرط مرفوع حدیث کے ذریعے بیان کرتے ہیں، کبھی آثار سے جواب لاتے ہیں، کبھی صراحتاً جواب لاتے ہیں۔ اس کی امثلہ حسب ذیل ہیں:

- کتاب الطہارت میں ایک" الماء اذا كان قلتين او اكثر "فعل شرط کے ساتھ قائم کیا ہے۔ پھر اس میں ایک مرفوع حدیث عبد اللہ بن عمرؓ سے بیان کی ہے: عن ابن عمر قال: سئل رسول الله ﷺ عن الماء يكون بارض الفلات وما ينوبه من السباع و الدواب ؟ فقال : اذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث[31]

"رسول اللہ ﷺ سے ایسے پانی کے بابت سوال کیا گیا، جو جنگلوں میں ہو، جہاں درندے اور جانور آتے ہوں، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب پانی دو قلہ کی مقدار ہو تو وہ گندگی کو نہیں اٹھاتا ہے"

اس کا جواب حذف کر دیا کیونکہ وہ سیاق موضوع کی وجہ سے معلوم ہے۔

- کتاب الصلوات میں باب اذا دخل المسافر في صلاة المقيم حرف شرط کے ساتھ قائم کیا ہے لیکن جواب شرط کو حذف کر دیا ہے۔ اس ضمن ایک حضرت ابن عباس کی اثر نقل کی ہے کہ "قال اذا دخل المسافر في صلاة المقيمين صلى صلاتهم"[32] "جب مسافر مقیم کی اقامت میں نماز ادا کرے تو مکمل ادا کرے گا"۔

اس میں ترجمہ باب کا جواب شرط حضرت ابن عباسؓ کی اثر میں ذکر کر دیا ہے۔ اگر ترجمہ باب میں جواب شرط مذکور ہوتا تو باب عنوان اس طرح "اذا كان كذلك فليدخل في صلاة المقيم" قائم ہوتا۔

ي. اولیت کے الفاظ کے ساتھ تراجم ابواب قائم کرنا

ایسے الفاظ کے ساتھ ترجمہ قائم کرنا جس میں اولیت کا ذکر کیا گیا ہو کہ کس نے یہ کام پہلے کیا؟ یا کون سا کام پہلے کیا گیا؟ یا اس بارے میں پہلا قول کس کا ہے؟

الوادي[25] "حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں مکہ والے اگر عمرہ نہ کریں تو انہوں کوئی نقصان نہیں ہے، اگر وہ عمرہ کرنا چاہیں تو ان کا میقات جوانب حرم ہے"

اس طرح کے باب کا فائدہ یہ ہوا کہ مشکل مسئلہ کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ اس حدیث سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ تمام ائمہ و علماء اس بات پر اتفاق ہے کہ اہل مکہ کا میقات "مقام تنعیم"[26] ہے۔ لیکن جب مکہ میں مقیم یا غیر مقیم عمرے کا ارادہ کرے تو وہ جوانب حرم سے کسی بھی طرف نکل جائے۔[27]

4. بسا اوقات استفہامیہ انداز میں ایسے تراجم ابواب قائم کرتے ہیں کہ حدیث سے مستنبط معانی کی جانب اشارہ کے لیے تراجم ابواب قائم کرتے ہیں۔ ان کے تین مراتب ہیں۔

- بعض تراجم مرادی معنیٰ پر دلالت میں ظاہر، واضح اور مطلوبہ فوائد کے حامل ہوتے ہیں۔
- بعض تراجم مراد پر دلالت میں واضح ہوتے ہیں لیکن ان کا فائدہ قلیل ہوتا ہے۔
- بعض تراجم مراد پر دلالت کرنے میں خفی، بعید اور غیر مناسب ہوتے ہیں، تکلف کے بغیر چل نہیں پاتے ہیں۔[28] اور حدیث کے لفظ سے ائمہ و مجتہدین مختلف معانی مراد لیتے ہیں۔ بسا اوقات روایات میں اختلاف کی بناء پر تراجم ابواب قائم کیے جاتے ہیں، کبھی کبھار امام ابن ابی شیبہ حروف استفہام کے ساتھ اس انداز سے ترجمہ لاتے ہیں کہ مختلف روایات کے درمیان جمع و تطبیق ہو جائے۔ جیسا کہ کتاب الطہارۃ کا باب "في الوضوء كم هو مرة؟" استفہامیہ انداز میں قائم کیا ہے۔ پھر اس کے ضمن میں مختلف فیہ روایات بیان کی ہیں۔ جو حسب ذیل ہیں۔
  - حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ "ان النبي ﷺ توضأ ثلاثاً ثلاثاً" نبی اکرم ﷺ نے تین تین مرتبہ اعضاء کو دھویا"
  - حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ "ان النبي ﷺ توضأ مرتين مرتين "نبی اکرم ﷺ نے دو مرتبہ اعضاء کو دھویا"
  - حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ "توضأ النبي ﷺ مرة مرة"[29] "نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ اعضاء کو دھویا"

اس ترجمہ باب میں امام ابن ابی شیبہؒ نے صیغہ استفہام استعمال کیا ہے جو مذکورہ بالا احادیث مبارکہ میں واقع احتمال کو بیان کر رہا ہے کہ حضرت علیؓ کی روایت میں ہے کہ وضو میں اعضاء کو تین تین مرتبہ دھویا جائے گا۔ اور حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں دو دو مرتبہ دھویا جائے گا۔ جبکہ ابن عباسؓ روایت میں ایک مرتبہ ہی دھونا کافی ہے۔ اس باب میں تین مختلف فیہ احادیث ذکر کی ہیں کہ جن کی وجہ سے علماء میں اختلاف ہے کہ وضو میں

ح. استفہامیہ انداز میں تراجم ابواب قائم کرنا

اس کا مطلب یہ ہے کہ باب کا عنوان استفہام کے صیغے کے ساتھ ہو۔ امام ابن ابی شیبہؒ نے "المصنف" میں بہت سارے ابواب کا آغاز استفہامیہ انداز میں کیا ہے۔ اس طرح کے ترجمہ باب میں دونوں احتمال ہوتے ہیں کہ استفہام کی شکل میں اثبات بھی ہو سکتا ہے اور نفی بھی۔ لیکن اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مسئلہ ذہن نشین ہو جاتا ہے اور فتویٰ کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ استفہامیہ انداز میں ترجمۃ الباب قائم کرنے کی مختلف وجوہ ہوتی ہیں جو بمع امثلہ حسب ذیل ہیں:

1. کبھی علماء کے درمیان متفقہ اور اجماعی مسائل کے تحت ایسا عنوان لاتے ہیں۔ پھر اس کے ضمن میں بطور دلائل احادیث و آثار نقل فرماتے ہیں جس کا مقصود اجماع کا مستند اور بنیاد ذکر کرنا ہے۔ مثلاً کتاب الطہارت کا باب "ما يقول الرجل اذا دخل الخلاء؟" استفہامیہ انداز میں قائم کیا ہے، پھر اس کے ضمن میں حضرت انس بن مالک سے مرفوع حدیث نقل کی ہے عن انس بن مالكؓ قال: كان النبي ﷺ اذا دخل الخلاء قال: اعوذ بالله من الخبث و الخبائث [21] "نبی اکرم ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو فرماتے تھے: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں گندگی اور گندی اشیاء سے"

امام ابن ابی شیبہؒ نے ترجمہ میں استفہام کا صیغہ استعمال کیا ہے، اس لیے کہ حضرت انس بن مالک کی حدیث عام ہے، اس حدیث سے یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے کہ بیت الخلاء میں دخول کے وقت ذکر کرنا مشروع ہے اور اس وقت دُعا ماثور کا پڑھنا بھی جائز ہے۔ [22]

2. اس طرح ترجمہ باب اس وقت بھی قائم کیا جاتا ہے کہ جب حدیث میں ہی سوال و جواب ہو، جیسا کہ کتاب الصلوات کا باب "ما قالوا فيها اذا نسئ فقام في الركعتين ما يصنع؟" استفہامیہ انداز میں قائم کیا ہے۔ اس باب میں ایک حدیث نقل کی ہے: عن الشعبيؒ قال: صليت خلف المغيرة بن شعبة، فقام في الثانية، فسبح الناس به فلم يجلس، فلما جلس وانفتل سجد سجدتين و هو جالس، ثم قال: هكذا رأيت رسول الله ﷺ صنع [23]

اس حدیث میں سوال بھی تھا اور جواب بھی مذکور ہے جس کا فائدہ یہ ہوا کہ مسئلہ کی تعین و وضاحت ہو گئی کہ جب دوسری رکعت میں تشہد میں بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہو جائے تو واپس نہ پلٹے بلکہ قعدہ اخیرہ میں سجدہ سہو کرے۔ اس بات پر تمام علماء کا اتفاق ہے۔ [24]

3. کبھی استفہامیہ انداز میں کسی مشکل کی وضاحت کے لیے ترجمہ قائم کرتے ہیں، جیسے کتاب الحج کے باب "المكي يريد ان يعتمر من اين يعتمر؟" اس کے ضمن میں ایک پورا اثر نقل کیا ہے: عن ابن عباسؓ قال: لا يضركم يا اهل مكة ان لا تعتمروا، فان ابيتم فاجعلوا بينكم وبين الحرم بطن

شخص کے بارے میں سوال کیا جس نے جمعہ کی نماز شروع کی، پس وہ وضو کے لیے چلا گیا تو پس جب واپس آیا تو امام نے نماز مکمل کر لی؟ تو اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ دو رکعت نماز پڑھے گا جب تک کوئی بات نہ کی ہو"

و. الفاظ حدیث کے ساتھ تراجم ابواب قائم کرنا

اس ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ حدیث مبارکہ ہی کو باب کا مضمون بنا دیا جائے، پوری حدیث یا اس کا کچھ ٹکڑا لکھ دیا جائے۔ اس طرح سے مترجم بہ حدیث اور مترجم لہ کلام کے درمیان مناسبت اور فرق واضح ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ:

کتاب الصلوات کے باب "صلاة القاعد على النصف من الصلاة القائم" اس باب کے تحت حضرت عمران بن حصین سے ایک مرفوع روایت بیان کی ہے کہ عن عمران بن حصين انه سأل النبى ﷺ عن الصلاة قاعداً؟ فقال: صلِّ قائماً، فانه افضل ثم قال: صلاة القاعد علي النصف من صلاة القائم، وصلاة النائم على النصف من صلاة القاعد"[19] "میں نے رسول اللہ ﷺ سے کسی آدمی کے بیٹھ کر نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ افضل یہی ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھے کیونکہ بیٹھ کر پڑھنے والے کو کھڑے ہو کر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے اور لیٹے لیٹے پڑھنے والے کو بیٹھ کر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔"

مترجم بہ اور مترجم لہ اصطلاح کی وضاحت

مترجم بہ سے مراد یہ ہے کہ لفظِ باب سے لے کر مرفوع حدیث شروع کرنے سے پہلے تک جو عبارت نقل کی گئی ہے خواہ وہ قرآن مجید کی آیات ہوں، یا صحابہ کرام کی آثار، تابعین کے اقوال و فتاویٰ جات ہوں یہ سب مترجم بہ ہوں گے۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ "ترجمہ میں ذکر کی گئی چیز" لہذا سب کچھ مترجم بہ ہو گا۔

مترجم لہ سے مراد یہ ہے کہ باب کے نیچے جو حدیث درج کی جائے گی، اس کو مترجم لہ کہا جاتا ہے۔

ز. آثار صحابہ و تابعین کے ساتھ ترجمہ قائم کرنا

امام ابن ابی شیبہؒ نے تراجم ابواب میں آثار صحابہ و اقوال تابعین کو بھی درج کیا ہے تاکہ آثار صحابہ و تابعین سے مسئلہ کی حجیت اور باب کی تائید ہو جائے اور حدیث کی تشریح ہونے کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہو جائے کہ اس مسئلہ کے متعلق صحابہ کرامؓ و تابعین کیا سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ کتاب الزکوۃ کا باب "في كل شيء اخرجت الارض زكاة" الفاظ کے ساتھ قائم کیا ہے۔ پھر ابراہیمؒ سے ایک اثر نقل کیا ہے "عن ابراهيم قال: في كل شيء اخرجت الارض زكاة"[20] "ہر زمینی پیداوار پر زکوۃ ہے"۔ آیات، احادیث، آثار ذکر کرنے کا فائدہ امام ابن ابی شیبہؒ کے مختار مذہب کی طرف اشارہ ہوتا ہے"۔

خاص تراجم ابواب قائم کرتے ہیں کہ جس میں کسی ایک فقیہ کی رائے یا کسی ایک مذہب کا مؤقف ہوتا ہے، پھر اس مؤقف پر دلیل کی صورت میں احادیث و آثار نقل کی جاتی ہیں، اس طرح کی صورتحال میں ایک ترجمہ پر اکتفاء نہیں کرتے ہیں بلکہ اس کے بعد اگلا باب اس سے برعکس مؤقف والوں کی آراء کے ضمن میں ترجمۃ الباب قائم کرتے ہیں بعد ازاں اس مؤقف کی تائید میں احادیث و آثار سے دلائل ذکر کرتے ہیں۔ اس صورت حال میں امام ابن ابی شیبہؒ نہ تو اپنا مؤقف ذکر کرتے ہیں اور نہ ہی دونوں گروہوں میں سے کسی بھی کے دلائل کو ترجیح دیتے ہیں۔ جیسا کہ کتاب الطہارت میں ایک باب "في تخليل اللحية في الوضوء" قائم کیا ہے۔ اس ترجمۃ الباب سے ایک مذہب کی رائے کو ظاہر کرنے کے بعد اس کی تائید میں احادیث و آثار بیان کی ہیں۔ اس مؤقف کی تائید میں ایک حدیث حضرت عمار بن یاسرؓ مروی ہے کہ توضأ فخلل لحيته، فقلت له فقال: رأيت رسول الله ﷺ فعله[15] "آپؓ نے وضو کیا، پس داڑھی میں خلال کیا، میں نے عرض کی تو آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس کرتے ہوئے دیکھا"

بعد ازیں امام ابن ابی شیبہؒ درج بالا موقف کے برعکس رائے رکھنے والے علماء کا مؤقف ترجمۃ الباب میں بیان کرتے ہیں اور ان کے مؤقف کی تائید میں احادیث و آثار بطور دلائل ذکر کرتے ہیں۔ جیسا کہ مثال سے واضح ہے کہ "من كان لا يخلل لحيته، وبقول يكفيك ما سال عليها" اس مؤقف کی تائید میں احادیث و آثار نقل کی ہیں جن میں سے ایک پیش خدمت ہے: عن سعيد الزبيدي، قال سالت إبراهيم: اخلل لحيتي بالماء، او يكفيها ما مرّ عليها؟ قال: يكفيها ما مرّ عليها[16] "سعید الزبیدی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم سے پوچھا کہ میں داڑھی میں خلال کروں یا اس پر بہہ جانے والا پانی کافی ہے؟ انہوں نے فرمایا اس پر بہہ جانے والا پانی کافی ہے۔"

2. اختلافی مسائل پر مبنی تراجم ابواب کی دوسری قسم یہ ہے کہ امام ابن ابی شیبہؒ ایک ہی باب میں دو اختلافی مسائل کو بیان کر دیتے ہیں۔ مذاہب کے اختلاف کو بیان کرنے کے لیے علیحدہ علیحدہ تراجم ابواب قائم نہیں کرتے ہیں۔ اس کی مثال ذیل میں مذکور ہیں:

کتاب الصلوات میں ایک باب "الرجل يحدّث يوم الجمعة" قائم کیا ہے۔ پھر اس کے تحت احادیث و آثار نقل کی ہیں۔ ایک روایت امام حسنؒ سے بیان کی ہے کہ "عن رجل احدث يوم الجمعة، فذهب ليتوضأ، فجاء وقد صلى الامام، قال: يصلّي اربعاً"[17] پھر اس کے بعد مخالف روایت پیش کی ہے کہ عن وكيع: قال: سألت سفيان عن رجل افتح مع الامام الصلاة يوم الجمعة، فذهب ليتوضأ، فجاء، وقد صلى الامام، قال: يصلي ركعتين مالم يتكلم" [18] "میں نے سفیان سے اس

د. مخصوص علماء کے مؤقف کے ساتھ ترجمہ قائم کرنا

اس طرح کے ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ اختلافی مسائل میں بعض علماء نے جن دلائل سے استدلال کیا ہے یا جن دلائل سے ان کا استدلال ہو سکتا ہے ترجمۃ الباب میں ان کا مذہب لکھ کر پھر وہ دلائل ذکر کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں کبھی مختلف اسباب کی بناء پر "من قال كذا" یا "من فعل كذا" کے الفاظ استعمال فرماتے ہیں۔ اس طرح وہ متعدد وجوہات کی بناء پر کرتے ہیں جو درج ذیل ہیں:

- کبھی اجماعی مسئلہ کی تعیین میں بھی ایسا عنوان رقم کرتے ہیں۔
- بیان احتمال کے لیے۔
- اپنے نزدیک مختار قول کی نشاندہی کرنے کے لیے۔
- کبھی تعمیم کی غرض سے یعنی اس پہلو کی جانب اشارہ کرنے کے لیے ایسا ترجمہ لاتے ہیں کہ حکم عام ہے۔
- ترجمہ سے تاریخی واقعہ کی جانب اشارہ فرماتے ہیں۔
- کسی مسئلہ کا ترجمہ لاتے ہیں اور پھر فائدہ پر تنبیہ کی غرض سے ضمنی مسئلہ بھی لاتے ہیں گویا باب در باب ہوتا ہے۔

درج بالا مقاصد کے تحت تراجم ابواب قائم کرتے ہیں۔ جس کی مثال حسب ذیل ہیں۔

- کتاب الطہارت کے باب "من قال: خذ لراسك ماءً جديداً" اس میں حضرت ابن عباسؓ سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں: عن ابن عباسؓ: ان النبي ﷺ غرف غرفة، فمسح راسه واذنيه[13]۔ اس طرح انہوں بہت سی احادیث و آثار اس ضمن میں نقل کی ہیں۔
- کتاب الجہاد کے باب "من قال: لا يجتمع اليهود والنصارى مع المسلمين في مصر" اس کے نیچے حضرت ابن عباسؓ سے مرفوع حدیث نقل کی ہے: قال: اخرجوا المشركين من جزيرة العرب"[14] "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکال دو"

اس کے بعد باقی ادلّہ کو ذکر کیا ہے کہ یہود و نصاریٰ ایک شہر میں مسلمانوں کے ساتھ نہیں رہ سکتے ہیں۔ اس قسم کے ترجمۃ الباب کا مقصود یہ ہوتا کہ ترجمہ میں بیان کردہ قول کو ثابت اور راجح قرار دینا ہے۔ بسا اوقات اجماعی مسائل پر بھی ترجمۃ الباب بعینہ رقم کرتے ہیں۔

ہ. اختلافی مسائل پر تراجم قائم کرنا

اس نوع کے تحت دو اقسام ہیں۔

1. امام ابن ابی شیبہؒ بسا اوقات اختلافی مسائل پر مبنی تراجم ابواب قائم کرتے ہیں، یعنی بسا اوقات ایسے

اس کا فائدہ یہ ہے کہ باب میں جو مسئلہ اور حکم ذکر کیا گیا ہے۔ یہ حدیث اس کی واضح دلیل ہے۔

ج. ترجمۃ الباب قرآنی آیات سے قائم کرنا

قرآنی آیات سے ترجمہ قائم کرنا ایک منفرد اور جداگانہ انداز ہے، جس کا مقصد معترضین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ یہ مسئلہ قرآن کریم کی فلاں آیت میں آتا ہے اور جو معترضین یہ کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ قرآن میں نہیں اور حدیث کو خبر واحد کہہ کر ترک کر دیتے ہیں، اس طرح ان پر حجت قائم ہو جاتی ہے۔ امام ابن ابی شیبہ عام مسائل میں بھی اس طرح کرتے ہیں تاکہ علم ہو جائے کہ اس باب کے تحت درج شدہ احادیث قرآنی آیت کی تفسیر ہیں۔ علاوہ ازیں یہ بتانا مقصود ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ صرف احادیث میں ہی نہیں بلکہ قرآن میں بھی موجود ہے۔ اس ضمن میں ان کا منہج یہ ہے کہ وہ قرآنی آیت سے ترجمۃ الباب قائم کرتے ہیں اور آیت کریمہ کو باب کا عنوان بناتے ہیں۔ اس سے مقصود آیت مبارکہ کی تفسیر، احکام کو مستنبط کرنا ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں تفسیری اختلافات، مستنبط احکام احادیث و آثار کی روشنی میں نقل فرماتے ہیں۔ اس کی چند ایک امثلہ بطور استشہاد حسبِ ذیل ہے:

کتاب الطہارۃ میں ایک باب "اَوۡ لٰمَسۡتُمُ النِّسَآءَ"[11] آیت قرآنی سے قائم کیا ہے اور اس کے تحت احادیث، آثار صحابہ اور فتاویٰ جات کو بطور تفسیر نقل فرمایا ہے۔ ان آثار کی روشنی میں صحابہ و تابعین کے مؤقف اور مؤیدات کو نقل کیا ہے کہ قرآن کریم میں اس آیت "اَوۡ لٰمَسۡتُمُ النِّسَآءَ" سے کیا مراد ہے؟

- عن ابن عباس قال: هو الجماع "عبد اللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں: اس سے مراد جماع ہے"
- عن عبد الله قال: اللمس ما دون الجماع "حضرت عبد اللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ لمس سے مراد سے جماع سے کم ہے"
- عن الحسن قال: الملامسة الجماع "حضرت حسن فرماتے ہیں کہ لمس سے مراد جماع ہے"
- عن الشعبي قال: الملامسة ما دون الجماع "امام شعبیؒ کے ہاں: لمس سے مراد جماع سے کم ہے"[12]

آیت قرآنیہ سے ترجمہ قائم کرنے کے بعد اختلاف کو ذکر کیا ہے کہ یہاں لمس (چھونے) سے کیا مراد ہے؟ آثار صحابہ و فتاوٰی تابعین سے اس بات کو نقل کیا ہے کہ بعض کے نزدیک اس سے مراد جماع ہے اور بعض کے نزدیک جماع سے کم ہے۔

أ. ترجمہ "صیغہ خبریہ عامہ" کے ساتھ قائم کرنا

اس کا معنیٰ ہے کہ ترجمہ ایسی عبارت ہو جو باب کے مضمون پر صیغہ خبریہ عامہ (جس میں کئی وجوہ کا احتمال ہو) کے ساتھ دلالت کرے، پھر اس کے تحت درج شدہ احادیث کے ساتھ مراد متعین ہو جائے۔ جیسا کہ:

باب"ما ذكر في السواك" کے تحت یہ حدیث بیان کی ہے: كان رسول الله ﷺ اذا قام فتهجد يشُوص فاه بالسواك [7] "رسول اللہ ﷺ جب تہجد کے لیے اٹھتے تو مسواک کیا کرتے تھے۔"

امام ابن ابی شیبہؒ نے باب "صیغہ خبریہ عامہ" کے ساتھ قائم کیا ہے اور حدیث لا کر اس عام لفظ سے مراد متعین کر دی کہ باب میں مسواک کے بارے میں بات کی گئی ہے۔ اس ضمن میں نبی اکرم ﷺ کی حدیث مبارکہ بھی بیان کر دی کہ مسواک کرنا رسول اللہ ﷺ کا پسندیدہ اور محبوب طرز عمل ہے۔

باب"ما جاء في ثمن الكلب" کے تحت حدیث مبارکہ بیان کی ہے: ان النبی ﷺ نهي عن مهر البغي وثمن الكلب [8] "بے شک نبی اکرم ﷺ نے زنا کی کمائی اور کتے کی قیمت سے منع فرمایا ہے"۔ امام ابن ابی شیبہ نے باب "ما جاء في ثمن الكلب" میں صیغہ خبریہ عامہ استعمال کیا ہے۔ اس باب میں حدیث لا کر "ثمن الكلب" عام لفظ کے مرادی معنی کو متعین کر دیا کہ کتے کی قیمت لینے سے منع کیا گیا ہے۔ کتے کی قیمت لینا درست اور جائز نہیں ہے۔ ان جیسے ترجمہ کا فائدہ یہ ہے کہ باب کے مضمون کا اجمالی علم ہو جاتا ہے اور پھر حدیث سے اصل مقصود معلوم ہو جاتا ہے۔ جب ترجمہ باب کو صیغہ خبریہ عامہ کے ساتھ قائم کیا جائے گا تو اس میں کئی وجوہ کا احتمال باقی ہوتا ہے، پھر اس کے تحت درج شدہ احادیث کے ساتھ مراد متعین ہو جاتی ہے۔ اس طرح درج شدہ احادیث اور آثار اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ ترجمہ سے کیا مراد ہے، لہٰذا ان تراجم کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ باب کے مضامین کا اجمالی علم ہو جاتا ہے۔، پھر قاری احادیث اور آثار کے معانی سے اندازہ لگاتا ہے کہ وہ ترجمہ کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

ب. ترجمہ "صیغہ خبریہ خاصہ" کے ساتھ قائم کرنا

اس سے مراد یہ ہے کہ ترجمہ ایسی عبارت کے ساتھ ہو جو باب کے مضمون سے مراد کو متعین کرے اور اس میں کوئی اور احتمال نہ ہو۔ جیسا کہ:

- باب في المحافظة على الوضوء وفضله اس باب کے تحت حدیث نقل کی ہے: لا يُحافِظ على الطهور الا مومن [9] "وضو کی پابندی صرف مومن ہی کر سکتا ہے۔" اور
- باب "من كره الكلام في الاذان" اس کے ذیل میں امام ابن سیرین کا فتویٰ نقل کیا ہے: انه كان يكره الكلام في الاذان [10] "بے شک دوران آذان کلام کرنا مکروہ ہے"

تابعین کے اقوال و فتاویٰ جات اور اہل لغت کے کلام کو درج کیا ہے اور بہت سے تراجم میں مرفوع معلقات بھی لائے ہیں، ان تراجم کے مطالعہ سے بخوبی آشکار ہو جاتا ہے کہ امام ابن ابی شیبہؒ کو حدیث، تفسیر، تاریخ، لغت، اصول، علم الکلام میں مکمل عبور اور دسترس حاصل ہے۔ زیرِ نظر مقالہ میں امام ابن ابی شیبہؒ کے "المصنف" میں قائم کردہ "تراجم ابواب" کی انواع و اقسام، منہج و اسلوب اور طریقہ ہائے استدلال کے متعلق جامع اصول مع امثلہ انتہائی اختصار کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں۔

لفظ تراجم کے معنیٰ

تراجِم بکسر جیم ہے، اگر جیم کے ضمہ کے ساتھ ہو تو مصدر بن جائے گا۔ تراجم ترجمہ کی جمع ہے اگر بضمہ جیم پڑھیں تو معنیٰ ہو گا "دو آدمیوں کا باہم پتھر مارنے میں شریک ہونا" لیکن یہ لفظ "تراجم" ہے جیسے تجربہ کی جمع تجارِب آتی ہے۔[6] ترجمہ کے تین معنی اہل لغات نے بیان کیے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

1. کسی بات کو ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنا جیسے تراجم الکلام بالانجلیزیۃ۔
2. کسی آدمی کے نسب، اس کے اخلاق و سیرت کو بیان کرنا جیسے ترجمۃ الرجال۔ بعض ماہرینِ حدیث یہ اصطلاح استعمال فرماتے ہیں "ذكر فلان في ترجمة الفلان"
3. کسی چیز کا آغاز یا ابتدائی حصہ جیسے ترجمۃ الباب وغیرہ۔ تراجم کے لفظی معنی جو محدثین کرام کی اصطلاح میں ہے وہ یہی آخر الذکر معنی ہے یعنی کسی بھی چیز کا آغاز اور ابتدائی حصہ جیسے ترجمۃ الباب، کتاب کا ابتدائی حصہ۔ یہاں تراجم ابواب امام ابن ابی شیبہؒ میں یہی معنی مراد ہے۔

لفظ تراجم کا اصطلاحی مفہوم

اس سے مراد حدیث کے باب کا ایک عنوان ہے۔ عموماً محدثین کرام اپنی تالیفات میں مجموعہ احادیث کو ایک خاص مفہوم کے تحت جمع کرتے ہیں اور اس کے لیے ایک عنوان قائم کرتے ہیں جیسے: باب الماء الدائم، باب في تسمية الوضوء و غيره۔

انواع تراجم "المصنف" کے تناظر میں

تراجم ابواب کی چار اقسام ہیں:

۱۔ تراجم ظاہرہ ۲۔ تراجم مفردہ ۳۔ تراجم مرسلہ بمعنیٰ مطلقہ ۴۔ تراجم خفیہ یا استنباطیہ

1. تراجم ظاہرہ

تراجم ظاہرہ وہ ہیں جو اپنے مضامین میں ظاہر ہوں اور اس کی کئی صورتیں ہیں:

آپؒ کا شمار ان علماء و محدثین میں ہوتا ہے جنہوں نے علمِ حدیث کی نشر و اشاعت میں ناقابلِ فراموش خدمات سر انجام دیں، آپؒ نے نہ صرف درس و تدریس بلکہ تحریر و تصنیف کے ذریعے سے بھی علوم الحدیث کو فروغ دیا، آپؒ کے منفرد اندازِ تالیف کے بارے میں امام ابوعبیدؒ فرماتے ہیں "امام ابن ابی شیبہؒ ایک باکمال مصنف تھے"[1] امام رامہرمزیؒ نے ذکر کیا ہے کہ "ابوعبید قاسم بن سلامؒ اور ابن ابی شیبہؒ سے بڑھ کر کوئی مصنف نہیں ہے"[2] جبکہ امام ابن کثیرؒ موصوف کی عظیم تصنیفی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "ابن ابی شیبہؒ صاحب تصانیف محدث تھے، آپ نے ایسی عمدہ تصانیف پیش کیں اس جیسی نہ آپ سے پہلے کوئی پیش کر سکا اور نہ بعد میں"[3]

امام ابن ابی شیبہؒ کی کتاب "المصنف" اپنے متنوع امتیازات کی بناء پر ذخیرہ حدیث میں منفرد حیثیت کی حامل ہے، اس کتاب کی ایک اہم خصوصیت اس کے تراجم ابواب (احادیث پر لگائے گئے عنوانات اور سرخیاں) ہیں۔ امام موصوف کی فقاہت اور فہم و بصیرت تراجمِ ابواب میں مضمر ہے کہ جہاں بڑے بڑے ائمہ وفقہاء کی رسائی نہیں ہوتی وہاں امام موصوف عجب اشارات و کنایات اور باریک بینی سے احادیث سے مسائل مستنبط کرتے ہیں۔ ان تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا تفقہ، استنباط اور دِقّت نظری اور نکتہ آفرینی کا اظہار ہوتا ہے۔ امام موصوفؒ کی کتاب "المصنف" کی منفرد خصوصیت یہ ہے کہ احادیث کے باب کے مناسب تراجم میں آیات قرآنیہ بھی بکثرت لاتے ہیں اور اس طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ کا مأخذ قرآن کریم بھی ہے۔ امام ابن ابی شیبہؒ سے پہلے کسی مصنف نے اس قسم کے تراجم ابواب قائم نہیں کئے اور بعد کے محدثین اور مصّنفین نے آپؒ کے ہی منہج پر تراجم ابواب قائم کیے ہیں۔ گویا امام ابن ابی شیبہؒ اس ضمن میں اولین حیثیت رکھتے ہیں۔ امام رامہرمزیؒ آپ کی اس منفرد خصوصیت کے بارے میں فرماتے ہیں: "تفرد أبو بكر بن ابی شیبه بتكثير الابواب وجودة الترتيب وحسن التأليف"[4] "ابوبکر بن ابی شیبہ کثرتِ ابواب، اچھی ترتیب اور اچھی تحریر رکھنے میں منفرد تھے۔" امام ابن ابی شیبہؒ تراجم ابواب کی انفرادیت کو بیان کرتے ہوئے مصنف ابن ابی شیبہ پر تحقیق کرنے والے محقق "حمد بن عبد اللہ الجمعہ، ابراہیم اللحیدان" لکھتے ہیں: "ولعل البخاري رحمه الله اخذ هذه الصفة عن شيخه ابن ابی شيبة" امام بخاریؒ نے تراجم ابواب کا طریقہ اپنے شیخ امام ابن ابی شیبہؒ کیا ہے"[5]

امام ابن ابی شیبہؒ کی کتاب "المصنف" تراجم ابواب کے سلسلے میں نہایت اہم، مفید اور جامع ہے۔ اس میں اڑتیس (38) کتب ہیں اور ہر کتاب متعدد ابواب پر مشتمل ہے، جن میں بعض کتب کے ابواب کی تعداد 500 سے بھی زائد ہے، اور انہوں نے ہر کتاب کے متعدد تراجم ابواب قائم کئے ہیں، جن میں ہر ترجمہ باب سے متعلق مسائل کے بارے میں اہل علم کی مختلف اور متفق فیہ آراء کو جمع کیا ہے۔ تراجم ابواب کے سلسلے میں جداگانہ انداز تالیف اپنانے میں امام ابن ابی شیبہؒ سب سے فائق اور اوّلین حیثیت رکھتے ہیں۔ تراجم کے اندر ترجمۃ الباب کے تحت آیات، آثارِ صحابہ،

"المصنف" کے تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا منہج واسلوب

The Methodology of Imām Ibn Abī Shaibah in Tarājim-ul-Ābwāb of "Al-Muṣannaf"

*عرفان

** ڈاکٹر شہزادہ عمران ایوب

ABSTRACT:

Imām Ibn Abī Shaibah is an indefinite Mujtahid. His Faham-O-fiqh is hidden in the Tarājam-ul-Ābwāb of Al-Muṣannaf Ibn Abī Shaibah. With His deep vision and wisdom, perceived a lot of meaning and uncountable Aḥkām from the Tarājm-ul-Abwāb. This is his methodology. He names the Abwābs with Qur'anic Verses, then with the help of these Qur'anic verses, he catches explores new Aḥkām O Masāil through these Tarājm-ul-Abwāb. The most significant thing is (its) Tarājam-ul-Ābwāb of Al-Muṣannaf, They show Imam's' deductive, analogical vision and foresight wisdom.Tarājam-ul-Ābwāb in Al-Muṣannaf are multipurpose; this article research paper deeds with these esteemed purposes, Tarājam-ul-Ābwāb have means the chapterization. Tarājam-ul-Ābwāb of "Al-Muṣannaf" have different connotations. In this regard, the Imam quotes some verses from the Qur'an and explains it with ḥadīth. This is especially visible in certain aspects such as prescribing translation chapters (tarjumatul-bāab) with the Qurānīc verses and ḥadīth scripts. Similarly, Codification chapters for explanatory.

Imām Ibn Abī Shaibah divvied Tarājm ul Ābwāb in four Major types like a "تراجم ظاہرہ، تراجم مفردہ، تراجم مرسلہ، تراجم خفیہ یا استنباطیہ". This is noted that the above kinds of Ābwāb have been discussed thoroughly in this Research Paper.

KEYWORDS:

Ibn Abī Shaibah, Al-Muṣannaf, Tarājam-ul-Ābwāb, Aḥkām O Masāil, methodology

امام ابن ابی شیبہؒ 159ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے، آپؒ اپنے وقت کے جلیل القدر عالم، محدث اور مجتہد تھے۔

*پی ایچ ڈی سکالر و لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور

** ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور



Al-Wifaq Research Journal of Islamic Studies
Volume 5, Issue 1 (January - June 2022)
eISSN: 2709-8915, pISSN: 2709-8907
Journal DOI: https://doi.org/10.55603/alwifaq
Issue Doi: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1
Home Page: https://alwifaqjournal.com/

Journal QR Code:

Article	"المصنف" کے تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا منہج واسلوب The Methodology of Imām Ibn Abī Shaibah in Tarājim-ul-Ābwāb of "Al-Muṣannaf"
Authors	Irfan[1], Dr. Shahzada Imran Ayub[1]
Affiliations	[1] Department of Islamic Studies, The University of Lahore, Lahore.
Published	30 June 2022
Article DOI	https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1.u1
QR Code	
Citation	Irfan, and Imran Ayub, Shahzada. *"The Methodology of Imām Ibn Abī Shaibah in Tarājim-ul-Ābwāb of Al-Muṣannaf"* Al-Wifaq, June 2022, vol. 5, no. 1, pp. 1–17
Copyright Information:	The Methodology of Imām Ibn Abī Shaibah in Tarājim-ul-Ābwāb of "Al-Muṣannaf" © 2022 by Irfan & Dr. Shahzada Imran Ayub is licensed under Attribution-NonCommercial 4.0 International
Publisher Information:	Department of Islamic Studies, Federal Urdu University of Arts Science & Technology, Islamabad, Pakistan.

Indexing

نمبر شمار	نام مقالہ نگاران	عنوان مقالات	صفحہ نمبر
12	ڈاکٹر سید وحید احمد رابعہ بنت سجاد احمد سعیدی	مذاہب عالم کے مابین اتحاد اور رواداری: قرآن وسنت کی روشنی میں ایک مطالعہ	203
13	ڈاکٹر شگفتہ نوید ڈاکٹر ریاست علی	عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ	213
14	محمد رفاقت علی ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ	نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات: معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ	229
15	محمد ندیم ڈاکٹر رب نواز	حصول علم سے متعلق امام زرنوجی کا فلسفہ تعلیم	241
16	ڈاکٹر نور حیات خان ڈاکٹر شعیب عارف	اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسلامی اخلاق واقدار کی اہمیت: مستقبل کے معمارانِ قوم کی تربیت اور عصری چیلنجز کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ	259
17	فرہاد علی ڈاکٹر احمد حسن	ڈیوڈ ہیناتر کے دلائل کا فلسفیانہ جواب	279
18	محمد شعیب شاہد	خاندان بنو لہب کے محدثین کا تذکرہ: سندِ حدیث میں موجود نسبت اللھبی کے حوالہ سے	299

فہرست اردو مضامین

نمبر شمار	نام مقالہ نگاران	عنوان مقالات	صفحہ نمبر
1	عرفان ڈاکٹر شہزادہ عمران ایوب	المصنف کے تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا منہج واسلوب	1
2	ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن ضیاء ڈاکٹر یاسر عرفات	مذہب اور معیشت: مذہبی سماجیات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ	19
3	سید افتخار علی گیلانی ڈاکٹر فیاض احمد فاروق	انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا تصور: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں	35
4	حافظ عرفان شفیق ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	درایت حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا تجزیاتی مطالعہ	65
5	ڈاکٹر محمد طیب خان ڈاکٹر ثناء اللہ حسین	برصغیر کے علماء کا قرآنیات میں حصہ (علامہ انور شاہ کشمیری کے افادات کا اختصاصی مطالعہ)	77
6	ڈاکٹر ثمینہ سعدیہ	واقعہ غرانیق: مفسرین اور اہلِ سیر کے نقطۂ نگاہ کا تجزیاتی مطالعہ (مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں)	99
7	حافظ محمد حسان سعید محمد عمیر رؤوف	الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی مطالعہ	111
8	شہباز عباسی ڈاکٹر حافظ اشفاق احمد	عصرِ حاضر میں تربیت اولاد: اسوہ رسول کی روشنی میں	127
9	ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مفتی حافظہ طوبیٰ ثانی	ختم نبوت کے تقاضے قرآن وسنت کی روشنی میں	143
10	ڈاکٹر راحت اجمل حافظہ فروا افتخار	برصغیر کی عربی کتب تصوف کا تعارفی جائزہ	159
11	ڈاکٹر اقصیٰ ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان	سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء۔ تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ	181

اردو مقالات

حضرات نے اپنے طویل تحقیقی تجربہ کی روشنی میں مجلہ ہذا کو بین الاقوامی اداروں سے منظور کروانے اور ترقی کی راہوں پر گامزن کرنے کے لیے نہایت قابل قدر مشوروں سے نوازا اور مالی و انتظامی امور میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ انچارج اسلام آباد کیمپس کی حیثیت سے ڈاکٹر عامر ندیم مجلہ **الوفاق** کے انتظامی و مالی امور میں ہمارے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ اسی طرح مجلہ کی مجلس مشاورت اور مجلس جانچ کاری کے تمام ماہرین جنہوں نے اپنی گوناں گوں مصروفیات سے وقت نکال کر مقالہ جات کی جانچ کے بعد بر وقت اپنی آراء ارسال فرمائیں۔۔۔۔۔ میں بحیثیت مدیر ان تمام احباب اور معاونین کا مشکور اور ممنون ہوں اور بارگاہ الٰہی میں ملتمسِ دعا ہوں کہ اللہ کریم ان کے علم و عمل اور عمر میں برکت عطا فرمائے۔ آمین۔

مدیر

ڈاکٹر حبیب الرحمن

اداریہ

وفاقی اردو یونیورسٹی کو ملکی سطح پر فروغِ تعلیم میں مصروف تمام جامعات میں یہ نمایاں مقام حاصل ہے کہ یہاں کی دفتری و تدریسی زبان اردو ہے۔ اس ادارے کے قیام کا مقصد علوم و فنون کو قومی زبان کے سانچے میں ڈھال کر پڑھانا ہے۔ اس سمت میں مقاصد کا حصول بحسنِ خوبی جاری و ساری ہے اور گوناگوں مسائل کے باوجود کسی بھی مرحلے پر ادارے کا علمی و تحقیقی سفر نہیں رکا۔

یونیورسٹی سے شائع ہونے والے متعدد تحقیقی شماروں میں سے ایک علمی و تحقیقی مجلّہ **الوفاق** بھی ہے جو شعبہ علومِ اسلامیہ، اسلام آباد کیمپس کے زیر اہتمام شائع ہو رہا ہے اور اہل علم کی زیر نگرانی اپنی ترقی کی منازل کو بہت عمدگی کے ساتھ طے کرتے ہوئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان سے کیٹگری "Y" میں منظور ہے۔

مجلّہ **الوفاق** اردو، عربی اور انگریزی تینوں زبانوں میں شائع ہونے والا ششماہی تحقیقی مجلّہ ہے۔ جس میں اسلامی علوم سے متعلق ان تمام موضوعات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جو طالبان علم نبوت کی سیرابی کا سبب بن سکیں، جن میں تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ، سیرت النبی ﷺ، اسلامی معاشیات اور شخصیات کی خدمات وغیرہ سب کے سب شامل ہیں۔ موصول ہونے والے مقالہ جات کی ابتدائی جانچ کے بعد ماہرین کی رائے کے مطابق تیس (۳۰) مضامین کو اشاعت کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ بہت سے ایسے مقالات بھی موصول ہوئے جو تحقیقی معیار اور تکنیکی امور کے لحاظ سے قابل اشاعت نہیں تھے، لہذا تحقیقی معیار سے متعلق طے شدہ پالیسی سے مطابقت نہ رکھنے کے سبب ان مقالات کو اس شمارے میں شامل نہیں کیا گیا۔ ان تمام احباب کو مزید بہتر مضامین کے ساتھ ہمیشہ خوش آمدید کہا جائے گا۔

بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے امسال ہر تحقیقی مضمون کو ایک رجسٹرڈ "DOI" دیا گیا ہے اور متعلقہ مقالہ تک جلد رسائی کے لیے تمام مقالہ جات کو "QR Code" بھی لگائے گئے ہیں۔ مزید برآں مقالہ جات کے انتخاب کے معیار کو زیادہ بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ مجلہ ہذا کو آئندہ "X" کیٹیگری میں منظور کروانے کی راہ ہموار ہو سکے۔

انسانی بساط کے مطابق تمام اغلاط و سقم کو دور کرنے کی اپنے تئیں پوری کوشش کی گئی ہے لیکن اس کے باوجود غلطیوں کی گنجائش باقی رہتی ہے۔ لہذا ہم ارباب علم و دانش کی تجاویز اور اصلاحات کا خیر مقدم کریں گے تاکہ مجلّہ کو خوب سے خوب تر بنانے کا عمل بحسن و خوبی جاری رہے۔ اللہ رب العزت ہماری اس کاوش کو دینی، معاشرتی اور سماجی علوم کے فروغ کا سبب بنائے۔

مجلہ ہذا کی اشاعت اول سے تادمِ تحریر بہت سے احباب جو کہ گاہے بگاہے ہمارے دستِ بازو اور معاون بنے، خصوصاً پروفیسر ڈاکٹر اطہر عطاء، شیخ الجامعہ اور پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین، رئیس کلیہ معارف اسلامیہ، آپ دونوں

50. ڈاکٹر کلثوم فاطمہ، اسسٹنٹ پروفیسر، نیشنل یونیورسٹی آف سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد
51. عدیل احمد، پی ایچ ڈی سکالر، کلیہ معارف اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، کراچی
52. ڈاکٹر محمد حسن امام، اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ معارف اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، کراچی
53. عامرہ سمیع، لیکچرر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
54. حافظہ ایاز قریشی، لیکچرر، شعبہ علومِ اسلامیہ، فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی، راولپنڈی
55. تحریم فاطمہ، لیکچرر، شعبہ علومِ اسلامیہ، ہوم اکنامکس یونیورسٹی، لاہور
56. اقصی تصغیر، پی ایچ ڈی سکالر، علومِ اسلامیہ انسٹیٹیوٹ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

24. ڈاکٹر شگفتہ نوید، شعبہ علومِ اسلامیہ، گفٹ یونیورسٹی، گوجرانوالہ، پاکستان
25. ڈاکٹر ریاست علی، شعبہ علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات، پاکستان
26. محمد رفاقت علی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی
27. ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی
28. محمد ندیم، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا
29. ڈاکٹر رب نواز، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی ٹیکسلا
30. ڈاکٹر نور حیات خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئیجز، اسلام آباد
31. ڈاکٹر شعیب عارف، لیکچرر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات
32. فرہاد علی، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا
33. ڈاکٹر احمد حسن، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی ٹیکسلا
34. محمد شعیب شاہد، ایم فل علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد؛ مدرس، جامعہ علوم الشرعیہ، جھنگ
35. ڈاکٹر حافظ حارث سلیم، کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
36. ڈاکٹر غلام حسین، ایسوسی ایٹ پروفیسر، پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی، راولپنڈی
37. ڈاکٹر سید آصف محمود، لیکچرر، شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، کلیہ اصول دین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
38. ڈاکٹر عبد الصمد شیخ، ایسوسی ایٹ ریسرچر، انسٹی ٹیوٹ آف عربیک اینڈ اسلامک اسٹڈیز، یونیورسٹی آف ایکسیٹر، انگلینڈ
39. کلثوم اَصغر، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، کلیہ اصول دین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
40. ڈاکٹر محمد نواز، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ و تشریح، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
41. پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد، پرنسپل، گورنمنٹ گریجوئیٹ کالج، منڈی بہاؤالدین
42. ڈاکٹر محمد اکرم ظہیر، لیکچرر، شعبہ بین الاقوامی تعلقات، انفار میٹکس گروپ آف کالجز، عارف والا
43. وقاص علی حیدر، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، اوکاڑہ یونیورسٹی، اوکاڑہ
44. عبد اللہ یوسف، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، اوکاڑہ یونیورسٹی، اوکاڑہ
45. ڈاکٹر محمد عابد ندیم، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ عربی وعلوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور
46. جنید ندیم، وائلڈ لائف اینڈ پارکس ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، لاہور
47. ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبد اللہ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ تقابل ادیان، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
48. ڈاکٹر ظفر اقبال، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
49. ڈاکٹر ارم سلطانہ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئیجز، اسلام آباد

شرکاءِ مقالہ نگار کا تعارف

1. عرفان، پی ایچ ڈی سکالر و لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور
2. ڈاکٹر شہزادہ عمران ایوب، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، دی یونیورسٹی آف لاہور، لاہور
3. ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن ضیاء، لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد
4. ڈاکٹر یاسر عرفات، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد
5. سید افتخار علی گیلانی، سینئر لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب، ملتان
6. ڈاکٹر فیاض احمد فاروق، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انسٹی ٹیوٹ آف سدرن پنجاب، ملتان
7. حافظ عرفان شفیق، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اسلامیات، انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور
8. ڈاکٹر عتیق الرحمٰن، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور
9. ڈاکٹر محمد طیب خان، لیکچرر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
10. ڈاکٹر ثناء اللہ حسین، چیئرمین شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
11. ڈاکٹر ثمینہ سعدیہ، اسسٹنٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
12. حافظ محمد حسان سعید، انسٹرکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان
13. محمد عمیر رؤف، انسٹرکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ، ورچوئل یونیورسٹی آف پاکستان
14. شہباز عباسی، لیکچرر، الحمد اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
15. ڈاکٹر اشفاق احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، غازی یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان
16. پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، پرنسپل، پاکستان شپ اونرز گورنمنٹ کالج نارتھ کراچی
17. مفتی حافظہ طوبیٰ ثانی، پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر، جامعہ کراچی، کراچی
18. ڈاکٹر راحت اجمل، صدر، شعبہ عربی، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی، لاہور
19. حافظہ فروا افتخار، لیکچرر، شعبہ عربی، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی، لاہور
20. ڈاکٹر اقصیٰ، لیکچرر، شعبہ عربی و علوم اسلامیہ، جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ
21. ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، جامعہ پنجاب، لاہور
22. ڈاکٹر سید وحید احمد، ریسرچ انویسٹیگیٹر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد
23. رابعہ بنت سجاد احمد سعیدی، پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف کراچی، کراچی

قومی

1. پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز

چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد

2. پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی

ڈین، فیکلٹی عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

3. پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی

صدر، شعبہ علومِ اسلامیہ، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، نیریاں شریف، آزاد جموں وکشمیر

4. پروفیسر ڈاکٹر مستفیض احمد علوی

ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

5. پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی

ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

6. پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

سابقہ ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ و اورینٹل سٹڈیز، یونیورسٹی آف پشاور، پشاور

7. پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز

ڈائریکٹر، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

8. پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس صہیب

چیئرمین / ڈائریکٹر، اسلامک ریسرچ سنٹر، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

9. ڈاکٹر حافظ محمد سجاد

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ مطالعات بین المذاہب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

10. پروفیسر ڈاکٹر ارشد منیر لغاری

چیئرمین، شعبہ علومِ اسلامیہ، غازی یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان

مجلسِ مشاورت

بین الاقوامی

1. پروفیسر ڈاکٹر سید محمد یونس گیلانی

فیکلٹی آف اسلامک ریویلڈ نالج اینڈ ہیومین سائنسز، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی،

کولالمپور، ملائیشیا

2. پروفیسر ڈاکٹر اسرار احمد خان

فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز، فاتح سلطان محمد یونیورسٹی، استنبول، ترکی.

3. پروفیسر ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی

ڈیپاٹمنٹ آف سنی تھیالوجی، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اتر پردیش، انڈیا

4. پروفیسر ڈاکٹر محمد سکری صالح

ڈائریکٹر سنٹر فار اسلامک ڈیولپمنٹ اینڈ منیجمنٹ سائنسز، سکول آف سوشل سائنسز،

یونیوسٹی آف سینز، پیننگ، ملائیشیا

5. پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبد الوحید

ڈائریکٹر عبد الحلیم قرآنک انسٹیوٹ، ٹیکساس، امریکہ

6. پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد

ممبر ریجنل کونسل، یونیورسٹی آف ویسٹرن سڈنی، آسٹریلیا

7. پروفیسر ڈاکٹر توقیر عالم

ڈین، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اتر پردیش، انڈیا

مجلس ادارت

سرپرست اعلیٰ

پروفیسر ڈاکٹر اطہر عطاء

شیخ الجامعہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

سرپرست

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین

رئیس، کلیہ معارف اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

مدیر اعلیٰ

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید

صدر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

مدیر

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

مدیر منتظم

ڈاکٹر محمد عرفان

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

معاون مدیر

ڈاکٹر عبد الماجد

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن وسنۃ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی،
عبد الحق کیمپس، کراچی

8. مقالہ اردو، انگریزی اور عربی زبان میں لکھا جاسکتا ہے۔

9. مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں۔

- حواشی و حوالہ جات مقالے کے آخر میں دیئے جائیں۔
- حواشی و حوالہ جات کی ترتیب میں شگاگو مینوئل سٹائل(Chicago Manual Style) کو بروئے کار لایا جائے۔
- کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، پورا نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر، مقام اشاعت اور سنِ اشاعت کے بعد جلد نمبر اور صفحہ نمبر درج کریں۔

ابن کثیر، حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار صادر، بیروت، ۲۰۰۸، ۲۱۲/۳

- ایک ہی مصدر یا مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کریں۔
- مقالہ میں موجود قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر کریں اور آیات کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو مدّ نظر رکھیں۔ مثلاً سورۃ الاَعراف: ۷/ ۱۹۰
- احادیث کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو ملحوظ رکھیں:

البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب افشاء السلام من السلام، دار السلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، حدیث نمبر: ۲۹، ۱/ ۸

- مقالہ میں مذکور غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں۔ اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتابوں سے حوالہ جات دیں۔

'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط

مجلّہ الوفاق میں مقالہ نگار حضرات اپنے مقالہ کی ترتیب وتدوین کرتے ہوئے درج ذیل قواعد وضوابط کو پیشِ نظر رکھیں۔

1. مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔ نیز طوالت 25 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
2. مقالہ نگار اپنے مقالے کی ہارڈ کاپی کے ساتھ سافٹ کاپی بھی فراہم کرے گا۔
3. کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے۔
    - فصل اور بحث کے لیے فانٹ سائز:18
    - ذیلی فصول کے لیے فانٹ سائز:16
    - مقالے کے متن کا فانٹ سائز
        - اردو اور عربی متن:14
        - انگریزی متن:12
    - مقالے کے حواشی کا فانٹ سائز
        - اردو اور عربی متن:12
        - انگریزی متن:10
4. مقالہ کسی اور جگہ شائع نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لیے دیا گیا ہو۔
5. مقالہ تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے، نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہو
6. املاء اور رموز واوقاف کا التزام لازمی ہے۔
7. مقالہ نگار تقریباً 250 الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

الوفاق: ادارتی پالیسی

الوفاق جملہ اسلامی علوم و فنون سے متعلقہ ایک تحقیقی مجلّہ ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالہ جات کے متعلق ادارتی پالیسی حسبِ ذیل ہے:

1. الوفاق ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے۔
2. الوفاق میں شائع ہونے والے مضامین کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ و اصول فقہ، تقابلِ ادیان، علم کلام و تصوّف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت و تمدن اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ و تعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔
3. الوفاق کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات و جملہ قوانین و ضوابط کو ملحوظ رکھا جائے گا۔
4. الوفاق میں مقالہ کے شائع ہونے کے حوالے سے اداراتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
5. الوفاق کی مجلس ادارت کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
6. الوفاق مجلّہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلسِ ادارت یا وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی پر بالکل نہیں ہو گی بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔

English Articles

1. Women Rights in Islamic Societies: A Comparative Study of Iran and Saudi Arabia 1
   Dr. Muhammad Akram Zaheer/
   Waqas Ali Haider / Abdullah Yousaf
2. Significance of Spiders in Science and Religion: An Overview 15
   Dr. *Muhammad Abid Nadeem / Junaid Nadeem*
3. The Impact of St. Paul's Personality on the Christian Religion: A Critical Overview 25
   Dr. Hafiz Muhammad Farooq Abdullah / Dr. Zafar Iqbal
4. Importance of Moral Education in Educational Institutions in the Context of Islam: An Analytical Study 41
   Dr. Irum Sultana / Dr. Kulsoom Fatima
5. The Common Forms of Brokerage and Middleman, and their Shariah Solutions 57
   Adeel Ahmed / Dr. M. Hassan Imam
6. A Historiography of the Educational Institutes (Pre-Islamic Arab to Prophetic Era) 71
   Amira Sami / Hafsah Ayaz Qureshi
7. The Rationalistic-Critical Approach of Orientalists in Seerah Writings: An Exploratory Study of Modern Trends 85
   Tehreem Fatima / Aqsa Tasgheer

المقالات العربية

1	جهود حسان بن ثابت رضي الله عنه في الدفاع عن الإسلام د. حافظ حازق عليم / د. غلام حسين	1
2	أصول التفسير عند الشيخ أمين أحسن الإصلاحي رحمه الله (دراسة عقلية نقدية) د. عبد الصمد محمود	13
3	العهد المكي عند الواقدي (دراسة وصفية لمصادره وأخباره عن العهد المكي من خلال الطبقات الكبرى لابن سعد) د. عبد الصمد شيخ	27
4	إنشاء الوقع بين أقوال المفسرين والتعامل معه من خلال تفسير النكت والعيون للماوردي في سورتي مريم وطه كلثوم أصغر	41
٥	ظاهرة العنف الأسري وأثرها على تدهور التماسك الاجتماعي (دراسة وصفية في ضوء مبادئ الإسلام والقانون الباكستاني الجنائي) د. محمد نواز / بروفيسر د. محمد أرشد	63

7	الٓمٓ غُلِبَتِ الرُّوم کی پیش گوئی اور مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی مطالعہ حافظ محمد حسان سعید / محمد عمیر رؤوف	111
8	عصرِ حاضر میں تربیت اولاد: اسوہ رسول کی روشنی میں شہباز عباسی / ڈاکٹر حافظ اشفاق احمد	127
9	ختم نبوت کے تقاضے قرآن وسنت کی روشنی میں پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی / مفتی حافظہ طوبیٰ ثانی	143
10	برصغیر کی عربی کتب تصوف کا تعارفی جائزہ ڈاکٹر راحت اجمل / حافظہ فروا افتخار	159
11	سمندری حیوانات کے متعلق معاصر فقہاء اور مراکز فتاوی کی آراء۔ تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ ڈاکٹر اقصیٰ / ڈاکٹر حافظ عبد الباسط خان	181
12	مذاہب عالم کے مابین اتحاد اور رواداری: قرآن وسنت کی روشنی میں ایک مطالعہ ڈاکٹر سید وحید احمد / رابعہ بنت سجاد احمد سعیدی	203
13	عہد خلافت عثمانیہ میں منتخب عربی کتبِ سیرت کا تجزیہ ڈاکٹر شگفتہ نوید / ڈاکٹر ریاست علی	213
14	نسخ قرآن کی مختلف تعبیرات: معاصر تفسیری رجحانات کا مطالعہ محمد رفاقت علی / ڈاکٹر محمد عاطف اسلم راؤ	229
15	حصول علم سے متعلق امام زرنوجی کا فلسفہ تعلیم محمد ندیم / ڈاکٹر رب نواز	241
16	اعلی تعلیمی اداروں میں اسلامی اخلاق واقدار کی اہمیت: مستقبل کے معمارانِ قوم کی تربیت اور عصری چیلنجز کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ ڈاکٹر نور حیات خان / ڈاکٹر شعیب عارف	259
17	ڈیوڈ ہیناتر کے دلائل کا فلسفیانہ جواب فرہاد علی / ڈاکٹر احمد حسن	279
18	خاندان بنو لہب کے محدثین کا تذکرہ: سندِ حدیث میں موجود نسبت اللھبی کے حوالہ سے محمد شعیب شاہد	299

فہرست موضوعات

1	الوفاق: ادارتی پالیسی	v
2	'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط	vi
3	مجلس ادارت	viii
4	مجلس مشاورت	ix
5	شرکاء مقالہ نگار کا تعارف	xi
6	اداریہ	xiv

اردو مضامین

1	المصنف کے تراجم ابواب میں امام ابن ابی شیبہؒ کا منہج واسلوب عرفان / ڈاکٹر شہزادہ عمران ایوب	1
2	مذہب اور معیشت: مذہبی سماجیات کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن ضیاء / ڈاکٹر یاسر عرفات	19
3	انسانی تہذیبوں میں سماجی اخلاقیات کا تصور: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سید افتخار علی گیلانی / ڈاکٹر فیاض احمد فاروق	35
4	درایت حدیث کے تناظر میں اسلامی اصولِ تحقیق کا تجزیاتی مطالعہ حافظ عرفان شفیق / ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	65
5	برصغیر کے علماء کا قرآنیات میں حصہ (علامہ انور شاہ کشمیری کے افادات کا اختصاصی مطالعہ) ڈاکٹر محمد طیب خان / ڈاکٹر ثناء اللہ حسین	77
6	واقعہ غرانیق: مفسرین اور اہلِ سیر کے نقطۂ نگاہ کا تجزیاتی مطالعہ (مستشرقین کے اعتراضات کے تناظر میں) ڈاکٹر ثمینہ سعدیہ	99

ناشر: شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

طباعت: وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

ویب سائیٹ: www.alwifaqjournal.com

آئی ایس ایس این: (Print) 2709-8907
(Online) 2709-8915

مجلّہ ڈی او آئی: https://doi.org/10.55603/alwifaq

جلد: 5

شمارہ: 1(جنوری-جون2022)

شمارہ ڈی او آئی: https://doi.org/10.55603/alwifaq.v5i1

خط و کتابت کے لیے:

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن
مدیر، مجلّہ اَلْوِفَاق
شعبہ علومِ اسلامیہ،
وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی،
کری ماڈل ویلج، نزد بحریہ انکلیو، اسلام آباد۔
Ph: +92 51 9252860-4, Ext: 199
Cell: +92 331 3103333
Email: alwifaq@fuuast.edu.pk

ششماہی

الوفاق

علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلّہ

جلد: ۵ شمارہ: ۱ جنوری-جون ۲۰۲۲ء

سرپرست اعلیٰ

پروفیسر ڈاکٹر اطہر عطاء، شیخ الجامعہ

سرپرست

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الدین، رئیس کلیہ معارفِ اسلامیہ

مدیر اعلیٰ

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید، صدر شعبہ

مدیر

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

مدیر منتظم

ڈاکٹر محمد عرفان

معاون مدیر

ڈاکٹر عبد الماجد

شعبہ علومِ اسلامیہ

وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد


بسم الله الرحمن الرحيم

ISSN (Print) : 2709-8907
ISSN (Online) : 2709-8915

ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے "Y" کیٹگری میں منظور شدہ

ششماہی

الوفاق

علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلہ

جلد ۵

شمارہ ۱

جنوری ۔ جون ۲۰۲۲

شعبہ علومِ اسلامیہ
وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد